اقسام الف لام کے ان علمان مبتانی نے یہ بھی نہ دیکہا کہ اغراس عبارت کے لفظ اسکے مذموم و اپنا
محمود کا ہے باوجودیکہ یہ عبارت باعتبار اختلاف ضمائر کے قابل نقل کے نہ تہی کسواسطے کہ مرجع
واحد ہے اور ہر دو ضمیرین مختلف ہین پانچوین وہ کہ سند لانا مجیب کا واسطے تائید قول حرمت
انہیں کے قول مولوی اسمعیل سے عین حماقت ہے کسواسطے کہ مولوی مذکور بسبب لاحق ہونے
امور نامشروع کے مقر کراہت کا ہے نہ حرمت کا کہتا ہون مین کہ یہ نقل صراط المستقیم کی دلالت
کرتی ہے اوپر کمال نادانی اور بیہودانی مجیبان کے کسواسطے کہ قصہ جدیدہ وہابیت کا کہ تین چار
پشتیق برس کا عرصہ ہوا کہ حلوان کاہن سے مرتفع ہوا نہا شل برنو دسکے پاسے وہ ہوا حرمت
اور حلت متبدل ہوئی یعنی حلال حرام اور حرام حلال ہوا کسواسطے کہ نزدیک مولوی شہید کے
فاتحہ اور درود اور عرس اور یوم اور سال اور رسم اموات کا اور آنا ارواح کا اور پہونچنا فیض
کا ارواح سے اور حاصل ہونا نسبت کا خاندان قادریہ اور چشتیہ سے اور طریقے ذکر پاس انفاس
و مراقبہ وغیرہ کو باوجود بدعت ہونے ان خاندانون اور اذکار کے بحکم کل بدعۃ ضلالۃ
اور بحکم عدم ثبوت قرون ثلاثہ کے شہید نے صراط المستقیم مین مثل فرض اور واجب کے لکہا ہے اور
کتاب ایضاح الحق مین انہین امور کو بدعت حقیقیہ نام رکہا ہے اور یہ صورت صاف اجتماع نقیضین کی
ہے پس ظاہر اور باہر ہے کہ مصنف صراط المستقیم کا بصفت بدعت اور کفر کے موصوف اور پیچ
سلسلہ اہل تصوف کے اور اہل ولایت کے معدود ہوگا اب اہل سنت اہل عقل و انصاف سے استفسار کرتے
ہین کہ اس صورت کے کیا فرماتے ہین گروہ محدثہ وہابیہ بیچ اس صورت کے کہ اگر سماع [illegible] اموات

[illegible]

درود دور آنا ارواح کا اور شجرہ مشایخ اب اصطفین کرنا یو م او بعالان اور سلسلہ قادریہ
وغیرہ کا اخذ جملہ اس سے صاف لازم آتا ہے کفر فرقۂ محدثہ وہابیہ کا بحکم تقویۃ الایمان اور
ایضاح الحق وغیرہ کے اور اگر یہی امور مذکورہ حرام ہو وین تو اوس صورت مین بھی کفر فرقۂ وہابیہ کا
بحکم صراط مستقیم کے لازم اور ثابت ہے پس اب چاہیے کہ خود منصف ہو کر جواب اس مسئلہ کا لکھیں
فان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا النار کے پیش نظر کر محو خاطر کہین یہ ادنے تعدی
ہے اہل سنت کا اور پر اس جماعت وہابیہ کے اسواسطے کہ مصنف صراط المستقیم کو یہ فرقہ
محدثہ مسلم النبوت اور اپنا پیشوا سب سے اول جانتا ہے مگر ناظرین رسالہ ہذا کو چاہیے کہ اول صراط المستقیم
اور تقویۃ الایمان اور ایضاح الحق اور کلمۃ الحق اور سراج القلوب اور مائۃ المسائل اور
اربعین اور راہ سنت اور تنویر الحق اور توضیح الحق اور جواہر منظومہ اور ہجو خواجہ قطب الدین
بختیار کاکی قدس سرہ وغیرہ بغور مطالعہ کرین جب معلوم ہووے کہ کسقدر اس فرقۂ محدثہ
نے کیسے کیسے گل کیسے شگوفے ان کتابون مین کہلائے ہین اور کیا کیا کارستانیان اپنی ادھیڑ پیچ
کی ہین اور دعوی اتباع سنت اس قوم کا بھی بوجہ وجیہ منکشف ہووے لکھتے ہین ہاتھ باندھنا
شرک مورچھل شرک شامیانہ شرک کشف دعا بازی استخارہ حرام نیوتہ اور ماسیان حلال الفیال
غراب اور خرس ایک کتاب مین حلال دوسری کتاب مین حرام اور تصور شیخ کا بیچ قول الجمیل
کے جائز اور طواف قبر بیچ کتاب انتباہ کے روا اور مائۃ المسائل مین حرام اور صراط المستقیم
کے صفحہ [illegible] مین اس طرح پر ہے چون امواج جذب وکشش رحمانی نفس کاملہ ابی طالب را
در قعر بحار احدیت فرو میکشد زمزمۂ انا الحق ولیس فی جبتی سوا اللہ از ان سر میزند
اور بعد دو چار سطر کے یہ لکھتے ہین زنہار زنہار این معاملہ عجب نمائی اس مقولے سے معلوم اور مفہوم
ہوتا ہے کہ مصنف صراط المستقیم کا ایک مرد شہید ہے شاید کہ یہ مسئلہ مصنف مذکور نے عالم رویا
یعنی خواب مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے یا اصحاب یا تابعین سے بگوش ہوش سنا ہوگا ورنہ معالم
نہ صحاح ستہ مین نہ غیر صحاح مین ہے اور اسی کتاب مین بیچ صفحہ ۱۲۰ کے یہ عبارت ہے اگر کسی اتباع
پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم منظور داشتہ در شب برات در مقبرہ مجمع صلحا نمودہ ادعیہ وافرہ کند لعنت انجا
پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم ملام گردن نمیرسد لوہ بتانک کہا جماعت نفل مکروہ است واگر تداعی باشد مکروہ است خواندن سورہ

تہیہ سازد مجمد نیابت فخر الدین رازی و خلیفہ برعبادت کا تصدیق ان اما شہود ثواب الجماعت
بے مگر بعض کامل بہ استحقاق رسانیدن آن و عادت فقیر جناب آسیت ا یکی ہیں ور غزنی این ہم
درا مہ بر سینہ فاتحہ خوانی وختم دنیا تا صلوات شک و شبہہ نیست آوریح صفحہ ۹۹ سے مرقوم ہم
عن ہے کہ ہے عبارت کہ ااستفادہ کہ نفع رسانیدن باموات با طعام و فاتحہ خوانی خوب نیست بہ اکثری
بہتر و افضل تیاں تک کہ با موقوف بر طعام نگزارد و اگر میسر باشد بہتر ست والا صرف ثواب سورہ
فاتحہ و اخلاص بہترین ثوابہاست آوریح صفحہ ۱۰۰ سے یہ لکھا ہے اول طالب را باید باد ضو دوزانو
بجلوس نماز نشیند و فاتحہ بنام اکابر این طریقہ یعنی حضرت خواجہ معین الدین چشتی سنجری و حضرت خواجہ
قطب الدین بختیار کاکی وغیرہما خواند انتہی اور بیچ مأتہ المسائل تصنیف حاجی محمد اسحاق کے یہ لکھا
ہے کہ فاتحہ مرسومہ لیسے نذار دا اور بیچ تفسیر عزیزی نانا صاحب مولوی اسحاق کے یہ ہے در
انا این عالم از صدقات و فاتحہ و تلاوت قرآن چون دران بقعہ کہ مدفن اوست واقع شود بسہولت
نافع میشود اور مولوی ولی اللہ والد ماجد میان شاہ عبد العزیز اور جد امجد مولوی اسمٰعیل کے بیچ ہمعات
مشائخ کے یون فرماتے ہین حفظ اعراس مشائخ و مواظبت زیارت قبور ایشان والتزام فاتحہ وصدقہ
دادن الخ جناب بانی دین درآفاق مولوی محمد اسحاق بیچ مأتہ المسائل کے رد شہید مزعوم
کا اسطرح فرماتے ہین مقرر کردن یوم عرس ثبوت آن از حضرت صلے اللہ علیہ وسلم و خلفاء راشدین و
ائمہ اربعہ نرسیدہ اب ہم لوگ سنی پیرو علمائے سلف کے ایسے کاموں تناقض سے بکمال حیران و متحیر
ہین اور بکمال تفکر مین مبتلا ہین کہ آیا شہید کو جھوٹا جانین یا تکذیب مہاجر کی کرین یا ابطال مولوی
شاہ عبد العزیز اور مولوی ولی اللہ کا کرین آخر کار ہدایت الہی رہنما ہوئی اس بات پر کہ تکذیب
مولوی ولی اللہ کی محال ہے کہ وہ اہل سنت سے ہین اور مستند علما اور فضلا اور
اولیاے سلف کے ہین اور میان صاحب نے تفسیر عزیزی مین زبانی اور کتاب ہے اور
مولوی ولی اللہ صاحب نے بیچ انتباہ اور انفاس العارفین کے ان دو صاحبون وہابیہ مذہب کو
ماحق کیا اور رد کیا ہے اب جواز فاتحہ اور درود اور عرس اور دعا کا کلام فقہا سے سنو اور رد بھی
کرو بیچ خزانۃ الروایات کے کہ مشہور تر کتابون مین ہے اور ہر چھوٹے بڑے کو بہم پہنچ سکتی ہے عبارت
اوسکی یہ ہے اما چون مسلمی بگورستان بگذرد داہل گورستان منتظر میباشند بخواندن فاتحہ

[illegible] صحیح فلاصہ الفقہ کے ہے کہ قوم عرب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ اول صد
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم ہیہات ہیں فرمثان ابو ہریرہ فاتحہ کردہ تھے اور شرح [illegible]
[illegible] الاحیاء للاموات وصدقتہم ای صدقۃ الاحیاء عنہم ای عن الاموات
[illegible] الی الاموات اور کتاب عینی شرح ہدایہ دلیل علی ہذا ان المسلمین یجتمعون فی کل عصر و زمان فی بعض
القرآن ویہدون ثوابہ لموتاہم ولا ینکر ذلک منکر فکان اجماعا عند اہل السنۃ والجماعۃ
اور اربعین میں مولوی محمد اسحق نے ہیات مجموعی کو یعنی جمع ہونے فقرا اور حفاظ کو مکروہ لکھا ہے
اور قطب وہابیہ نے باوجود ادعا خلافت مصنف مائۃ المسائل کے بیچ صفحہ ۲۰ تحفۃ الزوجین
مطبوعہ مطبع عبدالرحمان میں خلاف اور اوستاد اپنے کے برعکس لکھا ہے اور قائل جواز فاتحہ
اور درود کا ہے اور یہ عبارت لکھی ہے فاتحہ درود ایسی جا پڑھنی چاہیے کہ پاک ہو نجاست ظاہری
اور باطنی سے انتہی سبحان اللہ فاتحہ اور درود اور اجماع کرنا قبر پر نزدیک مولوی شہید کے
جائز ہے اور نزدیک مہاجر کے غیر جائز اور نزدیک نائب اور خلیفہ مہاجر جائز خارجانے
ہم فریق نے کیا زرگری باہم قرار دی ہے عجیب ہے یہ بدعت آپ نکالیں اور بدنام سنیوں کو
کریں اور ملا علی قاری شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں وکذا فی شرح الصدور اخرج الخلال عن
سفیان قال کان الانصار اذا مات لہم المیت اختلفوا الی قبرہ ویقرؤن القرآن ترجمہ اس حدیث کا
یہ ہے کہ بیچ کتاب شرح الصدور کے خلال نے سفیان سے یوں روایت کی ہے کہ جب کوئی مرجاتا تھا
قوم انصار کا تو وہ اوپر میت اپنی کے آمد و رفت کرتے تھے اور قرآن خوانی کرتے
اس حدیث سے حکم ہیأت مجموعی اور ختم قرآن کا اظہر من الشمس ہے اور بیچ اذکار کے امام نووی نے
لکھا ہے اجمع العلماء ان الدعاء للاموات ینفعہم اور بیچ مشکوٰۃ کے ہے اتبعوا
السواد الاعظم فانہ من شذ شذ فی النار قال اللہ تعالی واستغفر للمؤمنین
والمؤمنات وقال اللہ تعالی الذین جاؤ من بعدہم یقولون ربنا اغفر لنا
ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان اب صاف صاف ظاہر ہوا کہ جمیع وہابیان مخالف قرآن و
حدیث اور اجماع کے ہیں پس صورت میں اہل سنت کو اس قوم سے اجتناب لازم بلکہ الزم ہے اور
احتراز ان طلبان سے مسلمانوں پر فرض ہے کس واسطے کہ یہ فرقہ وہابیہ حلال کو حرام اور حرام کو

حلال قرار دیے ہیں اور خلاف اجماع کے کرتے ہیں اب امید خدا تعالیٰ سے قوی ہے کہ بعد قیامت
اور تحقیق کرنے اس مسئلے کے کوئی اہل اسلام جو پیروی سنت کا اور قبول ان ناحق اور بدعتوں کے مولود
شریف میں باعتقاد بدعت کے اعتماد نہ کریگا ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ اور صراط المستقیم
میں عجائب اور غرائب اوس قدر لکھا ہے کہ بیان اوسکا تحریر قلم سے باہر ہے اور اس قدر بیان کرنے
سے بھی تو دل راغب نہیں ہوتا ہے مگر لاچار واسطے ناظرین رسالہ ہذا کے ایک لطیفہ صراط المستقیم
اس رسالے میں درج ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ مولوی اسمعیل شہید صراط المستقیم میں یوں تحریر فرماتے ہیں کہ
روزے حضرت حق جل وعلا دست راست ایشان را یعنی دست راست سید احمد صاحب را بدست
خاص گرفته و چیزے را از امور قدسیه که بس رفیع و بدیع بود پیش روئے حضرت ایشان کرده فرمود
که ترا این چنین داده ام و چیزہائے دیگر خواہم داد تا آنکه شخصے بجناب حضرت استدعائے
بیعت نمود حضرت دران ایام علے العموم اخذ بیعت نمیکردند بناءً علیه ملتمس آن شخص را هم قبول
نفرمودند آن شخص بیش از بیش الحاح کرد حضرت ایشان بآن شخص فرمودند که یک دو روز توقف باید کرد
بعد ازان هرچه مناسب وقت خواهد شد بهمان طور عمل خواهد آمد تا حضرت ایشان بنابر استیفائے آن
بجناب حضرت حق متوجه شدند و عرض نمودند که بنده از بندگان تو استدعا میکند که بیعت
بمن نماید و تو دست مرا گرفته و هرکه درین عالم دست کسی را بگیرد و پاس دستگیری همیشه
میکند و اوصاف ترا با خلاق مخلوقات هیچ نسبتے نیست پس دران چه منظور است
الهٰ از آن طرف حکم شد که هرکه بر دست تو بیعت خواهد کرد اگرچه لکها باشند هر یک را کفایت خواهم کرد
الغرض امثال و اشباه این معاملات صدها در پیش آمده انتهیٰ یہ عبارت فارسی صراط المستقیم
کی ہمنے نقل کی ہے واسطے ایک نکتہ لطیف کے وہ یہ نکتہ ہے کہ مولوی اسمعیل صاحب نے
اپنے پیر کو فضیلت اور ترجیح اوپر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دی ہے کس واسطے کہ آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کو تمام عمر میں نسبت ہمکلامی کی خدا سے بیچ شب معراج کے میسر آئی اور بیچ رویت حضرت صلے
اللہ علیہ وسلم کے اختلاف صحابہ کا ہے بخلاف میر صاحب پیر شہید مذکور کے بشہادت شہید کے یہ معاملات
صدہا درپیش آئے ہیں بے نصیب مولوی اسمعیل سے کہ پیر ایسا ملا کہ جسکا درجہ نبی پر فوق رکھتا ہے
فَلَا تُنْكِرُوا وَلَا تَنْسَوْا يَا أَهْلَ الْبَاطِلِ هٰذَا الْفَضْلَ مِنَ الشَّهِيدِ اور حضرت میر صاحب کو

فقط خاندان محمدیہ اور غوثیہ اور نقشبندیہ اور چشتیہ کے خاندان محمدیہ بھی عطا ہوا لہذا حضرت
صاحب کے وقت بیعت کے فرماتے ہیں کہ ہم نے تجکو مرید کیا خاندان محمدیہ مجددیہ اور
چشتیہ وغیرہ کے لئے کمالات مجتمع ہونا یہ بھی ادنے افادہ کمالات نبوت سے ہے اور یہ بھی
صراط المستقیم میں ہے عنایت و تربیت یزدانی بلا واسطہ امدے متکفل حال ایشان شد
لکھے اس عبارت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ نام اس خاندان کا خدائیہ ہووے نہ محمدیہ کیونکہ یہ
کہ یہ خاندان بلا واسطہ غیر کے سید صاحب کو عطا ہوا نہ توسط پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے پس اس صورت میں
فضل مصنف کی معلوم ہوتی ہے ورنہ نام خدائیہ رکھتے نہ محمدیہ قولہ اَمَّا الْآفَاتُ الَّتِي تَعْتَرِي
الوفاة فِي زَمَانِنَا لکھتا ہوں میں حضرت مقدسات مجیبان نے وہ طرفہ تحریف اس عبارت
میں کی ہے کہ رونگٹے بدن پر کھڑے ہوتے ہیں اور روافض ایسی تحریف سے حذر
کرتے ہیں کیواسطے کہ عبارت قول جمیل کی بعد انہ مذموم نہ لکھو دیں کے یہ ہے فالقصر
ان یذکر الحکایۃ النادر ویبالغ فی فضائل الاعمال وغیرھا بما لیس بحق خلاصہ معنی اس عبارت
کے یہ ہیں کہ جو قصے مذمومہ اور مقبوحہ ہوں اور وہ قصے کہ اصلا سچے نہوں یہ حضرات منکرین نے
عبارت قول الجمیل کو مثل شیر مادر کے غٹ غٹ کرکے پی گئے اور ہضم بھی کر گئے اور
عبارت اما الآفات کی بعد دو تین ورق کے آتی ہے اوس عبارت کو واسطے
ثبوت دعوی اپنے کے بے محل چپکایا اگر حق ملحوظ ہوتا تو یہ اشارہ کرتے اِلَی اَنْ قَالَ اور لفظ
اما کا بیچ عبارت اما الآفات کے ہے درست نہیں بنتا ہے مگر جس وقت کہ اول حقیقت مذمومات کی معلوم
ہووے کیواسطے کہ لفظ اما کا واسطے تفصیل ما اجملہ کے ہے اور غرض تحریف سے ان
مجیبوں بے تمیزوں کی یہ ہے کہ حق باطل اور راست عاطل ہووے اور تفرقہ مسلمانوں میں
پڑے قولہ فمنها عدم تمییزهم بين الموضوعات وغيرها بل غالب كلامهم الموضوعات
المصنوعات وذكرهم الصلوات والدعوات التي عدها المحدثون من الموضوعات ومنها قصصهم
کربلا والوفات لکھتا ہوں میں ذکر کرنا قول صاحب جمیل اور اما الآفات کا اس بیچ حق منکروں
کے سم قاتل اور زہر ہلاہل ہے بہت وجہوں سے اول یہ کہ ثبوت حرمت شہادت کا کچھ اس عبارت
سے علاقہ نہیں رکھتا ہے کیواسطے کہ مولوی شاہ عبد العزیز اور مولوی رشید الدین خان مرحوم

و بعد از حسن علی اور مولوی کاظم وغیرہ انبیاء موضوعات کی بنا ہوا اور صرف کہتے تھے کہ اب
موضوعات میں ان علما کو ادراک کامل حاصل ہے چنانچہ منکرین بھی اس بات پر قائل ہیں
اور دوسری دلیل یہ ہے کہ فرض کیا گیا ہے کہ بیان شہادت میں آفت و حرمت بسا وقتی ہو
تو مولانا شاہ عبد العزیز نے کہ صاحب قول جمیل کا صاف رد کیا ہے کسواسطے کہ محرم میں بیان
شہادت کا فرمایا کرتے تھے چنانچہ عبارت خط مولانا سے کہ بنام علی محمد خان صاحب کے [illegible]
کے لکھا تھا اوس سے صاف بیان شہادت کا کھلا ہوا ہے عبارتہ ہکذا در تمام سال دو مجلس
در خانہ فقیر منعقد میشود مجلس ذکر وفات شریف و مجالس ذکر شہادت الخ اور تیسری
وجہ یہ ہے کہ مولوی ولی اللہ صاحب طواف قبر کا جائز فرماتے ہیں اب چاہیے کہ تمام دنیا
ہر روز طواف قبور بدر رو با در لیے کا کیا کریں کہ حکم اونکے مجتہد کا ہے اور یقین ہے کہ منکر
تاریکی شب میں مثل شب پرہ ان کے خفیہ طواف قبور کا عمل میں لاتے ہیں کسواسطے کہ یہ فرمان انکے
پیر کے پیر کا ہے اور مولوی ولی اللہ صاحب بیچ انتباہ کے بیچ کشف احوال قبور کے یوں فرماتے
ہیں عبارتہ ہکذا چون بمقبرہ در آید دوگانہ بروح آن بزرگوار ادا کند اگر سورۂ فتح یاد باشد در اول رکعت
سورۂ اخلاص پنج پنج بار بخواند بعدہ قبلہ را پشت دادہ بنشیند یکبار آیۃ الکرسی و بعضے سورتہا کہ
در وقت زیارت میخوانند چنانچہ سورۂ ملک وغیر ذلک بخواند و ختم کند و تکبیر گوید بعدہ هفت کرت
طواف کند و دران تکبیر بخواند و آغاز از راست کند بعدہ طرف پایان رخسارہ نہد و باید در برابر روی
میت بنشیند و بگوید یا رب [illegible] و یکبار بعدہ اول طرف آسمان بگوید یا روح و در دل ضرب
کند یا روح الروح مادام کہ انشراح یابد این ذکر کند انشاء اللہ تعالی کشف قبور و کشف ارواح
حاصل آید اور مولوی ولی اللہ صاحب یہ بھی فرماتے ہیں کہ ظہور وجود نبی کا بعد سید المرسلین کے
نہیں ہے پس اب فرقہ محمدیہ وہابیہ پر لازم اور فرض ہے کہ اتباع اور اقتدا اپنے پیر کی کریں
اور طواف قبر کا اور فاتحہ کرنا اور درود اور حفظ عرسوں مشائخ کا درست جانیں اور حلق کو [illegible]
نہ کریں اور اقرار اسکا بھی کریں کہ کوئی نبی بعد حضرت کے نہیں ہے اور بموجب قول صاحب
صراط مستقیم کے وابتغوا الیہ الوسیلۃ الی المرشد اول یہ مریدان اتباع دادا پیر کی
کریں بعد اختیار اور قبول کرنے ان جمیع مسائل کے انکار اور حرمت شہادت حضرت حسین کا فرماویں تاکہ

قتل مشہور خود را فضیحت و دیگرے را فضیحت کے ہووین اور اولٹی گنگا نہ بہاوین تو لازم موجب آفات
و آفات لازم ارتکاب امور منہی عنہا مانند نوحہ و شیون و ماتم و شور و گریہ کہتا ہون مین کہ یہ اس عبارت
کے تحریف و تحریف فرقہ محدثہ سے واقع ہوئی ہے کسواسطے کہ ہم سنیون کا یہ طریقہ
نہین ہے چنانچہ تصریح اور تشریح اسکی مذکور بالا ہو چکی ہے ہان گریہ باعث رقت القلبی کا
ہے البتہ اہل سنن سے ظہور مین آتا ہے بسبب اتباع سنت کے کسواسطے کہ پیغمبر صلے اللہ
علیہ وسلم وقت بیان شہادت کے روئے ہین پس جو گروہ امر سنت کو خرافات جانے بیشک وہ جماعت بر
عاقبت نافرجام اور ناسرانجام ہے آب دلائل رونیکے اوپر شہادت حسین علیہ السلام کے احادیث
سے مندرجہ رسالہ ہذا ہوتے ہین اول حدیث اخرج البیہقی عن علی بن مُسہر قال حدثتنی
جدّتی قالت کُنتُ ایام قتلِ الحسین جاریۃً شابۃً فکانت السماء ایاما تبکی حدیث دوم
اخرج ابو نعیم فی دلائل عن ام سلمۃ قالت الجن تبکی علی الحسین وتنوح علیہ اور حدیث مشکوۃ
کی عن انسٍ قال دخلنا علیہ بعد ذلک و ابراھیم یجُودُ بنفسہ فجعلت
عینا رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تَذرِفان فقال عبدالرحمن بن عوف وانت
یارسول اللہ فقال یا ابن عوف اِنّہا رحمۃ ثم اتبعہا فقال ان العَینَ تَدمَعُ والقلبُ
یحزن ولا نقول الا ما یرضی ربنا وانا بفراقك یا ابراھیم لمحزونون ثم قال انہ مہما
کان من العین ومن القلب فمن اللہ عزوجل ومن الرحمۃ وما کان من الید
ومن اللسان فمن الشیطان وعن ابی ھریرۃ قال زار النبی صلی اللہ علیہ وسلم قبر امہ فبکی وابکی من حولہ
اب حق تعالے سے امید قوی ہے کہ من بعد کوئی شخص نسبت حرمت کی اوپر رونے حسین کے
نکرے گا کسواسطے کہ رونا احادیث سے ثابت ہو چکا مخالف احادیث کا برابر فرعون کے ہے
بلکہ زیادہ اوس سے اور داخل زمرہ اہل سبت پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے ہوگا پس جس صورت
مین گریہ اور حزن پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم اور ام سلمہ وغیرہ کا بلاشبہہ حدیث سے ثابت ہوا اب یقین منہ
سے ہے کہ من بعد کوئی مسلمانون سے یہ کلمہ نہ کہے گا کہ شہید ہونا حضرت حسین علیہ السلام کا موجب
گریہ اور غم کا نہین ہے اور جو کوئی باوجود اس سند کے بہر بے حیائی سے یہ کہے کہ قتل حسین
علیہ السلام کا موجب خوشی کا ہے نہ باعث غم کا تو اس صورت مین قائل خوشی

کو مصداق مصرع ہذا کا جانین مصرع مخالف نبی کا ہے دشمن خدا کا ۔ قولہ بنا بسبب
بیان این قصہ باوجود فرط محبت باہل بیت ثبوت در قرون ثلاثہ نبود الخ کہتا ہون مین یہ قول
منکرین شہادت کا بہت پوچ اور واہی ہے کیواسطے کہ اگر مراد ان منکرین کی اس عبارت
سے یہ ہے کہ بیان حال شہادت کا قرون ثلاثہ مین مطلق نہ تہا تو یہ محض پر غلط ہے اس لیے
سے ہے کہ جو بیان شہادت کا قرون ثلاثہ مین نہین تہا تو یہ بیان شہادت
کا ہم تک کیونکر پوہنچا اور صاحب مواہب اور شیخ عبد الحق اور مولانا شاہ عبد العزیز
وغیرہ نے کہان سے اپنی کتابون مین لکہا اور اگر اس عبارت سے یہ معنی مذکور
بالا مراد نہین ہے بلکہ یہ مراد ہے کہ کسی نے خاص روز عاشورہ کو بیان نہین کیا
جواب اسکا یہ ہے کہ یہ امر اجتہادی تمہارا مستلزم حرمت بیان شہادت کا نہین ہو سکتا
ہے والا اس دلیل سے لازم آوے حرمت تعین مذہب ائمہ اربعہ اور حرمت دہ دردہ
حوض کی اور لازم آوے حرمت خاندان محمدیہ اور مجددیہ کی اور حرام ہونا نماز کا
عقب امام نوکر کے اور لازم آوے حرمت بنائے مساجد پر برج اور دو منار اور مصلائے
سنگ مرمری کی اور لازم آوے حرمت ہدایہ اور حرمت تصنیف کتب احادیث کی
اور لازم آوے حرمت بنائے تکبیر اور حرمت اسم خدا کی کہ لفظ فارسی کا ہے بلکہ حرام
کہنا اس کلمے کا کہ شہادت حرام ہے قول غزالی اور صراط المستقیم سے کیا اچہی حرمت
تعین کی اپنی عقل ناقص سے نکالی کہ دین کو برباد کیا قولہ نقلا قال الشیخ شہاب الدین
ابن حجر التمیمی المکی فی الصواعق المحرقۃ اعلم ان اُصیبَ بہ الحسینُ رضی اللہ عنہ فی
عاشورا انما ھو الشہادۃ الدالۃ عن مزید خطرۃ و رفعۃ درجتہ عند اللہ والحاقہ بدرجات
اھل بیت الطاھرین فمن ذکر ذلک الیوم مصائبہ لاینبغی ان لایشتغل الا بالاسترجاع
کہتا ہون مین کہ کیا حماقت منکرین کی ہے کہ دلیل حرمت شہادت کی وہ لاتے
جو مفید اہل تسنن کے ہے اور نہین جانتے کہ اس دلیل سے یہ مثل اسپر راست آوے
کہ جب گیدڑ کی شامت آوے طرف شہر کے بہاگے کیواسطے کہ صاحب صواعق یہ آواز بلند
پکار حق اہل بیت شان کے فرماتا ہے کہ اگر کوئی اہل سنت ذکر شہادت روز عاشورہ

بیان شہادت ... (حاشیہ: [illegible])

کو بیان کرتے البتہ بیچ اوس روز اور اوس وقت کے ساتھ ذکر انا للہ وانا الیہ راجعون
کے مشغول ہووے جیسے کہ ہم اہل سنت بعد بیان شہادت انا للہ پڑھتے ہین
اور ایصال ثواب شیرینی وغیرہ مع کلمہ درود اور فاتحہ کرتے ہین یہ مثل وہابیون اور
خارجیون کے خوشحالی اور شادی کرتے ہین عین قول صاحب صواعق بیچ حق ہمارے
کے راست اور درست ہے نہ بیچ حق منکرین کے سبحان اللہ بازار جاہلون کا کسقدر گرم
ہے العظمۃ للہ اور ذکر اولیا اور تعریف اور توصیف علماے حق سے نہایت حسد
کرتے ہین اور ہجو اونہون کی چھپواتے ہین اور اپنی محفلون مین پڑھواتے ہین اور
جاہلون کو اولیا کی طرف سے ورغلاتے ہین چنانچہ ازانجملہ ایک ہجو حضرت خواجہ قطب الدین
بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کی اور ایک ہجو مولوی رشید الدین خان کی اور ایک ہجو اس
فقیر کی ہے جاننا چاہیے کہ وہابی جو ذکر شہادت اور مولود اور فاتحہ اور
درود اور تعین یوم وغیرہ کو حرام کہتے ہین غرض اون کی اوس کہنے سے یہ ہے
کہ جمیع اہل سلف اور خلف خواہ غوث خواہ قطب خواہ علما ان سبکو بدعتی جانین اور نام
اولیا سے مثل ہمارے بیزار ہین خاصہ اس فرقۂ محدثہ کا یہ ہے کہ درپردہ سنت ذکر
ریاضت اور عبادت اولیا سے اوسقدر تنفر کرتے ہین کہ تحریر سے باہر ہے اولیا
تو کجا خاص ذکر پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کو مکروہ جانتے ہین پہر دعوا اتباع سنت کا کرتے
ہین کوئی اہل فہم وقت اور علماے سنت کے اس گروہ محدثہ سے نہین کہتا کہ دعوا اتباع
سنت کا کرتے ہو اور ذکر صاحب سنت کو مکروہ کہتے جاتے ہو اور شفاعت سے منکر ہو اور
ایصال ثواب کو بدعت فرماتے ہو کہانا فاتحہ کا نگل جاتے ہو تمہین شرم نہین آتی سبحان اللہ
قول کچھ فعل کچھ غرض کہ کل وہابی مثل گندم نما اور جو فروش کے ہین خدا کسی مسلمان کو انکی
دام مین نہ پہنساوے بڑے مکار غدار ہین رسالہ تحفۃ الطالبین مین نام غزالی اور صواعق
اور شیخ عبد الحق کا بدنام کرتے ہین آخرت اپنی گندی کرتے ہین کسواسطے کہ وہ تو سب کے
سب اپنی کتابون مین بیان شہادت اور مولود اور اذکار اور درود اور سماعت اموات
اور فیض ارواح اور استغاثات کا لکہتے ہین یہ گروہ محدثہ بسبب بیحیائی اور فریب کے نام

ان جہگڑون پیچ رسالے اپنے کے ناحق داخل کرتے ہین اور در باطن اونکے دشمن ہین کسواسطے کہ
سب عادات بدعی اپنے خلاف علماے اہل سلف کے ہین اور کرامت اولیاء اللہ سے بدل منکر
اور زبان سے مقر ہین قولہ امام غزالی در بعضے تصانیف خود بیان شہادت قصۂ کربلا از منہیات
شمردہ کہتا ہون مین یہ سند لانی منکرین کی باب حرمت شہادت مین بہت بیجا ہے
بچند وجہ وجہ اول یہ ہے کہ یہ عبارت غزالی کی بدون تصرف کے نہین ہے مجیب نے
صرف تہمت غزالی پر کی ہے کسواسطے کہ حوالہ کسی کتاب کا نکیا تر کی افترا ان مفتریون کی تمام
ہوئی وجہ دوسری یہ کہ فرض کیا ہمنے کہ یہ افترا نہین ہے لیکن غزالی نے بیچ اثبات
کے کوئی سند امام اپنے کی یا غیر امام سے نقل نہین کی پس لائق اعتبار کے نہین ہے
وجہ تیسری یہ ہے کہ کیمیاے سعادت مین غزالی فرماتے ہین مقام سوم در سماع حرکت و
رقص و جامہ دریدن و زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما را گفت کہ تو برادر مولاے مائی و از شادی
رقص کرد پس کسیکو میکوید کہ این حرام ست خطا میکند پس اب مجیب کو چاہیے بحکم غزالی
کے مجلس سماع مین حاضر ہووے اور رقص کرے اور وجد مین آوے اور بعضے مزامیر
سنے کسواسطے کہ مجیب نے غزالی کو مستند اپنا جانکر اوس عبارت متصرفہ کو دلیل قول اپنے
کی لایا وجہ چہارم وہ کہ مجیب عبارت غزالی کی بیچ سوال کے یہ لایا ہے فَاِنَّهٗ مُهَيِّجٌ اِلٰى بُغْضِ
الصَّحَابَةِ وَالطَّعْنِ فِيْهِمْ محض غلط ہے کسواسطے کہ یہ قول درمیان قتل حسین علیہ السلام اور بعض صحابہ
کے کچھ علاقہ نہین رکہتا ہے کجا قتل حسین کجا بعض صحابہ خدانخواستہ کیا کوئی اصحاب سے ہمراہ لشکر
یزید کے تہا کہ ذکر شہادت کا باعث بغض اصحاب کا ہووے کیا کسینے اچھا کہا ہے ع عالم نے رنگے
ہین مسلمان نئے نئے ٭ پانچوین یہ کہ علماے عالیشان اور ائمہ عالی مکان نے بیچ کتب اپنی کے ذکر
شہادت اور ولادت کا مکمال زور شور کے کیا ہووے تو اسصورت مین قول غزالی لائق سماعت
اور اعتبار کے نہین ہے قولہ اہانت اہلبیت باشد کہتا ہون مین یہ خیال خام بد انجام ہے کسواسطے کہ
وقت شہادت کے ایسی جرأت حضرت حسین علیہ السلام نے اور اونکے اصحاب نے کی ہے
کہ اور صفحہ روزگار کے نقش کا لحجر ہے اور حال صبر و توکل کا باوجود قتل اولاد کے وہ ہے کہ مصداق
وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ ہوا اور ایسے وقت مفسد خلاف کتاب اللہ و مظہر ترک سنت رسول اللہ کے نہوتا کعمقبول خدا

ور اہل سنت ہمیشہ اور یہ امر اتنا بھی نہین جانتے کہ بیان شہادت مثل کیفیات ہے بلکہ
عین عبادت ہے کیونکہ جمیع اقوال اور افعال حضرت حسنین کے عین سنت ہین پس کلام و
افعال کا بیان کرنا خالی عبادت سے نہین ہے اور جو کہتے ہین کہ سر مبارک سے بعد شہادت کے
خون جاری ہین وہ روز عاشورہ کو اور سفید ہیان ہوتی ہین کہ دل خار جیان اور شعبان اعتقاد
باطل ہوتا ہے اور وہ یہ کہتے ہین کہ کلام کرنا سر مبارک کا اور سلام کرنا یہودیون کا اور آنا
یہودیون کا واسطے زیارت سر مبارک کے اور بالفرض محال حکم مصرعہ بداسکے ع برعکس نہند نام
زنگی کافور یہ یہ مذکور شہادت اہانت ہی مگر اسصورت مین منکرین کو چاہیے کہ تفسیر سورہ اعراف
کو مطالعہ کرین کہ موسے علیہ السلام نے توریت زمین پر پھینکی اور ریش ہارون نبی کی کھینچی اور
علاوہ اسکے کفار عرب نے درعین نماز آنحضرت سے بے ادبی کی اور حضرت فاطمہ علیہا السلام
نے انکو کفار کو دشنام دہی کی اور کفار نا لائقون نے اوپر سر ابوبکر رض کے نعلین مارین اور ریش
کھینچی اور کہا ابوبکر نے أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ اور بھاگنا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
کا اہل طائف سے اور زخمی ہونا پاؤن کا اور حال توڑنا دندان شریف کا دن احد کے اور خاک آلودہ ہونا جناب
سرور صلے اللہ علیہ وسلم کا اور بھاگنا صحابہ کا جیسے کہ صحاح ستہ کے ہے وارد اور پر ان جاہلون
اور بدفہمون اور دشمنان خدا کے کہ بیان شہادت کو اہانت قرار دیتے ہین اور اہانت کے پردے
مین دشمنی اہل بیت سے کرتے ہین باوجود اس گمراہی کے پھر دعوی اتباع سنت کا کرتے ہین خدا
بچاوے مسلمانون منافق صفت اور عالم صورت جاہل سیرت سے قولہ سوال مجلس متعارف
یعنی مجلس مولود کہ در شہرہا مے شود جائز و مستحب یا بدعت و مکروہ جواب انعقاد مجلس یعنی محفل مولود
کہ درین شہرہا میشود بدعت و مکروہ ست کدامی دلیل از دلائل شرعیہ یعنی کتاب و سنت و اجماع
و قیاس ثبوت این قائم نیست و ہر امر کہ چنین باشد آن بدعت سیئہ و نامشروع و داخل درجہ
بدعت سیئہ و غیر مشروع و مکروہ ست کہتا ہون مین یہ امر مستحسن یعنی بیان مولود نبی مسعود صلے
اللہ علیہ وسلم کا تمام محدثین اور سائر فقہا مثل امام نووی شارح صحیح مسلم و جلال الدین سیوطی اور
صاحب سیرت شامی اور تلمسانی اور عسقلانی اور ماوردی اور ابوالخیر سخاوی اور علامہ مغلطای
اور جلال الدین اور علامہ ظہیر الدین وغیرہم اور تمامی اہل حرمین سے ثابت ہے بدعت اور مکروہ

[illegible] بہت [illegible] مخالفت ہے لوگون کی [illegible] اہل حدیث کا حضرت [illegible]
[illegible] الٰہی ایسی بدعتون کو مرتکب بدعت [illegible]
[illegible] درست بنانا جاہلیت اپنی خراب کرنی ہے خدا سے خوف کہان گیا
اور حیا کہان گئی منکرین کو خوف عذاب قبر کا نہ ڈر وبال حشر کا سبحان اللہ فعون اور حرکت
اعمالکو حلال اور بیان تعریف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نامشروع اور بدعت سیئہ مکروہ
استغفر اللہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ وقولہ تاج الدین الفاکہانی فی رسالتہ لا اعلم لہذا المولد
اصلا فی کتاب ولا سنۃ ولا ینقل عملہ عن احد من العلماء الائمۃ الذین ہم القدوۃ فی الدین
المتمسکون باثار المتقدمین بل ہو بدعۃ احدثہا البطالون لشہوۃ نفس اعتنی بہا الاکالون
کہتا ہون مین کہ ثابت کرنا حرمت مولود کا قول فاکہانی سے بہت بیجا ہے اب جواب
فاکہانی کا سنین کہ کیا جواب فرمایا ہے قدوۂ علماء المحدثین حافظ اجل شیخ جلال الدین
سیوطی نے سبیل الہدیٰ کے قال لا اعلم فیقال علیہ نفی العلم لا یلزم منہ نفی الوجود
وقد استخرج لہ الامام ابو الفضل ابن حجر اصلا من السنۃ واستخرجنا لہا اصلا ثانیا وقولہ
بل ہو بدعۃ احدثہا البطالون فیقال علیہ انما احدثہ ملک عادل عالم وقولہ ولا مندوب فیقال
علیہ ان المندوب تارۃ یکون بالنص وتارۃ بالقیاس ہذا وان لم یرد فیہ نص ففیہ
القیاس علے الاصلین وقولہ لا جائز ان یکون مباحا کلام غیر مستقیم لان البدعۃ
لم تنحصر فی الحرام والمکروہ بل قد یکون ایضا مباحۃ ومندوبۃ وواجبۃ الخ پس دیکھتے
ہے نان جلیل شیخ اپنے کا اور سنا تمنے جواب محدثین کا من بعد اوپر قول مردود کے
ایمان لانا اور اجماع کو ترک کرنا اور مدح اور ثنا رسول مقبول سے نسیان کو کام فرمانا
اور ایصال ثواب آنحضرت سے روگردانی کرنی اور مناع للخیر ہونا ہے اب اقوال محدثین
[illegible] کے اوپر اثبات محفلون مولود شریف کے سوا اگر توفیق رفیق ہووے توبہ کرو
ثم والا فوا اسواے افسوس افسوس کے کلمہ دوسرا اوپر زبان کے ہوگا ہیچ مدخل کے
ہے الشہر المعظیم الذی فضلہ اللہ تعالے وفضلنا اللہ بہذا النبی الکریم الذی من اللہ علینا
بسید الاولین والآخرین الے آن قال ثم صوم الاثنین ذلک یوم ولدت فیہ الخ

[illegible] اور [illegible] عمل [illegible] ان کا [illegible]
[illegible] الاسلام [illegible]
[illegible] علیہ وسلم [illegible] قال [illegible]
[illegible] الحافظ [illegible] الدین [illegible] کا [illegible] المولد الشریف فی ربیع الاول [illegible]
[illegible] الدین قسطلانی بیچ مواہب لدنیہ کے فرماتے ہے قال ابن الجوزی عنا فکان
[illegible] کا فرالذی نزل القرآن الخ جلال الدین سیوطی بیچ [illegible] کے ارشاد
[illegible] بادشاہ ملک عادل عالم کامل ابو سعید المظفر رحمہ اللہ تعالے و حضر [illegible]
[illegible] بغیر نکیر [illegible] اجماعا و قد صنف علیہا الائمۃ منہم الحافظ ابو شامہ شیخ الامام
[illegible] کتاب مطول بیچ در المنتظم کے فرمایا و قد عمل محبوا النبی صلے اللہ علیہ وسلم فرحا بمولدہ
الولائم [illegible] کما قال جمال الدین الہمدانی والمنصور والسبتی و ناصر الدین المبارک اور
شیخ جمال الدین عبد الرحمن اور امام ظہیر الدین نے کہا انہ بدعۃ حسنۃ اذا قصد جمع
الصالحین والصلوۃ علی النبی صلے اللہ علیہ وسلم واطعام الطعام للفقراء والمساکین
الخ اور بہت سے بین معتبر رسالہ فارسی بیچ باب مولود میں مولوی صاحب نے سند بیچ کی ہین اس مترجم
نے بسبب طوالت کلام کے نہین لکھین جسکا شوق تحقیقات اس سے زیادہ کا ہوو رسالہ فارسی
[illegible] صاحب طلب کرے جب قلعی منکرین کی بوجہ احسن کہل جاوے معلوم نہین کہ کیا بلا
[illegible] وہابیون کو پیش آئی کہ باوجودیکہ حاجی اسحاق اپنی کتاب مائۃ المسائل بیچ سوال و جواب
[illegible] مین لکھتے ہین قیاس عرس بر مولود شریف غیر صحیح ست زیرا کہ در مولود
ذکر ولادت خیر البشر و آن موجب سرورست و در شرع اجتماع برای فرحت و سرور
[illegible] از بدعات و منکرات باشد آمدہ انتہے عبارتہ لیکن نیک ہونا اور مستحب ہونا مولود
[illegible] شریف کا ما مون و این سے اور تمامی محدثین اور تمام فقہاے باتمکین سے بیچ تعین
[illegible] اور تعین ماہ ربیع الاول اور تاثیرات کے ثابت ہوا اب وہ سیر [illegible] حاجی دم زدن کی
[illegible] ہے اور جا دم زدن کی کہا اگر جو شخص کہ ایک ہاتہہ دیکو جو چاہے سو کہے امام ابن
[illegible] ہین کہ محافل مولود کرو اور کہانا کہلاؤ اور سرور حد سے زیادہ کرو تاکہ دل کا غرور [illegible]

[illegible] ہیں واسطے محافل مولود ان عبد الوہاب کا ساتھ خوشی ولادت کے طلب ہے اور
[illegible] ہے [illegible] کتاب [illegible] بے غیر جیسے [illegible] کی
ہیں اور مواجب اور بیان معجزات سے منع ہوتے ہیں اور نہ بیان حضرت مولود شریف
کے پیش آتے ہیں البتہ یہ وہابی نجدی کی بھی معجزات اونکے پہچانے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے حق فَبَشِّرْهُمْ [illegible] اب ختم ہوا یہ رسالہ اور ایک لطیفہ کہ بعض
مہرکشان [illegible] دشمن حسین نے لکھا ہے اور قول اوسکا فرق [illegible] نقل کیے ہے

لطیفہ [illegible]
تحفۃ المحبین

وہ یہ ہے کہ جو حضرت مجیب نے ارقام فرمایا ہے جواب باصواب اور مضمون
لاجواب ہے اور مجالس مولود وغیرہ اسی قبیل سے ہے جیسے کہ تذکرہ
اہل بیت کا موسم خاص میں بیان کرنا مکروہ اور نامناسب ہے لکھتا ہوں میں یہاں اس
میں غور کر خیر اسلے نے کسقدر لیاقت بلکہ حماقت کو کام فرمایا ہے کہ تحریر یا بہرحال اول یہ کہ
رسالہ تحفۃ الطالحین زبان فارسی میں ہے اور جناب عبارت ہندی میں لکھتے ہیں دوسرے
یہ کہ لکھتے ہیں جواب باصواب اور مضمون لاجواب ہے یعنی بلاشبہہ ذکر شہادت حرام ہے
اور بھی بیان مولود بدعت سیئہ بعد لکھتے ہیں کہ تذکرہ اہل بیت کا موسم خاص میں
بیان کرنا مکروہ و نامناسب ہے اول حرام فرمایا ہے من بعد مکروہ و نامناسب ارشاد
فرماتے ہیں شاید کہ وحی آئی ہو تیسرے یہ کہ فرماتے ہیں تذکرہ اہل بیت کا موسم خاص میں
اس قید سے مکروہ بھی منسوخ کیا کس واسطے کہ یہ عبارت صاف دلالت کرتی ہے کہ تذکرہ
اہل بیت بشرط عدم موسم خاص جائز ہے یقین واثق ہے کہ بلاشبہہ حضرت جبرئیل نے
بصورت دحیہ کلبی آکر الہام کیا ہو الحمد للہ کہ دعوے ثبوت مع معجزات جناب کے تمام ہوا امید ہے کہ آپکے
کسی طرح کچھ تردد اور کوئی تامل نہ رہا اور بھی دعوا مجیب کا ساتھ شہادت جواب باصواب حضرت کے
ختم ہوا + اللّٰہُمَّ أَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَہٗ اَللّٰہُمَّ أَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَہٗ

ماشاء الله لا قوة الا بالله

هزاران هزار شکر وسپاس ایزد تعالی و تقدس که این رساله عجیبه در جواهر عروض و علم و نتیجه مسمی به



از تصانیف مستطاب حضرت تحقیقات مآب جناب مولانا حکیم وکیل احمد سکندرپوری حفظه الله عن الشرور والعیوب

در مطبع مجتبائی دهلی باهتمام حافظ محمد عبدالاحد طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد خدائے تعالیٰ کو جو مُردون کو جلاتا ہے منزلِ اوّل مین جسے قبر کہتے ہین اُنکو آزماتا ہے
کسیکو سعید کسیکو شقی بناتا ہے۔ کسیکو بہشت کسیکو دوزخ کا موعود فرماتا ہے۔ درود محمد مصطفےٰ پر
جنکی رسالت و نبوتِ حقّہ کا سوال مُردون سے کیا جاتا ہے۔ جو شخص اقرار کرتا ہی وہ بہشتی
قرار پاتا ہے وعلیٰ آلہ وصحابہ اجمعین بعد حمد وصلوٰۃ کے کہتا ہے فقیر حقیر سراپا تقصیر
وکیل احمد سکندرپوری غفر اللہ لہ ولوالدیہ واحسن الیہما والیہ کہ اس زمانے مین جو
چل رہا ہی بعض حضرات کو طریقۂ مروجہ صدقۂ اموات کی حرمت پر سخت اصرار ہے جسی یہہ
لوگ صدق زبان خیال کرتے ہین مگر بیچارے مُردون کا خون ہوا جاتا ہے یہ بیہودہ قیل و
قال انکو ایسے ثواب سے محروم رکھتا ہی جسکے وہ مستحق ہین اسلئے مینے یہ مناسب خیال کیا کہ جواز
تیجے مین ایک رسالہ مستقلہ جسکا نام **نتیجہ** ہو اُردو زبان مین لکھا جائے جس سی اسکی اصلیت
لوگون پر کھل جاوی پھر لوگ دل کھول کے ایصالِ ثواب مین کوشش کرین اور منکرین کے
کہنے سے وہ مردون کو ثواب سے محروم نرکھین یہ کیسی قساوتِ قلبی ہے کہ ایک عزیز یا دوست

جنکی عالمِ حیات مین سو طرح کی خاطر کرتے تھے جب مرگیا تو اُسکے مال کو دبا بیٹھے اور اُسکی مطلق پرواہ نکی کہ وہ بیچارہ کس مصیبت مین مبتلا ہے اگر کسینے یاد بھی دلایا تو اُوٹھ کر گردن پھیر لی علاوہ رحم یا محبت کا مقتضے یہ تھا کہ جسطرح عالمِ حیات مین اُنکی خاطر کرتے تھے بعد انتقال کے متعدد طریقے سے اُسے ثواب پہنچاتے تاکہ عالمِ برزخ مین جسمین وہ مدد کا بہت محتاج ہی اُنکو ان اثر یا یا جاتا ہے ایسی مدد پہنچتی جس سے اُسکو ایک قسم کا فائدہ حاصل ہوتا قرآن و حدیث و کلام ائمۂ مجتہدین مین کہین ایصالِ ثواب مالی یا بدنی کی ممانعت نہین پائی جاتی بلکہ احادیث مین تحریص و تشویق مذکور ہے فقہاء معتبرین کے کلام مین بھی کہین اسکی نہی دیکھنے مین نہین آئی اگر کسینے ممانعت لکھی ہے تو اُسمین کچھ نہ کچھ قید لگائی ہے جس سے نتیجہ یا یون کہین کہ ایصالِ ثواب مالی یا بدنی کے جواز کا انکار نہین ہو سکتا البتہ صاحبِ نصاب الاحتساب نے بہت سی وجوہ تحریر کیے ہین جنکا بطلان ادنی تامل سے ہو جاتا ہے مجھکو بڑا تعجب یہ ہی کہ منکرین جب ممانعت کی وجوہ بیان کرتے ہین تو آخر الامر گھبرا کر جواز کے قائل ہو جاتے ہین اور کسی کتاب مین کچھ لکھتے ہین کسی مین کچھ دلیل جو بیان کرتے ہین وہ کچے دھاگے سے بھی کمزور۔ اب مین چاہتا ہون کہ پہلے ایصالِ ثواب کا طریقہ مروجہ بتاؤن پھر منکرین کی تقریر پریشان لکھ کے ایک ایک کا جواب دون پھر نصاب الاحتساب کی وجوہ بیان کر کے انکا جواب لکھون اُسکے بعد فقہا کا کلام لکھ کے اُسکے معنی بتاؤن تاکہ معلوم ہو جائے کہ بے سمجھے ہوے اُنسے استدلال کیا جاتا ہی اور اُسکی تائید مین فقہا کے کلام تحریر کرون اُسکے بعد اس بات کو ثابت کرون کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے یہہ طریقہ چلا آتا ہے خیر القرون مین جب کوئی مرتا تھا فقراء کو ایصالِ ثواب کے لئے کھانا کھلاتے تھے۔ پھر یہہ بیان کرون کہ طعام موتی کا اغنیا کو کھانا جائز ہے۔ پھر چند مسائل ملحقہ بیان کر کے رسالہ کو تمام کرون

پہلا باب تیجے وغیرہ کی کیفیت میں

معمول یہ ہی کہ جب کوئی شخص مر جاتا ہی اسکے اعزہ یا احباب بعد دفن کے غلہ پیسے کوڑیاں گورستان
مین فقرا کو دیتے ہین ذی مقدور روپے آبی روغنی روٹیاں قرآن شریف دلائل الخیرات اہل
احتیاج کو دیتے ہین بیشتر موتی کے کپڑے اور مستعمل اسباب بھی خیرات دئیے جاتے ہین پھر روزانہ
غلہ یا کھانا پکا پکایا اپنی استطاعت کے موافق فقرا پر تقسیم کرتے ہین تیسرے دن کچھ لوگ مردے
کے ورثہ کے گھر یا کسی مسجد مین عام ازینکہ وہ اُسی گورستان کے قریب ہو جسمین میت مدفون ہے
یا اُس سے دور ہو جمع ہوتے ہین انمین جو لوگ قرآن پڑھنے پر قادر نہین ہوتے وہ چنے پر سورہ اخلاص یا
کلمہ طیب پڑھتے ہین جو لوگ پڑھے لکھے ہوتے ہین وہ قرآن شریف پڑھتے ہین چونکہ اسقدر قرآن
شریف کا مہیا ہونا دشوار ہوتا ہے کہ ایک ایک آدمی کو دیا جاوے اسلئے تیس پارہ جُدا جُدا مجلد
ہوتے ہیں ایک ایک پارہ ایک ایک شخص کو دیا جاتا ہے جب ایک ختم ہوتا ہے تو پھر اکھٹا کرکے
تقسیم کرتے ہیں اور کہین دو دو چار چار قرآن شریف کے علیحدہ علیحدہ پارے جلد بندھے ہوئے
ملجاتے ہین تو ایک ہی بار کی تقسیم مین دو دو چار چار ختم ہوجاتے ہین جو لوگ آتے جاتے ہین انکو
قرآن شریف کے پارے دئے جاتے ہیں یہ قرآن خوانی اسوقت تک ہوتی ہی جبتک اُسکی ورثہ خیال
کرتے ہیں کہ لوگوں پر بار نہین گذرتا ہی جب یہ خیال ہوتا ہے تو پھر پارے تقسیم نہین کئے جاتے اگر کسیکے
پاس کوئی پارہ رہجاتا ہے تو وہ تکمیل کردیتا ہی نہین تو وہ کسی حافظ یا ایسے ناظرہ خوان کو دیتا ہی جو
تیز پڑھتا ہے تاکہ وہ جلد تمام کردے اگر اُس مجمع میں کوئی شخص ایسا نہین ہوتا تو وہ قرآن شریف کو
بیچ دیتا ہے پھر پنج آیت پڑھی جاتی ہے اور بعد ایصالِ ثواب و فاتحہ خوانی کے مجلس برخاست
ہوتی ہی کبھی حاضرین کو پان تقسیم ہوتا ہے کبھی خوشبو اور مٹھائی سامنے لائی جاتی ہے عام ازینکہ

کو یعنی دے یا نہ دے کبھی فقرا و اغنیا کو کھانا کھلاتے ہیں کبھی صرف فقرا کو کھانا کھلاتے ہیں
اور اغنیا کے مکانوں پر کھانا بھیجدیتے ہیں یوں تو چالیس دن تک برابر فقرا کو کھانا دیتے
ہیں مگر دسویں بیسویں چالیسویں کو زیادہ فقرا کو کھلاتے ہیں بعض لوگ چالیسویں کو غنیا کو
بھی کھانا کھلاتے ہیں یا انکے گھروں میں بھیجدیتے ہیں پ ششماہی و برسی میں بھی فقرا کو کھانا
کھلاتے ہیں کبھی غنیا کے گھر بھی بھیجتے ہیں پھر ہمیشہ ہر سال اُس موتی کا عُرس کرتے ہیں
یا ہر سال کچھ نہ کچھ پکا کے فقرا کو کھلاتے ہیں یا غنیا کو بھی کھلاتے ہیں ایصالِ ثواب میں
ان ایام کی تخصیص اس وجہ سے نہیں کیجاتی ہے کہ بہ نسبت اُس دن کے جو اسکی قبل ہے یا بعد
آئیگا ثواب زیادہ ملتا ہے بلکہ تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ صاحب مصیبت کی تعزیت تین دن
تک کیجاتی تھی اسکے بعد تعزیت مکروہ ہے ایسی صورت میں اگلے بزرگوں نے یہ خیال کیا کہ
پہلے دن جسدن موتی کو دفن کرتے ہیں اکثر اقربا و احباب حاضر آتے ہیں اور تعزیت کرجاتے
دوسرے دن بھی اہلِ مصیبت کے بعض احباب آتے ہیں اور ادائے تعزیت کرتے ہیں خصوصاً ایسے
لوگ جنہیں بوقتِ وقوعِ واقعہ اسکی اطلاع نہوی یا وہ کسی وجہ سے ورثہ کی تعزیت پہلی دن نکرسکی
تیسرا دن تعزیت کا اخیر دن ہے اس دن اسلئے تیجا کیا جاتا ہے تاکہ باقی لوگ بھی شریک
ہوں پھر اسکے بعد بار بار تعزیت کی زحمت نہ اُٹھائیں اس مجلس سے تین فائدے حاصل ہوے
پہلا فائدہ ادائے تعزیت ہے جو امر مستحب ہے **دوسرا فائدہ** زیارتِ قبر جو سُنت ہے
تیسرا فائدہ ایصالِ ثوابِ بدنی و مالی جو مسنون طریقہ ہے چونکہ موتی کو صدقہ
چالیس دن دینا چاہیے جسکا ذکر آگے چل کر آئیگا لوگوں نے آسانی کے لئے یوں ٹھیرالیا ہے کہ
دسویں بیسویں چالیسویں کو زیادہ لوگوں کو کھلادیتے ہیں عام ازیں کہ ہر روز فقرا کو کچھ
کچھ دیتے ہوں یا نہ دیتے ہوں اس سے کئی قسم کی آسانی ہوجاتی ہے پہلے آسانی یہ ہے کہ

ان تاریخوں کے معین ہونے سے فقرا اکھٹے ملجاتے ہیں بلکہ وہ خود بخود جمع ہوجاتے ہیں دوسری
آسانی یہ ہے کہ کبھی ونانہ پکانے میں اور تقسیم کرنے میں دقت ہوتی ہے تو اکٹھا چند فقرا کو
دسویں بیسویں چالیسویں کو کھلا کر ایصالِ ثواب کرتے ہیں چالیسویں کو بھی اجملہ اس وجہ سے
زیادہ اہتمام کرتے ہیں کہ چالیسویں کے بعد سے مردوں کا تعلق گھر سے کم ہو جاتا ہے سوائے
اسکے چالیسواں بہار روز ہے جسپر مردہ کی آزمائش ختم ہو جاتی ہے چنانچہ اسکا ذکر آگے کیا جائیگا
علاوہ اسکے بسبب عہد موت کے میت کو چالیس دن تک اپنے گھر کا شوق رہتا ہے شرحِ برزخ
میں ہے یَنْبَغِیْ اَنْ یُّوَاظِبَ عَلَی الصَّدَقَةِ لِلْمَیِّتِ اِلٰی سَبْعَةِ اَیَّامٍ
وَقِیْلَ اِلٰی اَرْبَعِیْنَ فَاِنَّ الْمَیِّتَ یَشْتَاقُ اِلٰی بَیْتِہٖ یعنی سات دن یا چالیس دن
تک برابر میت کے لئے صدقہ دینا چاہئے اسلئے کہ میت اپنے گھر کی مشتاق رہتی ہے غرض چالیس روز
تک مردے گھر کے مشتاق ہوا کرتے ہیں اسکی بعد اوقات فاضلہ میں انکو گھر آنے کی اجازت ہوتی ہے
اور ظاہر ہے کہ روح کا گھر کو آنا دو غرض سے ہے ایک تو تعلقِ دنیاوی کے لحاظ سے جو انکو
عالمِ حیات میں تھا دوسرے اس خیال سے کہ دیکھے احیا ایصالِ ثواب میں اسکی کیا مدد کرتے ہیں
علامہ سیوطی رسالہ طلوعِ الثریا باظہار ما کان خفیا میں لکھتے ہیں کہ کھانا کھلانا سات دن
تک سنت ہے، مجھکو خبر ملی ہے کہ اب تک مکہ اور مدینہ میں جاری ہے اور صحابہ سے لیکر اب تک یہ
امر متروک نہیں ہوا ہے اور ہر طبقہ اپنے بزرگوں سے یہ امر سنتا رہا یہانتک کہ یہ امر صحابہ تک پہنچا
انتہی۔ یہ دیا لیا کچھ رائیگان نہیں جاتا میت کے لئے جو کچھ بطور صدقہ کے دیا جاتا ہے حضرت
جبرئیل علیہ السلام نور کے طبق میں رکھکر نہایت اہتمام سے اسکے قبر کے پاس لیجاتے ہیں
اور کہتے ہیں یہ وہ ہدیہ ہے جسکو تمہارے اہل نے تمہارے پاس بھیجا ہے مردے اس ہدیے سے نہایت
خوش ہوتے ہیں اور اسکے قرب جوار کے مردے جنکے اہل انکے لئے ہدیہ نہیں بھیجتے محزون متحسر ہوتے ہیں

ے

کیا مردود نہ فاتحہ نہ درود اَخْرَجَ الطَّبَرَانِیُّ فِی الْاَوْسَطِ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا مِنْ اَھْلِ بَیْتٍ یَمُوْتُ مِنْھُمْ مَیِّتٌ فَیَتَصَدَّقُوْنَ عَنْہُ بَعْدَ مَوْتِہٖ اِلَّا اَھْدٰی لَہٗ جِبْرَئِیْلُ عَلٰی طَبَقٍ مِّنْ نُّوْرٍ ثُمَّ یَقِفُ عَلٰی شَفِیْرِ الْقَبْرِ فَیَقُوْلُ یَا صَاحِبَ الْقَبْرِ الْعَمِیْقِ ھٰذَا ھَدِیَّۃٌ اَھْدَاھَا اِلَیْکَ اَھْلُکَ فَیَدْخُلُ عَلَیْہِ فَیَفْرَحُ بِھَا وَیَسْتَبْشِرُ وَیَحْزُنُ جِیْرَانُہُ الَّذِیْ لَمْ یُھْدٰی اِلَیْھِمْ بِشَیْءٍ اُس گورستان کی مسجد میں جسمیں وہ میت مدفون ہے اسلئے بعض لوگ تیجا کرتے ہیں یا خیرات دیتے ہیں کہ روح کو جسد سے ایک خاص تعلق ہوتا ہے جیسے نائم کے جسد کے ساتھ رہتا ہے۔ ملا علی قاری مرقات میں لکھتے ہیں قَالَ الْعَسْقَلَانِیُّ فِیْ فَتَاوَاہُ اَرْوَاحُ الْمُؤْمِنِیْنَ فِیْ عِلِّیِّیْنَ وَاَرْوَاحُ الْکُفَّارِ فِیْ سِجِّیْنٍ وَلِکُلِّ رُوْحٍ بِجَسَدِھَا اِتِّصَالٌ مَعْنَوِیٌّ لَا یُشْبِہُ الْاِتِّصَالَ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا بَلْ اَشْبَہُ شَیْءٍ بِحَالِ النَّائِمِ وَاِنْ کَانَ ھُوَ اَشَدَّ مِنْ حَالِ النَّائِمِ اِتِّصَالًا یعنی حافظ ابن حجر عسقلانی نے اپنے فتاوی میں یوں لکھا ہے کہ ارواح مسلمانوں کی علیین میں ہوتی ہیں اور کفار کی سجین میں اور ہر روح کو اپنی جسم کے ساتھ اتصال معنوی ہے اس قسم کا اتصال نہیں ہے جو زندگانی دنیا میں ہوتا ہے بلکہ نہایت مشابہ ہوتا ہے سونے والے کے ساتھ اگرچہ اسکا حال نائم سے بھی درجہ اتصال میں بڑھا ہوا ہوتا ہے غرض ایسی صورت میں روح کو زیادہ ادراک ہوتا ہے یوں تو اولیاء اللہ کے ارواح مقدسہ کو بہت کچھ قوت ہی ونکا ادراک بہت کچھ بڑھا ہوا ہے انکی لئے قرب بعد یکساں ہے مرقات میں ہے وَالرُّوْحُ اِذَا کَانَتْ لَطِیْفَۃً تَتَبَّعُھَا

الجسد فی اللطافۃ فسیر بجسدہا حیث شاءت وتمتع بما شاءت وتاوی الی ما شاء اللہ لہا کما وقع لنبینا صلی اللہ علیہ وسلم فی المعراج ولاتباعہ من الاولیاء حیث طویت لہم الارض وحصل لہم ابدان متعددۃ ووجدوا فی اماکن مختلفۃ فی ان واحد واللہ علی کل شیٔ قدیر

یعنی روح جسوقت لطیف ہوتی ہے جسم لطافت میں اسکا تابع ہوتا ہے پھر روح جسم کے ساتھ جہاں چاہتی ہے سیر کرتی ہے اور جس چیز سے چاہتی ہے متمتع ہوتی ہے یہ امر اولیاء اللہ سے دور نہیں ہے ایسی صورت میں کہ زمین انکے لئے پیچیدہ ہوگئی ہے اور انکے لئے ابدانِ متعددہ حاصل ہوئیں جس سے وہ مکاناتِ مختلفہ میں آنِ واحد میں پائی گئی۔ اللہ تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے اگر قبر کے پاس مسجد یا کوئی سایہ دار درخت نہو پھر شامیانہ کھڑا کیا جائے یا ڈیرہ نصب کیا جائے تاکہ پڑھنے والوں کو آرام ملے تو کچھ مضائقہ نہیں ہے مرقات میں ہے اذا کانت المخیمۃ لفائدۃ مثل ان یقعد القراء تحتہا فلا یکون منہیۃ قال ابن الہمام واختلف فی اجلاس القارئین لیقرؤا عند القبر والمختار عدم الکراہیۃ

دوسرا باب منکرین کی پریشان تقریر میں

جاننا چاہئے کہ سیوم وچہلم وغیرہ کو جو لوگ ناجائز کہتے ہیں وہ کوئی دلیل قابلِ لحاظ پیش نہیں کرسکتے بلکہ انکے اقوال اسقدر پریشان نظر آتے ہیں جسکا کچھ ٹھکانا نہیں جہاں تک انکے اقوال میری نظر سے گزرے ہیں انہیں لکھکر انکا جواب دیتا ہوں **پہلا قول** تقویۃ الایمان وایضاح کی تطبیق سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ بعض اگلے نیک لوگوں نے بعضے مباح کام اُس وقت میں کچھ مصلحت سمجھکر کسی فائدہ کے لئے تجویز کئے یہ لوگ اُس فائدہ کے سبب سے اُن کاموں کو کرنے لگے

پھر ہوتے ہوتے خواص عوام میں وہ کام رائج اور جاری ہوگئے اور عوام کے نزدیک اُس
فائدہ کا لحاظ نہ رہا اور وہ کام باقی رہی اور بسبب رواج کے رسم پڑگئی اور اُسکے کرنیوالے کی
تعریف اور نہ کرنیوالے کی مذمت ہونے لگی پھر یہانتک نوبت پہنچی کہ اگر کوئی شخص اُس سے بہتر طریقہ
اُسی کام میں یا زیادہ فائدہ کا نکالے تو کوئی اُسکو نہ مانے مثلاً اگلے عقلمندوں نے مُردوں کو ثواب پہنچانیکے
واسطے کھانا پکا کر خیرات کرنا مقرر کیا تھا اور بموجب مسئلہ کے صدقہ خیرات رشتہ مند محتاجوں کو
پہلے دینا چاہئے سو وہ لوگ رشتہ مند محتاجوں کو وہ خیرات کا کھانا اوّل دیا کرتے تھے پھر ہوتے
ہوتے اب نوبت پہنچی کہ اُس کھانے میں اب خیرات اور ثواب کا لحاظ مطلق نہ رہا لوگ صرف رسم و
رواج کے سبب کھانا پکا کر رشتہ مندوں میں حصے مقرر کرکے تقسیم کرتے ہیں اور وہ رشتہ دار
اگرچہ غنی دولتمند ہوں مگر کھانیکا حصہ نہ پہنچے تو شکوہ کریں پھر اگر کوئی خیرات صدقہ کا نام
تو بعضے غیرت والے رشتہ مند قبول نہ کریں اور وہ کھانا نہ لیں تو اب یہ رسم ٹھہر گئی خیرات صدقہ نہ رہا
پھر اگر اب کوئی نقد یا کپڑا خیرات کرے یا اور طرح سے مُردوں کو ثواب پہنچاوے اور رسم کے طور پر کھانا
نکرے تو اسقدر رہو کہ اگرچہ کچھ بھی نکرے تو اسقدر مطعون نہو فقط ہم اس تقریر کی نسبت یہ نہیں کہہ سکتے کہ
یہانتک صحیح ہے اموات کیطرف سے جو کھانا کھلایا جاتا ہے وہ ہمیشہ صدقہ سمجھا جاتا مسلمانوں میں فیصدی
ایک آدمی بھی ایسا نہوگا جسے یہ معلوم نہو کہ اس کھانے سے مردوں کو ایصال ثواب مقصود ہوتا ہے چونکہ خیر القرون
سے لوگ عادی ہو رہے ہیں اور اسکا عام رواج ہو رہا ہے اب اسے رسم و رواج خیال کر دیا جو چاہو کہو
مگر ہر شخص جانتا ہے کہ اس سے ایصال ثواب مقصود ہے فاتحہ کرنیوالے کی تعریف اسوجہ سے نہیں کیجاتی ہے کہ اُسنے
بیہودہ رسم کو کیا بلکہ اسوجہ سے تعریف ہوتی ہے کہ اُسنے مُردے کو ثواب پہنچایا اور منکرین کا کہنا ماننا
اور نہ کرنیوالے کی مذمت اسوجہ سے نہیں کرتے کہ اُسنے رسم و رواج کو چھوڑا بلکہ اس خیال سے کہ مُردوں کو ثواب سے
محروم رکھا اور منکرین کے دم میں آگیا۔ غنیا کو صدقہ اموات کھانا حرام نہیں ہے چنانچہ اسکا ذکر کیا جائیگا

پھر اگر کوئی غنی کھانا نہ ملنے سے شکایت کرتا ہی تو بیجا نہیں کرتا اگر کوئی غنی صدقہ کے نام سے ناخوش ہوتا ہے تو اسکی وجہ یہ ہے کہ اس سے یہ کہا جاتا ہے کہ یہ صدقہ فرض ہے یا وہ اسی صدقہ فرض خیال کرتا ہے ورنہ صدقہ تطوع کہنے سے تو کوئی ناخوش نہیں ہوتا یا یہ کھانا بطور صدقہ انکے پاس نہیں بھیجا جاتا ہے بلکہ بطور ضیافت کے چنانچہ ضیافت کی نیت کی جاتی ہی ایسی صورت میں اغنیا اسی صدقہ کہنے سے چڑتے ہیں عام ضرورتیں ہر ملک کی مختلف ہوتی ہیں عرب میں پانی کی سخت ضرورت ہوتی ہی اسی لئے وہاں پانی کا صدقہ زیادہ جاری ہی اس ملک میں بلحاظ عام ضرورت کے کھانا کھلاتے ہیں پھر اگر کوئی نقد دیوے یا کپڑا خیرات دے اور کوئی شخص اسپر جرح کرے تو وہ مورد طعن نہیں ہوسکتا اسکی غایت یہ ہے کہ کھانے میں عام فائدہ ہی جو بدون خاص ضرورت کے نہ دیا گیا اگر نقد کی تعداد قلیل ہے تو وہ اس قابل نہیں کہ فقیر اس سے کچھ خریدکے پیٹ بھرے اگر تعداد کافی ہی تو بخیل بھوکے رہتے ہیں مگر روپیہ جمع کرتے ہیں بلکہ زکوٰۃ بھی نہیں دیتے اگر خواہ مخواہ صرف ہی کرتا ہے تو بعضے فقرا امیون گانجے میں روپیے پیسے اڑا دیتے ہیں کپڑے کی ضرورت ہر فقیر کو نہیں ہوتی تسلیم بخیتہ یہ فقرہ خام طعن کی وجہ یہ نہیں ہوتی کہ ثواب صرف کھانا کھلانے میں ہے نقد یا کپڑا دینے میں نہیں ہے بلکہ غالباً طعن کا منشا یہ ہوتا ہے کہ کھانا کھلانے میں عام فائدہ ہی جب صرف برابر ہے تو ایسا کام کیوں نہ کیجئے جسمیں عام فائدہ ہو اور تعین ایام میں زیادہ غرض دنیاوی ہے جسکا ذکر میں نے کیا دوسرا قول مائۃ مسائل میں ہے کہ فاتحہ چہلم کے دن مقرر کرنا یہ خیال کرکے کہ قبل چہلم یا بعد چہلم کھانے کا ثواب مردے کو نہ پہنچیگا یا چہلم کے روز ثواب زیادہ پہنچیگا جائز نہیں اسپر اصرار کبیرہ ہے فقط ہم کہتے ہیں کہ سوم یا چہلم کا دن صدقہ میت کے لئے جو معین کیا گیا ہی اس باب میں کوئی شخص گو وہ عامی کیوں نہو یہ نہیں خیال کرتا کہ اسکے قبل یا بعد مردے کو ثواب نہ پہنچیگا یا خاصۃً انہیں ایام میں زیادہ ثواب پہنچتا ہی یہ تراش خراش من تلقاء نفسہ ہے بلکہ اصل منشا یہ ہے کہ اموات مومنین کو قبر میں سات روز تک اور منافقین کو چالیس دن تک سوال ملائکہ سے امن نہیں رہتا سوا اسکی ضغطۂ قبر و ترک دنیا مع مافیہا انپر سخت شاق گزرتا ہی اسلئے

ان ایام میں وہ لوگ جسقدر صدقات کے محتاج ہوتے ہیں اسقدر دوسرے ایام میں محتاج نہیں ہوتے پھر
ان ایام میں بہ لحاظ اغراض کے جسکا ذکر اسکے قبل کیا گیا کسی روز صدقات زیادہ دیتے ہیں آور نفس تعیین
تو بدعت نہیں صدقہ عن المیت کلی طبعی ہی جسکا وجود بدون افراد کے پایا نہیں جاتا کسی کلی کا فرد نہیں
بنتا جبتک کلی میں مشخصات سے تخصیص نہو جیسے زمان و مکان و سائر مشخصات جب کلی عبادت
ہوئی تو اسکی جمیع اجزا عبادت ہونگی اسلئے کہ تمام اجزا میں وہ کلی پایا جاتا ہے جو فی نفسہ عبادت ہی
ہاں جب کلی کے ساتھ ایسی مشخصات ملیں جو فی نفسہ منہی عنہ ہیں تو اُس کلی سے وہ مشخصات زائل
ہوجاتی ہیں اور ان مشخصات کی سبب سے وہ فرد منہی عنہ ہوجاتا ہی ان مشخصات سے وہ کلی منہی عنہ
نہیں ہوتا۔ بات یہ ہے کہ جب اصل کسی شی کی ہر اوقات میں مشروع ہوئی تو وقت معین بھی افراد اوقات
مطلق سے ہوگا اسلئے کہ مطلق جب پایا جاتا ہے افراد میں پایا جاتا، یہ بات ظاہر ہے کہ مطلق کا جو فرد پایا جاتا ہی
باعتبار تعین و تشخص خارجی کے مانع تحقق اُس مطلق کا نہیں ہوتا و الا تحقق مطلق کا فرد میں ممتنع ہوگا
اور یہ باطل ہے اور تعیین وقت جو شرعاً ممنوع ہی اس سے وہ تعین مراد ہی کہ مانع تحقق مطلق کا ایسی معین کے
غیر میں ہو جسکا تعین شارع سے ثابت ہوا۔ مشروع دو قسم پر ہی مقید و مطلق۔ مقید میں اُس قید کی رعایت
ضروری ہی جو شارع سے ثابت ہوئی ہو اُسکا ہرگز بدلنا جائز نہیں مطلق میں رعایت قید و خصوصیت کی
نہیں ہوتی بلکہ مطلق کے ہر فرد میں صلاحیت تحقق مطلق کی ہوتی ہی مثلاً کوئی حکم احکام شرع سے مطلق اوقات
میں مشروع ہو جیسے ایصال ثواب عبادات مالی و بدنی نفع اموات کے لئے پھر اگر روز سوم اس لحاظ سے
تعین کیا جائے کہ بسبب قرب اوقات موت کے بسبب ظلمت قبر و ضغطہ قبر و توحش و سوال ملائکہ کے موتی زیادہ
تر محتاج ایصال ثواب ہیں پس ایسی وقت شرعاً مشروعیت اعمال خیر میں مضائقہ نہیں پایا جاتا عام
ازینکہ تلاوت قرآن مجید ہو یا اداے صدقات یا دونو یا اس قسم کے اور اعمال حسنہ اور اگر اس لحاظ سے
روز سیوم کی تعیین کیجاوے کہ یہی دن اعمال خیر کرنا روا ہے اسکی سوا اور دوسرے دن جائز نہیں ہے تو یہ نیت

باطل ہے اسلئے کہ اس صورت میں تشریع شرع جدید و تغیر حدود اللہ لازم آتا ہے جو قطعاً ممنوع ہے اگر اس خیال سے ہے کہ ثواب الطعام کا دوسرے دن مردہ کو نہیں پہنچتا تو یہ غلط ہے ضرور پہنچتا ہے **تیسرا قول** اطعام اہل میت ناجائز ہے ہم کہتے ہیں کہ اسکی تین طریقے ہیں پہلا طریقہ اہل میت کے لئے اپنے گھر کھانا پکوا کر کھلانا یہ طریقہ مسنون ہے چنانچہ عبداللہ بن جعفر سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا **اِصْنَعُوْا لِاٰلِ جَعْفَرَ طَعَامًا فَقَدْ اَتَاهُمْ مَا يَشْغَلُهُمْ** یعنے آل جعفر کے لئے کھانا پکاؤ انپر ایسا حادثہ گزرا ہے جس سے وہ کھانا نہیں پکا سکتے۔ یہ خطاب صحابہ کیطرف تھا اس حدیث کو احمد نے اپنی مسند میں اور ابوداود و ترمذی و ابن ماجہ و حاکم نے عبداللہ بن جعفر سے روایت کیا ہے یہ حکم کچھ آل ابی جعفر کیلئے خاص نہ تھا بلکہ جب جنگ احد میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کھانا پکوا کر بھیجا دوسرا طریقہ اہل میت کا اپنے اعزہ سے بھی لوگوں کو جو دور سے یا قریب سے اس حادثہ میں شریک ہوئے ہوں کھانا کھلانا اس صورت کے ناجائز ہونیکی کوئی وجہ قوی یا ضعیف نہیں پائی جاتی اعزہ کو اگر کھانا نہ کھلایا جائیگا تو کیا وہ بھوکے مارے جائینگے تیسرا طریقہ ثواب سمجھ کے بزرگونکی ضیافت کرنی یہ طریقہ بھی ناجائز نہیں ہے۔ ایک انصاری کا انتقال ہوگیا تھا انکی دفن میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بنفس نفیس شریک تھے بعد دفن کے انکی بی بی نے آپکی اور صحابہ کی جو آپکے ساتھ تھے دعوت کی چنانچہ یہ حدیث آگے چلکے ذکر کیجائیگی پھر کچھ محل کلام کا نہ رہا اور یہہ کہنا یہ حدیث نہیں یا اوائل حال کا یہ قصہ ہے عذر گناہ بدتر از گناہ ہے۔ اس قائل سے یہ تو پوچھئے کہ احادیث کی نسبت اسطرح **مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهٖ** غیر ثابت یا منسوخ کہنا کب جائز ہے یہ حدیث مشکوۃ شریف میں معجزات کے بیان میں بروایت عاصم بن کلیب مذکور ہے **چوتھا قول** فرش پر کھانا کھلایا جاتا ہے جو ناجائز ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ اگر فرش پر کھانا نہ کھلایا جائے تو پھر کیا گوبر سے زمین لیپ کے کھانا چنا جائے **پانچواں قول** اہل میت کے گھر لوگ جمع ہوکر کھاتے ہیں جو ناجائز ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ اسمیں قباحت کیا ہے خود سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم و صحابہ رضی اللہ عنہم اہل میت کے گھر تشریف لیگئے

تھے حدیث کی عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ آپ تقریب دعوت بلائے گئے تھے جسے آپ نے قبول فرمایا پھر ناجائز کہنا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل پر ایک قسم کا اعتراض ہے **چھٹا قول** یہ امر مباح ہے جسے لوگ واجب
یا سنت سمجھتے ہیں یہ محض خیال خام ہے مردے کے نفع پہنچانے کے لئے کھانا کھلایا جاتا ہے جسے اہل استطاعت کھلاتے
ہیں جو لوگ مستطیع نہیں ہیں وہ مجبوری سے نہیں کھلا سکتے فیصدی دس آدمی شاید ایسے ہونگے جو اچھی طرح طعام
عن اہانت کرتے ہیں نہیں تو بیچارے محتاج کیونکر کھانا کھلا سکتے ہیں ننگی کیا نہائیگی کیا نچوڑیگی چادر دیکھکر
آدمی پاؤں پھیلاتا ہے غرض کوئی شخص اسے واجب نہیں خیال کرتا **ساتواں قول** قرن اول میں نہ تھا اسکا
جواب یہ ہے کہ مولوی رشید الدینخان صاحب نے جو مولوی عبد الحی صاحب سے جامع مسجد دہلی میں مناظرہ کیا تھا
اسمیں جہاں بہت سے امور بالمشافہ طے ہوے یہ مسئلہ بھی طے ہوا بعض اشخاص نے مولوی عبدالحی صاحب سے
پوچھا کہ آپ فاتحہ سیوم کے باب میں کیا فرماتے ہیں مولوی عبد الحی صاحب نے کہا کہ قرن اول میں نہ تھا
اسے نہ کرنا چاہیے مولوی رشید الدینخان صاحب نے اسکے جواب میں یہ فرمایا کہ جب کتب حنفیہ میں تین روز
تک تعزیت جائز لکھی گئی ہے پھر اگر اہل اسلام نے خیال کیا کہ صاحب تعزیت کے پاس بار بار آنے سے زیادہ
حرج نہو اور انکو ہر شخص کی ملاقات کے لئے گھر سے آنا نہ پڑے یا وہ ایک جگہہ قیدیوں کی طرح بیٹھا نہ رہے
یا تین روز کوئی مکان لوگوں کے آنے جانے کے لئے مہیا نہ رکھے اور نیز اس خیال سے کہ تعزیت کرنیوالونکو
حرج نہو اور انکو اہل مصیبت کے برآمد کا انتظار کرنا نہو اور اسی قسم کے مصالح کے خیال سے ان ایام سے
ایکدن تعزیت کے لئے مقرر کیا اور اس روز قرآن کا ختم اور ایصال ثواب دیکو جسکا جواز کتب حنفیہ میں
موجود ہے مقرر کیا پھر اسمیں کیا قباحت ہے جس سے یہ طریقہ ممنوع قرار پایا مولوی عبدالحی نے اسکے جواب میں
کہا کہ ہم مطلقاً فاتحہ سیوم سے منع نہیں کرتے بلکہ ایسے شخص کو اس سے منع کرتے ہیں جو تیسرے دن میں منحصر
خیال کرے اور یہ سمجھے کہ اس روز کا ثواب دوسرے یا چوتھے دن سے زیادہ ہے اسکی امتناع میں کسیطرح کا شبہہ
نہیں اسکی مثال یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امر کی تصریح فرمائی ہے کہ رمضان میں ثواب

اعمال کا زیادہ ہوتا ہے پھر اگر کوئی شخص کہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فاتحہ بارھویں ربیع الاول کو ثواب میں نزدیک فاتحہ رمضان سے زیادہ ہے تو اس قسم کا اعتقاد بد ہے اور جو فعل کہ اس اعتقاد کی وجہ سے پایا جاوے وہ بھی ممنوع ہے مولوی رشید الدین خانصاحب نے اسکی جواب میں فرمایا کہ یہ بات ثابت ہے کہ زیادتی مقدار ثواب کی بلحاظ ایام کے بدون علم شارع کے معلوم نہیں ہو سکتی پھر اپنی طرف سے بعض ایام کی نسبت جنکی لئے شارع کیطرف سے کوئی تصریح نہیں پائی جاتی یہ خیال کرنا کہ انہیں عمل کا ثواب زیادہ ملتا ہے میری نزدیک بھی باطل ہے لیکن اس مقام پر جو کثرت ثواب بارہ ربیع الاول میں بنسبت ایام رمضان المبارک کے بیان کیا گیا قیاس مع الفارق ہے اسلئے کہ رمضان کا کثرت ثواب احادیث صحیحہ سے ثابت ہے پھر جو شخص کسی وقت میں بنسبت رمضان کے زیادہ ثواب عبادات کا خیال کری مبتدع ہے فاتحہ سیوم کی یہ کیفیت ہے کہ شارع کیطرف سے کوئی حکم اسطرح کا نہیں ہوا ہے کہ فلاں روز ثواب زیادہ ہی تاکہ اہل فاتحہ اگر یہ خیال کریں کہ روز سوم کا ثواب زیادہ ہی تو وہ منافی اس نص کی سمجھا جائی بلکہ ہر روز کی نسبت ثواب کے مستحق ہونے میں برابر ہی پھر اگر کسی شخص نے برعایت مصلحت جزئیہ کے کسی روز کو منجملہ اوقات متساویہ کے فاتحہ میت کے لئی مقرر کیا تو اسکا فضل اس قسم سی کیونکر متصور ہوگا جیسے کہ کوئی شخص غیر رمضان کی عبادات خیرات کو رمضان کی عبادات و خیرات سے زیادہ سمجھی مولوی عبدالحی نے کہا کہ میرے نزدیک منع فاتحہ سیوم کی وجہ نیت ہے اگر فاتحہ کرنیوالونکی نیت یہ ہے کہ تیسرے دن ثواب فاتحہ کا بہ نسبت دوسرے ایام کے زیادہ ہوتا ہے تو البتہ یہ صورت منع ہے اگر ایسی نیت نہیں ہوتی تو منع نہیں ہے **آٹھواں قول** رفاہ المسلمین شرح مسائل اربعین میں لکھا ہی دستور ہے کہ مرنے سی تیسرے دن لوگ جمع ہوکر تعزیت کے واسطے میت کے گھر جاکر کلمۂ طیبہ و سورۂ اخلاص وغیرہ پڑھکر ثواب بخشتے ہیں اور اہل میت شیرینی وغیرہ اسوقت حضار مجلس میں تقسیم کرتے ہیں جائز ہے یا نہیں اور تیجا اور دسواں اور بیسواں اور چالیسواں وغیرہ مقرر کرنا درست ہی یا نہیں **جواب** تعزیت کرنے کی اصل تو شریعت سے ثابت ہے جیسا کہ اوپر معلوم ہوچکا لیکن تیسرے دن حافظوں اور قاریوں کو تمام کلام اللہ یا کوئی سورۂ پڑھوانے کو جمع کرنا مکروہ ہے نصاب الاحتساب میں

لکھا ہے کہ قرآن شریف کا بلند آواز سے جماعت کے ساتھ پڑھنا جسکو سپارہ خوانی کہتے ہیں مکروہ ہے **تنبیہ** اور اکیس وجہیں مکروہ ہونے کی اسمیں لکھی ہیں اس مختصر میں انکا لکھنا بخوف طوالت نامناسب ہے **قولہ** اور تیجا اور دسواں وغیرہ مقرر کرنا اور ان دنوں میں کھانا پکانا اور قرآن پڑھکر اہل میت سے دعوت لینا مکروہ ہے فتاوی بزازیہ میں لکھا ہے پہلے اور تیسرے دن یا ہفتہ کے بعد کھانا تیار کرنا اور رسوم کے دنوں میں قبر پاس کھانا یا شیرینی لیجانا اور قرآن پڑھکر دعوت لینا اور صالحوں اور قاریوں کو تمام کلام اللہ یا سورہ انعام یا سورہ اخلاص پڑھوانے کو جمع کرنا مکروہ ہے اور اہل مصیبت سے ضیافت لینا بھی مکروہ ہے اسلئے کہ ضیافت لینا شادی میں چاہئے غمی میں نہیں چاہئے کہ بدعت قبیحہ ہے اسیطرح مستملی شرح منیتہ المصلی اور فتح القدیر میں لکھا ہے کہ اہل مصیبت سے ضیافت لینا بدعت قبیحہ ہے کیونکہ یہ بات شادیوں میں مشروع ہے نہ کہ ماتموں میں اور نوادر الفتاوی میں آیا ہے کہ جو کھانا مُردے کیواسطے تیسرے دن یا ساتویں دن یا چہلم کو یا برسی کو تیار کریں وہ کھانا علماء و فضلا کو کھانا مکروہ ہے پیغمبر صاحب صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مُردہ کا کھانا دل کو مُردہ کرتا ہے اور مریض کا کھانا دل کو مریض کرتا ہے اور نوادر الہشام میں لکھا ہے کہ جو کھانا مُردونکی روح کیواسطے تیار کیا ہے اُسکا قبول کرنا مکروہ ہے اور یہی مضمون فتاوی قراخانی میں بلکہ سب معتبر فتاوونمیں غرب سے شرق تک مندرج اور مملو ہے لیکن بلا تخصیص اور بلا تعیین ان دنوں کے اور کسی اور دن کے جب چاہیے تب مُردہ کیطرف سے کھانا پکاکر محتاجوں اور مسکینوں کو دینا بہت خوب ہے چنانچہ بزازنے کہا ہے کہ اگر کھانا محتاجوں کے واسطے تیار کیا جاوے تو بہتر ہے اور جامع البرکات میں مذکور ہے کہ جو کھانا مُردونکی طرف سے محتاجوں پر تصدق کرینگے پکاویں گے ثواب اُسکا مُردونکو پہنچے وہ کھانا سوائے محتاجوں اور فقیروں کے کسی اور کو کھانا درست نہیں کیونکہ تصدق تو فقیروں ہی پر ہوتا ہے۔ اور غنیا کیواسطے ہدیہ مقرر ہے اور یہ جو اس ملک میں رسم ہے کہ طعام وغیرہ سامنے رکھکر دونوں ہاتھ اُٹھاکر سورہ اخلاص وغیرہ بطور رواج اس دیار کے پڑھتے ہیں سو یہ طریقہ اور دستور علماء سلف سے منقول نہیں بلکہ حرمین شریفین میں آجتک کوئی اہل فضل وکمال جو آنحضرت کے

عہد شریف سے اب تک ستی میں یا سپر انوار پڑھتے آئی ہیں طعام یا شیرینی پر رکھا چکنے سے پہلے ہی فاتحہ مروجہ کو اس طریق سے واقف بھی نہیں مگر جو لوگ ہندوستان سے حرمین شریفین کی زیارت کو جا کر وہاں گئی ہیں اور اقامت اور بود و باش وہاں کی اختیار کی ہے وہ البتہ ہندوستان کی رسم و عادات کے موافق اپنے گھر میں مرتکب اس امر کے ہوتے ہیں مگر اسکا کچھ اعتبار نہیں بلکہ وہاں کی علماء ہندوستانیوں کی ان حرکات پر خبردار ہو کر انکو زجر و توبیخ کرتے ہیں اور جامع البرکات میں منقول ہے کہ طریق علماء سلف کا یوں تھا کہ کھانے کے بعد اہلِ ضیافت کیواسطے دعا مغفرت کی کرتے تھے اور شرعۃ الاسلام میں لکھا ہے کہ مہمان کو چاہیے کہ کھانا کھا کر صاحب طعام کو اس طرح دعا کرے اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهٗ وَيَسِّرْ لَهٗ اَنْ يَّفْعَلَ خَيْرًا مِّنْهُ وَقَنِّعْهُ بِمَا اَعْطَيْتَهٗ وَاغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَجَعَلَنَا وَاِيَّاهُ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ اور یہ بھی اس کتاب میں ہے کہ کھانے سے پہلے بسم اللہ کہے اور بعد فراغت کے قل ہو اللہ احد پڑھے اور جو پہلے بسم اللہ کہنا بھول جاوے تو جب یاد آوے تب کہے اور جو بعد کھانیکے یاد آوے تو یوں کہے بسم اللہ اوّله وآخره اور جو کچھ کہ علماء سلف سے بدرجہ عبادت منقول نہیں اسکو عمل میں لانا بدعت ہے اور جو بدعت ہے سو گمراہی ہے **تنبیہ** کھانے کے آداب سے ہے کہ جسوقت کھانا سامنے رکھا جاوے تو بسم اللہ کہکر جلد کھانا کھانے میں مشغول ہو جاوے توقف وانتظار نہیں یہانتک کہ کھانا حاضر ہوا اور اتفاقاً ادھر نماز کیواسطے تکبیر اقامت شروع ہو تو یہ لوگ کھانا کھاویں اور اپنی نماز تاخیر کریں مشکوۃ شریف میں حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ کہا انہوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے لَا صَلٰوةَ بِحَضْرَةِ الطَّعَامِ یعنی جب کھانا موجود ہو تو نماز کو توقف کیا جاوے انتہی اور ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ رسول خدا نے فرمایا کہ جسوقت تم میں سے کسی کے سامنے کھانا رکھا جاوے اور نماز کیواسطے تکبیر شروع ہو جاوے تو وہ شخص پہلے کھانا شروع کر دے تاکہ کھانے سے فراغت ہو اور نماز بعد فراغت کے ادا کرے اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کی عادت تھی کہ اگر کھانا انکے سامنے رکھا جاتا اور ادھر اتفاقاً نماز کے واسطے تکبیر شروع ہوتی تو جب تک کہ کھانے سے فراغت نہ ہوتی

نماز کو نگتے اور امام کی قرارت کو سنتے رہتے اور فتاوی بزازیہ میں اور فتاوی تاتارخانی میں لکھا ہے کہ
کچھ کھانا یا روٹی سامنے آوے تو کھانا شروع کر دے اور سالن کا انتظار نہ کرے انتہی۔ اب جاننا چاہئے کہ اس
ملک ہندوستان میں رواج ہے کہ جب کبھی کسیکو کسی بزرگ یا کسی اور میت کے واسطے شیرینی کا یا کھانے وغیرہ کا
ثواب پہنچانا منظور رہتا ہے تو پہلے اکثر پیروں کو اور اکثر اپنی برادری کے لوگوں کو بلا کر وہ کھانا اور شیرینی وغیرہ
انکے روبرو رکھدیتے ہیں پھر گھڑی دو گھڑی تک یا کم و بیش اس کھانے اور شیرینی پر فاتحہ مصطلحہ مروجہ
اس ملک کے پڑھتے ہیں بعد اسکے وہ کھانا وغیرہ ان لوگوں کو کھلاتے ہیں یعنی جب تک فاتحہ مذکورہ
تمام عمل میں نہ آوے اسوقت تک وہ کھانا اور شیرینی وغیرہ کسی کو دینا اور کھلانا یا اسمیں کسی طرح پر تصرف
کرنا روا نہیں جانتے اور یہ بات اور عادت اوپر حدیثوں اور روایتوں کے صریح خلاف ہے مناسب ہے کہ
جو کھانا کسی کے ثواب پہنچانے کے لئے پکاویں تو فقیروں اور محتاجوں کو کھلا کر پھر ثواب اسکا مردہ کی روح کو بخشدیں
اور چاہیں تو الحمد و قل ہو اللہ وغیرہ پڑھکر اس کھانا کھلائے ہوئے کا اور ان سورتوں وغیرہ سب کا
ثواب اکٹھا بخشدیں راہ نجات میں لکھا ہے کہ جسکو ثواب پہنچانا منظور رہو کھانا یا پانی محتاجوں کو
دیکر ثواب اسکا مردہ کی روح کو بخشدیں زیادہ بکھیڑا بیوقوفی ہے فقط راقم الحروف لکھتا ہے کہ نصاب
الاحتساب و بزازیہ و شرح منیۃ المصلی اور فتح القدیر وغیرہ کی عبارت کا حال متعاقب معلوم ہوگا
نوادر الفتاوی کی عبارت جو لکھی گئی مجھے اسکا مطلب کچھ معلوم نہیں ہوتا مردی کا کھانا اگر دل کو مردہ
کرتا ہے تو علماء و فضلاء کی کیا خصوصیت ہے کسیکو کھانا نہ چاہئے سوا اسکے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
خود دعوت قبول کی اور صحابہ نے مردی کا کھانا کھایا چنانچہ سابقا لکھا گیا تو پھر کیونکر یہ بات تسلیم
ہو سکتی ہے کہ عموما مردی کا کھانا دل کو مردہ کرتا ہے۔ نوادر الشام کی عبارت جو لکھی گئی وہ بھی عجیب
غریب ہے جو کھانا مردوں کی روح کیواسطے تیار کیا گیا ہو اسکی نسبت یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اسکو قبول کرنا مکروہ ہے
اور اسکی وجہ کیا ہے عموما فتاوی کی نسبت جو یہ دعوی کیا گیا کہ سب میں یہی لکھا ہے یہ قلت

تتبع پر دال ہے چنانچہ متعاقب معلوم ہوگا تخصیص و تعئین کو کچھہ دخل نہیں ہے لغو ڈھکو سلے ہیں
جب چاہیں جس دن چاہیں عام ازینکہ تخصیص و تعئین کسی مصلحت سے کی گئی ہو یا نہ کی گئی ہو مُردے
کی روح کے ثواب کے لئے کھلا سکتے ہیں اور وہ ثواب پہنچ سکتا ہے جامع البرکات کی عبارت جو لکھی
گئی وہ بالکل صحیح ہے مگر جو کھانا مُردوں کیطرف سے اس طور پر پکایا جاکہ فقیر و غنیا دونوں کو کھلایا جاےگا
تو دونو قسم کے اشخاص و افراد کو اُسکا کھانا درست ہے اور اُسکا ثواب دونوں کو پہنچتا ہے قاضی الاسلام مولوی
صبغۃ اللہ مدراسی سالہ گلزار ہدایت میں لکھتے ہیں مولوی اسحاق دہلوی نے نقل کیا ہے کہ شیخ عبد الحق دہلوی
نے کتاب جامع البرکات میں لکھا ہے میت کیطرف سے کھانا فقرا پر تصدق کرنیکی نیت سے جو پکاتے
ہیں تاکہ اُسکا ثواب میت کو پہنچے اُسکو فقیر کے سوا دوسر کو کھانا روا نہیں کیونکہ تصدق فقرا پر ہی ہوتا ہے
اور غنیا کے لئے ہدیہ ہے اور مسلمانونکی ضیافت کی نیت سے جو پکاتے ہیں اُسکو سب لوگونکو غنی ہوں یا فقیر کھانا
درست ہے چنانچہ عرسوں میں مشائخ کے جو اس ملک میں مشہور ہیں علی العموم فقرا و غنیا کو کھلانے کیواسطے ہوتا ہے
لیکن فقرا و محتاج جو کھاتے ہیں اُسمیں زیادہ ثواب ہوگا اور جو غیر فقیر نے کھایا تو موجب عقاب کا نہیں ہوسکتا
مگر ظالم کو جو کھلائے گا اُسمیں گناہ ہے کیونکہ اُس کھانیسے اُسکی بدن میں قوت آئیگی اور لوگوں پر ظلم کریگا
انتہی شیخ نے جو کہا کہ جو غیر فقیر نے کھایا تو موجب عقاب کا نہیں اس عبارت کے ظاہر سے معلوم ہوتا کہ اگر
غنیا کو کھلاویں یا انکو بطریق ہدیہ کے بھیجیں تو اُسمیں کچھ ثواب نہیں لیکن ایسا نہیں ہے بلکہ اغنیا کو بھی جو
کھلاتے ہیں وہ مکارم اخلاق اور امر معروف میں ہے اُسپر بھی ثواب مترتب ہے اگرچہ فقیر کے کھلانیکے
ثواب سے کم ہو صحیح حدیث میں آیا ہے کُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ یعنی جو معروف ہو صدقہ ہے یعنی
معروف کام کرنے سے صدقہ کا ثواب ملتا ہے اور شیخ نے جو یہ کہا کہ اگر فقیر کو کھلانیکی نیت سے
پکایا ہو تو دوسرے کو کھانا جائز نہیں یہ مذہب حنفیہ کا ہے شافعیہ کے یہاں جو حکم ہے ہم اُسی سابقا لکھچکے ہیں
معلوم کیجئے کہ فقہاء شافعیہ لکھتے ہیں کہ میت پر نوحہ اور ندبہ کرنیوالوں کے لئے کھانا تیار کرنا اور اُنکو

کھلانا حرام ہی اسلئے کہ اس سے گناہ کی اعانت ہوتی ہی اور میت کے لوگوں کو کھانا پکا کے لوگونکی دعوت
کرنا بدعت اور مکروہ ہی اور اس کھانیکی دعوت قبول کرنا بھی مکروہ ہی امام احمد اور ابن ماجہ نے جابر بن
عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے بسند صحیح روایت کیا ہی کہ جابر نے کہا کہ میت کے دفن کے بعد لوگونکا اُسکی قرابتیوں کے
پاس جمع ہونا اور اہل قرابت کا انکے لیے کھانا تیار کرنا اسکو ہم نوحہ میں شمار کرتے تھے اس حدیث سے اسکی
کراہت معلوم ہوئی اسکو نوحہ میں شمار کرنا اسلئے ہے کہ اسمیں غم کے کام پر اہتمام پایا جاتا ہے. سوم دہم وغیرہ
میں جو کھانا پکاتے ہیں وہ بھی بدعت ہے اُسکی کراہت کا حکم کتب میں فقہ شافعی کے نظر نہ آیا دلیل جو لکھی
غم کے کام پر اہتمام کرنا مکروہ ہے اس سے اسکی کراہت بھی معلوم ہوتی ہی حنفیہ سے بزازی نے اپنی فتاوی میں
لکھا ہی کہ کھانا پکانا مرنے کے دن یا سوم کو یا ہفتے کے بعد اور عیدوں میں مکروہ ہے مولوی اسحاق نے
جامع البرکات سے نقل کیا ہے کہ مرنے کے بعد جو سالانہ کو یا چھہ مہینونکو یا چہلم کو اس ملک میں کھانا پکا ہیں
اور بھائی آشنا کے گھر بھیجتے ہیں اور انکو بھاجی کہتے ہیں اسکا اعتبار نہیں بہتر یہ ہے کہ نہ کھاوے انتہی
اور فتح القدیر میں لکھا ہے کہ میت کے لوگونکو ضیافت کا کھانا پکانا مکروہ ہے کیونکہ ضیافت شرع میں خوشی
کے کام پر آئی ہی نہ غم کے وقت اور وہ بدعت قبیح ہی انتہی معلوم کیجیے کہ میت کی زیارت کے واسطے
سوم و دہم وغیرہ میں لوگونکا جمع ہونا بدعت ہے ابن حجر مکی نے تحفہ میں لکھا ہی دفن کے بعد قبر کے
پاس قرآن کا پڑھنا اور میت کے لئے دعا کرنیکے واسطے جایا کرنا سنت ہے لیکن لوگ جو جمع ہوا کرتے ہیں وہ
بدعت ہی اور اس جمع ہونے میں بعضی بدعت حسنہ ہی انتہی اس سے معلوم ہوا کہ اگر جمع ہوکے قرآن وغیرہ پڑھیں
اور کوئی منکر کام نہ کریں تو وہ بدعت ہے لیکن قبیح نہیں انتہی - فاتحہ مروجہ کے باب میں جو کچھ لکھا گیا
محض طول و فضول ہے اصل یہ ہے کہ ایصال ثواب کی دو صورتیں ہیں بدنی و مالی اور یہ دونوں صورتیں
جائز ہیں چنانچہ اسکا بیان کیا جاویگا - فاتحہ مروجہ ہند ان دونوں صورتوں کا جامع ہے پھر کسیطرح سے
ناجائز نہیں ہوسکتا آداب طعام کے بھی کچھ منافی نہیں ہے جو لوگ فاتحہ کا کھانا کھلاتے ہیں اسکی دو

صورتیں ہیں پہلی صورت یہ ہے کہ فاتحہ کرکے کھانا کھلاتے ہیں دوسری صورت یہ ہے کہ جب کھانا سامنے رکھا گیا اُس پر فاتحہ پڑھا گیا پھر میزبان نے مہمان کو اجازت دی انہی بسم اللہ کہکی ہاتھ بڑھایا یہی صورت مسنون عنہا ہے جو آداب طعام کے منافی نہیں ہے یہ ہرگز ثابت نہیں ہو سکتا کہ جب کھانا سامنے رکھا جائے تو میزبان کی اجازت کا انتظار نہ کیا جائے اور قحطیوں کیطرح سے گرکر کھانا چاہیے ادھر روٹی آئی تو بلا انتظار شوربے کے اسی جیٹ گئے جب شوربا آیا اسی اُٹھاکر پی گئے اگلے پہلے فرنی رکھی گئی اسکو چاٹ گئے صراط المستقیم میں نہایت وضوح دعام سے یہ مسئلہ لکھا گیا ہے انکی یہ عبارت ہے۔ پس ہمیں قیاس باید کرد سائر عبادات را پس ہر عبادتیکہ از مسلمان ادا شود و ثواب آں بروح کسی از گزشتگاں برساند و طریق رسانیدن آن دعائے خیر بجناب الٰہی ست پس این خود البتہ بہتر و مستحسن ست و اگر آں کس کہ ثواب وحش میرسانند از اہل حقوق است بمقدار حقوق خوبی رسانیدن این ثواب زیادہ تر خواہد شد پس خوبی این قدر امراز امور مرسومہ فاتحہ ہا وعراس و نذر و نیاز اموات شک وشبہہ نیست۔ دوسرے مقام پر ہے نہ پندارند کہ نفع رسانیدن باموات باطعام و فاتحہ خوانی خوب نیست چہ این معنی بہتر و افضل غرض آنست کہ مقید برسم نباید شد بے تعیین تاریخ و روز و جنس و قسم طعام ہر وقت و ہر قدر کہ موجب اجر جزیل بود عمل آرد و ہرگاہ ایصال نفعے بہ میت منظور دارد و موقوف بر اطعام نہ گزارد و اگر میسر باشد بہتر ست والا صرف ثواب سورہ فاتحہ و اخلاص بہترین ثواب ہاست۔ دیکھو مولوی اسمٰعیل دہلوی فاتحہ مرسومہ کا جواز لکھتے ہیں رفاہ المسلمین میں ہے **پینتیسواں سوال** دستور ہے کہ حافظوں کو نوکر رکھکر میت کی قبر پر مقرر کرتے ہیں کہ وہاں بیٹھکر کلام اللہ پڑھا کریں اور اُسکا ثواب میت کو بخشیں یہ طور جائز ہے یا نہیں **جواب** اس مسئلہ میں اختلاف ہے اور روایتیں مختلفہ اس باب میں منقول ہیں فقہ کے بعض کتاب سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حافظوں کو قرآن پڑھنے کیواسطے قبر کے پاس بٹھانا مکروہ ہے چنانچہ خزانۃ الروایات میں فتاویٰ شاہان سے نقل کیا ہے کہ اگر کوئی شخص کسیکو

اسواسطے تو کر رکھے کہ قبر کے پاس بیٹھکر کلام اللہ پڑھا کرے تو اُس پڑھنے کا ثواب میت کو پہنچے نہ اُس
پڑھنے والیکو ملے انتہی۔ اور نصاب الاحتساب میں لکھا ہی کہ قبر کے پاس قرآن شریف پڑھنے کو قاری
مقرر کرنا بدعت ہے اور اُسکی عوض میں قاری کو کچھ دینا بمعنی بات ہے اور یہ کام کسینے خلفا اور صحابہ
میں نہیں کیا اور درمختار سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر کے پاس قاری بٹھانا مکروہ نہیں بلکہ یہی مذہب مختار ہے
اب جاننا چاہیئے کہ قاعدہ اصول فقہ کا یوں مقرر ہوا ہے کہ اختلاف کی صورت میں احتیاط پر عمل کریں تو
اب اس صورت میں بھی احتیاط کے لحاظ سے حافظ و قاری قبر کے پاس نہ بٹھانا اولی ہی۔ اور مجالس الابرار
میں خوب لکھا ہی کہ اگر کوئی شخص اپنے گھر میں کلام اللہ پڑھکر کہے کہ یا الٰہی مینے اپنی اس پڑھنے کا ثواب فلانے
بزرگ کو یا فلانے اہل قبر کو بخشا سو تو اُسکا ثواب میرے بدلے اُسکو پہنچاوے تو مقرر اُنکو وہ ثواب پہنچتا ہے
اسواسطے کہ یہ دعا ثواب پہنچانیکے واسطے ہوئی اور دعا بلا خلاف پہنچتی ہی پس قبر کے پاس بیٹھکے کلام اللہ
پڑھنا کیا حاجت ہے **تنبیہ** مائۃ مسائل میں لکھا ہی کہ فقہا کا یوں مقرر ہے کہ اُجرت دینا لینا
طاعت و بندگی میں جائز نہیں اور دو ختم یا چار ختم کے عوض میں ایک روپیہ یا دو روپیہ مثلاً مقرر کر دینا
صریح اُجرت ہوئی اور جو پہلے سے اُجرت مقرر نہیں کی اور بعد ختم کے کچھ دیا تو یہ دینا بے اُجرت ہوا اور
حدیث شریف سے صریح معلوم ہوتا ہے کہ قرآن پڑھکر اُسکی عوض کچھ نہ کھاوے نہ لیوے خواہ مقرر کیا ہو
یا نہ کیا ہو چنانچہ شرح وقایہ میں لکھا ہی کہ ہمارے نزدیک اصل اور قاعدہ یوں ٹھہر رہا ہی کہ بندگی اور گناہ
کے کام پر اجارہ کرنا جائز نہیں اور مشکوۃ شریف میں بریدہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ جو شخص کلام اللہ پڑھکر اُسکو دنیا کمانیکا وسیلہ مقرر کرے تو وہ شخص قیامت کے روز محشر میں
اس شکل سے آویگا منہ اُسکا صرف ایک استخوان کا ہوگا جسپر کچھ گوشت نہوگا۔ پس اس حدیث کی وعید سے
معلوم ہوا کہ قرآن شریف پڑھکر یا پڑھوا کر اُجرت لینا دینا اور کھانا کھلانا گناہ کبیرہ ہے انتہی۔ اب
اس مقام میں ایک بات بڑی **فائدہ** کی ضرور جانکر لکھتا ہوں وہ یہ ہے کہ مولانا شاہ عبدالعزیز قدس

سرہ العزیز تفسیر فتح العزیز میں بیچ تفسیر آیۂ کریمہ اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا کے لکھا ہے کہ اس
آیت سے اور ان جیسی نصوص سے جو اس آیت کی تفسیر و معنی میں وارد ہیں علمانے استنباط و ثابت کیا ہے کہ
مزدوری اور اُجرت علم دین کے پڑھانے اور لکھانے پر لینا حرام ہے کیونکہ پڑھانا اور بتلانا علم دین کا فرض ہے
لیکن اگر کوئی شخص کسی کے گھر جا کر قطع مسافت کر کر کسیکو علم دین کا پڑھاوے یا لڑکوں کو صبح سے شام تک
یا کم سوائے علم دین کے تعلیم کیواسطے قید میں رکھے یا کسی مدرسہ میں تعلیم کیواسطے مقید ہو کر بیٹھے تو بیشک ہے کہ یہ
اجرت لینا اس قطع مسافت وغیرہ کی عوض میں ہے نہ مقابل تعلیم علم دین کے اور جو علمائے متاخرین نے تعلیم قرآن
مجید پر اُجرت لینا جائز رکھا ہے وہ یہی صورت ہے اور مراد اس سے یہی تعلیم ہے اور جو کوئی شخص کسی کے
پاس کر کہے کہ فلانی آیت مجکو سکھا دو پھر وہ اس سے مزدوری طلب کرے سو یہ اُجرت باتفاق علمائے
متقدمین و متاخرین حرام ہے انتہی ملخصاً۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ یہ ضرور نہیں ہے کہ جو لوگ قرآن پڑھتے ہیں وہ
اجرت ٹھہراتے ہیں یا انکو بطور اجرت کے کچھ دیا جاتا ہے شاید کہیں ایسا بھی ہوتا ہو چونکہ اُجرت کے جواز کا
معاملہ صاف ہو گیا اسلئے مجھے زیادہ ضرورت تحریر کی نہیں آخر جو شخص قبر پر آ کر بالالتزام قرآن شریف
پڑھتا ہے آنے میں اور بیٹھکر پڑھنے میں اسکا وقت صرف ہوتا ہے اگر اس وقت کو وہ کسی دوسرے کام میں صرف کرتا تو
اسکو کچھ نہ کچھ اجرت ملتی ایسی صورت میں اسکو جو کچھ اجرت دیجاتی ہے اس وقت صرف کرنیکی دیجاتی ہے
درمختار کی عبارت بھی جو لکھی گئی وہ ہمارے مدعا کے نہایت مفید ہے اصول کا قاعدہ جو لکھا گیا گو بے
اصول ہے مگر وہ بھی ہمارے مدعا کو مفید ہے اختلاف کی صورت میں جب اختیار پر عمل ہوتا ہے تو پھر مذہب مختار
ہی کو کرنا چاہئے۔ اب نفس مسئلہ کی تحقیق کیا چاہتا ہوں۔ سلف صالح کا طریقہ ہمیشہ سے یوں ہی
جاری ہے کہ ائمہ علما جب کوئی شخص مرتا ہے قبر پر حفاظ کو مقرر کرتے ہیں تاکہ قرآن پڑھیں۔ علامہ
سیوطی رسالہ طلوع الثریا باظہار ما کان خفیا میں لکھتے ہیں رَاَیْتُ فِی التَّوَارِیْخِ کَثِیْرًا
فِیْ تَرَاجِمِ الْاَئِمَّۃِ یَمُوْتُوْنَ وَاَقَامَ النَّاسُ عَلٰی قَبْرِہٖ سَبْعَۃَ اَیَّامٍ یَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ فَا

الحافظ الکبیر ابو القاسم بن عساکر فی کتابہ المسمی تبیین کذب المفتری
فیما نسب الی الامام ابی الحسن الاشعری سمعت الشیخ الفقیہ ابا الفتح نصر
اللہ بن محمد بن عبد القوی المصیصی یقول توفی الشیخ نصر بن ابراہیم المقدسی
فی یوم الثلثاء التاسع من المحرم سنۃ تسعین واربعمائۃ بدمشق واقمنا علی قبرہ
سبع لیال نقرء کل لیلۃ عشرین ختمۃ یعنی بنی اکثر تواریخ میں ہمد کے بیان میں لکھا ہی کہ لوگ
سات دن تک قبر پر قرآن شریف پڑھتے رہتے تھی حافظ کبیر ابو القاسم بن عساکر نے اپنی کتاب
تبیین کذب المفتری فیما نسب الی الامام ابو الحسن الاشعری میں لکھا ہی کہ مینے شیخ ثقہ ابو الفتح نصر اللہ
بن محمد عبد القوی مصیصی سے سنا ہی کہ وہ کہتے تھی کہ شیخ نصر بن ابراہیم مقدسی منگل کے روز محرم ۴۹۰ھ
کی نویں تاریخ کو دمشق میں مر گئے ہم لوگ انکی قبر پر سات دن ٹھہرے رہے اور ہر رات بیس ختم قرآن
ہوتے تھے انصار کا یہ طریقہ تھا کہ جب کوئی قضا کرتا تھا انکی قبر پر جمع ہوتے اور بہیئت اجتماع قرآن
پڑھتے شرح الصدور میں ہے اخرج الخلال عن سفیان قال کان الانصار اذا مات لہم
المیت اختلفوا الی قبرہ ویقرؤن القرآن مرقات میں ہے کہ شافعی اور اصحاب شافعی قبر پر قرآن کا
پڑھنا ختم کرنا مستحب سمجھتے ہیں روایت بیہقی وابو داؤد کی بھی اسکی مؤید ہے وذکر فی الاذکار عن
الشافعی واصحابہ انہ یستحب ان تقرء عندہ شیء من القرآن قالوا وان
ختموا القرآن کلہ کان حسنا وفی سنن البیہقی ان ابن عمر یستحب ان تقرء
علی القبر بعد الدفن اول سورۃ البقرۃ وخاتمتہا قالہ الطیبی
وفی روایۃ یقرء اول البقرۃ عند راس المیت وخاتمتہا عند رجلیہ
رواہ ابو داؤد یعنی اذکار میں شافعی اور انکی اصحاب سے مذکور ہے کہ مستحب ہے کہ قبر کے پاس
کچھ قرآن پڑھا جاوے ان لوگوں نے کہا کہ اگر پورا قرآن پڑھا جاوے تو بہتر ہوگا سنن بیہقی میں ہے کہ

ابن عمر اس امر کو مستحب خیال کرتے تھے کہ قبر پر بعد دفن کے اول سورۂ بقرہ اور اسکا اخیر پڑھا جاوے طیبی نے بھی لکھا ہے اور ایک روایت میں ہے اول بقرہ میت کے سرہانے پڑھا جاوے خیر بقرہ اسکی پاؤں کے پاس اسکو ابوداؤد نے روایت کیا ہے عینی حاشیہ ہدایہ میں لکھتے ہیں وَلَا بَأْسَ بِقِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ عِنْدَ الْقُبُوْرِ یعنی قبور کے پاس قرآن پڑھنا مضائقہ نہیں اکثر علما نے جریدہ رطبہ کی حدیث سے اس مسئلہ کا استدلال کیا ہے مرقات میں ہے وَاسْتَحَبَّ الْعُلَمَاءُ قِرَاءَةَ الْقُرْاٰنِ عِنْدَ الْقَبْرِ لِهٰذَا الْحَدِيْثِ اِذْ تِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ اَوْلٰى بِالتَّخْفِيْفِ مِنْ تَسْبِيْحِ الْجَرِيْدِ ۱ھ یعنی مستحب سمجھا ہے علما نے قرآن کا پڑھنا قبر کے پاس اس حدیث سے اسلئے کہ تلاوت قرآن تخفیفِ عذاب میں اولی ہے تسبیح جریدہ سے برتسی جسے عرس کہتے ہیں اسکا جواز نہایت صاف طور پر ہے مجموعہ فتاوی مولانا شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ میں ہے ۔ رفتن بر قبور بعد سال یک روز معین کردہ سہ صورت ست اول آنکہ یک روز معین نمودہ یک شخص یا دو شخص بغیر ہیئت اجماعیہ مردمان کثیر بر قبور محض بنا بر زیارت و استغفار بروند اینقدر از روئے روایات ثابت ست در تفسیر در منثور نقل نمودہ کہ ہر سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بر مقابر میرفتند و دعا برائے مغفرت اہل قبور می نمودند اینقدر ثابت و مستحب ست دوم آنکہ بہیئت اجماعیہ مردمان کثیر جمع شوند و ختم کلام اللہ کنند و فاتحہ بر شیرینی یا طعام نمودہ تقسیم درمیان حاضران نمایند این قسم معمول در زمانہ پیغمبر خدا و خلفائے راشدین نبود اگر کسے این طور بکند باک نیست زیرا کہ درین قسم قبح نیست بلکہ فائدہ احیاء و اموات حاصل میشود سوم طور جمع شدن بر قبور این ست کہ مردماں یک روز معین نمودہ و لباسہائے نفیس و فاخر پوشیدہ مثل روز عید شادماں شدہ بر قبرہا جمع می شوند و رقص و مزامیر و دیگر بدعات ممنوعہ مثل سجود برائے قبور و طواف گرد قبور می نمایند این قسم حرام و ممنوع ست بلکہ بعض بحد کفر میرسند و ہمین ست محل این ہر دو حدیث وَلَا تَجْعَلُوْا قَبْرِيْ عِيْدًا چنانچہ در مشکوٰۃ شریف مسطور ست اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ قَبْرِيْ وَثَنًا يُّعْبَدُ

بیان ہم در مشکوٰۃ ہست مولانا مصحح مولوی عبدالحکیم پنجابی کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں۔ آرے
زیارت متبرکہ قبور صالحین و امداد ایشاں بداء ثواب تلاوت قرآن و دعاء خیر و تقسیم طعام و شیرینی
امر مستحسن و خوب ہست باجماع علماء و تعیین روز عرس برائے آنست کہ آں روز مذکر انتقال ایشاں می باشد
از دار العمل بدار الثواب و الا ہر روز کہ ایں عمل واقع شود موجب فلاح و نجات ہست خلف را لازم است
سلف خود را بایں نوع بر و احسان نمایند۔ در درمنثور سیوطی مرقوم ہست و اخرج ابن المنذر و
ابن مردویہ عن انس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کان یاتی احدا کل عام فاذا تفوّہ الشعب سلم علی قبور الشہداء فقال سلام
علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار واخرج ابن جریر عن محمد بن ابراہیم
قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یاتی قبور الشہداء علی راس کل حول
فیقول سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار وابوبکر و عمر
و عثمان وفی التفسیر الکبیر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
انہ کان یاتی قبور الشہداء راس کل حول فیقول السلام علیکم بما صبرتم
فنعم عقبی الدار و الخلفاء الاربعۃ ھکذا یفعلون انتہی مولوی اسحاق مائۃ المسائل میں مولانا
کی تقریر کا جواب یوں لکھتے ہیں و بعضے مردم کہ بجواز اعراس دلیل می آرند کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم بر سر سال برائے زیارت قبور شہداء رفتہ اند کہ یاتی قبور الشہداء علی راس کل حول
پس جوابش این ست کہ اول ایں حدیث از صحاح نیست کہ محل سخن باشد بلکہ از آں کتب است کہ در آں
کتب حدیث ہر قسم صحیح و حسن و ضعیف بلکہ موضوع ہم یافتہ میشود کما نقل السیوطی عن ابن جریر
عن محمد بن ابراہیم قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یاتی قبور الشہداء
علی راس حول فیقول سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار انتہی در کتاب

ابن جریر احادیث ہر قسم موجود اند معہذا نزد محدثین این حدیث متصل الاسناد و مرفوع ہم نیست لہٰذا
نزد ایشان صحیح نباشد وقتیکہ یقین بر صحت آن نشد در مقام استدلال بر جواز شئے و عدم آن آمدن
نشاید زیرا کہ صحت حدیث در استدلال ضرور ست بر تقدیر صحت حدیث این حدیث مجمل ست باین وضع
یَأْتِیْ قُبُوْرَ الشُّهَدَاءِ عَلٰى رَأْسِ كُلِّ حَوْلٍ و معنی وارد علی راس حول من اول
السَّنَةِ اَیْ اَوَّلِ الْمُحَرَّمِ اَوْ یَاْتِیْ عَلٰى رَأْسِ حَوْلٍ مِنْ سَنَةِ مَوْتِ صَاحِبِ الْقَبْرِ و قاعدہ
اصول فقہ ست کہ عمل نمودن بحدیث مجمل جائز نیست تا وقتیکہ از طرف مجمل بیان نیاید اگر از طرف
مجمل یعنی از پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیان آید آنوقت عمل بحدیث مجمل جائز میشود و الا لا۔ و بر تقدیر یکہ
مجمل ہم نباشد بلکہ مبین باشد چنانکہ معاصران ما می فہمند پس جواب آن میگویم کہ این حدیث
معارض ست بحدیث لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا اَیْ لَا تَجْتَمِعُوْا عِنْدَ قَبْرِیْ كَاجْتِمَاعِكُمْ لِلْعِیْدِ
فَافْهَمْ وَلَا تَتَكَلَّمْ و حاصل این ست کہ مدلول حدیث ہمین قدر ست کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
برائے زیارت قبور شہداء احد تشریف میبردند پس دلالت حدیث فقط بر زیارت قبور شد و آنرا کسی
منع نمی کند و عرس مروجہ امر زائد ست کسی کہ فقط در ہر ہفتہ یا در ہر ماہ یا بعد مدتے برائے زیارت قبور
رفتہ باشد آنرا ہرگز عرس نخواہند گفت و حقیقت عرس کہ رواج دارد این ست کہ روز معین مجتمع و مزدحم
شوند و لباس فاخرہ بپوشند و در مقام قبر یا جائے دیگر درنگ سازند و چیزے از اختراعات خود و بدعات
مثل رقص و ضرب آلات لہو وغیرہ عمل آرند آنرا عرس خواہند گفت انتہی ہم کہتے ہیں کہ اگر یہ حدیث صحاح ستہ
میں پائی گئی تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ضعیف یا موضوع ہو احادیث صحاح کا انحصار صحاح ستہ پر
نہیں ہے۔ قاضی الاسلام علامہ صبغۃ اللہ مدراسی گلزار ہدایت میں لکھتے ہیں بعض نے واقدی سے
روایت کیا ہے قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَزُوْرُ الشُّهَدَاءَ بِاُحُدٍ فِیْ
كُلِّ حَوْلٍ وَاِذَا بَلَغَ الشِّعْبَ رَفَعَ صَوْتَهٗ فَیَقُوْلُ سَلَامٌ عَلَیْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ

فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ثُمَّ ابو بکرؓ کُلَّ حَوْلٍ یَفْعَلُ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ عُمَرُ بْنُ خَطَّابٍ ثُمَّ عُثْمَانُؓ
یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہداء احد کی زیارت کیواسطے ہر سال جاتے تھے جب پہاڑ کی شعب کے
پاس پہنچتے پکارکے سلام علیکم الخ فرماتے پھر ابوبکرؓ ہر سال ایسا ہی کیا کرتے تھے پھر عمر بن خطابؓ
پھر عثمانؓ لیکن واقدی ضعیف ہے ابن حجر مکی نے کتاب حسن توسل میں واقدی سے جو روایت مذکور ہوئی
واقدی کا نام چھوڑکے ابن حاج وغیرہ سے نقل کیا ہے مگر یہ نہیں لکھا کہ اس حدیث کو کسنے روایت کیا مگر جب
ابن حجر نے اس حدیث کو روایت کیا اور شہداء احد کی زیارت میں اس دعا کے پڑھنے پر استدلال کیا تو
اس سے ظاہر ہوا کہ یہ حدیث انکی نزدیک قابل حجت ہے، اس سے معلوم ہوا کہ ہر سال جو زیارت کرتے ہیں
انکی اصل شرع میں ہے انتہی۔ علاوہ اسکے محل فضائل اعمال میں حدیث ضعیف پر عمل جاری ہے حدیث کی
نسبت جو عمل ہونیکا دعویٰ کیا گیا یہ بھی صحیح نہیں ہے، اسلئے کہ کتب احادیث سے پایا جاتا ہے کہ آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں طریقہ عد سنین کا محرم الحرام سے نتھا بلکہ یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے
زمانہ میں مشورہ صحابہ قرار پایا۔ علامہ سیوطی رسالہ شماریخ فی علم التاریخ میں لکھتے ہیں اَوَّلُ مَنْ
كَتَبَ التَّارِيخَ عُمَرُ بِسَنَتَيْنِ وَنِصْفٍ مِنْ خِلَافَتِهِ فَكَتَبَهُ لِسِتَّ عَشَرَ مِنَ الْمُحَرَّمِ
بِمَشُورَةِ عَلِيِّ ابْنِ اَبِي طَالِبٍ پھر خواہ مخواہ مصداق حدیث کا معنی ثانی ہی قاضی الاسلام علاء
صبغۃ اللہ مدراسی شافعی گلزار ہدایت میں لکھتے ہیں حدیث میں فِی کُلِّ حَوْلٍ اور ابن جریر کی روایت میں
رأس کل حول جو مذکور ہوا اس سے متبادر یہی ہے کہ انکی موت کے وقت سے سال لیا کرتے تھے عرب کا
محاورہ اسی پر دلالت کرتا ہے جبتک سال ختم نہوگا حول نہ کہینگے امام نووی تہذیب الاسماء واللغات
میں صاحب محکم سے نقل کرتے ہیں اَلْحَوْلُ سَنَةٌ بِاَسْرِهَا یعنی حول پورے سال کو کہتے ہیں
انکی وفات کے وقت سے جب سال پورا ہوا تو حول ہوا اس تقدیر پر یہ روایت مجمل نہیں ٹھہر سکتی انتہی تقریر
معارضہ کی بھی درست نہیں اسلئے کہ حدیث یوں مروی ہے عَنْ زَیْنِ الْعَابِدِیْنَ بْنِ الْحُسَیْنِ

عن علی ان رجلا کان یاتی کل غدوۃ فیزور قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ویصلی
علیہ ویصنع فی المساء مثل ذلک فاشعر علیہ علی فقال لہ ما یحملک
علی ھذا قال احب التسلیم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ علی بن الحسین
اخبرنی ابی عن جدی رضی اللہ عنہما انہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
لا تجعلوا قبری عیدا ولا تجعلوا بیوتکم قبورا وصلوا علی وسلموا حیث
ما کنتم فستبلغنی صلوتکم وسلامکم اس حدیث کو اسمعیل قاضی نے روایت کیا ہے
وفی اسنادہ من لم یسم اور ابو بکر بن شیبہ وابو یعلی نے بھی روایت کیا ہے باین عبارت رای علی
بن حسین رجلا یاتی الی فرجۃ کانت عند قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیدخل فیھا فیدعو
فیھا فنہاہ وقال الا احدثک حدیثا سمعتہ من ابی عن جدی یعنی علی
بن ابیطالب رضی اللہ عنہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تتخذوا الحدیث اس حدیث
میں عبد اللہ بن نافع ہیں بخاری کہتے ہیں فی حفظہ شئ احمد کہتے ہیں لم یکن بذاک
فی حدیث ابو حاتم کہتے ہیں ھو لین فی حفظہ عبد الرزاق نے اپنی تصنیف میں حسن بن علی
سے بطور مرسل کے روایت کیا ہے اسمیں لا تتخذوا بیتی عیدا ہے بیتی سے مراد قبر ہی ہے یہ حدیث بھی
مجمل ہے علماء نے اسکی مختلف معنی کہے ہیں ایک معنی تو یہ ہے کہ قبر شریف کے پاس عید کا مجمع نہ کرو اور
کھیل کود نہ مچاؤ جیسے یہود و نصاری کا طریقہ تھا مسالک الحنفاء الی مشارع الصلوۃ علی النبی المصطفی میں
علامہ قسطلانی لکھتے ہیں ای نہی عن الاجتماع لزیارتہ لاجتماعھم کالعید کما
کانت الیہود والنصاری تجتمع لزیارۃ قبور انبیاءھم ویشتغلون باللھو کما فی الاعیاد
دوسرے معنی قبر شریف کے پاس عید کا سا مجمع نہ کرو جسمیں لوگوں کو مشقت ہوتی ہے مسالک میں ہے
وقیل ان تکون نہیہ من جہۃ المشقۃ الحاصلۃ من الاجتماع وما یترتب علیہ

مِنْ قِلَّةِ الْمَحَبَّةِ لِلّٰهِ تَعَالٰى فِیْ تَعْظِیْمِ قَدْرِهٖ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ تیسری معنی قبر
شریف کا یہ بھی ہے اس قسم کی عادت نکرو جس سے ادب میں خلل ہو جاتا ہے مسالک میں ہے یَحْتَمِلُ اَنْ یَّكُوْنَ
الْعِیْدُ اِسْمًا مِّنَ الْاِعْتِیَادِ یُقَالُ عَادَهٗ وَاعْتَادَهٗ وَتَعَوَّدَهٗ اِذَا صَارَ عَادَةً لَّهٗ یَعْنِیْ لَا
تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ مَحَلَّ اِعْتِیَادٍ تَعْتَادُوْنَهٗ لِمَا یُؤَدِّیْ ذٰلِكَ اِلٰی سُوْءِ الْاَدَبِ وَارْتِفَاعِ
الْحِشْمَةِ وَیُؤَیِّدُ هٰذَا قَوْلُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَصَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ
تَبْلُغُنِیْ حَیْثُ كُنْتُمْ اَیْ لَا تَتَكَلَّفُوا الْمُعَاوَدَةَ اِلَیَّ فَقَدِ اسْتَغْنَیْتُمْ عَنْهَا بِالصَّلٰوةِ عَلَیَّ

چوتھی معنی قبر شریف پر عید کیطرح لگا ہے نہ آیا کرو مسالک میں صاحب سلاح المؤمنین سے منقول ہے
یَحْتَمِلُ اَنْ یَّكُوْنَ الْمُرَادُ الْحَثَّ عَلٰی كَثْرَةِ زِیَارَتِهٖ وَلَا یُجْعَلُ كَالْعِیْدِ الَّذِیْ لَا یَاْتِیْ
فِی الْعَامِ اِلَّا مَرَّتَیْنِ وَیُؤَیِّدُ هٰذَا قَوْلُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجْعَلُوْا بُیُوْتَكُمْ
قُبُوْرًا اَیْ لَا تَتْرُكُوا الصَّلٰوةَ فِیْ بُیُوْتِكُمْ حَتّٰی تَجْعَلُوْهَا كَالْقُبُوْرِ الَّتِیْ لَا یُصَلّٰی فِیْهَا

غرض جب یہ حدیث اسقدر محتمل المراد ہوگی پھر اسکے مجمل ہونیمیں کیا شک ہا اور معارضہ کیونکر صحیح
ہو سکتا ہی بر تقدیر تسلیم ہم کہتے ہیں کہ کوئی شخص اگر بطور عید کے لباس فاخرہ پہنکر شادان و فرحان مجمع
کرے وہ بیشک ناجائز ہی نفس اجتماع اور اجتماع بطور عیدین میں زمین و آسمان کا فرق ہے حقیقت عرس وجہ
کی جو لکھی گئی اگر وہ صحیح ہی تو بیشک وہ ناجائز ہے ہم اسکو عرس نہیں کہتے بلکہ میلہ ٹھیلہ کہتے ہیں عرس کی
حقیقت صورت ثانی ہی جیسے مولانا شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی نے تحریر فرمایا تعین کی نسبت اپنی فتاوی میں
دوسرے مقام پر بایں طور زیارت قبور روز معین کردن بدعت است اصل زیارت جائز است و تعین کردن روز
در وقت سلف نبود پس این بدعت از ان قبیل است که اصلش جائز است خصوصیت وقت بدعت مانند مصافحه
بعد عصر که در ملک توران وغیره رائج است روز عرس برای یاد دهانیدن وقت خاص برای میت اگر باشد
مضائقه ندارد ولیکن التزام آن نیز بدعت است از همان قبیل که گذشت شیخ عبد الحق محدث دہلوی

ماثبت بالسنۃ فی ایام سنۃ میں لکھتے ہیں فان قلت ھل ھذا العرف الذی شاع فی دیارنا فی حفظ اعراس المشائخ فی ایام وفاتھم اصل وان کان ھل علم بذلک فاذکرہ قلت قد سألت عن ذلک شیخنا الامام عبد الوھاب المتقی المکی فقال ذلک من طریق المشائخ وعاداتھم ولھم فی ذلک نیات قلت کیف تعین ذلک الیوم دون سائر الایام فقال الضیافۃ مسنونۃ علی الاطلاق فقطعوا النظر عن تعین الیوم ولہ نظائر کمصافحۃ بعض المشائخ بعد الصلوۃ وکالاکتحال یوم عاشوراء فانہ سنۃ علی الاطلاق وبدعۃ من جھۃ الخصوصیۃ ثم قال وقد ذکر بعض المتاخرین من مشائخ المغرب ان الیوم الذی وصلوا الی جناب العزۃ وحظائر القدس یرجی فیہ من الخیر والبرکۃ والنورانیۃ اکثر واوفر من سائر الایام فقال لم یکن فی زمن السلف شیء من ذلک وانما ھو من مستحبات المتاخرین

یعنی میں نے اپنے شیخ امام عبد الوہاب متقی مکی سے عرس کے باب میں پوچھا امام نے جواب دیا کہ یہ طریق مشائخ اور انکی عادات سے ہے اور اسمیں مشائخ کی بہت نیتیں ہیں میں نے کہا کیونکر یہ دن معین ہوا اور دوسرے دن معین نہ کئے گئے امام نے کہا ضیافت علی العموم مسنون ہے پھر مشائخ نے تعیین دن سے قطع نظر کیا اسکے لئے بہت سی نظیریں ہیں جسطرح بعض مشائخ بعد نماز کے مصافحہ کیا کرتے ہیں اور جسطرح عاشورا کے دن سرمہ لگانا کہ یہ علی الاطلاق سنت ہے اور بسبب خصوصیت کے بدعت ہے پھر امام نے کہا کہ بعض متاخرین نے مشائخ مغرب سے یہ کہا کہ جسدن وہ لوگ مرتے ہیں اور اللہ تعالی کی درگاہ میں حاضر ہوتے ہیں اسدن خیر و برکت اور نورانیت کی توقع بہ نسبت دوسرے ایام کے زیادہ کی جاتی ہے پھر امام نے کہا کہ زمانہ سلف میں یہ طریقہ جاری نہ تھا بلکہ یہ مستحبات متاخرین سے ہے جب یہ بات معلوم ہو چکی تو یہ جاننا چاہئے کہ مولوی اسمٰعیل دہلوی

صراط المستقیم میں لکھتے ہیں نہ پندارند کہ نفع رسانیدن باموات بے اطعام و فاتحہ خوانی خوب نیست
چہ ایں معنی بہتر و افضل ہے یہاں تک کہا کہ موقوف بر طعام نہ گرداند اگر میسر باشد بہتر ست و الا صرف ثواب سورۂ
فاتحہ و اخلاص بہترین ثواب ہا ست مولوی محمد اسحاق دہلوی نے مسائل اربعین میں ہیأت مجموعی یعنی
قراء و حفاظ کا اکٹھا جمع ہو کر قرآن شریف پڑھنے کو مکروہ لکھا ہے مولوی قطب الدین دہلوی نے باوجود ادعائے
خلاف مصنف مائۃ المسائل کے رسالہ تحفۃ الزوجین میں اپنے استاد کے خلاف لکھا ہے اور قائل جواز فاتحہ و درود
کے ہیں چنانچہ لکھتے ہیں فاتحہ و درود بھی جائز پڑھنی چاہئے کہ پاک ہو نجاست ظاہری اور باطنی سے الٰہی سبحان
اللہ فاتحہ و درود اور قبر پر جمع ہونا مولوی اسمٰعیل کے نزدیک تو جائز ہو اور مولوی اسحاق کے نزدیک ناجائز
اور انکے خلیفہ و نائب کے نزدیک جائز غرض جتنے آدمی ہیں اتنی زبانیں ہیں بہر حال اس امر میں شبہہ
نہیں ہے کہ اکابر وہابیہ کے کلام سے فاتحہ و درود کا جواز ظاہر ہوتا ہے گو انکے کلام میں باہم نہایت
تخالف و تضاد ہے جس سے کسی امر پر پورا اطمینان نہیں ہو سکتا

تیسرا باب فقہا کے اقوال میں

صاحب نصاب الاحتساب نے سولھویں باب میں بہت سے وجوہ ایسے پیش کئے ہیں جنکو ایسی امور کی عدم جواز سے
تعلق ہے جو سوم کو کئے جاتے ہیں چونکہ وہ وجوہ ظاہر البطلان ہیں اسلئے میں نے مناسب خیال کیا کہ ایک ایک
وجہ کو بیان کرکے اسکی جواب پیش کروں نصاب الاحتساب کی کچھ خطا نہیں جو وہ منحصر نہیں ہے بلکہ
الفاظ میں اکثر جا خطائیں واقع ہیں مجھکو اپنے زمانہ کے بعض علماء پر افسوس آتا ہے جنہوں نے عدم جواز
تیجہ میں نصاب کے وجوہ باطلہ سے استدلال کیا ہے پہلی وجہ اس مجمع میں سجدۂ تلاوت کہ ہوتا ہے
شرح طحاوی کبیر میں مرقوم ہے کہ تلاوت قرآن میں عام از آنکہ نماز میں ہو یا نماز سے خارج سجدۂ تلاوت
ترک کرنا مکروہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ یعنی ان

تو کون پر جب قرآن شریف پڑھا جاتا تو سجدہ نہیں کرتے تھے یعنی تلاوت کے وقت ترکِ سجدہ بنا علی
نست غزائی ہے اگر کوئی کہے کہ یہ حکم صرف ترک پر ہے اندر تلاوت کے نہ ہوئے تو بعد تلاوت کے سجدہ کرتے ہیں
تو ترک نہوا بلکہ تاخیر ہوئی۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ وقت تلاوت کے ترک سجدہ کرنا مطلق ہے بعد تلاوت کے
کیا یا نہ کیا وقتِ تلاوت تو ترک سجدہ ضرور ٹھہرا اور مکروہ ضرور ہوا اور مطلق تاخیر نماز میں ہو یا نماز کے
خارج ہو مکروہ ہے فقط۔ اسکا جواب یہ ہے کہ جو وجہ کراہت مجمع سوم کی لازم نہیں آتی اگر سجدہ فی الفور
واجب ہو جاتا تو یہ حکم کرنا چاہیے کہ علی الفور سجدہ کیا کریں۔ شرح طحاوی کی عبارت جو لکھی گئی
وہ بے نظر سے نہیں گذری بلکہ شرح طحاوی سے یہ ظاہر ہوتا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بفور استماع
آیتِ سجدہ کے سجدہ نہیں کیا عبارت شرحِ طحاوی کی یہ ہے یَحْتَمِلُ اَنْ یَّکُوْنَ تَرْکُ النَّبِیِّ صَلَّی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ السُّجُوْدَ فِیْهَا حِیْنَئِذٍ لِاَنَّهٗ کَانَ عَلٰی غَیْرِ وُضُوْءٍ فَلَمْ یَسْجُدْ لِذٰلِكَ
درمختار میں ہے وَهِیَ التَّرَاخِیْ عَلَی الْمُخْتَارِ وَیُکْرَهُ تَاخِیْرُهَا تَنْزِیْهًا یعنی سجدہ تلاوت میں مذہب
مختار یہ ہے کہ وجوب اسکا بالتراخی ہے اور تاخیر میں کراہت تنزیہی ہے صاحب ردالمحتار نے اسکی وجہ
لکھی ہے کہ طول زمان کی وجہ سے کبھی آدمی سجدہ تلاوت کو بھول جاتا ہے وَلَوْ کَانَتِ الْکَرَاهَةُ تَحْرِیْمِیَّةً
لَوَجَبَتْ عَلَی الْفَوْرِ وَلَیْسَ کَذٰلِكَ یعنی اگر کراہت تحریمی ہوتی تو علی الفور سجدہ واجب ہوتا اور
ایسا نہیں ہے جب علی الفور سجدہ تلاوت واجب نہیں ہوتا تو اگر مجمع سوم میں سجدہ تلاوت نہ کیا گیا تو
اس سے کراہت تحریمی لازم نہیں آتی خصوصاً ایسی صورت میں کہ فقہا نے کراہت تحریمی کا انکار کیا ہے موطا
امام مالک میں ہشام بن عروہ عن ابیہ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے جمعہ کے دن منبر پر آیت سجدہ پڑھی
اور خود منبر سے اتر کے سجدہ کیا انکے ساتھ تمام حضار نے سجدہ کیا پھر دوسرے جمعہ کو اسی آیت کو پڑھا
لوگ سجدہ کرنیکو آمادہ ہوئے حضرت عمرؓ نے منع کیا اور فرمایا اِنَّ اللّٰهَ لَمْ یَکْتُبْهَا اِلَّا اَنْ نَّشَاءَ
فَلَمْ یَسْجُدْ وَمَنَعَهُمْ اَنْ یَّسْجُدُوْا اگر علی التراخی سجدہ مکروہ ہوتا تو حضرت عمرؓ ضرور

سجدہ کرتے اور حضار کو منع نہ فرماتے **دوسری** وجہ مصیبت کے لئے مسجد میں بیٹھنا مکروہ ہے اور
فقیہ ابو اللیث کہتے ہیں کہ وہ نہیں ہے تجنیس و مزید میں ہے اگر گھر وغیرہ میں ہو تو مکروہ نہیں ہے اور افضل ہے
ترک کرنا۔ اسکا جواب یہ ہے کہ جب فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے جائز کہا ہے اور اس دعوی پر آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے فعل پر استدلال کیا ہے تو اسکی جواز میں کسی طرح کا شبہہ نہیں بستان فقیہ ابو اللیث سمرقندی
میں ہے لَا بَأْسَ لِأَهْلِ الْمُصِيبَةِ أَنْ يَجْلِسُوا فِي الْبَيْتِ أَوْ فِي الْمَسْجِدِ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ
وَالنَّاسُ يَأْتُونَهُمْ وَيُعَزُّونَهُمْ وَرُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ لَمَّا بَلَغَهُ خَبَرُ قَتْلِ
جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ جَلَسَ فِي الْمَسْجِدِ وَالنَّاسُ
يَأْتُونَهُ وَيُعَزُّونَهُ یعنی اس بات میں مضائقہ نہیں ہے کہ اہل مصیبت گھر
میں یا مسجد میں تین دن تک بیٹھیں اور لوگ آکر انکی تعزیت کریں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے
مروی ہے کہ جب آپکو خبر قتل جعفر بن ابی طالب و زید بن حارثہ بن رواحہ کی پہنچی تو آپ مسجد میں بیٹھے لوگ
آکر تعزیت کرتے تھے رد المحتار میں ہے کہ آپکو بیٹھنے سے تعزیت مقصود نہ تھی مگر صاحب رد المحتار نے اسپر کوئی دلیل
پیش نہیں کی صاحب رد المحتار نے امداد سے نقل کیا ہے کہ متاخرین سے اکثر ائمہ کا یہ قول ہے کہ صاحب میت کے پاس اجتماع
مکروہ ہے اور اسکو اپنے گھر میں بیٹھنا مکروہ ہے تاکہ لوگ تعزیت کے لئے آئیں بلکہ دفن کے بعد لوگوں کو چاہئے کہ
متفرق ہو جائیں اور اپنے کاموں میں لگ جائیں صاحب میت خود کھڑے پھر صاحب رد المحتار لکھتے ہیں کہ یہ
کراہت اہل میت کی مسجد میں بیٹھنے سے اور قرآن پڑھنے سے اور بعد فراغ کے کھڑے ہونے اور لوگوں کے
تعزیت کرنے سے جیسا کہ دستور ہے زائل نہیں ہوتی اسلئے کہ اس جلوس سے تعزیت مقصود ہوتی ہے قرآن کا پڑھنا
مقصود نہیں ہوتا میرے خیال میں فقیہ ابو اللیث کی تحریر جو متمسک بالحدیث ہے نہایت صحیح اور قابل
عمل ہے میں اسکی مکروہ تنزیہی کہنے میں بھی تامل کرتا ہوں **تیسری** وجہ ایام تعزیت میں فرش
کرنا بہت ہی قبیح ہے یہ مطلق ہے گھر یا قبرستان کے ساتھ خاص نہیں ہے اسکا جواب یہ ہے کہ یہ کیوں آخر

کسی چیز کے قبیح ہونیکا دعویٰ کیا جاتا ہے تو کوئی دلیل بیان کیجاتی ہے فرش کے بچھانے میں کیا
قباحت ہے ہزاروں لاکھوں آدمی فرش پر بیٹھنے کے عادی ہورہے ہیں تو انکے بیٹھنے کے لئے فرش بچھایا
جائیگا تو کیا گوبر زمین پر لیپا جائیگا **چوتھی وجہ** وقت پڑھنے قرآن شریف کے جو لوگ آتے ہیں انکی
تعظیم کے لئے اٹھنا حرام ہے باپ یا استاد کی تعظیم کے لئے اٹھنا جائز، اسکا جواب یہ ہے کہ قرآن شریف
کے پڑھتے وقت آنیوالوں کی تعظیم کو کوئی نہیں اٹھتا ہے اگر احیانا کوئی اٹھے تو اُسے روکنا و باز رکھنا
چاہیے اور نفس قیام تعظیمی تو حرام نہیں ہے خود آپنے فرمایا ہے قوموا الیٰ سیدکم اسکی تصریح مینے رسالہ
صیانۃ الایمان عن قلب الاطمینان میں لکھی ہے **پانچویں وجہ** قرآن شریف بطرز جدید بہ تغیر
نظم قرآن بطریق غنا پڑھنا و سننا حرام ہے، اسکا جواب یہ ہے کہ جس مجمع میں قرآن شریف پڑھا جاتا ہے
نظم قرآن میں تغیر نہیں آیا اور نہ یہ صورت غنا کی ہے کسی خوش آواز کا لہجہ حجاز یا مصر میں قرآن
شریف کا پڑھنا یا اسکا سننا ہرگز حرام نہیں ہے کیا ضرور ہے کہ قرآن کسی مجمع میں ایسی آواز سے پڑھا جاوے
جس سے سامعین کو ایک قسم کی پریشانی حاصل ہو **بیت** گر تو قرآن بدین نمط خوانی ❊ ببری رونق مسلمانی ❊
چھٹی وجہ آتشدان جسپر باز وغیرہ جاندار کی شکل بنی ہوتی ہے وہاں دھری جاتی ہیں مکروہ ہے، اس جگہ
کوئی فرشتہ نہیں آتا ہے اگر کوئی کہے کہ آتشدان میں تصویر نہو تو کیا کراہت ہے۔ محیط کے باب الجنائز میں
لکھا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک جنازہ پر تشریف لیگئے دیکھا کہ ایک عورت آتشدان لئے ہوئے
آرہی ہے آپ نے خفگی فرمائی اور اُسے ٹلوا دیا تو اگر تصویر بھی ہو تو دو وجہ ہیں ور تصویر نہو تو ایک
ہی وجہ ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ آتشدان کے ہونے سے جسمیں خوشبو جلائی جاتی ہے کیا مضائقہ ہے آخر مردہ کو
خوشبو لگائی جاتی ہے اور جب یہ بات تسلیم کیگئی کہ مجمر میں تصویر تھی اسلئے نہی فرمائی گئی تو نفس مجمر کے
ہونے سے جسمیں تصویر نہو کچھ قباحت نہیں نہ ایک قباحت نہ دو قباحت اور اگر خواہ مخواہ نفس مجمر کا
ہونا منہی عنہ ہے تو اسکو منع کرنا چاہیے **ساتویں وجہ** جب صاحب مجلس تلاوت سے فارغ ہوجاتا ہے تو

اور دس بارے لیتے ہیں اسمیں قرآن شریف کے پڑھنے سے بلحاظ لوگونکے رتبہ کے منع کرنا ہی اس طرح پر
کار خیر سے روکنا بہت برا کام ہی اسکا جواب یہ ہے کہ جب ایک ختم یا کئی ختم ہو جاتے ہیں یا پڑھنے میں
اسقدر وقت آجاتا ہی جسکی نسبت یہ خیال ہوتا ہی کہ اگر قرآن کے پارے یا قرآن نہ لیے جاویں تو حاضرین کو
تکلیف ہوگی اسوقت جسقدر پڑھا گیا اسپر قناعت کرتے ہیں اور قرآن یا قرآن کے پارے لیے جاتے ہیں
اسمیں رتبہ کا لحاظ نہیں کیا جاتا البتہ ضرورت کا اور لوگونکی تکلیف کا خیال کیا جاتا ہے یہ کسیطرح محذور
نہیں ہوسکتا **آٹھویں وجہ** عورتیں زیارت کے لئے آتی ہیں جو شرع کے خلاف ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ اگر
تسلیم کر لیں کہ کہیں عورتیں زیارت کے لئے آتی ہیں تو کچھ مضائقہ نہیں ہے پہلے عورتوں کو زیارت قبر کیلیے
ممانعت کی گئی تھی پھر انکو اجازت دیگئی البتہ بعض اہل علم عورتونکی زیارت کو اسوجہ سے مکروہ خیال
کرتے ہیں کہ انمیں صبر کم ہوتا ہے یہ بے چین ہوکے روتی ہیں چنانچہ ترمذی نے اسکی تصریح کی ہی **نویں وجہ**
قبر پر گانا اور ناچنا حرام ہے اسکا جواب یہ ہے کہ قبر پر نہ کوئی گاتا ہی نہ ناچتا ہے آدمی کے مرنے سے جسکو
مرے ہوے بہت دن نہیں ہوتے ہیں لوگونکے دلوں پر رنج کا غبار بھرا رہتا ہے یہ ناچنے اور گانیکا کونسا وقت ہے
اگر چہ ناکوئی ناچنے یا گانیکا قصد کرے تو وہ مجنون سمجھا جائیگا اور کوئی شخص خصوصاً قرابت میت اسے
کب وار کھینگے **دسویں وجہ** صریح جھوٹھ بولنا کہ اہل میت کی خاطر سے آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ
ہم اللہ تعالیٰ کیلئے میت کی زیارت پر آئے ہیں اگر کوئی کہے کہ یہ امر کیونکر معلوم ہوا یہ امر تو باطنی ہی
تو ہم کہتے ہیں کہ اسکی کئی علامتیں ہیں پہلی علامت یہ ہے کہ تونگر بدکار کی قبر پر بہ نسبت قبر صالح کے
بہت جاتے ہیں اگر یہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہوتا صالح کی قبر پر زیادہ جاتے دوسری علامت یہ ہے کہ اگر
کوئی قبر میت پر نہ آئے تو اولیاء میت کو رنج ہوتا ہی اگر انکی خاطر سے آنا نہوتا تو انکو رنج نہوتا تیسری
علامت یہ ہی کہ جو کوئی آتا ہی اسکا عذر قدوم کرتے ہیں اور اسکا احسان اپنے اوپر لیتے ہیں اللہ کیلئے ہوتا تو
اسکی ضرورت کیا تھی۔ اسکا جواب یہ ہی کہ ہم ایسی نہیں مانتے کوئی شخص کچھ نہیں کہتا سب کو موت کا تصور رہتا ہے

سب بھلے بڑے کے عام میں یعنی یہی تقدیر تسلیم جو لوگ اہلِ میت کی خاطر سے آتے ہیں وہی کہتے ہیں کہ
انکی خاطر سے آئے مثل مشہور ہے قاضی کی لونڈی مری سارا شہر آیا قاضی جی مرے کسینے پوچھا تک نہیں
جو لوگ صرف بنظرِ ثواب کے آتے ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم بنظرِ ثواب آئے یہ بھی ہم ہرگز نہیں مانتے کہ تونگر بدکار
کی قبر پر زیادہ مجمع ہوتا ہے بہ نسبت قبر صالح کے مجھی کو اکثر صلحا کی قبر پر حاضر ہونیکا اتفاق ہوا مینے یہانکے
مجمع کو تونگرانِ بدکار کے مجمع سے کہیں بڑھا ہوا پایا۔ ہاں تونگروں کی قبروں پر فقرا کا بڑا مجمع ہوتا ہے
اسکی وجہ یہ ہے کہ وہاں خیرات زیادہ ہوتی ہے میں اس بات کو بھی نہیں مانتا کہ اگر کوئی قبر پر نہ آوے تو اولیاء
میت کو رنج ہوتا ہے اگر واقعی رنج ہوتا ہے تو اسکی وجہ یہ ہے کہ مسلمانوں کی یہ شان ہے کہ رنج و غم میں ایک دوسرے
کے شریک ہیں اور یہ بات تو نہایت عمدہ ہے کہ جو شخص آوے اسکا عذر قدوم کیا جاوے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ اسکے
رنج میں شریک ہوا اور اسنے اپنا عزیز وقت ایصالِ ثواب میں صرف کیا اسکا شکریہ ادا کیا جاوے یہی چیز
ہے جسمیں حقوقِ عباد و حقوقِ اللہ تعالےٰ دونو ملے جلے ہیں اور حقوقِ عباد کی تعلق ہی حقوق اللہ تعالیٰ
کی نفی نہیں ہو سکتی **گیارھویں وجہ** قبر پر بیٹھ کے کھاتے پیتے ہیں جو ممنوع ہے اسکا جواب یہ ہے کہ
قبرستان میں قبروں پر بیٹھ کے نہ کوئی کھاتا ہے نہ پیتا ہے معلوم نہیں صاحب نفحات نے یہ طریقہ کس
ملک کا بیان کیا ہے **بارھویں وجہ** درختوں کے پتے توڑ کر درختوں کی صورت بناتے ہیں اور قبر کے گرد
آراستہ کرتے ہیں اوسمیں حاجت ہری گھانس کا کاٹنا حرام ہے اور رات کے وقت گھانس کا اکھاڑنا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ مینے اپنی سیاحت ممالکِ دور دراز میں کہیں
یہ طریقہ نہیں دیکھا نہ کسی سے سنا میرے خیال میں یہ بات نہیں آتی کہ پتوں سے درختوں کی صورت کیونکر بناتے
ہیں اور اسکا فائدہ کیا ہے **تیرھویں وجہ** قاری لوگ ختم سے پہلے یا اسکے بعد قرآن شریف پکار کر
پڑھتے ہیں اور اہل ماتم لوگوں کی تعظیم و تواضع میں مشغول رہتے ہیں تو ایسے لوگوں پر جو اور کام میں
لگے ہوں قرآن شریف پڑھنا مکروہ ہے اور محیط میں لکھا ہے امام صاحب کے نزدیک قبر پر قرآن پڑھنا

مکروہ ہے اور امام کہتے ہیں کہ مکروہ نہیں ہے اور یہی پر فتویٰ ہے اور یہ شرح الاوراد میں ہے ہمارے مشائخ
امام محمدؒ کے قول پر عمل کرتے ہیں صدر شہید اور شیخ جلیل ابوبکر بن محمد بن الفضل کہتے ہیں کہ قبر پر قرآن
شریف پکار کر پڑھنا مکروہ ہے اور آہستہ پڑھنا مکروہ نہیں ہے اور شیخ محمد بن ابراہیم کہتے ہیں کہ قبر پر سورہ ملک
پڑھنا مضائقہ نہیں ہے آہستہ پڑھے یا پکار کر پڑھے اور دوسری سورت قبر پر نہ پڑھی جائے۔ اسکا جواب یہ
ہے کہ جب قرآن شریف پڑھا جاتا ہے سب لوگ اسے سنتے ہیں ایسے وقت میں کوئی کسی کی تواضع و تعظیم نہیں کرتا
اگر جیا نا تواضع و تعظیم کرے تو اسی منع کرنا چاہئے اور جب امام محمد کے قول پر فتویٰ ہے تو پھر اعتراض کیا یہاں
جسقدر روایات ذکر کی گئیں کوئی مفید مدعا صاحب نصاب نہیں ہیں چودھویں وجہ جامع مسجد میں
بیٹھے قاری پکار کر پڑھتے ہیں یہ مکروہ ہے اور بعض عالم کہتے ہیں کہ جامع مسجد میں قرآن کا ختم کرنا اسکو
سپارہ پڑھنا کہتے ہیں مکروہ ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ میں نے جہاں تک دیکھا ہے میں سب لوگ آہستہ قرآن پڑھتے
ہیں اگر جیا نا کوئی شخص آواز بلند کرکے پڑھے اسے منع کرنا چاہئے پندرھویں وجہ بروز سوم خوشبو
لگانے میں عورتوں کے ساتھ مشابہت ہے عورتوں کو سوا اپنی خاوند کے تین دن سے زیادہ دوسرے پر سوگ کرنا
حرام ہے تو چاہیے کہ بروز سوم خوشبو لگائے تاکہ تین دن سے سوگ بڑھ نہ جاوے جو تھے دن خوشبو لگائی گئی تو
تین دن سے بڑھ جائیگا جو حرام ہے ام حبیبہ نے اپنے باپ ابو سفیان کے مرنے پر بروز سوم خوشبو لگائی اور
کہا مجکو اسکی کچھ حاجت نہ تھی پر میں نے رسول اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ مسلمان عورت کو تین دن سے زیادہ
سوگ کرنا حرام ہے مگر اپنے خاوند پر چار مہینے دس روز سوگ کریگی صاحب نصاب اپنی رائے یوں ظاہر
کرتے ہیں کہ رسم جاری ہے کہ بروز سیوم گلاب ملتے ہیں اس سے پرہیز ضرور ہے نہ اس سے کہ خوشبو ہے بلکہ اس سے
کہ عورتوں کے ساتھ مشابہت ہے جیسی مہندی گو وہ خوشبو ہے پر عورتوں سے مشابہت ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ
مرد تو خوشبو تیجے کو نہیں لگاتے البتہ گلاب کے پھول یا پنکھڑیاں عود و عنبر کی بیاض میں ڈالتے ہیں جو مباح
امر ہے وسیلۃ النجات میں لکھا ہے فِی عُمْدَۃِ الْفَتَاوٰی اَمَّا اِتِّخَاذُ الْوَرَقِ وَالْعُوْدِ وَالْعَنْبَرِ

يَوْمَ الثَّالِثِ فَمُبَاحٌ هٰكَذَا فَعَلَتْ اِمْرَءَةُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَبِنْتُهُ الْمَعْرُوْفَةُ بِاُمِّ هَانِي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي يَوْمِ الثَّالِثِ فَمِنْ ذٰلِكَ جَرَتِ الْعَادَةُ فِي كُلِّ تَعْزِيَةِ الْمُسْلِمِ كَذَا فِي الْمُفَرِّقِ لِلْاِمَامِ الْبَزْدَوِيْ يعنی عمدة الفتاوی میں مذکور ہو کہ اُٹھانا گلاب عود و عنبر کا تیسرے روز مباح ہی ایسا ہی کیا ہی تیسرے روز میں عمر بن عبدالعزیز کی بی بی و لڑکی نے جنکو ام ہانی کہتے تھے رضی اللہ عنہما اسیوقت سے ہر تعزیت میں مسلمانوں میں یہ عادت جاری ہوگئی ایسا ہی ہے مفرق میں جو امام بزدوی کی تالیف ہے یہ فعل اس قسم کا نہیں ہے جسمیں عرس سے مشابہت پائی جاتی ہو سولھویں وجہ تعریف کرنیوالا اُٹھکر میت کی ایسی تعریف کرتا ہی جو اُسنے کبھی نہیں کیا تھا یہ جھوٹھ ہی اور جھوٹھ کا سننا حرام ہے اسکا جواب یہ ہی کہ ہندوستان کسی قطعہ میں اسکا رواج نہیں ہے اگر کسی ملک میں کوئی شخص اس قسم کی تعریف کرتا ہو تو اسی منع کرنا چاہیے سترھویں وجہ یہ معرف حجروں کے پاس کھڑا ہوتا ہے اور کھڑی کھڑے سورہ اخلاص تین بار اور سورہ فاتحہ پڑھتا ہی اور سب اسکے روبرو بیٹھے ہوتے ہیں تو بہت بدعت ہے اور کسی سلف سے منقول نہیں ہے اور مدعی پر واجب ہے کہ اسکا ثبوت لائے تا ثابت کیونکر ہوسکتا ہی کہ اسمیں تو قرآن شریف کی اہانت ہے کہ یہ قاری گویا ان لوگونکا جو صدر میں بیٹھتے ہیں خادم معلوم ہوتا ہی اور انکی طرف متوجہ ہوکر پڑھتا ہے قبلہ رو ہوا ہوا اور اپنے ہاتھ اسی طرح رکھتا ہے جیسا نماز میں رکھتا ہی اور جب اسکو حکم ہوتا ہے تو مثل رکوع جھکتا ہی کہ یہ خدمت معمولی ہی کہ ان لوگوں کے سامنے بجالاتا ہے جو اپنی عزت و جاہ پر مغرور ہوکر بیٹھتے ہیں پھر وہ اپنے اس پڑھنے پر اہل میت سے اجرت مانگتا ہی کہ وہ اس کام پر مزدور مقرر ہے اور یہ جاوت ہو معقود علیہ ہے اسکا جواب یہ ہی کہ ہندوستان کے کسی شہر یا قصبہ یا دیہات میں ہمنے یہ طریقہ نہیں دیکھا اور نہ کسی سے سنا اگر کسی ملک میں کوئی شخص ایسا کرتا ہے تو اسی منع کرنا چاہئے اٹھارھویں وجہ قبر پر حریر طلس کی قبر پوش ڈالتے ہیں اگر میت اپنی زندگی میں یہ لباس پہنتا تھا تو یہ امر ظاہر شاہد ہوا کہ وہ زندگی میں

فاسق فاجر تھا اور مرنیکے بعد بھی اُس حرام کے ساتھ اسکا ذکر اور اسکی یادگار رہی اسکا جواب یہ کہ تیجے کو جا مجلس کی موانسے سے کیا تعلق ہے نہ کسی سے سُنا نہ دیکھا اگر کوئی ایسی حرکت کرتا ہو تو ممنوع ناجائز

انیسویں وجہ صالحین کی قبر پر کپڑوں پر سورہ اخلاص لکھکر ڈالتے ہیں اور قرآن شریف کا زمین پر ڈالنا بدعت ہے اور باعث ابتذال ہے اور قرآن شریف کا مُبتذل کرنا عذاب الٰہی کا سبب ہے

اسکا جواب یہ ہے کہ اس وجہ کو تیجے کے عدم جواز میں کچھہ دخل نہیں اور صالحین کے قبر پر غلاف میں کا عرف میں نہیں تھا اور قرآن شریف کا یا کسی سورت کا قبر پر رکھنا باعث ابتذال نہیں خیال کیا جاتا ایسے لائل سے فعال تیجے کے ناجائز نہیں ہو سکتے جنکی اباحت یا استحباب میں شبہہ نہیں **بیسویں وجہ** مجلس میں قرآن شریف لا کر رکھتے ہیں اور صاحب مجلس کی انتظار میں نہیں پڑھتے اگر حاضرین پڑھنے میں مبادرت کریں اور صاحب مجلس آگیا تو وہ خفا ہوتا ہے کہ میرا انتظار نہ کیا اسمیں میری عزت و رتبہ کی خفت و اہانت ہے یہہ کام صرف نفس امارہ بالسوء کا ہے ایسی مجلس میں آنے سے اُسکے گناہ پر اعانت ہوتی ہے اگر یہ لوگ آئیں تو صاحب مجلس اپنا رتبہ و عزت ظاہر کریگا اور گناہ پر اعانت کرنا منع ہے کیا اس صاحب مجلس کو یہ معلوم نہیں ہے کہ قرآن شریف پڑھنے سے منع کرنا کافروں کی عادت ہے اگر یہ کہو کہ حاضرین یاد پڑھ سکتے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ قرآن شریف دیکھکر پڑھنا عبادت ہے اور قرآن شریف ہاتھ میں لینا بھی عبادت ہے تو صاحب مجلس انکو ان دو عبادتوں سے منع کرتا ہے اور قرآن شریف مجلس میں لانا اور یونہی رکھدینا اور نہ پڑھنا قرآن شریف کی اہانت و خفت ہے اسکا جواب یہ ہے کہ یہ انوکھی بات ہے اگر کوئی شخص قرآن شریف کے پڑھنے میں سبقت و اقدام کرتا ہے تو صاحب مجلس اس وجہ سے شکریہ ادا کرتا ہے کہ اسنے ایصال ثواب میں پیش قدمی کی اور لوگوں کو ترغیب دی کسی صاحب مجلس کو اسکی شکایت نہیں ہوتی کہ ایصال ثواب کے امر میں کیوں پہلے اقدام کیا گیا یہ بات ظاہر ہے کہ اگر کسی نے انتظار نہ کیا اور قرآن شریف پڑھنا شروع کر دیا تو صاحب مجلس کی کیا خفت و اہانت ہوئی اور اُسکے رتبہ و عزت میں کیا فرق آگیا ایسی صورت میں اسکی ممانعت کی کوئی وجہ نہیں

پائی جاتی ہے خیال میں ایک فرضی صورت ہے جو قابل لحاظ نہیں ہے بالفرض اگر کوئی صاحب مجلس
جہالت سے اپنے جائز امر کا ارتکاب کرے تو انکو نصیحت کی جائے ۲۱ **اکیسویں وجہ** جبکہ مکان سے
قبرستان دور ہوتا ہے تو طلوع فجر کے بعد نماز فجر سے پہلے چلتے ہیں تا سب کے برابر یہاں پہنچیں یہ مکروہ ہے۔
اسکا جواب یہ ہے کہ یہ ایک فرضی صورت ہے کچھ ضرور نہیں کہ قبرستان ہی میں سیوم ہو کبھی مکان میں کبھی
کسی مسجد میں کبھی قبرستان میں سوم کیا کرتے ہیں سات ساڑھے سات بجے سے قرآن خوانی شروع ہوتی ہے
ساڑھے نو بجے فراغت پاتے ہیں جب ایسا وقت وسیع ہے پھر کسیکو کیا پڑی ہے کہ عبث اپنی حرمت آپ گنوا کر
۲۲ **بائیسویں وجہ** نماز کے لئے منتظر رہنا مستحب ہے اور بروز دوم یا سوم زیارت کیلئے آنیسے نماز اشراق کا
انتظار آدمی نہیں کرسکتا۔ اسکا جواب یہ ہے کہ یہ بھی ایک خیالی امر ہے وقت زیارت کا ایسا وسیع رکھا
گیا ہے کہ جو لوگ نماز اشراق کے پابند ہیں وہ اچھی طرح سے فارغ ہوکے شریک ہوسکتے ہیں جنکی پاس گاڑی
بگھیاں ہوتی ہیں وہ آٹھ بجے اگر سوار ہوں تو تین میل کے فاصلہ پر پہنچکے شریک زیارت ہوسکتے ہیں۔
۲۳ **تیئیسویں وجہ** زیارت کے تیسرے دن قبر پر چادر کپڑی کی ڈالتے ہیں جو بالکل مشروع نہیں ہے نہ
مردوں کے لئے اور بعد شادی کے عورتوں کے لئے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ اگر کہیں چادر ڈالتے ہیں تو اسے منع کرنا
چاہیے بشرطیکہ اسکی ممانعت صریحاً ظاہر کیجاوے۔ اب انکے اقوال مذکور ہوتے ہیں شرح منہاج امام
نووی میں ہے الاجتماع على المقبرة في اليوم الثالث وتقسيم الورد والعود واطعام
الطعام في الايام المخصوص كالثالث والخامس والتاسع والعشرين والاربعين
والشهر السادس والسنة بدعة ممنوعة یعنی مقبرہ پر تیسرے دن جمع ہونا اور گلاب کا
پھول و عود تقسیم کرنا اور تیسرے پانچویں نویں بیسویں چالیسویں دن اور چھ ماہی برسی کا کھانا
کھلانا بدعت ممنوعہ ہے جو لوگ اس عبارت سے احتجاج کرتے ہیں انکی تصحیح نقل مطلوب ہے منہاج کی
بہت سے شروح ہیں ان میں کہیں اس عبارت کا پتہ نہیں لگتا بلکہ شافعیہ کی دوسری معتبر کتابوں میں بھی

باوجود تجسس کے یہ عبارت نظر نہیں آتی پھر بھی مجہول عبارت کسطرح سے مسلم ہوگی بتقدیر تسلیم
اس عبارت سے استدلال نہیں ہو سکتا اسلئے کہ طعام کو ایام مخصوصہ میں جمع بدعت ممنوعہ کہا ہے اس سے
ایصال ثواب کے لئے کھانا پکانا مراد نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ اہل میت کھانا پکا کر لوگوں کو اسپر جمع کریں اور
کراہت کی علت جریر کی حدیث ہے تعیین تاریخ کو اسمیں کچھہ دخل نہیں چنانچہ خطیب شربینی نے
مغنی المحتاج شرح المنہاج میں لکھا ہے قَالَ ابْنُ الصَّبَّاغِ وَغَيْرُهُ أَمَّا إِصْلَاحُ أَهْلِ الْمَيِّتِ طَعَامًا
وَجَمْعُ النَّاسِ عَلَيْهِ فَبِدْعَةٌ غَيْرُ مُسْتَحَبَّةٍ رَوَى أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ عَنْ
جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ كُنَّا نَعُدُّ الْاِجْتِمَاعَ إِلَى أَهْلِ الْمَيِّتِ وَصُنْعَهُمُ الطَّعَامَ مِنَ النِّيَاحَةِ
یعنی کہا ابن الصباغ وغیرہ نے کہ اہل میت کا کھانا پکانا اور اسپر لوگوں کو جمع کرنا بدعت غیر مستحبہ ہے
روایت کی ہے امام احمد اور ابن ماجہ نے باسناد صحیح جریر بن عبداللہ سے کہ ہم لوگ شمار کرتے تھے مجتمع
ہونے کو اہل میت کے پاس اور انکے کھانے کو نوحہ سے ایصال ثواب کے لئے کھانا پکانا مستحب ہے چنانچہ شیخ ابن حجر
مکی شافعی نے اپنی فتاویٰ میں اسپر اجماع نقل کیا ہے اور تیسرے روز قبر پر مجتمع ہونا اور پھول و عود تقسیم کرنا جو بدعت
کہا گیا تو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ ہر بدعت قبیح نہیں ہوتی اسلئے کہ بدعت میں احکام خمسہ جاری ہوتے ہیں آخر عدم
استحباب کی کوئی وجہ ہونی چاہئے علاوہ بریں قبر پر مجتمع ہونا مطلقاً بدعت سیئہ نہیں ہے چنانچہ ابن حجر
مکی نے تحفہ میں لکھا ہے يُسَنُّ كَمَا نَصَّ عَلَيْهِ قِرَاءَةُ مَا تَيَسَّرَ عَلَى الْقَبْرِ وَالدُّعَاءُ لَهُ فَالْبِدْعَةُ
إِنَّمَا هِيَ فِي تِلْكَ الْاِجْتِمَاعَاتِ الْحَادِثَةِ دُونَ نَفْسِ الْقِرَاءَةِ وَالدُّعَاءِ عَلَى أَنَّ مِنْ تِلْكَ
الْاِجْتِمَاعَاتِ مَا هُوَ مِنَ الْبِدَعِ الْحَسَنَةِ كَمَا لَا يَخْفَى ۔ یعنی سنت ہے
چنانچہ نص کیگئی ہے کہ قبر پر جسقدر ہوسکے قرآن پڑھے اور دعا کرے بدعت وہ چیزیں ہیں جو بعد جمع ہونے کے
لوگ کیا کرتے ہیں نفس قراءۃ و دعا بدعت نہیں علاوہ اسکے لوگ جو جمع ہوتے ہیں تو یہی کام بھی کرتے ہیں جو بدعت
حسنہ ہیں غرض یہ ہے کہ لوگ جب جمع ہوتے ہیں بری کام بھی کرتے ہیں اور اچھے کام بھی پھر نفس اجتماع پر حکم

حرمت کا نہیں ہو سکتا البتہ بری کام کو برا اور اچھے کام کو اچھا اور تعیین تاریخ سے بھی اسمیں برائی نہیں آتی فتاوی طبنداوی میں جو شافعیہ کے معتمد فتاوی سے ہے لکھا ہو وَلَا بَأْسَ بِالْجَمْعِيَّةِ الَّتِي تُعْمَلُ فِي كُلِّ سَنَةٍ یعنی مضائقہ نہیں ہے وہ اجتماع جو ہر سال ہوتا ہے فتاوی بزازیہ میں ہے یُکْرَہُ اِتِّخَاذُ الطَّعَامِ فِي الْيَوْمِ الْأَوَّلِ وَالثَّالِثِ وَبَعْدَ الْأُسْبُوْعِ وَنَقْلُ الطَّعَامِ إِلَى الْقَبْرِ فِي الْمَوَاسِمِ وَاتِّخَاذُ الدَّعْوَةِ لِقِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ وَجَمْعُ الصُّلَحَاءِ وَالْفُقَرَاءِ لِلْخَتْمِ أَوْ لِقِرَاءَةِ سُوْرَةِ الْأَنْعَامِ وَالْإِخْلَاصِ یعنی پہلے اور تیسرے دن اور بعد سات دن کے کھانا پکانا اور اور کھانے کا قبر کے پاس اعراس میں لیجانا اور قرآن پڑھنے کی دعوت کرنا اور صلحاء و فقراء کو ختم کے لئے یا سورہ انعام و اخلاص پڑھنے کے لئے جمع کرنا مکروہ ہے ہم کہتے ہیں کہ اس سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ ایصال ثواب کے لئے دن کی تخصیص مکروہ ہے فتاوی بزازیہ میں جو کچھ لکھا ہو وہ ضیافت کی نسبت لکھا ہو چنانچہ فتاوی بزازیہ میں آگے چل کے لکھتے ہیں وَالْحَاصِلُ أَنَّ اِتِّخَاذَ الطَّعَامِ عِنْدَ قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ لِأَجْلِ الْأَكْلِ يُكْرَهُ وَإِنِ اتَّخَذَ طَعَامًا لِلْفُقَرَاءِ كَانَ حَسَنًا یعنی حاصل یہ ہے کہ دعوت مسلمانوں کی قراءۃ قرآن کے وقت کھانے کے لئے مکروہ ہو اگر فقراء کیلئے کھانا کھلائے تو بہتر ہے مستملی میں بزازیہ کی عبارت لکھ کے لکھتے ہیں وَلَا يَخْلُوْا عَنْ نَظَرٍ یعنی یہ نظر سے خالی نہیں ہے تقریر نظر کی ظاہر ہے اسلئے کہ جب صدقہ عن المیت ثواب ہے تو پہلے یا تیسرے دن اگر کھانا پکایا جاوے تو کیا مضائقہ ہے یا قبر کے پاس اگر اعیاد میں لیجائیں تو کیا حرج ہے اور قراء و صلحاء کو کھلائیں تو کیا مضائقہ ہے ہاں خاص کر کے قراء کی دعوت البتہ ایسی ہے جسے مکروہ کہہ سکتے ہیں بشرطیکہ کراہت کی کوئی وجہ پائی جائے فتاوی قاضی خاں کی عبارت میں اسکی تصریح موجود ہے وَيُكْرَهُ اِتِّخَاذُ الضِّيَافَةِ فِي أَيَّامِ الْمُصِيْبَةِ لِأَنَّهَا أَيَّامُ تَأَسُّفٍ فَلَا يَلِيْقُ بِهَا مَا يَكُوْنُ لِلسُّرُوْرِ وَإِنِ اتَّخَذَ طَعَامًا لِلْفُقَرَاءِ كَانَ حَسَنًا إِذَا كَانُوْا بَالِغِيْنَ فَإِنْ كَانَ فِي الْوَرَثَةِ صَغِيْرٌ لَمْ يَتَّخِذُوْا ذٰلِكَ مِنَ التَّرِكَةِ یعنی مکروہ ہے ضیافت کرنا ایام مصیبت میں

اسلئے کہ وہ ایام تاسف کے ہیں پھر ایسے کام مناسب نہیں ہیں جو خوشی کے ایام میں کیے جاتے ہیں اور اگر فقراء کے لئے کھانا کھلائیں تو اچھا ہے یہ ایسی صورت میں جب سب ورثہ بالغ ہوں اگر ورثہ صغیر ہوں تو ترکہ سے کھانا نہ کھلانا چاہیے فتاویٰ ظہیریہ میں ہے وَلَا يُبَاحُ اِتِّخَاذُ الضِّيَافَةِ عِنْدَ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ وَهِيَ اَيَّامُ الْمُصِيبَةِ لِاَنَّ اِتِّخَاذَ الضِّيَافَةِ لِلسُّرُوْرِ یعنی مباح نہیں ہے ضیافت کرنا ہمارے نزدیک تین روز جو ایام مصیبت کے ہیں کیونکہ ضیافت سرور کیلئے ہے فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے وَلَا يُبَاحُ اِتِّخَاذُ الضِّيَافَةِ عِنْدَ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ یعنی مباح نہیں ہے ضیافت ہمارے نزدیک تین روز فتح القدیر میں ہے وَيُكْرَهُ اِتِّخَاذُ الضِّيَافَةِ مِنْ اَهْلِ الْمَيِّتِ لِاَنَّهٗ مَشْرُوْعٌ فِي السُّرُوْرِ لَا فِي الشُّرُوْرِ وَهِيَ بِدْعَةٌ مُسْتَقْبَحَةٌ رَوَى الْاِمَامُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا نَعُدُّ الْاِجْتِمَاعَ اِلٰى اَهْلِ الْمَيِّتِ وَصُنْعَهُمُ الطَّعَامَ مِنَ النِّيَاحَةِ +

یعنی مکروہ ہے ضیافت اہل میت کیطرف سے کیونکہ وہ مشروع ہے سرور میں نہ غم میں تمہارے کہا ہے وہ بدعت قبیحہ ہے امام احمد و ابن ماجہ نے باسناد صحیح جریر بن عبد اللہ سے روایت کیا ہے کہ جریر نے کہا کہ ہم شمار کرتے تھے مجتمع ہونا اہل میت کے پاس اور کھانا کھلانا انکا نوحہ سے شیخ ابو الحسن سندی نے الہدر المنیر عن مباحث فتح القدیر میں لکھا ہے قَوْلُهٗ اِتِّخَاذُ الضِّيَافَةِ اَيْ اِتِّخَاذُ الطَّعَامِ عَلٰى وَجْهِ الضِّيَافَةِ لِلْاَقْرِبَاءِ وَالْاَحِبَّاءِ مِمَّنْ لَمْ يُعْهَدْ حُضُوْرُهُمْ عَلٰى وَجْهِ الْاِجْتِمَاعِ عَلَى الطَّعَامِ اِلَّا فِي الضِّيَافَاتِ وَالْعُرُوْسِ لَا عَلٰى وَجْهِ الْقُرْبَةِ لِلصَّالِحِيْنَ وَاُولِي الْحَاجَةِ فَلَا يَرِدُ مَا رُوِيَ اَنَّ اَهْلَ مَيِّتٍ صَنَعَ طَعَامًا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهٖ يَوْمَ مَاتَ الْمَيِّتُ عَنْهُمْ وَاَنَّ الْقُرْبَةَ مَنْدُوْبَةٌ دَائِمًا فَكَيْفَ يُكْرَهُ فِي بَعْضِ الْاَيَّامِ سِيَّمَا اَيَّامَ تَذَكُّرِ الْمَوْتِ وَهُوَ مِمَّا يَدْعُوْ اِلٰى تَكْثِيْرِ الْقُرُبَاتِ وَالْمُزَيَّنِيْنَ طَعَامًا مِنْ حُلِيٍّ مَعْلُوْمٍ مَعَ قَطْعِ النَّظَرِ عَنِ النِّيَّةِ قَوْلُهٗ لِاَنَّهٗ شُرِعَ اه‍ اَيْ لِاَنَّهٗ خَارِجٌ عَنْ مُقْتَضَى الْحَالِ فَالْاِنْفَاقُ الْمَالِ فِيْهِ تَضْيِيْعٌ

وَاِسْرَافٌ فِی غَیْرِ مَحَلِّہٖ قَوْلُہٗ اَلْاِجْتِمَاعُ اِلَی اَہْلِ الْمَیِّتِ اَیْ لِمَوْتِہٖ لَا لِدَعْوَۃِ اَہْلِ الْمَیِّتِ اِیَّاہُمْ لِتَبَرُّکِہِمْ اَوِ التَّقَرُّبِ بِاِطْعَامِہِمْ وَصُنْعِہِمُ الطَّعَامَ اَیْ لِاِجْتِمَاعِہِمْ لِمَوْتِہٖ وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَالظَّاہِرُ اَنَّ مِنَ الطَّعَامِ مَا ہُوَ مَشْرُوْعٌ یَوْمَ الْمَوْتِ اَیْضًا کَالطَّعَامِ لِلتَّقَرُّبِ وَمِنْہُ مَا ہُوَ مَکْرُوْہٌ کَالطَّعَامِ لِلضِّیَافَۃِ اَوْ لِتَقْوِیَۃِ النَّوَائِحِ مَثَلًا وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ یعنی

ضیافت کی یہ معنی ہیں کہ بطور ضیافت کے قرابت داروں اور دوستوں کے لئے جنکی یہ عادت نہیں ہے کہ بجز ضیافت شادی کے جمع ہوں کھانا پکایا جاوے نہ بطور قربت کے جو صالحین اور حاجتمندوں کے لئے پکاتے ہیں اس تقریر سے دو شبہے دفع ہوگئے پہلا شبہہ یہ ہے کہ ایک اہل بیت نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے اسی دن کھانا پکایا تھا جسدن انکے گھر غمی ہوگئی تھی اسکا جواب یہ ہے کہ یہہ ضیافت بوجہ قربت عبادت کے تھی دوسرا شبہہ یہ ہے کہ قربت ہمیشہ کے لئے اچھا کام ہے پھر وہ بعض ایام میں خصوصًا جب وہ ایام ایسی ہوں جنمیں قربات کی ضرورت ہو کیونکر مکروہ ہوگی اسکا جواب یہ ہے کہ صاحب حاجت کو کھانا کھلانا جائز ہے صرف ایسے اہل ضیافت کے لئے جائز نہیں ہے جسکا ذکر کیا گیا لانہ شرع کا یہ حاصل ہے کہ وہ مقتضائی حال سے خارج ہی پھر مال کا خرچ کرنا مال کا ضائع کرنا ہی اور اسراف کرنا ہے اپنی غیر محل میں اجتماع اہل البیت کے یہ معنی ہیں کہ یہ اجتماع موت کے واسطے ہو نہ اس خیال سے کہ اہل بیت نے انکی دعوت اس خیال سے کی ہو تا کہ اہل بیت انسے برکت حاصل یا کھانا کھلانے سے تقرب حاصل کریں وصنعہم الطعام کے یہ معنی ہیں کہ جو اجتماع بسبب موت کے ہوا ہو ظاہر یہ ہے کہ بعض کھانے ایسے ہیں جو موت کے روز مشروع ہیں مثلاً وہ کھانا جو قربت کیلئے ہو چنانچہ اسی قسم کا کھانا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں پیش کیا گیا تھا اور بعض مکروہ ہیں مثلاً ضیافت کا کھانا یا جو کھانا نائحہ عورتوں کی تقویت کے لئے کھلایا جاوے نائحہ ایسی عورت کو کہتے ہیں جو کسی میت کی نیکیاں بیان کرکے روئے مطلق رونا ناجائز نہیں ہے نہ اسپر اطلاق نائحہ کا ہوتا ہے جب زینب بنت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا عورتیں جمع ہو کے رونے لگیں حضرت عمرؓ نے اقارب کو رونے سے
منع کیا اور اجنبی عورتوں کو چاہا کہ مار کے نکالدیں آپ نے حضرت عمر کو اس فعل سے منع فرمایا اور ارشاد کیا
دَعْهُنَّ فَاِنَّ الْعَیْنَ دَامِعَۃٌ وَالْقَلْبَ مُصَابٌ وَالْعَھْدَ قَرِیْبٌ یعنی انکو چھوڑ دو اسلیئے کہ
آنکھ سے بالطبع آنسو ٹپکتا ہی اور قلب کو مصیبت پہنچی ہے اور واقعہ ابھی ہوا ہے صبر نہایت دشوار چنانچہ
یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہی پھر اس قسم کے رونے والی عورتوں کو جب نابحہ نہیں کہتے تو انکو کھانا دینا ناجائز
نہیں ہے اور شرح برزخ میں لکھا ہی دَلَّ الْحَدِیْثُ عَلٰی اَنَّہٗ یُکْرَہُ لِاَھْلِ الْمُصِیْبَۃِ اِتِّخَاذُ الطَّعَامِ
عَلٰی سَبِیْلِ الضِّیَافَۃِ یعنی دلالت کی حدیث نے اس امر پر کہ بطور ضیافت کے اہل مصیبت کا کھانا
کھلانا مکروہ ہی اور یہہ بھی لکھا ہی وَتَبَیَّنَ اَنَّہٗ لَا یُکْرَہُ لِاَھْلِ الْمُصِیْبَۃِ اِتِّخَاذُ الطَّعَامِ لِلْفُقَرَاءِ
وَلَا یُکْرَہُ لَھُمُ الْاَکْلُ مِنْ ذٰلِکَ یعنی ظاہر ہوا کہ اہل مصیبت کو یہ مکروہ نہیں ہے فقراء کو کھانا کھلانا
اور انکو اس کھانیکا کھانا بھی مکروہ نہیں ہے ان عبارات سے اچھی طرح ثابت ہوگیا کہ ایام مصیبت میں ضیافت
کے طور پر کھانا کھلانا مکروہ ہے اگر ایصال ثواب کے لئے ہو تو حسن و مستحب ہے بلکہ اسکا استحباب فعل صحابہ و
تابعین سے ثابت ہے کہ سات روز تک اسکو مستحب جانتے تھی علامہ زاہدی نے حاوی میں لکھا ہے شنظ یکرہ
اَلْوَلِیْمَۃُ عَلَی الْمَیِّتِ قَبْلَ اَنْ یُغْسَلَ اِجْمَاعًا وَعَنْ مُحَمَّدٍ یَجُوْزُ بَعْدَ الدَّفْنِ وَقَالَ مَالِکٌ
یُکْرَہُ قَبْلَ ثَلٰثَۃِ اَیَّامٍ وَالْفَتْوٰی عَلٰی قَوْلِ مُحَمَّدٍ یعنی شرح طحاوی میں ہے مکروہ ہے ضیافت
میت پر قبل غسل دینے کے اجماعا اور امام محمدؒ سے مروی ہی کہ جائز ہی بعد دفن کے اور کہا مالک نے مکروہ ہے
قبل تین دن کے اور فتوی قول پر امام محمدؒ کے ہی دیکھو طحاوی نے امام محمد کے قول کو مفتی بہ لکھا ہے
جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بعد دفن کے ضیافت جائز ہی اور امام مالک کے نزدیک قبل تین دن کے مکروہ ہے
اور ہمنے جو فقہا کی عبارتیں سابق میں نقل کی ہیں انسے معلوم ہوتا ہے کہ تین دن تک مکروہ ہے جو ایام مصیبت
ہیں اس تقریر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بعد تین دن کے مکروہ نہیں ہے شرح برزخ میں بھی اس امر کی تصریح موجود ہے

عبارت یہ ہے کہ وَیُکْرَہُ لِاَھْلِہٖ اِتِّخَاذُ الطَّعَامِ لِلْاَقْرِبَاءِ وَالْاَغْنِیَاءِ اِلٰی ثَلٰثِ اَیَّامٍ وَیُکْرَہُ لَھُمْ اَکْلُہٗ اَمَّا بَعْدَ ثَلٰثِ اَیَّامٍ لَایُکْرَہُ اِتِّخَاذُ الطَّعَامِ لِمَنْ مَاتَ لَہٗ مَیِّتٌ لَالِاَھْلِہٖ وَلَاعَلٰی سَبِیْلِ الضِّیَافَۃِ وَلَایُکْرَہُ الْاَکْلُ مِنْہُ لَالِلْغَنِیِّ وَلَالِلْفَقِیْرِ یُدْعٰی اِلَیْہِ اَوْ یُرْسَلُ اِلَیْہِ یعنی اہل میت کیلئے تین دن تک مکروہ ہے کہ وہ اقربا و غنیا کیلئے پکوائیں اگر پکوائیں تو انکو اہل میت کا کھانا مکروہ ہے تین دن کے بعد اگر اہل میت کھانا کھلائیں عام ازینکہ ثواب میت کے لئے ہو یا بطور ضیافت کے ہو تو اسکا کھانا مکروہ نہیں ہے عام ازینکہ غنی ہو یا فقیر اور عام ازینکہ وہ بلا کے کھلائے جائیں یا کھانا انکو پاس بھیجا جاوے الی فاخرہ میں بھی ایسا ہی لکھا ہے اور صاحب فتاوی بزازیہ نے کراہت کو تین دن تک منحصر نہیں کیا بلکہ ہفتہ کے بعد ضیافت کرنیکو بھی شامل کر لیا ہے شارح منیۃ المصلی نے غنیۃ المستملی میں اسکے قول کو یوں رد کیا ہے وَلَایَخْلُوْعَنْ نَظَرٍ لِاَنَّہٗ لَادَلِیْلَ عَلَی الْکَرَاھَۃِ اِلَّا حَدِیْثُ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللہِ الْمُتَقَدِّمُ وَاِنَّمَا یَدُلُّ عَلٰی کَرَاھَۃِ ذٰلِکَ عِنْدَ الْمَوْتِ فَقَطْ عَلٰی اَنَّہٗ قَدْ عَارَضَہٗ مَا رَوَاہُ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بِسَنَدٍ صَحِیْحٍ وَاَبُوْدَاؤُدَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ کُلَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ جَنَازَۃٍ فَرَاَیْتُ رَسُوْلَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ عَلَی الْقَبْرِ یُوْصِی الْحَافِرَ یَقُوْلُ اَوْسِعْ مِنْ قِبَلِ رِجْلَیْہِ اَوْسِعْ مِنْ قِبَلِ رَاْسِہٖ فَلَمَّا رَجَعَ اِسْتَقْبَلَہٗ دَاعِیْ اِمْرَاَتِہٖ فَجَاءَ فَجِیْءَ بِالطَّعَامِ فَوَضَعَ یَدَہٗ ثُمَّ وَضَعَ الْقَوْمُ فَاَکَلُوْا وَرَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَلُوْکُ لُقْمَۃً فِیْ فِیْہِ ثُمَّ قَالَ اِنِّیْ اَجِدُ لَحْمَ شَاۃٍ اُخِذَتْ بِغَیْرِ اِذْنِ اَھْلِھَا فَاَرْسَلَتِ الْمَرْاَۃُ تَقُوْلُ یَارَسُوْلَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَرْسَلْتُ اِلَی النَّقِیْعِ اَشْتَرِیْ شَاۃً فَلَمْ تُوْجَدْ فَاَرْسَلْتُ اِلٰی جَارٍ لِّیْ قَدِ اشْتَرٰی شَاۃً اَنْ یُّرْسِلَ اِلَیَّ بِثَمَنِھَا فَلَمْ یُوْجَدْ فَاَرْسَلْتُ اِلَی امْرَاَتِہٖ فَاَرْسَلَتْ بِھَا اِلَیَّ فَقَالَ

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَطْعَمَہٗ الْاُسَارٰی فَھٰذَا یَدُلُّ عَلٰی اِبَاحَۃِ صُنْعِ اَھْلِ الْمَیِّتِ الطَّعَامَ وَالدَّعْوَۃِ اِلَیْہِ ؎ یعنی یہ کلام نظر سے خالی نہیں اسلئے کہ کراہت پر صرف حدیث جریر بن عبداللہ کی دلیل ہے جسکا ذکر کیا گیا اس سے صرف اسقدر ظاہر ہوتا ہے کہ موت کے وقت مکروہ ہے اسکی معارض ہے وہ حدیث جسے امام احمدؒ نے بسند صحیح اور ابوداؤد نے عاصم بن کلیب سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے انصار ایک مرد سے روایت کیا کہ ہم نکلے رسول اللہ صلعم کیساتھ ایک جنازہ میں پھر مینے دیکھا رسول اللہ کو کہ آپ قبر پر کھودنے والے کو بتاتے تھے کہ دونوں پاؤں کیطرف وسیع کرو اور اسکی سر کیطرف وسیع کرو جب پھرے تو استقبال کیا دعوت دینے والے نے میت کیطرف سے پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور کھانا حاضر کیا گیا آپنے دست مبارک اسپر رکھا اور قوم بھی کھانے لگی اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پھراتے تھے لقمہ کو اپنے منہ میں اسکی بعد فرمایا کہ میں پاتا ہوں ایسا گوشت بکری کا کہ لیا گیا ہے بغیر اذن اسکی اہل کے میت کی عورت نے کہلا بھیجا کہ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مینے نقیع کو آدمی بکری خریدنے کیلئے بھیجا تھا مگر بکری نہ ملی پھر اپنے ہمسایہ کے پاس آدمی بھیجا جسکے پاس خریدی ہوئی بکری تھی تاکہ قیمتاً دے وہ موجود نہ تھا پھر مینے آدمی کو اسکی عورت کے پاس بھیجا اسنے یہ بکری میرے پاس بھیجدی پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھلا اسکو قیدیوں کو اس سے صاف ظاہر ہے کہ اہل میت کا کھانا بعد دفن کے جائز ہے پھر کراہت جریر بن عبداللہ کی حدیث سے مستفاد ہوتی ہے وہ موت کے وقت پر منحصر ہے اور عاصم بن کلیب کی روایت سے بعد دفن کے ضیافت کرنیکا جواز حاصل ہوتا ہے تو ان دونو حدیثوں سے امام محمد کا قول ثابت ہوتا ہے جسے علامہ زاہدی نے مفتی بہ لکھا ہے پھر تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ صاحب مذہب جو تین دن تک یا اسکی بعد بھی برخلاف قول امام محمد کے کراہت بیان کرتے ہیں اقوال غیر مفتی بہ اور مرجوع عنہا ہیں لیکن علامہ شامی نے شارح منیہ کے معارضہ کو جو عاصم بن کلیب کی روایت سے کیا ہے یوں دفع کیا ہے فِیْہِ نَظَرٌ فَاِنَّہٗ وَاقِعَۃُ حَالٍ لَا عُمُوْمَ لَھَا مَعَ اِحْتِمَالِ سَبَبٍ خَاصٍّ بِخِلَافِ مَا فِیْ حَدِیْثِ جَرِیْرٍ عَلٰی اَنَّہٗ بَحْثٌ فِی الْمَنْقُوْلِ فِیْ مَذْھَبِنَا وَمَذْھَبِ غَیْرِنَا کَالشَّافِعِیَّۃِ

والحنابلة استدلالاً بحديث جرير المذكور على الكراهة یعنی یہ بھی
نظر ہے کیونکہ وہ واقعہ حال ہے اسمیں عموم نہیں باوجودیکہ اسمیں احتمال سبب خاص کا ہی بخلاف حدیث جریر کے
علاوہ بریں بحث ہی اس چیز میں جو منقول ہے ہمارے مذہب میں اور ہمارے غیر کے مذہب میں جیسے شافعیہ و حنابلہ
جو استدلال کرتے ہیں حدیث جریر سے کراہت پر مگر اس سے اصل اعتراض شارح منیہ کا مندفع نہیں ہوتا کیونکہ
امام محمد کے نزدیک بعد دفن کے ضیافت جائز ہے پھر تو منقول میں بحث نہ ہوئی بلکہ اصحاب مذہب کے قول
مخالف ٹھہرے اور عاصم بن کلیب کی حدیث کے نسبت یہ کہنا کہ واقعہ حال ہے یا سبب خصوص کا احتمال رکھتی ہے
اسکی حاجت نہیں کیونکہ دونوں حدیثوں میں مخالفت نہیں ہے بلکہ دونوں حدیثوں سے بعینہ امام محمد کا قول ثابت
ہوتا ہے اگر مخالفت ہے تو امام محمد کا قول جب مفتی بہ ٹھہرا اور پھر صحیح حدیث کی دلیل پائی گئی تو جو حدیث
اسکی مخالف پائی گئی اسکی تاویل کرنی اہم ہی اور شافعیہ وحنابلہ کا اس سے استدلال کرنا حنفیہ پر حجت نہیں
ہوسکتا علاوہ اسکے واقعہ حال ہونے سے عموم کی نفی ہو نہیں سکتی اور صرف احتمال سبب خاص کا قابل لحاظ
نہیں ہوسکتا جب تک سبب خاص کا ثبوت پیش نہ کیا جائے بہرحال اصحاب مذہب کے اقوال عموماً مخالف
نظر آتے ہیں ملا علی قاری نے انکو ایک نوع خاص سے مقید کیا ہی چنانچہ مرقات شرح مشکوۃ میں عاصم بن
کلیب کی حدیث کے تحت میں جو باب المعجزات میں ہے لکھا ہی هٰذَا الْحَدِيْثُ بِظَاهِرِهٖ يَرُدُّ عَلٰی
مَا قَرَّرَهٗ اَصْحَابُ مَذْهَبِنَا مِنْ اَنَّهٗ يُكْرَهُ اتِّخَاذُ الطَّعَامِ فِي الْيَوْمِ الْاَوَّلِ وَالثَّالِثِ
اَوْ بَعْدَ الْاُسْبُوْعِ كَمَا فِي الْبَزَّازِيَّةِ وَذُكِرَ فِي الْخُلَاصَةِ اَنَّهٗ لَا يُبَاحُ اِتِّخَاذُ الضِّيَافَةِ
عِنْدَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ وَقَالَ الزَّيْلَعِيُّ وَلَا بَاْسَ بِالْجُلُوْسِ لِلْمُصِيْبَةِ اِلٰی ثَلَاثٍ مِنْ غَيْرِ
اِرْتِكَابِ مَحْظُوْرٍ مِنْ فَرْشِ الْبُسُطِ وَالْاَطْعِمَةِ مِنْ اَهْلِ الْمَيِّتِ وَقَالَ ابْنُ الْهُمَامِ يُكْرَهُ
اِتِّخَاذُ الضِّيَافَةِ مِنْ اَهْلِ الْمَيِّتِ وَالْكُلُّ عَلَّلُوْهُ بِاَنَّهٗ شُرِعَ فِي السُّرُوْرِ لَا فِي الشُّرُوْرِ
وَقَالَ وَهِيَ بِدْعَةٌ مُسْتَقْبَحَةٌ رَوَى الْاِمَامُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ عَنْ

جریر بن عبد اللہ قال کنا نعد الاجتماع الی اہل المیت وصنعہم الطعام من
النیاحۃ انتہی فینبغی ان یقید کلامہم بنوع خاص من اجتماع یوجب استحیاء
اہل بیت المیت فیطعمونہم کرہاً او یحمل علی کون بعض الورثۃ صغیراً او غائباً
او لم یعرف رضاءہ او لم یکن الطعام من عند احد معین من مال المیت قبل قسمتہ
ونحو ذلک وعلیہ یحمل قول قاضی خان یکرہ اتخاذ الضیافۃ فی ایام المصیبۃ
لانہا ایام تأسف فلا یلیق بہا ما یکون للسرور وان اتخذ طعاماً للفقراء
کان حسناً واما الوصیۃ باتخاذ الطعام بعد موتہ لیطعم الناس ثلاثۃ ایام
فباطلۃ علی الاصح وقیل یجوز ذلک من الثلث وہو الاظہر

یعنی یہ حدیث ظاہر ارد کرتی ہے اس مسئلہ کو جسے ہمارے صحاب مذہب نے لکھا ہی وہ یہ ہے کہ پہلے دن یا تیسرے
دن یا بعد ہفتہ کے کھانا کھلانا مکروہ ہے چنانچہ بزازیہ میں ہے اور خلاصہ میں ہے کہ مباح نہیں ہے تین دن تک
زیلعی نے کہا کہ تین دن تک مصیبت کے لئے بیٹھنا جائز ہے بشرطیکہ کسی ممنوع کا ارتکاب کیا جاوے ابن الہمام
نے لکھا ہی کہ مکروہ ہے ضیافت کرنا اہل میت کا اور سب اسکی علت یہ بیان کرتے ہیں کہ وہ مشروع ہی
سرور میں بدی میں کہا ہے ابن ہمام نے کہ وہ بدعت سیئہ ہی روایت کی امام احمد اور ابن ماجہ نے باسناد
حسن جریر بن عبد اللہ سے کہا کہ ہم لوگ شمار کرتے تھے مجتمع ہونیکو اہل میت کے پاس اور انکی کھانیکو نوحہ سے
تمام ہوا قول ابن ہمام کا پس مناسب ہی کہ مقید کیا جاوے انکا کلام ایک نوع خاص سے یعنی یہ کہا جاے کہ وہ
ایسا اجتماع ہو جس سے اہل میت کو غیرت ہو جس سے وہ مجبوری سے انکو کھانا کھلاویں یا اس بات پر حمل کیا جاوے کہ
بعض ورثہ صغیر یا غائب ہیں یا انکی رضامندی معلوم نہو یا کھانا کسی معین شخص کیطرف سے نہو جو مال میت سے
قبل قسمت کی ہو اور اسطرح کی صورتیں اسی پر محمول ہیں قاضی خاں کا قول بھی اسی پر محمول ہے
وہ لکھتے ہیں کہ مکروہ ہے ضیافت ایام مصیبت میں اسلئے کہ یہ ایام تاسف کے ہیں پھر انمیں ایسے کام نہ کرنا چاہیئے جو

سرور میں کو جاتے ہیں فقرا کیلئے کھانا پکانا بہتر ہے اس امر کی وصیت کی ہو یا نہ ان کا کھانا
کھلایا جاتا اصل ہے علی الاصح بعض کہتے ہیں جائز ہے ثلث مال سے یہ اظہر ہے فتاوی شامی میں شیخ جوہرہ
کے کلام کی اسطرح تقیید کی ہے ردالمحتار میں ہے ولا سیما اذا کان فی الورثۃ صغار او کان غائب
یعنی خصوصاً جبکہ ہوں وارثوں میں کم عمر یا غائب انتہی مصباح الدرایہ کھانا تیار کرنا وغیرہ وجوہ
ہوں کہ فتاوی بزازیہ کی عبارت میں مذکور ہوئی ان سب کی علت کراہت کو ریا و سمعہ قرار دیا چنانچہ لکھتے ہیں
وَهٰذِهِ الْاَفْعَالُ كُلُّهَا لِلسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ فَيُحْتَرَزُ عَنْهَا لِاَنَّهُمْ لَا يُرِيْدُوْنَ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ
تَعَالٰى یعنی یہ تمام افعال سمعہ و ریا سے ہوتے ہیں ان سے احتراز کرنا چاہیے اسلیے کہ لوگ اس سے خلوص کی نیت
نہیں رکھتے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہی افعال اگر بدون ریا و سمعہ کے ہوں تو جائز ہیں گر ریا کسی عمل میں
صراحۃً کراہت پائی جاتی ہو تو خواہ مخواہ سے وہ قطعاً جائز خیال کیا جائیگا جب ریا سے خالی ہو فتاوی
عالمگیری میں تاتارخانی سے منقول ہے يَتَصَدَّقُ الْوَلِيُّ بِنِيَّةِ الْمَيِّتِ سَبْعَةَ اَيَّامٍ وَاِنْ زَادَ
فَمَا اَحْسَنَهُ وَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَثَلَاثَةُ اَيَّامٍ وَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَيَوْمًا وَاحِدًا وَالسُّنَّةُ
اَنْ يَتَصَدَّقَ قَبْلَ مُضِيِّ اللَّيْلَةِ الْاُوْلٰى مَا تَيَسَّرَ وَاِنْ لَمْ يَجِدْ شَيْئًا فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ
یعنی ولی میت کو چاہیے کہ روز موت سے سات دن تک صدقہ دے اگر زیادہ ایام تک دیتا رہے تو بہتر ہے اگر
مقدور نہو تو تین دن تک دے اور سنت یہ ہے کہ حسب مقدور روز وفات کی اول شب گذرنے کے قبل صدقہ دے اگر
بالکل بے مقدور ہو تو چاہیے کہ دو رکعت نماز ادا کرے بحر الرائق میں ہے مَنْ صَامَ اَوْ صَلّٰى اَوْ تَصَدَّقَ
وَجَعَلَ الثَّوَابَ لِغَيْرِهِ مِنَ الْاَحْيَاءِ وَالْاَمْوَاتِ يَصِلُ ثَوَابُهَا اِلَيْهِمْ عِنْدَ اَهْلِ السُّنَّةِ
وَالْجَمَاعَةِ كَذَا فِي الْبَدَائِعِ یعنی کسی نے روزہ رکھا یا نماز پڑھی یا صدقہ دیا اور اسکا ثواب زندہ یا مردہ کو بخشا تو یہ
ثواب اہل سنت جماعت کے مذہب میں مردے کو پہنچتا ہی ہے اسی طرح شرح برزخ میں ہے دَفْعُ الْمَيِّتِ
يُرَخَّصُ لَهُ فِي كُلِّ لَيْلَةِ جُمُعَةٍ يَجِيْءُ بَيْتَهُ اِلٰى سَبْعَةِ اَيَّامٍ ثُمَّ يَاْتِيْ فِي الْاَوْقَاتِ الْمُتَفَرِّقَةِ

میں روح میت کو رخصت ملتی ہے ہر شب اپنے گھر آتی ہے سات دن تک پھر ایام فاضلہ میں اجازت
ملتی ہے یہی شرح صحیح میں ہے یَنْبَغِی اَنْ یُّوَاظِبَ عَلَی الصَّدَقَۃِ لِلْمَیِّتِ اِلٰی سَبْعَۃِ اَیَّامٍ
وَقِیْلَ اِلَی اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا لِاَنَّ الْمَیِّتَ یَشُوْقُ اِلٰی بَیْتِہٖ یعنی روز موت سے سات دن تک صدقہ دینا
مردہ کیلئے مستحب ہے اور بعضوں نے کہا ہے چالیس دن تک اسلئے کہ ان دنوں میں میت شوق سے اپنے مکانوں پر
آتی ہے لآلی فاخرہ فی تذکرۃ الآخرۃ میں ہے یُکْرَہُ لِاَہْلِ الْمَیِّتِ اِتِّخَاذُ الطَّعَامِ لِاَقْرِبَائِہِمْ وَالْاَغْنِیَاءِ
اِلٰی ثَلٰثَۃِ اَیَّامٍ فَیُکْرَہُ لَہُمْ اَکْلُہٗ اَمَّا بَعْدَ ثَلٰثَۃِ اَیَّامٍ فَاتِّخَاذُ الطَّعَامِ لَا یُکْرَہُ لَا
لِرُوْحِ الْمَیِّتِ لَا لِاَہْلِ الضِّیَافَۃِ وَلَا یُکْرَہُ الْاَکْلُ مِنْہُ لَا لِلْغَنِیِّ وَلَا لِلْفَقِیْرِ
یَدُلُّ عَلَیْہِ اَوْ یُرْسَلُ اِلَیْہِ یعنی روز موت سے تین دن تک اہل میت کو کھانا پکانا اپنے قرباء و
اغنیاء کے لئے مکروہ ہے اور انکا کھانا بھی انپر مکروہ ہے مگر بعد تین دن کے کھانا پکانا مکروہ نہیں ہے نہ روح میت
کے لئے نہ اہل ضیافت کے لئے اور غنی اور فقیر کو اسکا کھانا مکروہ نہیں ہے عام ازینکہ انکو اپنے گھر بلائیں یا انکے
مکانوں پر کھانا بھیجیں وہ کھانا جسے عرف میں بھاجی کہتے ہیں شرح اوراد میں کبری سے منقول ہے
لَوْ تَصَدَّقَ عَلَی الْمَیِّتِ اَوْ دَعَا لَہٗ یَبْعَثُ اللّٰہُ تَعَالٰی اِلَی الْمَیِّتِ ذٰلِکَ عَلٰی طَبَقٍ مِّنْ نُوْرٍ
یعنی اگر میت کیلئے صدقہ دیا یا دعا کی اسکو اللہ تعالی میت کے پاس طبق نور میں بھیجتا ہے شرح اوراد میں ہے
فِیْ کِفَایَۃِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
اِذَا تَصَدَّقَ الرَّجُلُ بِنِیَّۃِ الْمَیِّتِ اَمَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی جِبْرَئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَنْ یَّحْمِلَ
عَلٰی قَدْرِہٖ مَعَ سَبْعِیْنَ اَلْفَ مَلَکٍ فِیْ اَیْدِیْ کُلِّ مَلَکٍ نُوْرٌ فَیَحْمِلُوْنَ اِلٰی قَبْرِہٖ
فَیَقُوْلُوْنَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ ہٰذِہٖ ہَدِیَّۃُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ اِلَیْکَ قَالَ
فَیَتَلَأْلَأُ قَبْرُہٗ وَاَعْطَاہُ اللّٰہُ اَلْفَ مَدِیْنَۃٍ فِی الْجَنَّۃِ وَزَوَّجَہٗ اَلْفَ حَوْرَاءَ وَاَلْبَسَہٗ اَلْفَ حُلَّۃٍ
وَقَضٰی اَلْفَ حَاجَۃٍ یعنی کفایہ شعبی میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ

آپ نے فرمایا جسوقت کوئی شخص کسی میت کی طرف سے صدقہ دیتا ہے اللہ تعالیٰ جبرئیل علیہ السلام کو حکم فرماتا ہے
کہ اسکو قبر کے پاس ستر ہزار فرشتوں کے ساتھ لیجاؤ ہر طبق پر کہ سب کے ہاتھ میں نور ہو یہ فرشتے اس صدقہ کو اُس
مرحوم کی قبر کے پاس لیجاتے ہیں پھر کہتے ہیں السلام علیک یا ولی اللہ فلان شخص نے جو فلاں شخص کا بیٹا ہے یہ تحفہ
تمہارے پاس بھیجا ہے اس سے اسکی قبر روشن ہوجاتی ہے اور اللہ تعالیٰ ہزار شہر اسکو بہشت میں دیتا ہے اور ہزار
حور شادی کیلئے دیتا ہے اور ہزار حلے پہناتا ہے اور ہزار حاجت بر لاتا ہے کنز العباد میں ہے فی الکبری
إِذَا اجْتَمَعَ النَّاسُ لِلتَّعْزِيَةِ اَوْ لِغَيْرِهَا وَيَقْرَؤُنَ الْقُرْاٰنَ يَنْبَغِيْ اَنْ تَكُوْنُوْا
مُتَوَجِّهِيْنَ اِلَى الْقِبْلَةِ حَالَةَ الْقِرَاءَةِ حَتّٰى لَا يَشْتَغِلُوْا بِمَا لَا يَعْنِيْهِ لَا سِيَّمَا بِالْقِيَامِ لِمَجِيْءِ وَاحِدٍ
وَذٰلِكَ مَحْظُوْرٌ لِاَنَّ حُرْمَةَ الْقُرْاٰنِ كَحُرْمَةِ الصَّلٰوةِ یعنی جسوقت لوگ تعزیت کے لئے یا کسی
دوسرے کام کیلئے جمع ہوں اور سب ملکر قرآن پڑھیں تو یہ ضرور ہے کہ سب کے سب قرآن پڑھنے کے وقت قبلہ کی طرف
متوجہ ہوں تاکہ عبث کاموں کی طرف متوجہ نہوں خصوصاً کسیکے آنے سے کھڑے نہوں یہ ممنوع ہے اسلئے کہ قرآن
کی حرمت نماز کی حرمت کے برابر ہے کنز العباد میں ہے فِيْ جَوَامِعِ الْفِقْهِ قَالَ بَعْضُ مَشَائِخِ بُخَارَا
تَعْزِيَةُ الْحَاضِرِ ثَلٰثَةُ اَيَّامٍ وَتَعْزِيَةُ الْغَائِبِ يَوْمٌ وَاحِدٌ یعنی بعض مشائخ بخارا نے کہا کہ حاضر کی تعزیت
تین دن اور غائب کی تعزیت ایکدن ہے حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ مکتوب یازدہم میں تحریر فرماتے ہیں
سوال ششم آنکہ طعام بروح میت در سوم یا دہم وگل دادن در سوم از کجاست مخدوما طعام دادن
للہ تعالیٰ بے رسم وریا وثواب آنرا بمیت گذرانیدن بسیار خوب ست عبادت بزرگ اما تعین وقت را اصل
معتمد علیہ ظاہر نمیشود در روز سوم گل دادن مردان بدعت ست آری در زنان جمع شدن آوردن در روز
سوم آمدہ ہست برائے رفع سوگ کہ غیر از منکوحہ را از اہل قرابت زیادہ از سہ روز سوگ داشتن مشروع نیست
پس در سوم خوشبو بیارند تا زنان دیگر غیر از منکوحہ میت از سوگ بر آیند۔ سراج المنیر میں ہے وَيُسْتَحَبُّ
اَنْ يَّتَصَدَّقَ عَنِ الْمَيِّتِ بَعْدَ مَوْتِهٖ سَبْعَةَ اَيَّامٍ یعنی مستحب ہے کہ میت کا صدقہ دیا جائے

سات دن تک مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب تفسیر عزیزی میں لکھتے ہیں و آثار این عالم و صدقات و فاتحہ و تلاوتِ قرآن درآں بقعہ کہ دفن اوست واقع شود بسہولت نافع میشود

چوتھا باب اثبات جوازِ صدقاتِ موتیٰ کا احادیث سے

احادیث متعددہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ صدقہ موتیٰ کو مفید ہے شرح اوراد میں ہے قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَأْتِي عَلَى الْمَيِّتِ لَيْلَةٌ أَشَدُّ مِنْ لَيْلَةِ الْأَوَّلِ فَارْحَمُوا مَوْتَاكُمْ بِشَيْءٍ مِنَ الصَّدَقَةِ یعنی آپ نے فرمایا کہ موتیٰ پر پہلی رات سے زیادہ سخت کوئی رات نہیں گزرتی پھر اپنے موتیٰ پر رحم کرو صدقہ سے عَنْ مَرْيَمَ بِنْتِ فَرْوَةَ أَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَالَ إِذَا أَنَا مِتُّ فَشُدُّوا عَلَى بَطْنِي عِمَامَةً فَإِذَا رَجَعْتُمْ فَانْحَرُوا وَأَطْعِمُوا رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ فِي الْكَبِيرِ یعنی عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے اپنے مرنے کے قریب یہ وصیت کی جبکہ میں مر جاؤں تو عمامہ کو مضبوط کر دو میری پیٹ پر پگڑی پھر جب تم بعد دفن کے پھرو تب اونٹ ذبح کرو اور لوگوں کو کھلاؤ اسکو حافظ ہیثمی نے مجمع الزوائد میں لکھا ہے حافظ ابن حجر عسقلانی نے مطالب العالیہ میں روایت کیا ہے قَالَ أَحْمَدُ فِي الزُّهْدِ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ ثَنَا الْأَشْجَعِيُّ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ قَالَ طَاوُسُ إِنَّ الْمَوْتَىٰ يُفْتَنُونَ فِي قُبُورِهِمْ سَبْعًا فَكَانُوا يَسْتَحِبُّونَ أَنْ يُطْعَمَ عَنْهُمْ تِلْكَ الْأَيَّامَ یعنی طاؤس نے کہا کہ مردے سات دن تک اپنی قبروں میں آزمائش کئے جاتے ہیں پھر صحابہ اس امر کو مستحب خیال کرتے تھے کہ ایام فتنہ میں انکی لئے کھانا کھلایا جاوے اور ابونعیم نے حلیہ میں بھی اسکو روایت کیا ہے ائمہ حدیث نے اس روایت کی تصحیح کی ہے فکانوا سے مراد یہاں فعل صحابہ ہے چنانچہ ائمہ حدیث نے اسپر تصریح کی ہے علامہ سیوطی نے رسالہ طلوع الثریا باظہار ما کان خفیا میں اس حدیث کی نہایت عمدگی سے تفصیل کی ہے جسکا مختصر یہ ہے کہ سات دن تک جو

مُردے اپنی قبروں میں آزمائے جاتے ہیں جیسے امام احمد نے اپنی کتاب زہد میں لکھا اور امام احمد بن حنبل نے
اپنی کتاب الزہد میں اور حافظ ابونعیم اصبہانی نے کتاب حلیہ میں امام طاؤس کی سند سے جو جملہ ائمہ تابعین
ہیں اور ابن جریج نے اپنی تصنیف میں عبید بن عمیر کی سند سے جو تابعین میں بنسبت طاؤس کے بڑے امام
ہیں اور بعض صحابی ہیں اور حافظ زین الدین بن رجب نے اپنی کتاب اہوال القبور میں
مجاہد اور عبید بن عمیر کی طرف نسبت کیا ہے یہ تینوں روایتیں مرفوع کے حکم میں ہیں چنانچہ اسکا بیان
کیا جائیگا اور عبید بن عمیر کی روایت میں یہ زیادہ ہے، اِنَّ الْمُنَافِقَ یُفْتَنُ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا
یعنی منافق چالیس دن تک اپنی قبر میں آزمایا جاتا ہے، اس روایت کو حافظ ابو عمر بن عبد اللہ نے اپنی
تمہید میں اور امام ابو علی الحسین بن رشیق مالکی نے موطا کی شرح میں لکھا ہے اور امام ابو زید عبد الرحمن
جزولی مالکی نے جو امام ابی محمد بن ابی زید کے رسالہ کی شرح لکھی ہے اور امام ابو القاسم بن عیسیٰ
بن ناجی مالکی نے شرح رسالہ میں اس روایت کا ذکر کیا ہے اور ذکر اس روایت کا جو امام طاؤس سے سند ہے
امام احمد بن حنبل نے اپنی کتاب الزہد میں لکھا ہے ہاشم بن القاسم نے اشجعی سے روایت کی ہے کہ سفیان
کہتے ہیں کہ طاؤس نے یہ کہا ہے اِنَّ الْمَوْتٰى يُفْتَنُوْنَ فِیْ قُبُوْرِهِمْ سَبْعًا وَكَانُوْا يَسْتَحِبُّوْنَ
اَنْ يُطْعِمُوْا عَنْهُمْ تِلْكَ الْاَيَّامَ یعنی اموات اپنی قبروں میں سات دن تک مبتلا رہتی ہیں صحابہ اس
امر کو مستحب جانتے تھے کہ انکے ثواب رسانی کیلئے سات دن تک انکی طرف سے فقراء کو کھانا کھلایا جائے حافظ ابو نعیم
حلیہ میں لکھا ہے کہ ہاشم بن قاسم نے اشجعی سے روایت کی ہے کہ عثمان طاؤس سے روایت کرتے ہیں کہ
اِنَّ الْمَوْتٰى يُفْتَنُوْنَ فِیْ قُبُوْرِهِمْ سَبْعًا فَكَانُوْا يَسْتَحِبُّوْنَ اَنْ تُطْعَمَ عَنْهُمْ تِلْكَ الْاَيَّامَ یعنی اموات
اپنی قبروں میں سات دن تک مبتلا رہتے ہیں تو چاہتے ہیں کہ اندنوں میں انکی طرف سے فقراء کو کھانا کھلایا جائے
وہ روایت کہ عبید بن عمیر سے سند ہے اور ابن جریج نے اپنی تصنیف میں حارث بن ابی الحارث سے روایت
کی ہے یُفْتَنُ رَجُلَانِ مُؤْمِنٌ وَمُنَافِقٌ فَاَمَّا الْمُؤْمِنُ فَیُفْتَنُ سَبْعًا وَاَمَّا الْمُنَافِقُ فَیُفْتَنُ

یُفتنون سبعًا یعنی عبید بن عمیر نے کہا ہے کہ مومن اور منافق اپنی قبروں میں مبتلا ہوتے ہیں
مومن سات دن اور منافق چالیس دن اس باب میں کوئی حجت ہے بحث **پہلی وجہ** حدیث اول کے
رجال سب رجال سند صحیح کے ہیں اور طاؤس کبار تابعین میں سے ہیں ابو نعیم نے حلیہ میں لکھا ہے کہ
طبقہ اول میں اہل یمن سے ہیں اور ابو نعیم نے کہا ہے کہ طاؤس کہتے ہیں کہ مینے پچاس صحابہ کو دیکھا ہے اور
بعضوں نے انسے روایت کی ہے کہ مینے ستر صحابہ کو دیکھا ہے ابن سعید کہتے ہیں کہ نوے پر کئی سال
گزرے تھے جب انہوں نے انتقال کیا ہے اور سفیان جو انکے شاگرد ہیں وہ سفیان ثوری ہیں ابو جعفر
لکھتے ہیں کہ سنہ ایکسو میں کئی سال تھے جب طاؤس مرے ہے اور سفیان سنہ ستانوے میں پیدا ہوئے ہیں روایت
سفیان ثوری کی ہو سکتی ہے اور اشجعی کا نام عبید اللہ بن عبد الرحمن ہے اور ابن عبد الرحمن مشہور ہیں
اور سند ثانی عبید بن عمیر یہ بنی لیث ہیں مکہ میں وعظ کہتے تھے مسلم بن حجاج صاحب صحیح کہتے ہیں کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں وہ پیدا ہوے تھے اور بعض کہتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو
دیکھا بھی ہے تو صحابی ہوے اور حضرت عمرؓ کے زمانہ میں مکہ میں وعظ کہا کرتے تھے اور مکہ میں سب سے پہلی انہوں نے
وعظ کہا ہے اور عبد اللہ بن عمر کے سامنے مر گئے ہیں حارث بن عبد الرحمن بن سعد بن ابی ذباب دوسی ہیں
بخاری نے افعال عباد میں اور مسلم نے اپنی صحیح میں اور ابن جریج اور داوردی وغیرہ نے انسے روایت کی ہے
اور ابن جریج وہ امام عبد الملک بن عبد العزیز بن جریج الاموی ہیں امام احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ سب سے
پہلے انہوں نے تصنیف کرنا شروع کیا ہے اور ابن عیینہ کہتے ہیں کہ مینے سنا کہ ابن جریج کہتے تھے کہ میری طرح
کسی نے علم کو مدون اور مرتب نہیں کیا ہے اور بہت تابعین سے انہوں نے روایت کی ہے اور سنہ ۱۴۹ میں مرے ہیں
اور ایکسو برس سے زیادہ انکی عمر ہوئی ہے **دوسری وجہ** فن حدیث اصول میں یہ امر ثابت ہوا ہے کہ جس
امر میں عقل کو مجال دخل نہو جیسے امور برزخ و امور آخرت اسمیں جو حکم پایا جاوے وہ روایت مرفوع ہوگی
نہ موقوف اگرچہ راوی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک نسبت نہ کی ہو عراقی الفیہ میں لکھتے ہیں جو صحابی سے

ثابت ہوا ہو جسمیں عقل کو دخل نہو تو وہ مرفوع ہے انکی شرح یہ ہے کہ جو امر کہ صحابی پر موقوف ہوا اور
وہ قول اسکے رائے پر مبنی نہو تو اسکا حکم مرفوع کا ہی چنانچہ امام فخر الدین رازی نے محصول میں لکھا ہی کہ صحابی
جب ایسی بات کہیں کہ جسمیں اجتہاد کو کچھ مجال نہو تو باعتبار اسکے کہ صحابہ کے ساتھ ہمارا خیال نیک ہے یہی خیال
کرینگے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہوگا اور محصول میں جو لکھا ہی وہی بہت اماموں نے
لکھا ہی جیسے ابی عمر بن عبد البر وغیرہ حافظ ابو الفضل بن حجر نے نخبہ کی شرح میں اس حدیث کے جو حکما
مرفوع ہی یہ مثال لکھی ہے کہ صحابی ایسا امر کہیں جسمیں اجتہاد کو دخل نہیں ہے اور نہ اسمیں لغت اور شرح
غریب کی حاجت پڑی جیسا زمانہ ماضی کا ذکر کہ عالم کیونکر پیدا ہوا اور انبیا علیہم السلام کے اخبار یا وہ
امور کہ آئندہ آئینگے مثلاً لڑائیاں اور فتنے اور قیامت کے احوال اور افعال پر ثواب عذاب خاص کا ہونا
ان سب کا حکم حدیث مرفوع کا ہے اسلئے کہ اخبار اس امر کے مقتضی ہیں کہ انکا کوئی مخبر ہوا اور جس امر میں اجتہاد
کی مجال نہو تو صرف اسکی کہنے والے صحابہ پر موقوف نہیں ہو سکتا ہے جب ایسا ہوا تو اسکا وہی حکم ہے کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تو وہ حدیث مرفوع ہوتی اور اس امر کی مثال جو حکماً مرفوع ہی یہ ہے کہ صحابہ
ایسا کام کریں جسمیں اجتہاد کی مجال نہو تو اسکو بمنزلہ اس فعل کے تصور کرینگے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا ہی حافظ ابن حجر نے اپنی نکت میں ابن صلاح سے یہ لکھا ہے کہ صحابی کا وہ قول جسمیں اجتہاد نہیں ہے
اسکا حکم مرفوع کا ہی جیسے اخبار ماضیہ خلقت کا پیدا ہونا اور انبیا کی حالت اور امور آئندہ جیسے لڑائیاں
اور فتنے اور قیامت اور بہشت اور دوزخ کا ذکر اور افعال پر ثواب اور عذاب کا ہونا چونکہ یہ سب امور
ہیں جنمیں اجتہاد کو مجال اور دخل نہیں ہے اسکو مرفوع کے حکم میں داخل کرینگے ابو عمرو الدانی کہتے ہیں کہ صحابی
کبھی ایسی بات کہتے ہیں کہ موقوف ہوتی ہی تو اہل حدیث اسکو اپنی سند میں لاتے ہیں کہ قول صحابہ موقوف بنانا
ممتنع ہی ابن حجر کہتے ہیں کہ یہ امر تمام خلقت کا معتمد ہے ائمہ کی کتب میں صحیح بخاری و مسلم و امام شافعی
و ابی جعفر طبری و ابو جعفر طحاوی و ابو بکر بن مردویہ کی تفسیر مسند میں بیہقی اور ابن عبد البر نے کہا ہی کہ

اس قول کی سند صحیح متصل ہو اور حاکم نے اسپر جزم کیا ہی اور فخر الدین رازی نے محصول میں کہا ہے کہ
صحابی کا ایسا امر بیان کرنا جسمیں اجتہاد کو مجال نہیں ہے تو اسکو بھی حمل کرینگے کہ انہوں نے سنا ہے کیونکہ جب
اسمیں اجتہاد نہیں ہے تو کوئی امر اسکے سوا نہیں ہو سکتا ہی کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سنا ہوگا اسکی بعد
حافظ جلال الدین سیوطی نے بہت سی احادیث مرسل لکھی ہیں جنمیں محدثین نے مرفوع تحریر کیا ہی اور ان
محدثین کے نام بھی لکھے ہیں **تیسری وجہ** طاؤس کے اثر کا حکم حدیث مرفوع مرسل کا ہے اور مرفوع مرسل
کی اسناد تابعی کی طرف صحیح ہی اور حجت ہے باتفاق امام ابو حنیفہ و مالک و احمد کہ انہوں نے اسمیں کچھ شرط
نہیں لگائی ہی امام شافعی فرماتے ہیں کہ اثر جبتک قوت نہ پائے حجت نہیں ہوتی ہی اور جن امور سے اسکو قوت
ہوتی ہے وہ اپنی محل میں مذکور ہیں ایک یہ ہے کہ وہ اثر کسی اور سند سے بھی مرسل مروی ہو یا کسی صحابی کا فعل
جو اسکے موافق ہو تو یہ قوت یہاں موجود ہے کہ مجاہد اور عبید بن عمیر نے بھی اس اثر کو روایت کیا ہے اور
عبید بن عمیر اگر صحابی نہیں ہیں تو تابعی ہیں پھر انکی دونوں روایت مرسل اس مرسل کی تائید کرتے ہیں
ترمذی نے اپنی کتاب کے آخر میں کہا ہی کہ ابو بکر علی بن عبد اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ یحیی بن سعد
کہتے ہیں کہ مجاہد کے مرسلات بہ نسبت مرسلات عطا بن ابی رباح کے مجکو بہت پسند ہیں کہ عطا ہر قسم سے
روایت کرتے ہیں علی کہتے ہیں کہ میںنے یحیی سے کہا کہ مجاہد کے مرسلات اچھی ہیں یا طاؤس کے مرسلات تو یحیی نے
کہا کہ دونوں قریب ہیں اور اگر عبید بن عمیر کی صحبت کے ہم قائل ہوجائیں تو یہ حدیث مرفوع متصل ہوگی
اور طاؤس کی روایت اسکی شاہد قوی ہی جو مرتبہ صحت پر اسکو ترقی دیتی ہی اور امام نووی شرح مسلم
میں لکھتے ہیں کہ جب دوسری سند سے متصلا روایت ہوتی ہی اور وہ حجت ہوجاتی ہی تو اس مسئلہ میں گویا دو حدیث
صحیح ہوگئی ہیں **چوتھی وجہ** تابعی کی روایت میں ہے فَكَانُوا يَسْتَحِبُّونَ یعنی كَانُوا يَفْعَلُونَ
اسمیں اہل حدیث اور اہل اصول کے دو قول ہیں پہلا قول یہہ قول بھی مرفوع ہی یعنی اسکی یہ ہیں کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں یہ کام کرتے رہتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسکی اطلاع کرتے تھے

اور یہاں اس کی تقریر ہوتی تھی دوسرا قول یہ قول صحابہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ تھے
پھر اس میں اختلاف ہے کہ جب تابعین کا قول ہے تو اجماع ہوا یا کسی کا ہے یا کسی کا نہیں ہے اور بعض نے صحیح کہا ہے اور نووی نے
شرح مسلم میں ایسا ہی بیان کیا ہے کہ کَانُوْا یَفْعَلُوْنَ قول تابعی اس پر دلالت کرتا ہے کہ بعض کا
قول ہے اور بعض کہتے ہیں کہ یہ دلالت کرتا ہے کہ سب امت کا فعل ہے یا بعض کا اور بعض ساکت ہے یا تمام صحابہ
اسطرح کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ظاہر ہوتا رہا اور آپ نے انکار نہ فرمایا اور رافعی نے شرح مسند
میں لکھا ہے کہ مراد اس سے یہ ہے کہ یہ امر اس عہد میں بے انکار مشہور تھا پھر قول طاؤس کا کَانُوْا یَسْتَحِبُّوْنَ اگر مرفوع
ہے جیسا کہ قول اول ہے تو یہ قول تتمہ حدیث مرسل کا ہے تو یہی حدیث سے دو امر حاصل ہوئے ایک یہ کہ
یہ امر اعتقادی ہے یعنی سات دن تک مردے اپنی قبروں میں مبتلا رہتے ہیں دوسرے یہ کہ یہ حکم شرعی فرعی ہے
یعنی اس مدت سات دن تک میت کے ثواب کے لئے صدقہ دینا اور کھانا کھلانا مستحب ہے جیسا کہ دفن کرنے کے بعد
ایک ساعت قبر پر ٹھہرے رہنا مستحب ہے اور یہ دونوں امر مرسل الاسناد ہوئے کہ تابعی نے مطلق بیان کیا اور صحابہ
کا نام نہ لیا جنسے یہ حدیث انکو پہنچی ہے تو جو محدث کہ حدیث مرسل کو مطلق قبول کرتے ہیں انکے نزدیک تو
قبول ہی ہے اور جو بشرط اعتضاد و قوت قبول کرتے ہیں وہ اسوجہ سے قبول کرتے ہیں کہ مجاہد اور عبید بن عمیر سے
یہ حدیث روایت ہوئی ہے تو اب اس مرسل کے احتجاج میں کسیکو اختلاف نہ رہا اور اگر کَانُوْا یَسْتَحِبُّوْنَ کو صحابہ
روایت کرتے ہیں اور اجماع مراد ہے تو یہ قول متصل ہے کیونکہ طاؤس نے اکثر صحابہ کی صحبت پائی ہے تو بالمشافہ
روایت کی ہے اور جنسے کہ صحبت نہیں پائی ہے انسے روایت بالبلاغ کی ہے اور اگر کسی صحابہ سے روایت کی ہے
جیسا قول ثالث ہے جو صحیح ہے تو ان صحابہ سے کہ انکو ادراک کیا ہے پھر یہ حدیث متصل ہوئی اور یہ روایت
بھی حدیث انہی امور پر شامل ہے جنہیں ہم نے ذکر کیا ہے ثانی یہ کہ یہ حدیث متصل ہے چنانچہ ظاہر ہے اور
اول یہ کہ مرسل ہے جیسا اوپر تقریر کی گئی یہ ایسا قول ہے کہ سوا صاحب وحی کے اور کوئی نہیں کہہ
سکتا ہے اور چونکہ تابعی نے مطلق کہا ہے اور صحابی کا ذکر نہیں کیا ہے جس سے یہ روایت انکو پہنچی ہے تو مرسل

ن مذکور جابر ثانی یعنی سب صحابہ سے یا بعض صحابہ سے منقول ہونا مرسل کیلئے قوت دیتا ہے
ہما کی وجہ یہ بھی ہے کہ فعل صحابہ اسکی موافق ہو تو اسکے معارضہ کے سوا ایک جا خاصہ ہے اور وہ
صحابہ ہیں عبید بن عمیر کا قول ہے تو اس حدیث میں ایک جملہ مرفوعہ مرسلہ اور ایک جملہ موقوفہ متصلہ
ہیں جسکا مدلکا ہے اور طاوس نے جو طرح پر روایت کیا تو مضمون اسکا یہ ہے کہ حکم شرعی کی جہت معلوم ہوا
کہ سات دن تک میت کیلئے کھانا کھلانا مستحب ہے اور اسکا سبب ذکر کیا ہے کہ میت ان دنوں اپنی قبر میں
مبتلا ہوتے ہیں اسلئے فکانوا یستحبون پر حرف تفریع کی لاتے ہیں اسکی نظیر جامع ترمذی میں اور بیہقی کے
شعب الایمان میں زہری کا قول ہے اِنَّمَا کُرِہَ المِندِیلُ بَعدَ الوُضُوءِ لِاَنَّ مَاءَ الوُضُوءِ
یُوزَنُ یعنی وضو کے بعد رومال سے پوچھنا مکروہ ہے اسلئے کہ وضو کا پانی وزن کیا جاتا ہے زہری جو تابعی ہیں
انہوں نے حکم شرعی کی علت بیان کی ہے یعنی وضو کرکے اعضا کی تری رومال سے پوچھی جاوے اسکا سبب
صرف احادیث مرفوعہ سے معلوم ہوتا ہے اسلئے کہ وضو کی تری کا وزن ہونا ایک امر موقوف ہے جو ایک امر قیاسی نہیں
ہے اور احادیث جو بجائے علت کے وارد ہوئی ہے مرسل ہے جسمیں صحابہ کا نام محذوف کیا گیا ہے شرح مسلم کے
آخر میں نووی لکھتے ہیں کہ اگر فتوی دینی کی حاجت ہو تو صحابی مضمون حدیث مفتی فتوی دے سکتے ہیں
پر مرفوعا روایت نہیں کر سکتے ہیں اور کبھی مرفوع بھی روایت کر سکتے ہیں اور رافعی اپنی شرح مسند میں لکھتے ہیں
کہ صحابی اسکی ساتھ حجت پکڑتے ہیں مگر بحوالہ حدیث فتوی دیتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف
اسکو سند نہیں کر سکتے ہیں اور طاوس کا اثر ایک اور امر کا بھی احتمال رکھتا ہے کہ جملہ اولی متصل ہے کہ
صحابہ میت کیلئے ان سات دنوں میں کھانا دینا مستحب جانتے تھے تو یہ خبار صریح ہے کہ صحابہ کو یہ امر معلوم تھا
اور ان ایام فتنہ قبر میں یہ کام کرتے رہتے تھے تا وقت فتنہ کے ثابت رہیں اور جب صحابہ کو معلوم ہوا تو اسکا
موقوف کہنا نسیان ہے چنانچہ اسکی تقریر بیان ہوئی تو یہ حدیث مرفوع متصل ہوئی نہ مرسل کیونکہ طاوس نے جمع
صحابہ سے نقل کیا ارسال زائل ہو گیا اور اتصال ثابت ہو گیا ہے انہی معنے اپنی ارجوزہ میں کہا ہے اسکی سند

صحیح ہو مرسل ہے اور یہی وجہ ہے روایت ہوتی ہو کہ متصل ہو اگرچہ بظاہر مرسل ہو یہ کا متصل ہونا
ظاہر ہے بدیں وجہ کہ طاوس نے ان ایام میں کھانا کھلانا صحابہ سے بھی نقل کیا ہے اور یہ بات معلوم ہوتی
ہے کہ فتنہ کا تحقق صحابہ کو معلوم تھا اور رسالہ میں کہ طاوس نے اسکو مرسل کیا ہے اور صحابی کا نام
نہیں لیا ہے یہ لطف ہے کہ یہ امر صحابہ میں مشہور تھا اور جن صحابیوں سے انہوں نے وہ روایت کی ہے وہ ایسے
بہت ہیں کہ نام لینے کی حاجت نہ تھی اسلئے کہ سب کا نام لینا بہت طول ہے اور ایک دو کے نام لینے سے یہ
خیال ہوتا کہ یہ امر صرف انہی ایک دو سے سنا ہوگا نہ اوروں سے انکے سوا اور خصوصاً یہ صیغہ سلف مرید دلیل ہے
کہ سب امت یہ کام کرتے رہتے تھے تو نام نہ لینا بہت بلیغ ہوا بہر حال یہ حدیث مقبول ہے اور حجت ہے
اسلئے کہ بحث یہ ہے کہ یہ حدیث یا متصل ہے یا مرسل ہے جسکو مرسل دوم تقویت دیتی ہے اور یہ فعل سب
صحابہ کا ہے یا چند صحابہ کا یا تمام امت کا بہر حال یہ کلام اسمیں ہے کہ یہ حدیث باعتبار فن حدیث و
اصول کی مقبول و حجت ہے، پانچویں وجہ امام عبد الجلیل بن موسی القصری نے شعب الایمان میں لکھا ہے
اور ابو زید جزولی نے رسالہ ابن ابی زید کی شرح میں نقل کی ہے کہ برزخ تین طرح ہے مکان و زمان
و حال مکان قبر سے علیین تک کہ اسمیں سعدا کی روح رہتی ہے اور قبر سے سجین تک کہ اسمیں اشقیا
کی روح رہتی ہے زمان جب سے کہ تمام خلقت جن اور آدمی اور سب مخلوق مرتی ہے اور مرتی جاتی ہے اسوقت سے
قیامت تک اسمیں رہیگی حال یا نعمت و خوش عیشی ہے یا عذاب ہے یا قیدی ہیں کہ فرشتوں کے سوال اور
جواب کے بعد خلاصی پائینگے جو امتحان امر فتنہ کیلئے مقرر ہیں کلام تمام ہوا اور اس کلام سے اور تحبوسة
حتی یتخلص من الملکین الفتانین۔ سے یہ ظاہر ہے کہ فتنہ قبر ایک مدت ہوتا ہے اور اس مدت تک جو سات
دن ہیں ارواح محبوس رہتی ہیں پھر چھوڑ دیجاتی ہیں قول اسکی تائید ہے اور حافظ ابن رجب نے کتاب
اہوال القبور میں مجاہد سے روایت کی ہے کہ وقت دفن سے سات دن تک قبروں کے اندر روحیں رہتی ہیں اس سے
جدا نہیں ہوتیں یہ آثار ہیں ایک دوسرے کی تائید کرتی ہیں چھٹی وجہ سب علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ فتنہ

منکر نکیر کا سوال مراد ہے اور احادیث اسمیں صریح ہیں ساتویں وجہ کوئی یہ اعتراض کرتا ہے کہ تمام
احادیث میں سات دن کے ذکر کی تصریح نہیں ہے تو اسکا جواب یہ ہے کہ اسکی نفی کی بھی تصریح نہیں ہے اور
غرض یہ ہے کہ فتنہ ایکبار ہوگا یا زیادہ بلکہ وہ مطلق ہے ایکبار پر یا زیادہ پر صادق آتا ہے جب کہ سات
دن کا بوجہ مقبول آیا ہے تو اسکا قبول واجب ہے اور اہل حدیث کے نزدیک ثقات کی زیادتی جو قبول ہوتی ہے
یہ بھی اسی قسم سے ہے اور اہل اصول مطلق کو مقید پر حمل کرتے ہیں آٹھویں وجہ اگر یہ کہا جائے کہ بعد روز
اول کے جو سوال ہوتا ہے یہ آیا ذکر جدید ہے یا ذکر سابق کی تاکید ہے اسکا جواب یہ ہے کہ یہ تاکید ہے اور فتنہ
صرف ایک ہی سوال ہوگا کہ اسکے رب اور دین اور نبی کا سوال کرینگے اور جواب بھی ایک ہی ہے کہ
سوال کے بعد دوبارہ کیا جائیگا اور پہلا جواب تاکید کے لئے ہے اور حدیث وارد ہے کہ سوا ان باتوں کے
اور کچھ نہ پوچھا جائیگا اسپر سب علماء کا اتفاق ہے نویں وجہ اگر کوئی کہے کہ مکرر کرنے میں سات دن کی کیا
حکمت ہے اور کیا ذکر اول کافی نہ تھا تو جواب اسکا یہ ہے کہ سوال کرنے سے یہ مقصود نہیں ہے کہ جو حال
مردہ کا ہے وہ معلوم کیا جائے یا جب مردہ نے جواب دیا تب اسکا حال معلوم ہوا معاذ اللہ کوئی عاقل یہ
خیال نہ کریگا اللہ تعالی سوال سے پہلے جو اسکا حال ہے سب جانتا ہے بلکہ فرشتے بھی جانتے ہیں چنانچہ
صحیح میں وارد ہے کہ فرشتے اسکا جواب سنکر کہینگے کہ تو آرام سے سو رہ ہم جانتے تھے کہ تو مومن ہے
اور ہر سوال و جواب کے کئی فائدے ہیں ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شرف اور
آپکی خصوصیت و فضیلت تمام انبیاء پر ظاہر ہوتی ہے یہ سوال صرف آپکی تعظیم کیلئے مقرر ہوا ہے ہر مردہ
سے اسکی قبر میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرائی جائیگی اور کسی نبی کو یہ رتبہ نہیں ملا ہے حضرت نے
فرمایا کہ اہل قبر کو میرے باب میں فتنہ ہوگا اور میرا انہی سوال ہوگا یہ حدیث احمد اور بیہقی نے بسند صحیح
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے دسویں وجہ سات کا عدد جو اس حدیث میں
ذکر کیا گیا اسکی پہلے مناسبت ہے کہ سات اور تین کا عدد شرع میں بہت واقع ہے بہا تکرار مراد ہوتی ہے

حدیث ہی ہے جو صاحب الوحی سے روایت کرتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم حاشا وکلا جبکہ یہ بھی بخاری کی
روایت ہے کہ دونوں فرشتے میں یا ہوتی ہیں کر
یکھان ترک کیجئے چودھویں وجہ احادیث مطلقہ میں وارد ہے
یہی سوال اکثر کرتے ہیں مگر احادیث ایام میں سے میں انکی تصریح نہیں ہے تو یہی حل ہوگا کہ سوال
ہر روز ہوتا ہے اسلئے کہ جب احادیث سے بعض مقید ہیں بعض مطلق تو قاعدہ اصول کا یہ ہے کہ حدیث مطلق
مقید ہو جائیگی اپنی اطلاق پر نہ رہیگی پندرھویں وجہ اس مقام پر یہ شبہ ہوتا ہے کہ بخاری کی حدیث
میں ہے کہ سوال کے بعد مردہ کو کہتے ہیں کہ تم آرام سے سورہو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اب اسکو کچھ تکلیف
نہوگی اسکا جواب یہ ہے کہ یہ کلام اس آدمی کا ہے جو فن حدیث میں نظر کامل نہیں رکھتا ہے اور علماء متکلمین
کی اصطلاح پر بخوبی وقوف نہیں رکھتا ہے جو سطرح کی احادیث وروایات سب طریقوں اور سندوں کو جمع کرتے ہیں
اور ہر حدیث وروایات سے فائدہ حاصل کرتے ہیں پھر جسمیں کوئی امر زیادہ نہیں پاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ یہ
حدیث ان احادیث کی مختصر ہے جنمیں زیادتی ہے بخاری کی حدیث اسماء بنت ابی بکر سے یہ ہے کہ میںنے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ مجھپر یہ وحی آئی ہے کہ تم قبر میں مبتلا ہوگے تم سے پوچھا جائیگا کہ
رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے باب میں کیا جانتے ہو پھر مومن یا موقن کہیگا یہ محمد ہیں رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم ہمکو ظاہر دلیلیں اور ہدایت لائے تھے ہمنے قبول کیا اور پیروی کی اسکو کہینگے کہ اب آرام سے
سورہو ہم جانتے تھے کہ تو یقین والا ہے اور منافق یا شک والا کہیگا میں کچھ نہیں جانتا ہوں لوگوں سے
سنا ہے کہ کچھ کہتے تھے میں بھی وہی کہنے لگا یہ بخاری کی حدیث مختصر ہے اسمیں کچھ زیادتی
نہیں ہے اور سوال کے باب میں جو احادیث ہیں وہ دراز ہیں صحیح ہیں انمیں بہت زیادتی ہے اعتقاد
سوا اعتقاد کے اور کچھ ہو نہیں سکتا ہے اسلئے اگر ایک آدمی ایسے امر کو قبول کرے جو ایک حدیث مختصر
میں ہے اور جو وہ سے مطول حدیثوں میں ہے انکو چھوڑدے تو اس سے یہ لازم آئیگا کہ جو احادیث صحیحہ میں
آیا ہے اسکو ترک کردیا اور حدیث سبعہ اور حدیث بخاری میں منافات نہیں ہے ان دونوں کے جمع کی یہ

صحیح ہے کہ حدیث بخاری میں ہے کہ مجھپر وحی نازل ہوئی کہ تم فتنہ قبر میں پڑوگے آخر حدیث تک یہ فتنہ ساٹھ دن ہوگا حدیث بخاری کی طلق ہے جسکا اطلاق ایک پر اور اس سے زیادہ پر ہوتا ہے

پانچواں باب اس امر کے بیان میں کہ صدقہ اموات کا کھانا اغنیا کو جائز ہے

بعض لوگوں نے مجھسے یہ سوال کیا کہ صدقہ اموات کا کھانا اغنیا کو جائز ہے یا نہیں میں نے یوں جواب دیا کہ بموافق مستفتی کے اس مسئول کا جواب دو امر کی تسلیم پر موقوف ہے پہلا امر ثواب عبادات مالیہ و بدنیہ سے موتی متمتع ہوتے ہیں یا نہیں اہل اعتزال کا یہ مسلک ہے کہ کسی قسم کا ثواب میت کو نہیں پہنچتا انکی عمدہ استدلال یہ آیہ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ہے انکی خیال میں اسکا مفہوم یہ ہے کہ انسان کے لئے کوئی چیز مفید نہیں ہے سوائے اس امر کے جسکو انہوں نے خود کیا ایسی صورت میں دوسرے کا فعل کسی میت کو مفید نہیں ہوسکتا **اسکا جواب یہ** ہے کہ یہ مطلب اسوقت ہوسکتا تھا جب آیت میں لَا يَنْفَعُ اِلَّا مَا سَعٰى ہوتا آیت تو یوں ہے وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى اسمیں غیر سعی کے ملک کی نفی کیگئی ہے یعنی آدمی کی ملک اسوقت تک نہیں ہوسکتی جبتک اسنے سعی نہ کی ہو غیر کی سعی ساعی کی ملک ہوتی ہے اُسے اختیار ہے کہ وہ کسیکو بخشدے یا اپنی ذات کیلئے ذخیرہ چھوڑ رکھے ایسی صورت میں یہ آیت ہماری طرف ہے خود مخالفین پر حجت ہوگی اسلئے کہ جس شخص نے اپنے عمل کا ثواب میت کو ہبہ کیا اسنے یہ کوشش کی کہ وہ ثواب جو اپنے لئے موعود ہے غیر کو پہنچے پھر بلحاظ اس آیت کے وہ ثواب غیر کو پہنچیگا عبادات مالیہ سے غیر کا متمتع ہونا ایسا امر ہے جسکا احادیث متعددہ سے اچھی طرح ثبوت پایا جاتا ہے چنانچہ سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم نے دو مینڈھوں کو ذبح کیا ایک کی نسبت فرمایا اَللّٰهُمَّ هٰذَا مِنْ اُمَّتِىْ جَمِيْعًا اور دوسرے کی نسبت ارشاد کیا اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَنْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ چنانچہ اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے

قربانی میں ساری امت مرحوم کا ثواب ہوتا ہے جسکی نسبت آپنے فرمایا هٰذَا مِنْ اُمَّتِیْ جَمِیْعًا اب اس سے
بڑھکر کیا ہوگا خاص خاص طور پر بھی آپنے ایصال ثواب مالی کیلئے فرمایا ہے طبقات ابن سعد میں سعید بن
المسیب سے مروی ہے اِنَّ سَعْدًا اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اُمَّ سَعْدٍ مَاتَتْ
وَلَمْ تُوْصِ فَهَلْ یَنْفَعُهَا اَنْ اَتَصَدَّقَ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ فَقَالَ اَیُّ الصَّدَقَةِ اَحَبُّ اِلَیْکَ
اَوْ قَالَ اَعْجَبُ اِلَیْکَ قَالَ الْمَاءُ ۔ اس حدیث سے ظاہر ہے کہ سعدؓ جو عشرہ مبشرہ سے تھے
آپکی خدمت میں حاضر ہوئے یہ کہا کہ ام سعدؓ نے انتقال کیا مگر کچھ پہلے کوئی وصیت نہیں کی پھر اگر کچھ
صدقہ دیا جائے تو کیا انکو فائدہ ہوگا آپنے فرمایا ہاں سعدؓ نے پوچھا کونسا صدقہ آپکے نزدیک پسند ہے
چونکہ ملک حجاز میں پانی کی قلت رہتی ہے اور پانی کے لوگ زیادہ محتاج رہتے ہیں آپنے آب فرمایا
چنانچہ ام سعدؓ کیلئے سقایہ رکھا گیا چونکہ سقایہ میں صرف پڑتا ہے اسلئے یہ عبادات مالیہ سے ہوگا رہا باب
عدم ایصال ثواب عبادات بدنیہ کے بعض اشخاص کا یہ خیال ہے کہ قیاس عبادات بدنیہ کا عبادات مالیہ
میں اسوجہ فاسد ہے کہ عبادات بدنیہ میں نفس امارہ کو تعب ہوتا ہے اور تذلل عبودیت کا اظہار کیا جاتا ہے
یہ سب امور ایسے ہیں جیسے غذا یا دوا کی تاثیر جسم میں ہوتی ہے ایسے مقام پر نیابت کا تحقق کیونکر ہو سکتا ہے
کہ تادیب حیوان و صبیان و نسوان اور اپنی تہذیب اخلاق و مراقبات و اشغال اور اس قسم کے افعال
میں نیابت جاری ہو اور نائب سے میت کو ثمرہ پہنچے وَهُوَ مُحَالٌ بِحَسَبِ الْعَادَةِ الْاِلٰهِیَّةِ وَاِنْ کَانَ
مُمْکِنًا بِحَسَبِ قُدْرَتِهٖ تَعَالٰی عبادات مالیہ جو امور دینیہ میں داخل ہوگئے ہیں خیال سے کہ
مفاسد فقر وغیرہ کی احتیاجات کی حاجت رفع ہو اور سیاست مدنیہ کا نظم ہو اور ضعفائے اہل ملت ہلاکت و
تلف سے محفوظ رہیں ایسے امور میں نیابت جائز ہے ہم اس خیال کو اسوجہ سے بیہودہ تصور کرتے ہیں کہ
ہبہ ثواب عبادت بدنیہ میں احادیث مروی ہیں پھر قیاس کی ضرورت کیا رہی دارقطنی سے مروی ہے
کہ ایک شخص نے آنحضرت صلعم سے پوچھا کہ ہمارے ماں باپ تھے جنکی حیات میں ہم انکی ساتھ احسان کرتے تھے

پھر وہ مرگئے اب انکے ساتھ احسان کرنیکی کیا صورت ہے آپنے فرمایا کہ اسکا طریقہ یہ ہے کہ جب تم نماز
پڑھتی ہو انکے لئے نفل کی نماز پڑھو جب روزہ رکھتی ہو انکے لئے نفل کا روزہ رکھو حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ
آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جو شخص قبر پر گزرے اور دس بار سورہ اخلاص پڑھکے اسکا ثواب مردوں کو
بخشے مردوں کے برابر اسکا ثواب پہنچیگا رُوِیَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
فَقَالَ کَانَ لِیْ اَبَوَانِ اَبَرُّھُمَا حَالَ حَیٰوتِہِمَا فَکَیْفَ لِیْ بِبَرِّھِمَا بَعْدَ مَوْتِھِمَا فَقَالَ
لَہٗ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اِنَّ مِنَ الْبِرِّ بَعْدَ الْبِرِّ اَنْ تُصَلِّیَ لَھُمَا مَعَ صَلٰوتِکَ وَاَنْ
تَصُوْمَ لَھُمَا مَعَ صَوْمِکَ رَوَاہُ الدَّارُقُطْنِیْ وَعَنْ عَلِیٍّ رض اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَرَّ عَلَی الْمَقَابِرِ وَقَرَءَ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ عَشَرَ مَرَّاتٍ ثُمَّ وَھَبَ
اَجْرَھَا لِلْاَمْوَاتِ اُعْطِیَ مِنَ الْاَجْرِ بِعَدَدِ الْاَمْوَاتِ رَوَاہُ الدَّارُقُطْنِیْ اس قسم کی بہت
سی روایات کتب احادیث میں مروی ہیں جنکا ذکر باعث تطویل ہے خیر اگر ہم یہ تسلیم کرلیں کہ یہاں
قیاس ہی قیاس ہے جب بھی کوئی ایسا فارق نہیں ہے جس سے قیاس کو باطل ٹھرائیں جب عبادات مالیہ کا ثواب
پہنچانا جائز ہوا تو کوئی وجہ اسکی نہیں ہے کہ ہبہ ثواب عمل بدنیہ ناجائز ہو صدقات میں بھی نفس کو تعب
ہوتا ہے یا بہت بچانا پڑتا ہے اسمیں بھی خلاف عقل یہ امر پایا جاتا ہے کہ کھانا کھائے ایک شخص اور فائدہ ہو
ایک مردہ کو غرض جب اس قسم کے امور بحسب قدرت باری تعالیٰ ممکن ہیں تو کوئی ضرورت انکار کی نہیں ہے
اگر انکار ہی کرنا تھا تو بہتر ہے مثل اہل اعتزال کے انکار کرنا تھا ہبہ ثواب عبادات مالی کا اقرار اور
ہبہ ثواب عبادات بدنی کا انکار لَا اِلٰی ھٰؤُلَاۗءِ وَلَا اِلٰی ھٰؤُلَاۗءِ ہے عبادات بدنیہ کی کیفیت یہ
ہے کہ جو شخص عبادات میں مصروف رہتا ہے وہ عبادت کے وقت اپنے کو مناہی سے محفوظ رکھکے ایک ایسے امر
میں مشغول رہتا ہے جو حسن لذاتہ ہے پھر یہ شخص بھی مثاب ہوتا ہے جب کل معروف صدقہ کا انکار نہیں کیا
جا سکتا تو اس امر کی تسلیم چار ناچار لازم آتی ہے کہ جسطرح ثواب عبادت بدنیہ سے میت متمتع ہوتی ہے

اسیطرح انکی عوارض اوازمات سے دَمَن دَعٰی فَعَلَیۡہِ الۡبَیَانُ امام ابوحنیفہ امام مالک امام احمد
حنبل وغیرہم رحمہم اللہ شافعیہ کا مسلک یہی ہے کہ عبادات بدنیہ کا ثواب مردے کو پہنچتا ہے وہ دوسرا امر
فاتحہ مرسومہ و نیاز متعارفہ ہند کا کھانا جائز ہے بعض لوگوں نے اسکی حرمت پر اُہِلَّ بِہٖ لِغَیۡرِ اللہِ سے
استدلال کیا ہے یعنی جب یہ بات کہی گئی کہ یہ کھانا فلاں بزرگ کی فاتحہ یا نیاز کا ہے تو اسپر غیر اللہ کا نام
آگیا جس سے وہ کھانا حرام ہوگیا یہ استدلال محض نافہمی پر مبنی ہے اسلئے کہ جماہیر مفسرین سلفا
وخلفا و شرقًا و غربًا و جنوبًا و شمالًا یہی لکھتے آتے ہیں کہ مَا اُہِلَّ بِہٖ لِغَیۡرِ اللہِ عِنۡدَ الذَّبۡحِ حرام ہے
اگر یہ قید نہ لگائی جائے تو ایسی چیزوں کو حرام جاننا پڑیگا جو عرفِ عام و شرع میں حلال خیال کیجاتی ہیں
مثلاً دعوتِ ولیمہ و ختان کا کھانا یا وہ کھانا جو کسی مہمان کے لئے پکایا گیا ہو یا جو کھانا روزانہ اپنی اہل و
عیال کے کھانے کیلئے پکایا جاتا ہے اسلئے کہ مَا اُہِلَّ بِہٖ لِغَیۡرِ اللہِ کا ان سب پر اطلاق ہوتا ہے جو حرام قرار دیا گیا ہے
فاتحہ و نیاز مرسومہ ہند عبادتِ بدنیہ و مالیہ پر حاوی ہے پھر اسمیں کسیطرح کا شبہہ نہیں کہ یہ امور مستحب
ہیں اور انکا کھانا حلال ہے رہی یہ بات کہ انکا کھانا غنیا کو جائز ہے یا نہیں تو اس بات کو خیال کرنا چاہئے کہ
جو لوگ فاتحہ و نیاز کرتے ہیں انہوں نے جس جس کے کھلانیکا ارادہ کیا ہے سب کو کھانا جائز ہے عام ازینکہ
وہ گھر کے عزیز ہوں یا دوسری برادری کے لوگ یا امرا یا اہل دل یا اہلِ علم یا فقرا یا مشائخ اور سب کے
کھانیکا ثواب بزرگوں کی روح پر فتوح کو پہنچتا ہے طبقات ابن سعد میں سعید بن مسیب سے مروی ہے اِنَّ اُمَّ
سَعۡدٍ مَاتَتۡ فَسُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ اَیُّ الصَّدَقَۃِ اَفۡضَلُ قَالَ اسۡقِ الۡمَآءَ یعنی جب
اُمِّ سعد کا انتقال ہوا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کونسا صدقہ افضل ہے فرمایا پانی پلاؤ
اُمِّ سعد کے نام کا جو سقایہ رکھا گیا اس سے اجلۂ خلفائے راشدین نے بلا نکیر پانی پیا پانی کھانے میں زیادہ فرق
نہیں ہے جسطرح کھانا معدہ میں پہنچنے کے بعد طبخ کیلوسی و کیموسی کے بدن میں منتشر ہوتا ہے اسیطرح
پانی کھانیکے ہضم کا معین ہوتا ہے پھر اگر اس پانی کا پینا ہو جیسے کہ اُمِّ سعد کا صدقہ ہی حرام ہوتا تو خلفائے

راشدین ضرور اس سے احتراز کرتے اور نہ پیتے اور اگر یہ خیال ہوتا کہ اس پانی کے پینے سے ام سعد ثواب سے
کام کوئی حق ادا نہ کیا یعنے دعوت اسلام کر کی خدا کے راستہ پر نہ بلایا تو کوئی کام
نہ کیا فقط

تمت

اشتہار

یہہ توبہ نامہ اور ایسیکے متن و حاشیہ کی کتب بلکہ فریقین کے بہت سے کتب موجود ہین
یہان تک کہ انکے یعنے وہابیہ کے ہر ایک عقائد کے او کتاب کے رد کے رسائل
ایک ایک اور دو دو اور چار چار اور بعض کی نو نو اس وضع کی عمدہ جواب بڑی اور چھوٹے
شہرون مختلف سے آئی ہوئی موجود ہین معہ فہرست کے **شہر دھلی** پھاٹک
حبش خان دوکان **عبد الرزاق و ابوبکر کتب فروش** پر ملتے ہین کہ ایسے
شہر مین ایک جگہہ نہین ہین طلب فرماکر ملاحظہ فرماوین اب یہہ توبہ نامہ معہ حاشیہ جدید
سنہ ۱۳۰۵ ہجری کو **مطبع محمود المطابع واقعہ شہر دھلی** گلی

چیلان مین طبع ہوا

بقیمت آدہ آنہ

جو مسائل کہ عموماً نکاح و طلاق میں ضرور ہیں

رسالہ جوہر الایمان

در مطبع گلشن ہند پریس واقع دہلی طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ وعترتہ
وازواجہ اجمعین اما بعد عرض کرتا ہے بندہ درگاہ وخادم بارگاہ سید الکونین رسول الثقلین سرور
اولاد حسینا ابن سید سعید الدین حسین مرحوم ومغفور نبیرہ حضرت مخدوم مصلح الدین چشتی جرجانی
بلرامی خدمت میں اہل یقین کے کہ رسالہ ہذا مسمی بہ جواہر الایمان دربیان محبت وعشق محمد وآل
محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بتقلید قول صوفیہ کرام مصرع عشق محمد بس است وآل محمد، کتب حدیث و
تواریخ معتبرہ سے منتخب کرکے اٹھارہ بابوں پر ختم کیا باب اول دربیان محبت حضرت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باب دوم دربیان محبت وعشق اہل بیت رسول اللہ علیہ السلام باب سوم
دربیان فضیلت حضرت مرتضیٰ علی کرم اللہ وجہہ باب چہارم دربیان فضیلت خاتون قیامت فاطمہ
زہرا علیہ السلام باب پنجم دربیان فضیلت سرداران جنتین حضرت حسنین علیہ السلام باب ششم دربیان
بحث خیر البشر بعد الانبیا بالتحقیق باب ہفتم دربیان مراتب وفضیلت اصحاب صادقین وخلفاء راشدین
رضی اللہ عنہم باب ہشتم دربیان خلافت صوری حضرت علی کرم اللہ وجہہ وجنگ جمل باب نہم دربیان
بغاوت معاویہ بن ابوسفیان وجنگ صفین باب دہم دربیان تعظیم وحرمت مدینہ طیبہ باب یازدہم
دربیان شہادت حضرت مرتضیٰ علی کرم اللہ وجہہ باب دوازدہم دربیان شہادت امام حسن
علیہ السلام باب سیزدہم دربیان بعض حالات حکومت معاویہ باب چہاردہم دربیان
شہادت امام حسین علیہ السلام باب پانزدہم دربیان تجویز لعن یزید پلید۔ باب
شانزدہم دربیان شرف سادات بنی فاطمہ باب ہفدہم دربیان اولاد امام حسن علیہ السلام
باب ہژدہم دربیان اولاد امام حسین علیہ السلام بتمیز اہلبیت نبی علیہ السلام باب اول

1311

1823

بیان محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جاننا چاہئے کہ محبت صادق نصیب کرے اللہ تعالیٰ
ہمکو اور تمکو سید الثقلین کی کہ محبت آنحضرت کی اصل ایمان اور پھل دینے والی نیک
بختی دونوں جہان کی ہے اور علامت ہے حسن خاتمہ اہل ایمان کی بموجب من احب شیئا اکثر
ذکرہ کے اور لوازم محبت سے ہے ذکر محبوب کا اور دلیل ہے محبت کے اور پوشیدہ نہیں ہوتی ہے
علم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بلکہ یہہ کہنا چاہئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بشیر اور
نذیر خلق اللہ کا علم کے ہیں پس نہایت جگہہ پہونچتے علم کے ذات النور علیہ السلام میں یہہ ہے کہ آپ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بصورت بشر سب سے زیادہ خلیق اور بہتر اور افضل تمام مخلوقات کے ہیں بعد
احدیت کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سی فضیلت کسی میں نہیں ہے شیخ الاجل گوید مخوان
در اخدا از بہر امر شرع دین۔ دگر ہر وصف کش میخواہی اندر مدحش املا کن ٭ دیگر شاہ رسل شفیع است
امم خواجہ دو کون ٭ نور خدا حبیب خدا سید الانام ٭ مقصود ذات اوست دگر جملگی طفیل ٭ منظور نور او
دگر جملگی ظلال ٭ ہر مرتبہ کہ بود در امکان بر او ست ختم ٭ ہر نعمتی کہ داشت خدا شد بر او تمام بر ذات
از طبیعت انسان منقدم گران ٭ اسریٰ بعبدہ است من المسجد الحرام ٭
تا عرصہ وجود کا فضائے عالم است ٭ کانجا کا بجہتہ نہ انسان نہ نام ٭ از اشیای عالم جان بخشش کن
مقام سر لیست پس شکر دشا در اینجا ہیچ نام ٭ جزو دی دران مقام نگنجد بیچکس ٭ اولواد ذات پاک خداوند
والسلام دیگر جائے چگویم وصف نبی را بیان ٭ کہ آیات خود ناطق اند در عیان ٭ چگویم تقریر در شرح او
کہ حق گفت لولاک در شرح او ٭ چگویم در وصف خیر البشر ٭ کہ سر اللہ است او با البشر ٭ دیگر در ہیچ
ذرہ نیست کہ نور محمدی ٭ از طلعت وجود اضافی لطافت ٭ سر سپہر طار از انفاس فیض ست
این نکتہ پیش اہل نظر امر واقع است ٭ فردا لوا حمد بدست محمد است ٭ متبوع اوست جملہ جہانش متبع
است اور فرمایا آنحضرت نے واسطے محبت اپنی کے حدیث لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ
وولدہ والناس اجمعین ترجمہ یعنے لایا ایمان تم سے کوئی جب تک کہ میں دوست زیادہ تر
نزدیک اوسکے باپ اور ماں اور تمام آدمیوں سے قولہ تعالیٰ قل ان کان اباؤکم وابناؤکم
واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموال ن اقترفتموها وتجارة تخشون کسادها ومساکن
ترضونها احب الیکم من اللہ ورسولہ وجہاد فی سبیلہ فتربصوا حتی یاتی اللہ لا یہدی القوم
الفاسقین ترجمہ یعنے کہو اے محمد اگر باپ اور لڑکے اور عورتیں اور مال تمہارے کہ اوسکو تمنے کسب
کیا ہے اور تجارت تمہاری کہ ڈرتے ہو اوسکے نقصان سے اور مساکن تمہارے کہ راضی ہو ان سے

اوسکے دوست زیاده نزدیک تمہارے خدا اور رسول اوسکے سے اور جہاد کرنا بیچ راہ اوسکی
کے پہر انتظار کیجیو تا کہ لاوے خدا تعالی عذاب اپنا اور منشاء محبت کا حسن اور احسان
ہے اور یہہ دونو صفتین مخلوقات سے تمام وکمال منحصر ہین بیچ ذات آنحضرت کے کہ اکمل
اور اجمل اور اخلق ہین کائنات سے نظم

ہم حسن وجمال بے نہایت داری	ہم جود وکرم بحد غایت داری	ہم حسن ترا ہست ہم احسان
محبوب توئی کہ ہر دو آیت داری	خط سبز ولب لعل ورخ زیبا داری	حسن یوسف دم عیسی ید بیضا داری
شیوه شکل وشمایل حرکات وسکنات	آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری	اور جب کہ دوست رکہتا ہے

توا وسکو کہ جسنے احسان کیا ساتہہ ایکبار یا دو بار اوس نعمت کے تئین کہ فانی ہے یا زائل
کیا کسی حضرت کو کہ زائل ہونے والی ہے پس کیونکہ پہونچے اوس نعمتہاے دائمی اور ابدی
کو کہ ہر بلیات سے محفوظ رہے اسیطرح آدمی جب کہ صورت جمیلہ اور سیرت حمیدہ کو دوست
رکہتا ہے پس جو شخص کہ جامع جمیع جمال جاودانی اور جمیع اجناس فضل اور کمال ہو وے
اوسکی دوستی کسطرح پر ہونا چاہیئے اسواسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شایان اس
امر کے ہو وے کہ دوستی اونکی اپنے نفس اور اہل اور اولاد اور مال سبسے زیادہ ہونا چاہیئے
اور محبت کی علامت آنحضرت علیہ السلام سے یہہ بات بہی ہے کہ آپکے دوست کو دوست
اور دشمن کو دشمن رکہے اور بہی علامت دوستی اوس جناب کے یہہ بہی شے ہے کہ قرآن مجید کو
دوست رکہے اور حدیث شریف مین آیا ہے کہ اپنی اولاد کو آداب سکہاؤ تین چیزون کا
ایک محبت رسول اللہ کی اور دوم محبت اہل بیت رسول خدا اور سوم تلاوت قرآن مجید
کے اور دوست رکہنا سنت نبوی کو اور پڑہنا درود شریف باادب صل وسلم دائماً ابداً
علی حبیبک خیر الخلق کلہم - اور جان توکہ فواید اور نتایج درود شریف کے بے حد ہین اور
حدیث شریف مین آیا ہے کہ جو میری اوپر ایکبار درود بہیجتا ہے اللہ تعالی اوسکے اوپر
دس مرتبہ صلواۃ بہیجتا ہے ترمذی ابن مسعود سے روایت کرتا ہے کہ فرمایا آنحضرت
نے کہ نزدیک ترین میری بروز قیامت وہ لوگ ہونگے جو درود بہیجتے ہین مجہپر بس ہوے ہین
بعض علماء فضیلت مین جہت کثرت ثواب کے بعض آدمیون کو صحابہ پر جواز رکہتے
ہین کہ تمام وظائف اونہون نے درود شریف کو گردانا ہے اور حدیث مین آیا ہے
کہ جو کوئی بروز جمعہ ہزار بار اس درود کو پڑہے جب تک کے وہ اپنی جگہہ بہشت مین دیکہ

مرتبہ کا اللھم صل علی محمد و آلہ الف الف مرۃ اور کنز النعمان شیخ علی متقی مین وارد ہے
کہ تین سو تیرہ مرتبہ ہر روز درود شریف کا ورد کرے کیونکہ اکثر علمار کا مقولہ ہے کہ یہ تعداد
تاثیر عظیم رکھتی ہی اور یہہ تعداد مرسلین اور اصحاب طالوت اور اصحاب بدر کی ہے
اور سو مرتبہ سے کم نکرے تاکہ بوسیلہ درود شریف کے ہر کام دینے اور دنیوی حاصل ہووے
اور بہتر درود شریف یہہ ہے اللھم صل علی محمد وعترتہ بعدد کل معلوم لک بارک وسلم اور
عارفین نے ہر روز ایک ہزار بار درود شریف کا ورد کیا ہے اور زیارت رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حاصل ہوئی ہے اور شیخ ابن ہمام شارح ہدایہ نے لکہا ہے کہ بموجب آیہ کریمہ
یا ایھا الذین امنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما ایک بار درود بہیجنا آنحضرت پر فرض قطع ہے اور
منکر اوسکا کافر ہے اور تارک اوسکا فاسق ہے اور کافی نے صحیح کی ہے یہہ بات کہ مجلس مین
ایک بار درود پڑہنا واجب ہے اور امام زاہدی نے کہا ہے کہ جتنی بار نام پاک آنحضرت لیا
جاوے اوتنی بار درود کہنا واجب ہے اور یہہ قول صحیح ہے نزدیک ہمارے اور اقرب
اور راجح ہے واسطے محبت اوس جناب سرور الانبیا کے اور علامت ہے محبت رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور یہہ امر بہی ہے کہ اہل بیت رسول کریم کو دوست اور دشمن
اہل بیت نبوت سے عداوت رکہے۔

بیان والدین حضرت سرور الانبیا علیہ السلام

جاننا چاہیے کہ نسبت والدین اور اجداد آنحضرت کے بعض علمار سلف نے رجوع بکفر کیا ہے
لیکن یہہ محض غلط ہے کیونکہ حق تعالی نے برکت نور محمدی کے نسب پیغمبر کو زنا اور تاریکی
کفر سے پاک کیا ہے اور والدین اور اجداد آنحضرت کہ اوپر ملت ابراہیمی کے بتہے بسبب خوف
دشمنون کے دین اپنے کو پوشیدہ کیا تہا اور جائے غور ہے کہ نور خاص رب العزت تاریکی
کفر مین کیونکر رہتا بموجب حدیث کل شئ یرجع الی اصلہ حق تعالی کیونکر نور حبیب اپنے کا کافر
کفر اور زنا مین منتقل کرتا اور عفت اور عظمت نسب مبارک مین فرق لاتا چنانچہ فرمایا۔
قولہ تعالی انما المشرکون نجس اور حدیث مین آیا ہے کہ نور پاک آنحضرت کا آدم سے حضرت
آمنہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عبد اللہ رضی عنہ تک بیچ اصلاب طیب اور بطن طاہر مین منتقل
ہوا ہے اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ ایک روز آئے جبرئیل
علیہ السلام خدمت مین سرور عالم کی اور کہا کہ خدا تعالی بعد سلام کے فرماتا ہے کہ

حرام کی آگ دوزخ اوپر اون صلبون کے کہ جسنے ظاہر کیا مین نے تمکو اور اون کنارون کو جنہون
نے کہ جسنے پرورش کیا اور فہم کیا تمکو اور بہی انس بن ثابت سے مروی ہے کہ بارہا آنحضرت نے
مجہسے فرمایا ہے کہ حق تعالی نے نور میرا مدام اصلاب طیب اور بطن طاہر سے منتقل کیا
ہے امہات والدین اور اجداد اور چچا میرے کو سب علتون سے پاک کیا ہے اور مولانا عبد العلی
لکہنوی بیچ شرح اسمائے بدر ابن حجر عسقلانی سے لکہتے ہین کہ آنحضرت نے فرمایا یہ تحقیق
منتقل ہوا مین پشت آدم سے بہترین روے زمین کے قرن بعد قرن یہانتک کہ ظاہر
کیا مجکو اللہ تعالی نے پشت عبد اللہ سے اور بہی حضرت جابر کہتے ہین کہ رسول خدا نے فرمایا
کہ جسوقت کہ گیا مین معراج مین تو دیکہتے مین نے زیر عرش چار نور چمکتے ہوئے پس عرض کیا
مین نے کہ اے بار خدایا ان نورون سے مجکو آگاہ فرما اوسوقت فرمان آیا کہ اے حبیب یہہ نور
والدین وجد وعم تیرے کے ہین عبد اللہ وآمنہ وعبد المطلب وابو طالب پھر مین نے عرض
کیا مین نے کہ اے پروردگار یہہ سب اوپر ایمان کی تہی فرمان آیا یہہ سب ایمان کو پوشیدہ رکہتے
تہے کفار سے یہانتک کہ انتقال کیا نزہۃ الریاض و دیگر کتب سے ثابت ہوا ہے کہ جو شخص
ہر سفر ان اسماء مبارک کا سیار ورد رکہے اللہ تعالی اوسکو آگ دوزخ سے محفوظ رکہے
گا پس اگر والدین و اجداد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کفر پر ہوتی تو یہہ بندگی درگاہ
خداے تعالی سے حاصل نہوتی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کہتے ہین کہ جس روز
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدا ہونے کی خبر حضرت ابو طالب کو پہونچی فورا سجدہ
خداے تعالی کا ادا کیا اور فاطمہ بنت اسد اپنی زوجہ سے کہا کہ مین نے ایک کاہن سے سنا
ہے اوسنے کہا کہ اے ابو طالب تیرے گہر پیغمبر آخر الزمان پیدا ہوگا کہ وہ مع سات عجائبات
اور غرائبات کے اور بعد اوسکے ایک فرزند تیرے صلب سے پیدا ہوگا کہ وہ ولی خدا اور وصی
پیغمبر کا ہوگا تو اوسکو شر اعدا سے بچانا چنانچہ اوسکی ساتہ روز بعد پیغمبر علیہ السلام پیدا
ہوئے حضرت ابو طالب نے اونکی خوشی مین ساتہہ روز تک طعام تقسیم کیا اور سب کو دعوت
کرکے کہلایا مواہب لدنیہ مین حافظ ابو الفضل ابن حجر اسحاق سے روایت کرتے ہین
کہ ابو طالب نے ایک قصیدہ نعت مین حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے تصنیف کیا ہے اوسسے اسلام اونکا ثابت اور ظاہر ہوتا ہے چنانچہ دو بیت
اوسکی یہہ ہین

ابیات	الا ابلغا عنی علی ذات نبیا		لویا و خصا من لوی بنی کعب
	الم تعلموا انا وجدنا محمدا		نبیا کموسے خط فی اول الکتب

الغرض ابو طالب نے تین سال پیشتر ہجرت سے پیغمبر خدا کی بہت محافظت کی اور نگہبانی کی اور حضرت علی کو حمایت دین محمدی کے وصیت کے تہی وہ قول یہہ ہے ۔

ابیات	اصبرن یا بنی فان الصبر احجی		کل حی مصیرہ لشعوب
	قد بذلناک والبلاء شدید		لفداء الحبیب ابن الحبیب
	لفداء الاغر ذی الحسب الثاقب		والباع والفناء الرحیب
	ان یصیبک للمنون فانبل تتری		فمصیب منہا و غیر مصیب
	کل حی وان تملی عیشا		اخذ من سہامہا بنصیب

ترجمہ صبر کر ضروری اے میرے فرزند تحقیق صبر بہت عمدہ اور پسندیدہ چیز ہے اور سب زندون کا ٹہکانا البتہ سختی ہے تحقیق خرچ کیا ہمنے تمکو سخت آزمایش کی جگہہ مین البتہ صدقہ سردار کا سردار زادہ ہی ہے البتہ صدقہ عزت دار اور صاحب حسب کا سردار ذی عزت ہی ہوتا ہے اگر پہونچی تجہکو حکومت یہان تک کہ تراشے جاوین جان تیری خواہ پہونچی یا نہ پہونچی مصیبت تجہکو۔

جواب حضرت علی علیہ السلام ابیات عربی

انامرنی بالصبر فی دین احمد		فواللہ ما قلت الذی قلت جازعا
ولکنی احببت ان تری نصرتی		لتعلم انی لم ازل لک طایعا
وسعی لوجہ اللہ فی نصر احمد		نبی الھدی المحمود طفلا و یافعا

ترجمہ کیا حکم کرتے ہو تم ساتہہ صبر کے دین احمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین پس قسم ہے اللہ تعالے کی نہین کہا مین نے جو کچہہ کہا مین نے ساتہہ دردناک کے اور دوست رکہتا ہون مین یہہ کہ دیکہو گے تم مدد میری کو یعنے مدد کرونگا مین دین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تاکہ جانو تم اور تحقیق مین ہمیشہ رہا ہون فرمان بردار تمہارا اور کوشش کی مین نے خاص واسطے اللہ تعالے کے مدد مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہ وہ نبی ہے ہدایت کا اور محمود ہے نو عمری اور جوانی مین ترجمہ نظم ۔

ہر کس کہ چو من اہل بیت کرم ست		مدحم کہا بفتح و نصرت علم ست

مردی کہ کرامت بنابد بنی	چون کوہ بکار خویش ثابت قدم است

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ابو طالب کا ایمان مثل ایمان اصحاب کہف کے تہا کہ وہ ایمان اپنے کو لوگون سے پوشیدہ رکہتے ہتے اور سبب اخفار ایمان کا یہہ تہا کہ اس پردہ مین حفاظت اور حمایت اور خدمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منظور اور مقصود ہتے اور حضرت ابو طالب نے خطبہ عقد رسول خدا کا پڑہا تو اول اوس مین وحدانیت حق تعالی کا اقرار کیا پس اگر وہ اسلام پر ہنوتے تو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کافر سے خطبہ عقد اپنے کا ہرگز نہ پڑہواتے اور یہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت ابو طالب رضی اللہ عنہ کے مدح اور مرثیہ مین ابیات بیان کی ہین اون سے اسلام اونکا بخوبی ثابت ہے۔

ابا طالب عصمة المستجیر	وغیث المحول ونور الظلم
لقد ھد فقدک اہل الحفاظ	وقد کنت للمصطفی خیر عم
لقد نصر فی اللہ دین محمد	علی من بغی فی الدین قد رد عادیا

ترجمہ یعنے ابو طالب نگاہ رکہنے والا دونون اور سالون کی تنگی بارش کا تہا اور نور تہا ظلمات کا اور بہ تحقیق مددگار راہ خدا مین دین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تہا اور روکنے والا اعداء دین اسلام کا اور پورا کرنے والا وعدہ کا تہا۔ پس جانو تم کہ جس نے اجداد اور عم پیغمبر خدا پر تہمت کفر کی لگائی اوسکی محض بے اسلامی ہے۔

باب دوم دربیان محبت وعشق اہل بیت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

اے عزیز جان تو کہ محبت اہل بیت رسول علیہ السلام کی اور تعظیم وتکریم اونکی احادیث اور قرآن مجید اور قول علماء محققان سے بخوبی ثابت اور ظاہر ہے لیکن لوگون نے اس نیک عمل کو کہ جو وسیلہ نجات دارین کا ہے مساوی اور اختلافی مسئلہ جانکر چھوڑ رکہا ہے لہذا ہم اسکو اولیاء اللہ کے قول سے ہی ثابت کرینگے نظم

نباشد تابع کس اہل تحقیق	باہل دیدہ و دین شد چو تصدیق
کہ کار از کوشش چون نا دیدہ افتاد	ز تقلید تابعیت گشت آزادہ

که او تحقیق دیده پیش ملیس را	که تابع نیست اہل کشف کس را

اور یہ حدیث درایت و روایت اور قول علما محققان کو ساتھ تصدیق قول قطب الابرار شیخ فرید الدین عطار و محرم اسرار الہی حکیم خواجہ سنائی رحمۃ اللہ علیہ کے سے مطابق کرکر کہ جنکی ثنا و صفت مولوی معنوی کرتے ہین بیان کرین گے مولانا روم گوید

ما از پے سنائی و عطار آمدیم	عطار روح بود و سنائی دو چشم او

امام احمد حنبل ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہین کہ جس وقت آیۂ قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ نازل ہوئی ترجمہ یعنے مین تبلیغ رسالت احکام پر تم سے کچھ بھی فردوری نہین چاہتا مگر مان محبت اپنی اقرباؤن کی کہ اونکو دوست رکھو اور اس آیت کے تفسیر مین صاحب کشاف اور صاحب تفسیر مدارک اور فصل الخطاب اور صاحب ہدایت السعد فرماتے ہین کہ صحابہ رضوان اللہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپکی قرابتی کون کون ہین جنکی محبت اور تعظیم ہم لوگون پر واجب ہوئی پس فرمایا آنحضرت نے علی و فاطمہ اور دونون بچے اونکے حسن و حسین اور امام بیہقی نے تصریح کی ہے کہ محبت اہل بیت فرایض دین سے ہے اور امام شافعی علیہ الرحمۃ نے کہا ہے کہ محبت اہلبیت کی فرض ہے بیچ قرآن شریف کے پس معلوم ہوا کہ خصوصیت اہلبیت مین مطابق ہونے کی انہی چارون حضرات پر ہے کیونکہ ساتھ تصریح کے نام لیا آنحضرت نے اور بھی صحیح کیا ہے حاکم نے ابن کعب عجرہ سے یہہ امر کہ جب آیت ان اللہ و ملائیکۃ یصلون علی النبی یا ایہا الذین امنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما نازل ہوئی تو عرض کیا ہم لوگون نے کہ یا رسول اللہ آپکے اوپر درود شریف کسطرح بھیجنا چاہیئے پس فرمایا آنحضرت نے زبان مبارک سے اللہم صل علی محمد و آل محمد اور آل حقیقی سے مراد علی و فاطمہ و حسن و حسین ہین او ساحمد اور ترمذی روایت کرتے ہین کہ حدیث صحیح مین وارد ہے کہ جو شخص دوست رکھے مجکو اور دوست رکھے حسن اور حسین اور ماد انکی اور پدر کو پس وہ شخص بروز قیامت میرے ہمراہ بہشت مین ہووے گا۔ پس خوشی کرین دوستداران آل رسول علیہ السلام اسکے بیت

بدین بشارت علی حب آل نبی	زہے سعادت آنکس کہ یافت بہرہ ری

اور خود حضرت علی کرم اللہ وجہہ حضرت امام حسین علیہ السلام کو فرماتے ہین قطعہ

بآیات وحی وایجا بہا	انا الذین لا شک للمومنین

وصلت علینا باعمالہا		لا نسبتہ الفخر فی حکمہا	
وسلم علیہ و اطلابہا		فضل علی جدک المصطفیٰ	

ترجمہ معنے یہ دین ہون بیشک خاص اوس جماعت کا کہ جنہیں ایمان رکھتے ہین موافق آیات قرآن مجید کے اور اپنے اوپر واجب جانا میری محبت کو جملہ باتون پر موافق آیات قرآنی اور خاص مجلوہے بندگی اور علامت دربارہ اتباع احکام کے اور درود دیجہ جنہیں موافق بیان قرآن شریف کے پس اسے حسین درود دیجہ اوپر جد اپنی کے کہ نام اونکا محمد مصطفیٰ ہے علیہ السلام اور درود دیجہ اوسپر اور سلام بہیجو اوپر طالبان اون آیات قرآن مجید

کے ترجمہ نظم اے دوست ستون خانہ دین مائیم

سلطان سپہر عقل و تمکین مائیم		اے دوست ستون خانہ دین مائیم
این نکتہ کہ بدان کہ اکہ یاسین مائیم		آنکدم کہ ز ربے صدق قرآن خوانی

اور قاضی شیخ شہاب الدین ملک العلماء دولت آبادی کہ کبائر علماء اہل سنت سے ہین رسالہ مناقب السادات مین یہ لکھتے ہین کہ اولاد رسول خدا کی محبت اور اونکی پلے درجہ کی تعظیم اور تکریم قرآن مجید اور احادیث سے ثابت ہے اور یہی وجہ سے درویش لوگ اپنے مریدون کو شجرہ دیتے ہین تاکہ مراتب ہر یکے ترتیب وار پیران اور اہلبیت کے کہ شجرہ اہلبیت پر ختم ہوتا ہے پہچانین جاوین اور جو کوئی ایسا سمجہانیگا تو ہر روز قیامت مرید اپنے پیر سے ہر بلند ہوگا پس از روے احادیث صحیحہ اور اقوال علماء محقق کے یہہ بات بخوبی ثابت ہوگئی ہے کہ محبت اور تعظیم اہلبیت کرام فرض دین کا ہے اور لازمہ محبت سے یہہ امر بھی ہے کہ اہلبیت کے دوست کو دوست رکھے اور اونکی دشمن سے دشمنی اور عداوت رکھے۔ اور عبداللہ محمد بن یعلی بن حاکم الترمذی کہ مقتدا ے دین سے ہین روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیث حب آل محمد برءۃ من النار وحب آل محمد جواز علی الصراط والولایۃ لآل محمد امان من العذاب ترجمہ یعنے دوستی آل محمد کی نجات ہے آگ دوزخ سے اور دوستی آل محمد کی گذرنا ہے پل صراط سے اور دوستی آل محمد کی امان ہے عذاب سے۔ اور یہی حدیث آیا ہے حدیث قال رسول اللہ احبوا اللہ لما یغذوکم بہ من نعمۃ واحبونی لحب اللہ واحبوا اهل بیتی لحبی ترجمہ یعنے دوست رکھو مجکو واسطے اللہ تعالی کے اور دوست رکھو میری اہلبیت کو واسطے دوستی میری کے اور یہہ بھی حدیث مین آیا ہے کہ جو کوئی بغض رکھے اہلبیت میری سے وہ منافق ہے۔

خود پاک معصوم کلی گنہگار بصدق سادات توان جامی	کہ در خواب بیند جمال محمد غلام غلامان آل محمد

شاہیہ میں وارد ہے کہ فرمایا جو شخص دیکھتا ہے میری اہلبیت کو محبت کی آنکھوں سے
بس دیکھتا ہے اللہ تعالی اوسکو رحمت کی نگاہوں سے اور تفسیر کشاف میں مسطور ہے کہ
فرمایا رسول اللہ نے اے لوگو محمد کے اولاد کی محبت پر جو کوئی مرگیا اوسکا خاتمہ
کامل ایمان پر ہوگا اور جو کوئی اولاد محمد پر جان اپنی نثار کرے وہ ثابت قدمی سے
پل صراط پر گزرے گا اور جو کوئی اولاد محمد کی محبت میں جان اور مال قربان کرے
تو اوسکو جنت میں ایسے بناؤ اور سنگار کے ساتھ اللہ تعالی بھیجے گا جیسے دولہن کو آراستہ
کرکے دولہ کے گھر میں بھیجتے ہیں اور ابو اسحاق ثعلبی نے روایت کی ہے عبداللہ بن جبلی
سے کہ فرمایا جناب رسول خدا نے حدیث الا من مات علی حب آل محمد مات شہیدا
الا من مات علی حب آل محمد فتح فی قبرہ من الجنۃ الا من مات علی حب آل محمد
جعل اللہ زوار قبرہ ملائکۃ الرحمن الا من رحمۃ اللہ الا من مات علی بغض
آل محمد لم یشم رائحۃ الجنۃ ترجمہ یعنے آگاہ رہوا ے لوگو جو کوئی کہ مرا اوپر دوستی
آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کشادہ ہووین دروازہ بہشت کے بیچ قبر اوسکی کے
پس خبردار رہو اے لوگو جو کوئی کہ مرا اوپر محبت آل محمد کے مقرر کردیتا ہے اللہ تعالی
دو فرشتہ رحمت کے اوسکی قبر پر کہ وہ زیارت کیا کرتے ہیں اوسکی قبر کی اور جو شخص
اوپر بغض آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرتا ہے تو درمیان دونوں ابرو اوسکے کے
یہہ لکھا ہوا ہوتا ہے کہ یہہ شخص ناامید ہے رحمت پروردگار سے اور آگاہ ہو کہ
دشمن آل محمد کا نہیں پاویگا بوئے بہشت کے اور یہی کتاب دار میں وارد ہے کہ آنحضرت
نے فرمایا کہ جو شخص ہمکو یعنے ہماری اہلبیت کو دوست رکھی اور اونکی تعظیم و تکریم کریگا
والی کو دوست رکھے تو اللہ تعالی اوسکو ہماری ہمنشین کرے گا اور یہی فرمایا آنحضرت
نے کہ روز قیامت کے میں چار قسم کے لوگون کا شفیع ہوگا اگرچہ وہ لوگ تمام اہل
زمین کے گناہون کے ساتھ آوین اول وہ گروہ جو میری اولاد کی محبت اور تعظیم
کرنیوالا ہو دوسرا وہ گروہ جو لوگون کی حاجت روائی کرے تیسرا وہ گروہ جو اونکا
کی پردہ پوشی کرے چوتہا وہ گروہ جو ان تین قسم کے لوگون کی دوستی میں سرگرم ہووے

مولانا جامی در کتاب سلسلة الذہب گوید	
دوستدار رسول آل وے ام	دشمن خصم بد سگال وے ام
این نہ رفض ست محض ایمان ست	رسم معروف اہل عرفان ست

امام شافعی رحمة اللہ علیہ گوید

لو کان الرفض حب آل محمد فلیشہد الثقلین انی رافضی ترجمہ اگر دوستی آل محمد کا نام رفض ہے تو کہدو کہ گواہ رہین جن اور انس کہ مین رافض ہون یعنے اعتقاد ہے میرا محبت آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ مولوی سالم اللہ دہلوی گوید

در روز حشر ہر کس جوید بدین پناہ	یارب پناہ دہی در گروہ شاہ
ہر کس بدین ملت باشد باعتقاد	سالم غلام اہل عبا شد باعتقاد

شیخ فرید الدین عطار گوید فلا تعدل باہلبیت خلقاً فاہل البیت ہم اہل سعادة فبغضہم من الانسان خسر حقیقی وحبہم عبادة ترجمہ یعنے برابر نکرو اہلبیت سے مخلوقات کو کہ وہ اہل سعادت ہین اور عداوت اہلبیت کی زیان کاری حقیقی ہے اور محبت اونکی عبادت ہے اور امام بیہقی سے شیخ دیلمی نے نقل کی ہے یہہ حدیث قال رسول اللہ لا یومن احدکم حتی احب اللہ من نفسہ ویکون عترتی احب اللہ من نفسہ ترجمہ یعنے فرمایا آنحضرت نے جب تک مین اور اولاد میری تمہاری نفس سے زیادہ دوست ہوں تب تک تم لوگ ایماندارون مین سے نہین ہو اور امام فخرالدین رازی فرماتے ہین کہ پانچ چیزون مین اہلبیت رسول مساوی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہین ایک اون مین سے سلام ہے کہ اللہ تعالے نے اپنے رسول کے حق مین فرمایا السلام علیک ایہا النبی اور حق مین اہل بیت کے فرمایا سلام علی آل یاسین اور دوم صلوات یعنے درود مین کہ اوپر حضرت اور اہلبیت اونکی پر وارد ہے اور سوم طہارت مین کہ فرمایا حق مین رسول اللہ کے طٰہٰ اور حق مین اہلبیت کے فرمایا یطہرکم تطہیرا اور چہارم حرام کیا زکوة کو اوپر رسول خدا اور اہل بیت اونکی کے پنجم محبت مین کہ فرمایا قرآن مجید مین بحق رسول اپنے کے فاتبعونی یحببکم اللہ اور بحق اہلبیت کے قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودة فی القربی اور اکثر علمانے لکہا ہے کہ درود وسلام اوپر غیر انبیا کی جایز نہین اگرچہ وارد ہے اللہم صلی علی محمد وعلی آل محمد

اور اکثر کتب ان سے علماء معتبرین اور محدثین مین سلام اوپر اہلبیت کرام مرقوم ہین اور نہایت ... مین بہی سلام اہلبیت علیہ السلام پر بہی مرقوم ہین اور ایک جماعت علماء مفسرین نے حضرت ابن عباس سے نقل کیا ہے کہ بہ تحقیق مراد سلام الیاسین سے سلام اوپر آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے پس اسجگہ سے ثابت ہے سلام اوپر آل پاک کے واجب ہے اور محبت اونکی سب اہل اسلام پر فرض ہے اور امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر مین اور سید علی ہمدانی مودات مین عبد اللہ ابن عباس سے روایت کرتے ہین کہ اکثر در سب اصحاب حضرت رسول اللہ کی مجلس مین حاضرین سے ایک نے آنحضرت سے پوچھا کہ وہ کون سی چیز ہے کہ جسکی سبب سے حضرت آدم علیہ السلام کی دعا قبول ہوئی اور خطا معاف کی گئی پس فرمایا رسول اللہ نے **حدیث** سل آدم ربہ بحق محمد وعلی وفاطمہ وحسن وحسین ان یتیب علیہ ترجمہ یعنے سوال کیا آدم نے کہ اے پروردگار بحق پنجتن توبہ میری قبول فرما پس قبول ہوئی دعا آدم کی چنانچہ اسے مضمون مین فرمایا

شیخ الاسلام خواجہ ابو سعید ابو الخیر قدس سرہ نے

یارب بمحمد و علی و زہرا	یارب بحسن حسین ہم آل عبا
کز لطف برار حاجتم در دو سرا	بمنت خلق یا علی الا علا

مولوی سالم اللہ دہلوی گوید

الہی تو بحق این پنجتن	الٰہی بزیر اقدام شان خیر من

اور حضرت ابو حنیفہ امام اعظم کا حضرت امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہم السلام سے علم طریقت کا حاصل کرنا بخوبی ثابت ہے اور باپ ابو حنیفہ نے کہ نام اونکا ثابت ہے حضرت علی مرتضی علیہ السلام کی زیارت حاصل کی تہی اور حضرت امیر المومنین نے برکت اولاد کی ثابت کے حق مین دعا فرمائی اور بموجب برکت اوس دعا کے ابو حنیفہ پیدا ہوئے اور محبت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتہہ آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اونکے اشعار اور کلمات سے بخوبی ثابت ہے۔ **امام شافعی گوید** اذا فتشوا قلبی الفوا بہ سطرین قد خطا کاتب العلم التوحید فی جانب وحب اہل بیت فی جانب ترجمہ یعنے جو وقت کہ پہاڑا قلب میرے کو پس ظاہر ہوین اوس مین دو سطر تحقیق کہ لکہا تہا اونکو کاتب علم نے توحید کو ایک جانب اور محبت اہل بیت کو جانب دیگر اور امام مالک نے

تو یاد ان خاص حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے تہی اور مدت دراز تک صحبت
امام ممدوح مین رہے اور علم حاصل کیا اور نزدیک اجماع کے شاگرد عمدہ امام عالی مقام
کے ہیں نظم

تو چہ باک سر وید حنبل ہمیشہ ہردم	ہم بو حنیفہ مالک ہم شافعی باہم
سلطان شاہی ہمہ خاکسار بودند	ہم خاص و عام امت اینجا نثار بودند
ہر کس منحرف شد این آستان تو	او بے نصیب باشد بر خیز د اہل ملت

حکایت جب حضرت امام علی موسی رضا علیہ السلام نیشاپور مین تشریف لائے تو خواجہ شفیق بلخی کہ اعاظم صوفیہ کرام سے تہے آگے امام علیہ السلام کے جلوداری کرتے ہوئے جاتے تہے اور دیگر جماعت صوفیہ کرام کے حضرت امام علیہ السلام پر اپنی چادر و نکا سایہ کی ہوئی جاتی تہی اور حافظ ابو ذرعہ رازی اور محمد بن اسلم طوسی ساتہہ جمیع طلبہ کتب حدیث کے مدد کے واسطے زیارت امام ممدوح کے آئے اور غوغا عظیم شہر مین ہوا اور مسجد و بازار اور مکانون اپنی سے واسطے زیارت امام ممدوح کے ہجوم ہوگیا اوسوقت محدثین نے عرض کیا کہ اگر ایک دو حدیث دیدار مبارک امام علیہ السلام کے ہجوم ہوگیا اوسوقت محدثین نے عرض کیا کہ اگر ایک دو حدیث مسند اباء اپنے کے بیچ اسوقت کے کہ مجمع خلقت کا ہے روایت فرماوین تو کمال احسان ہوگا اوسوقت حضرت امام نے بسند اباء کرام اپنے کہ سلسلۃ الذہب ہے یہہ حدیث ارشاد فرمائی حدیث لا الہ الا اللہ حصنی فمن قالہا دخل حصنی ومن دخل حصنی امن من العذاب ترجمہ یعنے نہین کوئی معبود سوائے اللہ کے یہہ کلمہ قلعہ میرا ہے پس جس نے یہہ کلمہ کہا داخل ہوا بیچ قلعہ میرے کے اور جو داخل ہوا بیچ قلعہ میرے کے امان پائی اوس نے عذاب دوزخ سے پس امام احمد حنبل جب اس سندی حدیث کو ذکر کرتے تو کہتے کہ اگر اسکو کوئی مجنون پر پڑہین تو صحت ہو جاوے اور ہوش مین اجاوے اور اگر بیمار پر پڑہین تو صحت حاصل ہوا اور جمیع سلاسل صوفیہ کرام کا مبدا یہہ ہے ایمہ علیہم السلام مین پس یہہ لوگ پیران پیر جمیع گروہون گے ہین اور اہل سنت کے بیان عظمت اور محبت اور بزرگی پیرون کی حد سے زیادہ ہوتی ہے اور بعض اور اہانت پیر ارتداد طریقہ جانتے ہین اور اگر بنظر انصاف دیکہین کہ مدار اہل سنت و جماعت کا شریعت اور طریقت پر ہے اور فقہاے اربعہ اور کبراء طریقہ ان مین دو امر کو باعث بزرگی کا جانتے ہین اور کبراے طریقہ فقہائے خانوادہ ہائے صوفیون کا اور ہر دو فرقہ کا رجوع حضرات ایمہ اہل بیت علیہم السلام پر ہے اور تمام امت حضرت امیر المومنین علیہ السلام کو اور اونکی اولاد کو

عمل پیرون اور مرشدون کی پوجتے ہیں اور درود اور فاتحہ اور نذر و نیاز ائمہ اہل بیت علیہم السلام ہی کی نام کا آج اور معمول ہی اور تمامی اولیاء کرام امت کا یہہ ہے معمول ہے جسکی واسطے اہل بیت رسول سردار جمیع گروہ کی ہین اور اصل اور اصول خانم ولایت محمدی کی یہہ ہے لوگ ہین شاہ عبد الحق محقق دہلوی در اخبار الاخیار گوید

ثواب نبی بلک دین ایشانند	حکام ولایت یقین ایشانند
از کشتی نوح بحر موسی گوئی	مقصود مراد حق ہمین ایشانند

پس اسی صورت مین اور بدین وجہ تمامی علماء و صوفیہ و محدثین و فقہانے یہہ کہا ہے کہ محبت اہل بیت کے ہر مومن اور مومنات پر لازم اور فرض اور داخل ارکان ایمان ہے اور فرقہ شیعہ کا یہہ مقولہ کہ اہل سنت و جماعت کو محبت اہل بیت سے انکار ہے محض غلط اور بے اصل ہے اور جو کچھہ کہ عوام اہل سنت و جماعت نے اہل بیت کے باب مین بمقابلہ جانب مقابل کی کچھہ کچھہ کہا ہے وہ بہی محض غلط اور بے اصل ہین اور محققین اہل سنت کے نزدیک وہی امر ہے جو ہمنے کتب معتبرہ محققین سے رسالہ ہذا مین تحریر کیا ہے۔

مولوی سالم الله دہلوی گوید

چہ گویم توصیف اہل عبا	فزونست از تحریر و تقریر ما
چہ گفتہ شود وصف شان اجدا	خدا گفت در حق شان انما
چہ گفتہ شود وصف شان پسر	کہ انوار حقند بصورت بشر
گر اینہا نبودی جہان ہم نبود	نبودی کسے را ظہور و وجود
نبود النبی جان و نبودے ملک	نبودی زمین و نبودی فلک
نبودی زمان و نبودی مکان	برائے ہمین شد ہمہ در عیان

اور حضرت علی کرم الله وجہہ خود فرماتے ہین ابیات عربی در مدح اہل بیت سید عالم صلی الله علیہ وآلہ وسلم

قد یعلم الناس انا خیرہم نسبا	ونحن افخرہم بیتا اذا افتخروا
رہط النبی وہم ماوی کرامتہ	وناصر الدین والمنصور من نصروا
والارض تعلم انا خیر ساکنہا	کما بہ تشہد البطحاء والمدر

قد اہلبیت ذو الستر لو سا و لیعہ نہم	نادی بذلک رکن البیت الحرم

ترجمہ یعنے بہ تحقیق جانتے ہین لوگ کہ مین بہتر اونکا ہون نسب مین اور افتخار ہون اونکا جو اہلبیت نبی علیہ السلام کی مین اور وہ بزرگ مین سب سے اور مین یاری کرنیوالا دین کا اور مدد کرنیوالا اونکا ہون اور زمین جانتے ہے کہ مین بہتر ساکنان اوسکے سے ہون چنانچہ گواہی اسکے مکہ کے دیتی اور بہتر اور دیہات دیتے مین اور اگر چاہین تو آواز دے پردہ خانہ کعبہ کا اور حجر اسود کہ رکن ہے اوسکا ترجمہ نظم

ای دوست غرض ز خلق آدم مائیم	مجموعہ اسرار دو عالم مائیم
ہرچند کہ ارباب شرف بسیار اند	دانند محققان کہ خاتم مائیم

مولوی سالم اللہ گوید

مقبول اللہ اہلبیت . . . اند	محبوب اللہ اہل بیت اند
نوریکہ ازان ظہور عالم گردید	ان نور اللہ اہل بیت اند

بیان آیہ تطہیر ترمذی عمر بن سلمہ سے لایا ہے کہ جسوقت نازل ہوئی یہہ آیت تو اے ہاشم انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس اہل بیت و یطہرکم تطہیرا ترجمہ یعنے سوائے اسکی نہین چاہتا اللہ کہ لیجاوے اور دور کرے تمسے پلیدی گناہ کے اے اہل بیت پیغمبر اور پاک کرے تمکو پاک کرنا اور کتاب صواعق محرقہ مین مسطور ہے کہ جمہور مفسرین متفق اس امر کے ہین کہ یہ آیہ تطہیر شان مین حضرت علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام کے نازل ہوئی اور نزول اسکا حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گہر مین ہوا کہ جہان پیغمبر خدا اوسوقت موجود تہے ابو یعلی حضرت ام سلمہ سے روایت کرتا ہے کہ فرمایا رسول خدا نے حضرت فاطمہ سے کہ لاؤ میرے دونو فرزند و نکو اور شوہر اپنے کو پس لائین فاطمہ علیہا السلام علی و حسن و حسین علیہم السلام کو پس ڈالی رسول خدا نے اوپر اونکی ایک کملی کہ جو خیبر سے دستیاب ہوئی تہی پس پکڑا دونون کو بغل مین اور ایک ہاتہہ مین حضرت علی کو دوسرے ہاتہہ مین فاطمہ جب چارون حضرت اوس کملی مین داخل ہوئے پس عرض کیا رسول خدا نے اللہم ہولاء اہل بیتی خاصتی اذہب عنہم الرجس و طہرہم تطہیرا ترجمہ یعنے یہہ میری اہل بیت ہین اللہ دور کر برائی کو اونسے اور پاک کر انکو پاک کرنا۔ اور مقرر کر تو صلواۃ اور برکات اوپر آل محمد کی جسطرح کہ گردانی تو نے اوپر آل ابراہیم کی حضرت ام سلمہ کہتے ہین کہ اوٹہایا

... اونکا اعتبار کریگا یہہ بھی دلیل ہے باوجود اوس مین بہیکرنے یا کرنے اوس چادر کو رسول خدا نے میرے اہلبیت سے اور
... ہما اوسپر اعتبار ہوتے ہیں کہ تجہہ اخذ باکر یہہ اہلبیت میرے ہیں اور ایک روایت میں آیا
ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے **حدیث** الا من اذانی فی عترتی فقد اذانی ومن اذانی فقد اذی اللہ **ترجمہ** یعنے جان لو کہ
جس کسی نے ایذا دی اہلبیت میری کو پس اوس نے ایذا دی مجھکو اور جس نے ایذا دی مجھکو اوس نے ایذا دی اللہ تعالی کو
اور ایک حدیث میں یہہ بھی آیا ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے **حدیث** والذی نفسی بیدہ لا یومن عبد حتی یحبنی ولا
یحبنی حتی یحب ذوی القربی **ترجمہ** یعنے قسم ہے مجھکو اوسکی کہ جان میری قبضہ قدرت اوسکے مین ہے کہ نہیں لایا ایمان بندہ
جب تک کہ مجھکو دوست نرکہے اور نہیں دوست رکہتا ہے مجھکو جب تک کہ دوست نرکہے میری اہلبیت کو صحیح مسلم
اور مشکوٰۃ میں بروایت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور تفسیر ثعلبی اور فصل الخطاب میں بروایت ابن عباس کے وارد ہے
کہ جب نازل ہوئی آیۃ التطہیر تو حضرت سرور عالم نے چادر سیاہ بالون کی اوڑہہ اپنے اوڑہی اور داخل کیا اوس میں حضرت
علی و فاطمہ و حسن و حسین کو اور فرمایا اللہم ہولاء اہل بیتی پس ثابت ہوا کہ یہہ آیۃ مذکور شان میں ان ہی چارون حضرات کے
ہے کہ عصمت اور بزرگی اونکی نزدیک صالحین شریف اور اولیاء کاملین کے ثابت ہے۔ **مولانا روم در کلیات**
شمس تبریز گوید۔ اے مردمان اے مردمان از فرقت آل عبا ✤ از چشم سار عشق خود در پائی عمان یافتم ✤
با حیدر خود حیدرم بیرون ز حیدر کافرم ✤ حق را بحق در حرف از شاہ مردان یافتم ✤ سر نبی مصطفے دارد علی
مرتضے ✤ در دولت آل عبا ایمان و احسان یافتم ✤ **شاہ نعمت اللہ ولی گوید** دم بدم دم از ولاء مرتضے
باید زدن ✤ دست دل در دامن آل عبا باید زدن ✤ **حضرت بو علی شاہ قلندر گوید**۔ اے خدائے
من بحق مصطفے ✤ از طفیل حرمت آل عبا ✤ روز محشر دار با آل رسول ✤ از طفیل مقبلان کردن قبول ✤ محقق دہلوی
و قاضی بیضاوی عبد العزیز سے ساتہہ سند اوسکے لائے ہین **حدیث** قال النبی صلعم اہل بیتی کشجرۃ فی الجنۃ و
اغصانہا فی الدنیا فمن تمسک بہا اتخذ الی ربہ سبیلا **ترجمہ** یعنے اہلبیت میرے درخت ہین بیچ جنت کے
اور شاخین اوسکی دنیا مین ہین پس جس شخص نے اون شاخون کو پکڑا پایا اوس نے راہ خدا تعالے کو اور یہہ بھی حدیث
مین وارد ہے کہ جو کوئی ایمان لایا ساتہہ رسول اللہ کے اور نہ لایا ایمان ساتہہ اہلبیت رسول کے پس وہ شخص مومن
نہین ہے **حدیث** قال النبی صلعم اشتد غضب اللہ علی من اذانی فی عترتی **ترجمہ** یعنے فرمایا آنحضرت نے کہ سخت
عذاب اللہ تعالے اوس شخص پر ہوگا کہ جس نے رنجیدہ کیا مجھکو بیچ حق اولاد میری کے اور یہی حدیث متفق علیہ ہے
بیچ شان اہلبیت کے **حدیث** قال النبی صلعم مثل اہل بیتی فیکم کمثل سفینۃ نوح من رکبہا نجی ومن تخلف ہلک
ترجمہ یعنے بتحقیق اہلبیت میری شان بیچ تمہارے اے اہل امت مانند کشتی نوح کے ہے پس جو کوئی سوار ہوا
اوس کشتی مین یعنے محبت اور تعظیم اور اطاعت کے اولاد میری کے پس پائے اوس نے نجات اور جس نے کہ خلاف کیا تو

محبت اور اطاعت کی اعلاوہ میری کی نہیں وہ ڈوبا ایسے ہی دریا میں کہ نکل نہ سکا۔ محقق دہلوی کو بیت
اے عزیز کشتی فوح طوفان ہم ترس * کشتی نوح عصمت آل محمد است ۔ و شاہ عبد العزیز دہلوی نے
فتح العزیز میں حدیث سفینہ نوح کی خصوصیت کی وجہ جو اہل بیت عظام کی یون بیان کی ہے کہ یہہ تشبیہ ہر فرد
اہلبیت کے ساتھ اس واسطے وفضیلت کی یہہ ہے کہ کشتی نوح علیہ السلام کی صورت گلی نوح کی تھی اسیطرح
اہلبیت کو صورت کمال گلی آنحضرت کا گردانا ہے کہ عبارت علم طریقت اور حقیقت سے ہی اسواسطے کہ کمال
علمی آنحضرت کا بدون مناسبت شخص کے ساتھہ اوس جناب کی بیچ تواتے روحیہ کے بیچ عظمت اور حفظ اور قوت
اور سماجت کے متصور نہین ہے کہ جلوہ گر ہو اور یہہ مناسبت بدون ولادت اور علاقہ اصلیت اور فرعیت کے
ممکن نہین ہے پس یہہ کار ساتھہ جمیع وسعت اوسکے کہ معدن ولایات مختلف کا ہے بیچ اس حجری کے جاری
کیا پس یہہ ہی معنے ہین امامت کے کہ ایک نے دوسرے کو اپنا وصی کیا اور یہہ ہی بھید ہے کہ یہہ بزرگوار
مرجع سلاسل اولیاء امت کے ہوئے اور جو کوئی تمسک ساتھہ جبل اللہ کے کرے چار ناچار سند استفاضہ اوسکی کے
ساتھہ ان بزرگواروں کے منتہی ہوتی ہے اور بیچ اس کشتی کے بیٹھتا ہے **ذخیرۃ العقبی در رد شیعہ**
مین لکھا ہے کہ امامت منصب ہے مناصبت قرب خدا تعالی سے کہ وہ نبوت سے نیچے اور ولایت سے بلند تر ہے
جسوقت کہ حق تعالے نے حضرت ابراہیم کو اس دولت سے مشرف کیا اور فرمایا انی جاعلک للناس اماما
اور حضرت ابراہیم نے اس سلسلہ کو جاری کیا اور درخواست کی ومن ذریتی اور ایسے مرتبہ کے واسطے حضرت خاتم الانبیا
نے دعا فرمائی چنانچہ حکم ساتھہ پڑھنے اوسکے کے ہر نماز مین صادر ہوا اور اللہم صل علی محمد و آل محمد کما صلیت علے
ابراہیم و علی آل ابراہیم کو حق تعالے نے قبول فرمایا اور آنحضرت صلعم کو جیسا کہ منصب نبوت اور ولایت مین
اختصاص ہے ویسا ہی منصب امامت آپکو دیا گیا پس نبوت اوپر ذات آنحضرت کے ختم کی گئی اور مرتبہ ولایت
و امامت کو حضرات ائمہ اہلبیت میں جاری کیا اور اوس اکملیت اور ابلغیت اور قوت نسبت امامت اور ولایت
بعد ہم کو ذوات ائمہ اثنا ائمہ اثنا عشر مین منحصر کیا اور فیضان ان دونون امور کو قیامت تک باقی چھوڑا اور
چونکہ فیض ولایت تو اہل امت کو بھی پہنچتا ہے لیکن فیض امامت مخصوص ساتھہ سادات بنی فاطمہ کے ہے چونکہ دعا
نبی علیہ السلام مین لفظ آل واقع ہے اور نیز تشبیہ بھی ساتھہ آل ابراہیم کے ہے اور چونکہ حدیث شریف مین تعیین
بارہ اشخاص کی واقع ہے اور مراد اس سے اکملیت اور ابلغیت نسبت کی ہے اور شک نہین ہے کہ یہہ
جمعہ حضرات ائمہ اثنا عشر کا ہے اور اوس درجہ کو نہ کوئی پہنچا ہے اور نہ پہنچیگا اور ایسے معنے مین آنحضرت
نے فرمایا یا علی انت منی بمنزلۃ ہارون من موسے ۔ پس جس زمانہ مین کسی سادات کو ساتھہ اس منصب کے سرفراز کیا
اور ساتھہ فیض ہو معلی کے مشرف کرین تو تمام مومنین کو مدد اور اطاعت اوسکی لازم ہے اور محبت اور نصرت

اور کلمہ اولی الامر سے کہ بعضے اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم کے یہہ ہی معنے ہیں اور اولیاء زمانہ کو بھی
حضرت مہدی علیہ السلام کی نسبت حکم ہوا ہے جو قطب وقت ہی کیوں نہو مانع نہوگا آنحضرت صلعم میں دو جہتیں تہیں ایک
جہت نبوت کہ یہہ جہت تعلق و رجوع ہے اوپر عالم ہی کے ساتہہ خلق خدا کے اور اس جہت کا تعلق ہے
ساتہہ امور ظاہریہ اور تبلیغ احکام و مسایل اور اسلام کہ عبارت اعتقادات اور عملیات سے ہے اور انتظام
مہمات و صلاح معاد و معاش بہی متعلق اسی جہت کے ہے اور اس جہت کو جہت خلق کہتے ہیں دوسری جہت
متعلق ولایت آنحضرت کہ مشعر حال نبی سے ہے ساتہہ خدا تعالے کے کہ انکشاف معارف الٰہی اور اسرار نامتناہی
اور حصول مقام قرب اور مشاہدہ علویات اور معائنہ روحانیات و حصول معرفت و معاد و سایر کمالات باطنیہ
حضوریہ و متعلقات اس جہت ثانی کی ہیں اور فضیلت جہت ثانی حق کی اوپر جہت اول کے بالبداہت اور اسیوجہ
سے کہا ہے کہ ولایت افضل ہے نبوت سے یعنے ولایت نبی کہ تعلق خالق سے رکہتی ہے افضل ہے جہت نبوت
نبی سے کہ تعلق مخلوق سے رکہتی ہے اور اہلبیت نبوی ہمرنگ صحابہ کے تہے جہت اول میں لیکن فرق خصوصیات
اور کیفیات میں مابین صحابہ و اہل بیت اطہار کے تہا اور جہت ثانی یعنے حق مقتضی اس امر کی ہوئی کہ مظہر کامل اسکا
وہ ہوگی کہ جو مصاحبت ظاہری اور اتصال جسمانی اور مؤانست باطنی اور علاقہ معنوی بہی رکہتا ہو اور
یہہ امورات مذکورہ بدون علاقہ ولادت اور علاقہ اصلیت اور فرعیت کی ممکن نہیں لہذا اہل بیت نبوی
سبقت ان امور میں استعداد مظہریت کے لیگئی اور منبع طریقت اور حقیقت اور مرجع سلاسل اولیائے امت
کے ہوئی اور اسی وجہ سے بعض صحابہ نے شاہ ولایت آپ کو اور صحابہ سے افضل جانا ہے پس جہت ثانی میں
صحابہ بہی شریک اہلبیت اطہار کے تہے کہ مظہر کامل اس جہت کا اہلبیت اطہار ہی ہوئی ہیں۔ اور ایسے وجہ
سے ہے کہ خدا نے اہلبیت کو برابر قرآن مجید کے گردانا ہے چنانچہ حدیث متفق علیہ میں وارد ہے **حدیث**
قال النبی صلعم انی تارک فیکم ما ان تمسکتم بہ لن تضلوا بعدی احدہما اعظم من الآخر کتاب اللہ حبل ممدود
من السماء الی الارض وعترتی اہل بیتی ولن یتفرقا حتی یردا علی الحوض فانظروا کیف تخلفونی فیہما ترجمہ
فرمایا آنحضرت نے بتحقیق چہوڑتا ہوں میں دنیا اور عقبے میں واسطے تمہارے اے لوگو دو چیزیں بہت بڑی اگر
تم انکو مضبوط پکڑوگے تو ہرگز گمراہ نہوگے اور ہر ایک ان میں ایک دوسرے سے بہتر اور بزرگ ہے ایک کلام الٰہی
دوسرے اہلبیت عترت اولاد میری اور قرآن ایک رسی ہے دراز کی گئی آسمان سے زمین کی جانب کو اور عترت
اولاد میری ہے کہ ہرگز یہہ دونوں جدا نہونگے ایک دوسرے سے یہانتک کہ آویں پاس میرے حوض کوثر
پہ پس نظر کرتا ہوں میں اور دیکہوں کہ کسطرح خلیفہ ہوئے تم اونہیں کے میرے بعد یعنے انکی کیسی تعظیم اور تکریم
کی اور کیا سلوک کیا ساتہہ انکے اگر وہ شکر گذاری کریں تمہاری تو میں انکے عوض میں تمہارے ساتہہ

سلوک کرو نگا اور خدا تعالے سے گناہ تمہارے بخشواؤنگا خواجہ سنائی گوید مصطفے اندر میان آنگاہ جمع
صحابہ چون بنجوم منزل مصطفے ۔ جملہ اصحاب مرورا گفتند ۔ کہ چہ گنا شش برابر شتند ۔ گفت کہ شان مشکل
الانس ۔ غرقہ شما بکرکنید نگاہ ۔ آنکہ زا ابلیس جلد بوید مقدر ۔ او بجا ہمہ دین ماجہ ولہ قدر ۔
شیخ الاسلام علاؤ الدولہ رکن الدین قدس سرہ سمنانی در کتاب خود جہل مجلس
اپنے مریدون کو وصیت فرماتے ہیں کہ تم سب مسلمانون کو چاہئے کہ اہلبیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کو معظم و مکرم جانو اور یہہ حق اہلبیت کے تابع اہل سنت و جماعت عوام کے نہونا چاہئے کہ سنت جماعت کو
جیسا کہ حق اہلبیت کا ہے ویسا ساتھہ عصمت اور بزرگی کے نہیں جانتے ہیں حضرت ابو حنیفہ امام اعظم اور امام
شافعیؒ اور بایزید بسطامی اور جنید بغدادی کہ بزرگ زیادہ ان لوگون سے تہی ۔ نہیں جانتے کہ امام اعظم
ساتھہ صحبت امام جعفر صادق علیہ السلام کے فخر کرتے تھے اور کہتے تھے کہ اگر دو سال بیشتر امام علیہ السلام کی
صحبت مین نرہتا تو دنیا سے ہلاکت کی راہ پر چلا جاتا اور امام شافعیؒ در پے رضامندی اہلبیت رسول کے
اور شیخ جنید اور بایزید کا تو یہہ حال تہا کہ اگر خاک پائے اہلبیت رسولؐ کی کہین پاتے تو سرمہ آنکہون کا
تھے اور جانو تم کہ اہلبیت کے واسطے ایک مقام ہے عالی کہ قلم اور زبان تحریر اور تقریر اوسکی سے عاجز
ہے اور تمام اولیاء اللہ آپکو خدام اہلبیت جانتے ہین اور کہتے ہین کہ اگر ہم زمرہ خدام جناب اہلبیت مین
محشور ہوجاوین تو عجب نصیب اور سعادت ہماری ہے چنانچہ حضرت معروف کرخی کہ پیران طریقت مین تہے
حضرت امام علی رضا علیہ السلام کہتے تہے سہ بحق شیخ دین معروف کرخی ۔ کہ دربان علی موسے رضا بود ۔
مولوی سالم اللہ دہلوی گوید چنان حب آل عباد اشتند ۔ زنجم سعادت بدل کاشتند ۔
جنید و شبلی وہم بایزید ۔ و سید معین و قطب و فرید ۔ چو در عصر خود خاکپا یافتند ۔ ہمہ طوطیا چشمہا
ساختند ۔ دگر اولیارا ہمین نہج بین ۔ ببصیرت چو داری بدان بالیقین ۔ اور حضرت خواجہ اویس
قرنی کہ کبرائے اولیاء اللہ سے اور بہترین تابعیون کے ہین بسبب کمال محبت کے کہ جو اہلبیت علیہم السلام
سے رکہتے تہے جب انہون نے کنارہ آب فرات کے طبل کی آواز سنی تو پوچہا کہ کیا واقع ہے لوگون نے کہا
کہ درمیان مرتضے علی علیہ السلام اور معاویہ ابن ابوسفیان صخر کے جنگ ہے کتاب حبیب السیر مین ہے کہ
اویس نے فرمایا کوئی عبادت اسوقت میرے نزدیک اطاعت علی ابن ابی طالب سے بہتر اور عمدہ نہین ہے
پس اسلئے مددگاری حضرت علی مرتضے علیہ السلام کے متوجہ بجنگ صفین ہوکر شہید ہوگئے مناجات
الٰہی تو باحق خیر الانام ۔ بشیر خدا شاہ عالی مقام ۔ بحق بتول و حسین و حسن ۔ بدار ایمرا با امان و امن
امیر شیخ الاسلام حضرت مولانا احمد جام قدس سرہ گوید بذات تا عمر ہمہ دعا بردا شت

[illegible] دولت ، این زمرہ این نکات [illegible] ؂ احمد غلام [illegible]

[illegible] روایت حضرت سعد بن وقاص سے صحیح مسلم اور مشکوٰۃ اور مصابیح کے روایت ہے

[illegible] قولہ تعالیٰ فمن حاجک فیہ من بعد ما جاءک من العلم فقل تعالوا ندع ابناءنا

[illegible] نساءنا و نساءکم و انفسنا و انفسکم ثم نبتہل فنجعل لعنۃ اللہ علی الکٰذبین ترجمہ پھر جو کوئی جھگڑا

[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] کے بعد حاصل ہونے اوسکے علم سے تو کہ [illegible] اور رسول ہے

[illegible] کہ بلاویں ہم اپنے فرزندوں کو اور تم اپنے فرزندوں کو اور ہم اپنی عورتون کو اور تم اپنی عورتون کو اور ہم

اپنے نفسوں کو اور تم اپنے نفسوں کو پھر ہم مباہلہ کریں اور گردانیں لعنت خدا تعالیٰ کی اوپر دروغ گو کے۔ پس بلایا آنحضرت

نے حضرت فاطمہ اور حضرت علی اور حضرت حسن اور حسین علیہم السلام کو اور فرمایا آنحضرت نے اللہم ہؤلاء اہل بیتی

اور مسلم میں روایت ہے کہ یہ آیہ مباہلہ کی نازل ہوئی ہے اس ملک عرب میں دستور ہے کہ جب قوم میں اختلاف ہوتا ہے

تو جنگل میں جا کر ایک دوسرے پر لعنت کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ لعنت اللہ کی اوپر دروغ گو کے اور کاذب ظالم کے ہووے

جب آنحضرت کو اللہ تعالےٰ کا حکم ہوا کہ مباہلہ کرو ساتھ قوم نصارا کے پس نکلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ

آپکی گود میں حسن اور حسین اور پس پشت حضرت فاطمہ زہرا اور اونکی پس پشت حضرت علی علیہ السلام تھے اور آنحضرت

نے اونکو حکم دیا تھا کہ جب میں دعا کروں تو تم آمین کہنا پس جب پیشوایان نصارا نے آنحضرت کو اس صورت سے

دیکھا تو اپنی قوم سے کہا کہ اے قوم افسوس ہے اوپر تمہارے کیونکہ دیکھتے ہیں ہم ان شکلوں اور صورتوں کو کہ اگر خدائے

تعالےٰ سے یہ لوگ پہاڑ اوکھڑنے کی درخواست کریں تو پہاڑ اوکھڑ جاویں پس وہ لوگ صلح کر کے اپنے مقاموں پر چلے

گئے اور جزیہ دینا قبول کیا اور فرمایا آنحضرت نے اگر مباہلہ کرتے تو صورت انکی مسخ ہو کر بشکل بندر اور یا خنزیر کے

ہوجاتی پس اکثر علمار کہتے ہیں کہ اسجگہہ سے معلوم ہوا کہ حضرت علی مرتضےٰ بھی مثل امام حسن اور امام حسین کے ابنا یعنی

اولاد میں حکماً داخل ہیں اور عرف میں بھی داماد کو فرزندوں میں شمار کرتے ہیں چونکہ علی مرتضےٰ کو اتصال نسبی اور

قرابتی اور اتحاد دین اور ملت اور کثرت محبت کہ حد سے زیادہ تھی پس بسبب اسکے فرمایا علی منی و انا منہ اس صورت

میں اگر آنحضرت نے حضرت مرتضےٰ علیہ السلام کو نفس اپنا فرمایا تو کیا بعید ہے اور تفسیر جامع البیان اور مسلم اور مشکوٰۃ

میں لکھا ہے کہ مراد بانفسنا سے حضرت مرتضےٰ علی علیہ السلام ہیں اسواسطے کہ عرب میں اپنی اولاد کو نفس اپنا

کہا کرتے ہیں اور ابناءنا سے مراد حسنین علیہما السلام ہیں اور نساءنا سے مراد حضرت فاطمہ علیہا السلام ہیں اور

اسجگہہ سے یہ مراد بھی بخوبی معلوم ہوئی کہ بی بی فاطمہ خاتون جنت کی اولاد اور ذریت اونکی فرزندان رسول اللہ

سے ہیں اور اونکو نسبت تمام ساتھ آنحضرت کے ہے کہ نافع ہے بہ نسبت دنیا و آخرت میں ؎ شیخ سعدی شیرازی نے

گویند الٰہی بحق بنی فاطمہ ؎ کہ بر قول ایمان کنم خاتمہ ؎ اگر دعوتم رد کنی ور قبول ؎ من و دست و دامان آل رسول ؎

اور حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے نفس پیغمبر فرمایا چنانچہ اولیاء اللہ اونکو نفس رسول کہتے ہیں

خواجہ حافظ شیرازی کو یہ شعر نفس رسول نبیجے نص جنزول ہل اتیٰ • قائم مقام مصطفےٰ شاہ نجف علی ولی

مولانا جلال الدین رومی کو یہ شعر جان سخن ز جسم محراب و منبر • دمی مصطفےٰ نفس پیغمبر علیؑ

مندرجہ در کلیات شمس تبریز کو یہان نقل کیا تاکہ یہ معانی ہوں کہ اونکو نفس نبی بھی کہا گیا ہے

و بیان سورۂ ہل اتیٰ ۔ راویان معتبر اور مفسران ثقات تحریر فرماتے ہین کہ ایک مرتبہ حسنین علیہما السلام بیمار ہوئے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اونکے دیکھنے کو تشریف لائے اور آپ کے ساتھ اصحاب کبار بھی تھے حضرت رسول خدا نے فرمایا یا علی صاحبزادون کے واسطے حق تعالیٰ کی نذر مقرر کرو تاکہ صحت ہووے حضرت علی نے عرض کیا کہ مین تین روزہ واسطے خدائے تعالیٰ کے مقرر کرتا ہون جبکہ حق تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے شفا عنایت فرمائی سب گھر کے آدمیون نے روزہ رکھے ایک حضرت علی دوم حضرت فاطمہ سیوم آپکی لونڈی حضرت فضہ اور اوس روز گھر مین کھانے کے واسطے کوئی چیز نہ تھی حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے شمعون یہودی کہ جو خیبر کا رہنے والا تھا اور وہ غلہ بیچا کرتا تھا اوس سے کچھ قرض طلب کیا اوس نے بسبب عداوت اسلام کے قرض دینے مین کچھ تامل کیا آخر کو بہت تکرار اور فہمایش سے بارہ سیر جو دیے تھے آپ ان جو کو گھر مین لائے اور حضرت خاتون جنت نے چار سیر جو کو چکی مین ڈالکر پیسا اور آپ کی خادمہ حضرت فضہ نے گھر کے آدمیون کے شمار سے پانچ روٹیان تیار کین اور افطار روزہ کے وقت وہ پانچون روٹیان لیکر سب حضرات نے اپنی اپنے روبرو رکھین جب چاہا کہ لقمہ توڑ کر منہ مین رکھین اتنے مین ایک فقیر آیا اور سوال کیا کہ حق تعالیٰ کی سلامتی ہو تم پر اے اہلبیت پیغمبر ایک فقیر مسلمان تمہارے دروازہ پر آیا ہے اور اوسکے گھر مین پانچ آدمی ہین کچھ کھانا اونکے واسطے دو کہ حق تعالیٰ تمکو جنت کے کھانون مین سے خوانون مین کھانا کھلاویگا پس اون پانچون حضرات نے اوس فقیر کو پانچون روٹی حوالہ کردین اور آپ سب صاحب پانی سے روزہ افطار کر عبادت مین مشغول ہوئے اور پھر صبح کو روزہ رکھا پھر اوسی طرح دوسرے روز بھی چار سیر جو پیسکر پانچ روٹیان تیار کین اوس روز بھی اوسی طرح افطار کے وقت ایک یتیم نے آکر آواز دی وہ روٹیان اوسکو عنایت فرمائین تیسرے روز بھی ایک قیدی نے افطار کیوقت سوال کیا پس اوس روز وہ روٹیان حسب قاعدہ قیدی کو دیدین اور آپ اوسی طرح بھوکے رہے چوتھے روز صبح کو جو اٹھے تو بھوک کے مارے طاقت جنبش اور کھڑے ہونیکی نہ تھی پس اوس دن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حسنین علیہما السلام کو دیکھنے کیواسطے تشریف لائے یہ حالت سبکی دیکھکر آپکو بہت بیتابی ہوئی اور پوچھا کہ میری بیٹی فاطمہ کہان ہین حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ اپنے مصلے پر نماز مین مشغول ہین آنحضرت اونکے پاس

ہوگیا اور بھوک کے مارے پیٹ پیٹھ سے لگ گیا ہے اور آنکھیں اندر ہو گئی ہیں یہ حالات
دیکھ کر آنحضرت کے آنسو جاری ہوئے پس اوسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام درگاہ حق تعالے سے
سورہ ہل اتی لیکر نازل ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول خدا حق تعالے نے یہہ سورت کہ جسمین تہنیت
اہلبیت اور ہدایت میں صفت ہے جود و سخا کی واسطے تمہارے اور اہلبیت تمہارے کے بھیجی ہے کہ
مبارک ہو تمکو اور تمہاری اہلبیت کو اور یہہ آیات پڑھکر سنائی **قولہ** یوفون بالنذر ویخافون یوما
کان شرہ مستطیرا ویطعمون الطعام علی حبہ مسکینا ویتیما واسیرا **ترجمہ** یعنے پورا کرتے ہیں نذر کو
اور ڈرتے ہیں اوس دن سے کہ برائی اوسکی پھیل پڑیگی اور کھلاتے ہیں کھانا اوسکے یعنے اللہ کی محبت پر مسکین
اور محتاج اور یتیم اور قیدی کو چنانچہ اسکی خبر لیا اللہ اور مفسرین حق میں دیتے ہیں **شیخ فریدالدین
عطار قدس سرہ گوید** ؎ مسکین نان از بہر خدا داد ؎ خدا ہم خدا جانش ہل اتی داد ؎ **مولانا
جامی قدس سرہ گوید** نوح را عبد الشکور گفت در سر علی ؎ سعیکم مشکورا آمد ترا در ہل اتی ؎
گر بعمر گشت الناس سیجا در کلام ؎ ور یقیمون الصلوۃ آمد ترا اعزاز ہا ؎ یا الا کہ ہر ترا اندر یخافون یاد کرد ؎
باز در اطعام ذکر حب سگوید خدا ؎ **حضرت شاہ سلیمان قدس سرہ گوید** - اے برابر کرا یزد
با علیت در وفا ؎ آیت یوفون بالنذر ہست بر قولم گوا ؎ بود با ایوب ہمسر در گہہ صبر و شکیب ؎ گشت
با جبرئیل ہمرہ در رہ خوف و رجا ؎ نوح را در شکر گر عبد الشکورا گفت گفت ؎ از برایت سعیکم مشکورا آمد
ہل اتی ؎ گر بعزت مصطفی را در الہ برکشید ؎ گشت منزل بہر خیر از تو نص انما ؎ **حضرت قاسم
انوار قدس سرہ گوید** - بود یطعمون الطعام ؎ بمسکین و دیگر یتیم و اسیرا ؎ چو کردی ادا صوم
یوفون بالنذر ؎ شدی ایمن از شرہم مستطیرا ؎ ترا می توان گفت انسان کامل ؎ کہ ہستی بمعنے سمیعا بصیرا
خواجہ عبد اللہ انصاری گوید تا ندادو رسہ نان قرص جوین ؎ ہفتدہ آیتش خدا نفرستاد ؎

باب سیوم دربیان فضایل خاص جناب مرتضی علی علیہ السلام

بیچ رسالہ مولانا علی قاری اور بیچ نفایر عقبے کے بروایت انس رضی اللہ عنہ کے وارد ہے کہ ایکروز رسول اللہ
علیہ السلام اوپر منبر کے تشریف لائے اور بہت سے کلمات نصیحت کے ارشاد فرمائے اور پہر فرمایا کہ کہان ہے
علی حضرت علی نے فرمایا کہ حاضر ہون مین یا رسول اللہ پس لپٹا لیا رسول خدا نے حضرت علی کو اپنے سینہ سے اور
درمیان دونون آنکھون کے بوسہ دیا اور با آواز فرمایا کہ اے گروہ مسلمانون کے یہہ میرا بھائی اور بیٹا چچا میرے کا
ہے اور فرمایا وعنہ وحی ودلمی اور دستور الحقایق و دیگر کتب معتبرہ اہل سنت مین مسطور ہے کہ ایکروز جناب
رسالت مآب نے حضرت علی کو اپنے پیراہن مین لیا کہ جسم حضرت نبی اور حضرت علی ایک ہو گیا لیکن سر مبارک

حضرت نبی اور حضرت علی کے دو نظر آتے تھے لیکن اوسی حالت میں فرمایا آنحضرتؐ نے لحمک لحمی و دمک دمی و قلبک

قلبی و نفسک نفسی و روحک روحی ترجمہ یعنے خون میرا اور خون تیرا اور گوشت میرا اور گوشت تیرا

اور قلب میرا اور قلب تیرا اور نفس میرا اور نفس تیرا اور روح میری اور روح تیری ہے جیسا کہ اہل دل صوفیا

کرام نے بیان کیا ہے اکابر اولیاء کاملین نے **شیخ فریدالدین عطار گوید** مرتضیٰ را جان و دل

... لحمک لحمی از آن در کار شد مصطفیٰ و مرتضیٰ ہر دو یک است گر تو دانی اصل جسمانی ...

بیت دیگر یکے بد جان او با جان احمد و سرشتہ جان شان از نور سرمد **مولانا روم قدس سرہ**

قسمت تبریز گوید اے نور پاک مصطفیٰ با مصطفیٰ از یک عبا اے مرتضیٰ اے مجتبیٰ سلطان ...

بیکنند **و دیگر ایضاً** سید صدر کرم گفت ایا بو الحسن لحمک لحمی و دمی شاہ سلام علیک **و دیگر** ان ...

بگفتہ تا کہ بدانی آن یار کہ بالنفس نبی بد علی بود **دیگر** دو چراغند از ایشان یک شعلہ تو دانی

زیکدیگر جداست مصطفیٰ و مرتضیٰ ہر دو یک است تا نگوئی تو زیکدیگر جداست گر جدا دانی

علی از مصطفیٰ دشمن جانت خدائے کبریا است **حکیم خواجہ سنائی قدس سرہ العزیز گوید**

مرتضائے کرد یزدانش ہمرہ جان مصطفیٰ اجانش ہر دو یک در ز رنگ صدف بودند ہر دو پیرایہ

شرف بودند ہر دو یک قبلہ و خودشان دو ہر دو یک مغز و کالبدشان دو **شیخ الاسلام**

مولانا احمد جام زندہ پیل قدس سرہ گوید ہر آن کو علی و نبی یک شمارد فخوضہا حساب

حسابا یسیرا ہر آنکو بدل تخم مہرش نگارد فقد عوا ثبورا و یصلی سعیرا دوئی بود گر در علی و محمد

چو صبح دوتا بود روشن ضمیرا **مولانا جمال الدین رومی گوید** بجز ذات شریف آن غضنفر

نگرا شد لحمک لحمی میسر **ملا محمد صالح کشفی گوید** دانی حدیث لحمک لحمی برائے چیست این ہر دو

تن یک است یکے را بیین دوتا **مولوی سالم احمد دہلوی گوید** چہ عجب وصل آن جناب با وے

لحمک لحمی است خطاب باو پس چو فصل کند کسے ابہ بیان کرد برباد دین خود بعیان زعایۃ العقبےٰ میں

عمرو بن وشاس الاسلمی نے بیان کیا ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے جسنے دوست رکھا علی کو اوسنے دوست

رکھا مجھکو اور جو کوئی دشمنی رکھے علی سے بہ تحقیق اوس نے دشمنی کی ساتھ میرے اور جس نے رنجیدہ کیا علی کو

اوس نے رنجیدہ کیا مجھکو اور جس نے رنجیدہ کیا مجھکو اوس نے رنجیدہ کیا خدائے تعالےٰ کو اور دیلمی روایت

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حدیث لایا ہے **حدیث** انہا قالت قال رسول اللہ حب علی عبادۃ

ترجمہ دوستی علی کی عبادت ہے **ابیات** حب حیدر عبادت حق است حب حیدر عنایت حق است

اگر امامت علی را بشمع ضیا بہ بہتری باشد ❖ **شیخ فریدالدین عطار قدس سرہ**

گو ہزاران سال باشی در طلب ❖ ور ہزاران جام گیری تا بہ لب ❖ ور بہر روزے گذاری صد نماز ❖
... باش حیدر را نماز ❖ باقلندر علم دین اہل غوی ❖ ور مادم از شافعی عالم شوی ❖ یا چو حنبل مقتدائے
... شوی ❖ ور علوم مالکی در دین شوی ❖ بو حنیفہ گر نباشد در دلت ❖ کے توان گفتن سلیم مقبلت ❖
گر ندے علی نبود درست ❖ رافضی دانم مر او را از نخست ❖ اور طبرانی جابر سے لاتا ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے
حدیث الناس من شجر شتے وانا وعلی من شجر واحدۃ **ترجمہ** یعنے اور آدمی درخت ہائے پراگندہ سے
ہیں مگر میں اور علی ایک درخت سے ہوں۔ اور ابن عساکر انس رضی اللہ عنہ سے لایا ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلعم
نے کہ جس وقت گیا میں عرش پر تو دیکھا میں نے کہ ساق عرش پر لکھا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ایدہ اللہ بعلی ابن ابی طالب اور کہا ابن عباس نے بیچ تفسیر اس آیت کے انما انت منذر کہ سنا میں نے
فرمایا رسول خدا نے انا المنذر وانا والہادی علی یعنے ڈرانے والا میں ہوں اور علی ہدایت کرنے والا ہے اور پھر
کہا ابن عساکر نے کہ کہا ابن عباس نے جس وقت نازل ہوئی یہ آیت انما انت منذر ولکل قوم ہاد تو فرمایا
رسول خدا نے ہاتھ اپنا اوپر سینہ اپنے کے رکھکر کہ میں ڈرانے والا ہوں اور اشارہ کیا ہاتھ اپنے سے طرف
علی مرتضے کے اور فرمایا الہادی لک یہتدی المہتدون من بعدی **ترجمہ** یعنے میں ڈرانے والا ہوں
اور تجھسے ہدایت پانے کی ہدایت پانے والے بعد میرے اے علی اور اسی طرح تفسیر دُر منثور میں لکھا ہوا ہے
اور اولیاء اللہ بھی اسکی تصدیق کرتے ہیں چنانچہ فرمایا شیخ الاسلام **مولانا احمد جام زندہ پیل**
قدس سرہ گوید ای امام الہدا ولی خدا ❖ او ہدایت دہ باہل ہدا ❖ او امام الیقین ست مرشد دین ❖
ہادی و مہدی است راہ خدا ❖ او بذات است واجب العصمت ❖ ذات آمد بری ز شرک و ریا ❖ او ست
گنج حقیقت اسرار ❖ ظاہر و باطنش شدہ یکتا ❖ گر تو مرشد نبودی احمد را ❖ کے رسیدی درین مقام رضا ❖
مولانا روم در کلیات حضرت شمس تبریز گوید آفتاب وجود اہل صفا ❖ وان امام مبین ولی
خدا ❖ ذات او ہست واجب العصمت ❖ او منزہ ز شرک کفر و ریا ❖ عالم وحدت است منزل او ❖ او برون
از صفات ما فیہا ❖ صادقان جملہ رو بہ درِ او نہند ❖ کو امیر است ہادی و مولا ❖ گر تو لا کنی بجید رکن ❖ تا بر ندت
بجنت الماوی ❖ شمس دین چون تو صادقی در عشق ❖ جان فدا کن ز بہر مولانا ❖ گفت احمد خود از سر تحقیق ❖
بوتراب است شاہ ہر دو سرا ❖ اور ابن عدی نے کہا بیچ کامل کے بروایت حذیفہ کہ فرمایا رسول اللہ نے **حدیث**
ان علیا اول من امن بی وہو اول من یصافحنی یوم القیامۃ **ترجمہ** یعنے بتحقیق علی اول وہ شخص ہے جو ایمان
لائے ساتھ میرے اور وہ اول وہ شخص ہے جو مصافحہ کریگا ساتھ میرے بروز قیامت اور امام اعظم ابو حنیفہ کوفی نے

بروایت سلمہ بن کہیل کے بیان کیا کہ کہا سلمہ نے کہ سنا مین نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہ فرماتے تھے کہ سب سے
اول مین اسلام لایا اور نماز پڑہی ساتہہ رسول خدا کے اور کہا ہے عبد البر نے کہ سنا ہین علما و محدثین
کہ سلمان فارسی و ابوذر و خباب و جابر و ابو سعید خدری و زید بن ثابت رضی اللہ عنہم کہ جلیل القدر اصحاب
سے ہین کہتے ہین کہ سب سے اول حضرت علی اسلام لائے اور یہہ اصحاب حضرت علی علیہ السلام کو تفضیل دیتے ہین
اور پر غیر حضرت علی کے یعنے حضرت علی کو سب سے افضل جانتے ہین اور کہتے ہین اور خود حضرت علی کرم اللہ وجہہ
اپنی نظم مین فرماتے ہین **بیت** سبقتکم الی الاسلام طرا ؛ غلاما ما بلغت اوان حلمی **ترجمہ بیت**
مسلمان مین ہوا ہون سب سے پہلے ؛ دران حالیکہ نابالغ تہا لڑکا۔ **بیان آیۃ انما** [illegible] اور
بہت سے تفسیرون مین وارد ہے کہ امیر المومنین حضرت اسد اللہ الغالب کے پاس ایک انگشتری تہی تین
شتر بار نقرہ اور چار سو شتر بار طلا کے تہی اور نگینہ اوسکا یاقوت احمر بوزن پانچ مثقال کے تہا بحالت
رکوع ایک سایل کو دی اوسیوقت اللہ تعالے نے یہہ آیت نازل فرمائی **قولہ تعالی** انما ولیکم اللہ و
رسولہ والذین امنوا یقیمون الصلوۃ ویؤتون الزکوۃ وہم راکعون **ترجمہ** متصرف نہین تمہارا کوئی
مگر خدا اور رسول اور وہ مومن کہ جس نے قایم کی نماز اور زکوۃ دی بیچ رکوع مین اور اکثر مفسرین کہتے ہین کہ
سوائے حضرت علی کے رکوع مین زکوۃ کسی نے نہین دی ہے **چنانچہ شیخ فرید الدین عطار در**
خسرو نامہ گوید چو دنیا را طلاقی داد جانش ؛ مگر انگشتری ماند از آنش ؛ خداوندش یکے سایل فرستاد
کہ آمد در نمازش پیش استاد ؛ کہ در دین تو دنیا بند جانست ؛ تو می دانی کہ آن خاتم زیانست ؛ چو زین
سر عالمی بہ سر فرازاد ؛ بسایل داد خاتم در نماز او ؛ نمازش را چو خاتم در نگنجد ؛ بجز حق ذرہ ہم در نگنجد ؛
نمازش چون حضوری پیشتر داشت ؛ نہ از پیکان برون کردن خبر داشت ؛ امام مطلق ارباب بینش ؛
بہ دانش آفتاب آفرینش ؛ چو شیر آمد ولی کہ داغ حق داشت ؛ بہ بردی و جوانمردی سبق داشت ؛ اسد
چون خانہ خورشید باشد ؛ علی کالشمس از آن جاوید باشد ؛ **در الہی نامہ شیخ عطار گوید** ؛
پس محمد گفت کے جان جہان ؛ اے عیان نور تو مارا ہم عیان ؛ اے ولی خالق بیچون شدہ ؛ از صفات
لامکان بیرون شدہ ؛ تو کنون این ولایت آمدی ؛ زان ہمہ نور ولایت آمدی ؛ در ولایت چون تو کس
نباید دگر ؛ قدر تو ہرگز کجا داند بشر ؛ **مولانا روم در کلیات شمس تبریز قدس سرہ گوید**
ہر چہ کنم کہ تو نہ پیروی حجت خدا ؛ باز روے تو در سفر را کہ کنی خلاف ما ؛ قلب تو گر [illegible] از علوم حق
تا [illegible] مالک ملک اتما ؛ مالک آتما علی منشی قل کفی علی ؛ عالم سر ما علی زانکہ علیست بادشاہ ؛ شاہ
ولایت است او جام شہادت است او ؛ علی ہدایت است او مونس جان انبیا ؛ نور حبیب کبریا [illegible]

مر سلیمان گفت بنده مصطفی ؛ خواجہ حافظ شیرازی گوید شعر دام کن تکان مطلوب اسم رحیم و
جان وشن رہ مسیح بجان سمی حرف آنا ؛ حضرت قاسم الانوار گوید بزیر نگین تو آمد دو گیتی ؛
جو داری بید بیش انگشتری ما ؛ حضرت مرتضٰے علیہ السلام خود فرمود دفی القرآن آت
لو هم ولاتی ؛ و ما وجب طاعتی فرضا ترجمہ اور قرآن مین لازم کی ہے تمپر دوستی میری اور واجب ہے
اطاعت میری تمپر مثل فرض کے ترجمہ نظم ابہر تو بر تمام عالم شده فرض ؛ در دست وہمت احسان تو قرض
بے مہر تو حق نیکند ہیچ قبول ؛ روزیکہ رسد کار نه اعمال بعرض ؛ چنانچہ حسان بن ثابت انصاری کہ مداح
رسول اللہ کے ہین وہ بہی چند اشعار اسی باب مین فرماتے ہین منجملہ اونکے ایک بیت یہ ہے۔ نظم
انت الذی اعطیت وکنت راکعا ؛ فذلك نفس القوم یا خیر راکع ترجمہ یعنے بس تو وہ ہے کہ
دیا تونے حالت رکوع مین پس یہ تیری ذاتی خوبی ہے اے بہتر رکوع کرنے والے۔ حضرت
بو علی شاہ قلندر قدس سرہ گوید بہر دین دل کند از دنیا علی ؛ ان علی والی ملک نبی آن وصی
مصطفے شیر خدا ؛ آن علی زوج بتول پارسا ؛ حکیم خاقانی شافعی در کلیات خود گوید صباح
عید ولایت علی ولی اللہ ؛ وکیل حضرت عزت علی ولی اللہ ؛ چراغ ہر دو جہان نور حق شناسی او ؛ مدار
کثرت وحدت علی ولی اللہ ؛ کدام عرش چہ کرسی چہ آسمان چہ زمین ؛ فزون زپایہ رفعت علی ولی اللہ ؛
سحاب گلشن کثرت محمد عربی ؛ شگفتے ز خلوت وحدت علی ولی اللہ ؛ چوبے لبضاعت وسرمایہ ہست خاقانی ؛
کند بحشر شفاعت علی ولی اللہ ؛ بیان حدیث ہارون من موسٰے اور حضرت اسد اللہ الغالب
تمامی غزوات مین ہمراہ رسول خدا کے رہے اور علم جنگ کا آپکی بدست مبارک مین رہا اور ہر کفار نامی کو
قتل کیا سوائے غزوہ تبوک کے کہ آنسرور عالم نے آپکو خلیفہ کرکے اپنے اہلبیت پر مدینہ منورہ مین چھوڑا
تہا جو کہ آنحضرت نے اس امر مین حضرت علی کو آزردہ دیکہا تو فرمایا ہارون من موسٰے اور شیخ نجم الدین
کبرٰے فرماتے ہین کہ آن حضرت نے حقایق اسرار نبوت اور ولایت کے بیچ خرقہ پوشیدہ کے رکہکر اس خرقہ
کو جناب شاہ ولایت مآب علی مرتضٰی کے سپرد کیا اور فرمایا آن حضرت نے حدیث انت منی بمنزلت
ہارون من موسٰے الا انہ لا نبی بعدی ترجمہ آیا نہین راضی ہے تو اے علی کہ تو ساتہ میرے ایسا ہے کہ
جیسے ہارون ساتہ موسٰے کے لیکن نہین ہے بعد میری نبوت اور سید علی ہمدانی مودات مین لکہتے ہین کہ پیغمبر
خدا نے اس حدیث کو دس مقام پر فرمایا ہے لہذا یہہ حدیث متواتر ہوئی اور خود حضرت علی مرتضٰے علیہ السلام
فرماتے ہین بیت کما ہارون من موسٰے اخوہ ؛ کذلک انا اخوہ و ذاک آخی یعنے جیسے کہ ہارون ساتہ
موسٰے کے بہائی تہے ایسا ہی مین بہائی نبی کا ہون اور یہہ ہی نام میرا خواجہ سنائی قدس سرہ گوید

اور جو مہر علی ہزار ہا رون ٭ ہمہ ہر یک تنگ از درون و بیرون ٭ در روضہ جو اخترگردون ٭ در روضہ جو بسیار زرون ٭

بیان من کنت مولاہ کتاب صحاح ستہ اور تواریخ اور مقاصد سیر اور شرح تفسیر نیشاپوری و تفسیر درمنثور سیوطی و تفسیر اسباب نزول و دیگر کتب ہائے مین وارد ہے کہ جب پیغمبر خدا حجۃ الوداع سے فارغ ہوکر مدینہ کو روانہ ہوئے تو راہ مین خم غدیر کے مقام پاجلو ایک لاکھ کئی ہزار صحابہ اون فرمایا اے لوگون مین تم مین دو چیزین چھوڑتا ہون اگر تم انکو مضبوط پکڑو گے تو ہرگز گمراہ نہوگے اور ہرایک ان مین ایک دوسرے سے بہتر ہے ایک تو قرآن مجید اور دوسرے اہلبیت عترت میری یہہ دونون ایک دوسرے سے جدا نہون گے یہانتک کہ آوین پاس میرے اوپر حوض کوثر کے اور دیکھون مین کہ تم کیسی تعظیم اور تکریم اور اطاعت کی اونکی اور پہر فرمایا کہ مین بہتر ہون تمہارے نفسون سے پس اصحاب نے کہا البتہ آپ بہتر ہین ہم سب سے پس اوسوقت ہاتھہ پکڑا علی مرتضی علیہ السلام کا اور بلند کیا اور یہہ حدیث فرمائی **حدیث** من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ **ترجمہ** یعنے جسکا مین صاحب ہون اوسکا علی صاحب ہے اے بار خدا دوست رکہہ تو اوسکو جو دوست رکہے علی کو اور دشمن رکہہ تو اوسکو جو دشمن رکہے علی کو۔ پس اوسوقت مبارک بادی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دی اور کہا کہ آج سے اے علی تم مولاہ ہوئے تمام مسلمان مرد اور عورت کے اور اوسکے بعد ایک خیمہ مین آپکو بٹہایا اور حکم آنحضرتؐ سب لوگون نے مع ازدواج آنحضرت کے مبارکبادی دینے کو اوس خیمہ مین آئے اور جب کوئی حضرت عمر سے کہتا کہ تم تقدیم اور تکریم حضرت علی کی اورون سے زیادہ کرتے ہو تو حضرت عمر کہتے کہ کیونکر تعظیم نکرون مین علی کی کہ صاحب اور سردار ہمارا ہے اور علمار محققین اہل سنت نے اسجگہہ مولاہ کے معنے مدد کے دوستی محبت اور دوستی کے گردانے ہین چنانچہ **عبد الحق محقق دہلوی گوید** حب علی ہرکہ ندارد بشر ٭ گرچہ بصلے ست مسلمان مگو ٭ بعد نبی عالم اسرار غیب ٭ غیر علی ہیچ یکے را مگو ٭ **مولوی سالم اللہ دہلوی گوید** چو واجب شدہ بر تو حب نبی ٭ چنان واجب است بر تو حب علی ٭ پیمبر کہ سرور در انبیا بد علی ہمچنان سرور اولیا ٭ **شارح دیوان حضرت مرتضی علیہ السلام گوید** ہر کس کہ بجان محب حیدر باشد ٭ در مہر علی دلش منور باشد ٭ روزیکہ ازین سرا ویران برود ٭ در جائے بہشت اہل کوثر باشد ٭ اور چونکہ علمار بنی امیہ و عوام سنت و جماعت نے آپکے درجہ عالی کو حد سے زیادہ گہٹا دیا ہر اور انکی محبت کہہ ساری درجہ سے بہی کم کر دیا ہے لہذا علمار شیعہ کو موقع لب کشائی کا ملا یہانتک کہ خلافت ظاہری کو بہی اسی حدیث سے مراد لیتے ہین اور خلافت بلافصل حضرت امیر علیہ السلام کے ثابت ہین لیکن اکثر اولیار کاملین نے مولا کے معنے کی تعریف عمدہ طور سے ظاہر کی ہے چنانچہ مولوی معنوی مثنوی دفتر ششم

مثنوی مین فرماتے ہین **ابیات** زین سبب پیغمبر با اجتہاد ٭ نام خود وان علی مولا نہاد ٭ گفت ہر کس را منم مولا و
دوست ٭ ابن عم من علی مولائے اوست ٭ کیست مولا آنکہ آزادت کند ٭ بند رقیت ز پایت برکند ٭
چون بآزادی نبوت ہادی است ٭ مومنان را ز انبیا آزادی است ٭ اے گروہ مومنان شادی کنید ٭
ہمچو سرو و سوسن آزادی کنید ٭ اور سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کتاب اقتباس مین تحریر فرماتے ہین
کہ خلافت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو قسم پر جاری ہوئے کبرٰے و صغرٰے یعنے خلافت ظاہری سو
ظاہری مین تو درمیان امت کے اختلاف ہے اور خلافت کبرٰے کہ بمعنی ولایت بقائے نبوت اور رسالت ہے
وہ خاص حضرت علی مرتضٰے علیہ السلام کو عنایت ہوئی چنانچہ حضرت مرتضٰے علیہ السلام خود فرماتے ہین ـــہ
وفی القرآن الزمہم ولائی ٭ واوجب طاعتی فرضا بعزہم ٭ لذاک اقامنی لہم امام ٭ واخبرہم بہ بغدیر خم
فمن منکم یعادلنی بسہمی ٭ واسلامی وسابقتی ورحمی ٭ ترجمہ اور قرآن مجید مین ولایت میری تمہارے
اوپر لازم ہوئی اور واجب اور فرض کی گئی اطاعت میری اوپر تمہارے اسیواسطے حکم کیا گیا ہے مسلمانون کو
امامت میری کا اور خبر دی گئی ہے اسکی بیچ غدیر خم کے پس کون تمہارے بیچ مین ہے کہ ہووے حصہ اوسکا
برابر حصے میرے کے اور اسلام میرے کے درحالیکہ سابق الاسلام ہون مین ترجمہ **نظم** اے مہر تو بر تمام
عالم شدہ فرض ٭ در ذمت ہمت است احسان تو فرض ٭ بے مہر تو حق نمیکند ہیچ قبول ٭ یکذرہ ز کردہ بعد
نامۂ اعمال بعرض ٭ اور پہر فرمایا حضرت امیر علیہ السلام نے بیچ فخر اپنے کے ۔ اللہ اکرمنا بنصر نبیہ ٭
وبنا اقام دعائم الاسلام ٭ وبنا اعز نبیہ وکتابہ ٭ واعزنا بالنصر والاقدام ٭ ویزورنا جبرئیل
فی ابیاتنا ٭ بفرائض الاسلام والاحکام ٭ فنکون اول مستحل حلہ ٭ ومحرم للہ کل حرام ترجمہ
یعنے خدائے تعالٰے نے برگزیدہ کیا مجھکو اسواسطے کہ مددگاری کی مین نے رسول اوسکے کی اور مین نے قائم
کیا ستون اسلام کو اور دوست اور عزیز کیا پیغمبر خدا نے مجھکو اور کتاب اپنی کو اور عزیز کیا مجھکو بسبب
مددگاری کے اور پیشقدمی کرنیکے جنگ مین ترجمہ **نظم** درعلم و عمل اہل حقائق مائیم ٭ دانندۂ اسرار
دقائق مائیم ٭ گاہے کہ سخن ز اہل ایمان گزرد ٭ انصاف مدہ خصم کہ سابق مائیم ٭ اور یہی اسی کلام فصیح
البیان کے مطابق تمام اولیاء اللہ نے اپنے اپنے کلام حق البیان مین فرمایا ہے **حضرت امام شافعی**
رحمۃ اللہ علیہ گوید علی حبہ جنۃ ٭ قسیم النار والجنۃ ٭ وصی المصطفٰے حقا ٭ امام
الانس والجنۃ ٭ **قطب الابرار و عارف اسرار شیخ فرید الدین عطار در الٰہی نامہ**
خود گوید ٭ ز مشرق تا بمغرب گر امام است ٭ امیر المومنین حیدر تمام است ٭ اگر علمش شدی بحری معدود ٭
در یک قطرہ بودی بحر اخضر ٭ اگر فضل علی گوئی بہ تفصیل ٭ بقول ناصبی اش کن تو تعطیل ٭ اور یہی فرمایا

حضرت مرتضےٰ علیہ السلام نے ابیات وانت الکتاب المبین الذی و باحرفہ یظہر المضمر
فما حاجۃ الی خارج * بحیاخلک بما تسطر * اور علی تو خود کتاب مبین ہے کہ جسکے حروف سے ظاہر
ہوتے ہیں بھید پوشیدہ ولیس نہیں حاجت اسکی کہ خبر دیجاوے تجھکو اس چیز کی کہ جو لکھی ہے ترجمہ
ترجمہ نظم مجموعۂ اسرار الٰہی ما ئیم * لوح و قلم و حرف و سیاہی ما ئیم * ہرچند کہ مقصود تو باشد اصول *
از خود بطلب ہر چہ خواہی ما ئیم * جبکہ لشکر معاویہ نے جنگ صفین میں قرآن نیزون پر بلند کیا تو حضرت
مرتضےٰ علیہ السلام نے فرمایا۔ انا کلام اللہ الناطق ترجمہ یعنے مین ہون کلام اللہ بولتا ہوا حکیم خواجہ
سنائی رحمۃ اللہ علیہ گوید در حدیقہ مرنبی را وصی و ہم داماد * جان پیغمبر از جمالش شاد *
نائب مصطفےٰ بروز غدیر * کردہ بر شرع خود مرا ورا میر * قابل راز حق زبان او * مہبط وحی حق بیان او
بہر او گفتہ مصطفےٰ با بعد * کاے خداوند وال من والاہ * زار دار خدائے پیغمبر * زاد وا پیغمبرش حیدر *
مصطفےٰ از برائے جان و تنش * تر برائے کلاہ و پیرہنش * نام او کردی در ولایت علم * علی از علم بود ز امر
از علم * با کسے علم دین نگفت استاخ * زانکہ دل تنگ بود و علم فراخ * سائلان را باشکار و ہفت *
جز باندازہ علم شرع نگفت * با ناندر دل علی ہر سوئی * عرش و کرسی چو نیم دانگ و تسوی * تا نہ بکشاد
علم حیدر در * ندہد سنت پیمبر بر * او مدینہ علوم باب علی * او خدا را نبی علیش ولی * حضرت
شیخ الاسلام مولانا احمد جام زندہ پیل قدس سرہ گوید باندلش مدح علی ولی را
بخوان حسبی اللہ نعم النصیرا * چو فردا بپرسد خدائے کریم * بحب کہ بردے بسر زندگی را * کہ مولا
تو بودی کرا بندہ بودی * بگویم علی باز گویم علی را * علی ولی ساقی حوض کوثر * چو صہبا بود نشۂ احمدی را
شیخ سعدی شیرازی گوید منم کز جان شدم مولائے حیدر * امیر المومنین آن شاہ صفدر *
علی را خدا بیشک ولی خواندہ * کہ بعد از مصطفےٰ در جملہ عالم * نہ بر فاضل تر و بہتر ز حیدر * سلمہ سلونی
گفتن اورا * کہ علم مصطفےٰ را بود او در * یقین اندر شجاع و علم و عصمت * ز پیغمبر نہ بود او ہیچ کمتر *
اگر دانی نگوی جز علی کیست * کہ دُلدُل زیر رانش بود در خور * چہ گویم وصف آن شاہیکہ جبریل *
کہی بود مدح گویش گاہ چاکر * بدان گفتم کہ تا غلفان بدانند * کہ سعدی زین سعادت نیست بیبر *
ایا سعدی تو نیکو اعتقادی * ز دین و اعتقادی خویش برخور * مولانا جامی قدس سرہ گوید
علی شاہ عالم امام کبیرا * کہ بعد از نبی شد بشیر و نذیرا * ز تو ہست روشن مہ و ماہ و کوکب * تو ئی ہر دو عالم
سراج و منیرا * ز تو نیست پوشیدہ احوال جامی * تو ئی ہر دو عالم سمیعاً بصیرا * حضرت شاہ
قاسم انوار گوید الا اے شہنشاہ ملکا کبیرا * علی الحق توئی مومنان را امیرا * بنص قرآن و حدیث پیغمبر *

[illegible] اور صاحب تفسیر ثعلبی نے اپنی تفسیر میں روایت کی ہے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
[illegible] من کنت مولاہ کہے یہہ آیت پڑہی قولہ تعالیٰ یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک
وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ واللہ یعصمک من الناس ترجمہ یعنے اے رسول پہنچا دے تو لوگوں کو وہ چیز
[illegible] تیرے رب کی طرف سے اگر تو نہ پہنچاویگا تو گویا نہ پہنچائے الت اپنے رب کی اور اللہ بچاوے تجکو شر دشمنان
[illegible] تفسیر نیشاپوری اور تفسیر منثور سیوطی اور تفسیر اسباب نزول میں وارد ہے کہ آیت مذکور
[illegible] حدیث غدیر سے اول نازل ہوئی ارشاد فرمائی اور بعد کو حدیث من کنت مولاہ بیان فرمائی ہے۔ اور
مناقب خطیب خوارزمی میں بروایت حافظ ابو نعیم اور مناقب ابن مردویہ میں بروایت ابو سعید خدری کے
وارد ہے کہ بعد ملاحظ حدیث غدیر کے یہہ آیت نازل ہوئی قولہ تعالیٰ الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم
نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا ترجمہ یعنے آجکے دن میں نے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور اپنی نعمت تمہارے
اوپر تمام کر دی اور تمہارے واسطے دین اسلام کو پسند کیا تب جبکہ نازل ہوئی یہہ آیت تو فرمایا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ اکبر علی ما یقتضے اکمال الدین اور اتمام نعمت ہے اور رضامندی پروردگار میری کی
ساتھہ رسالت میری کے اور ولایت علی ابن ابی طالب کے ہے مولانا نیاز احمد بریلوی گوید
زہے عز و جلال بوتراب فخر انسانی ❊ علی مرتضے مشکل کشا شیر یزدانی ❊ پیمبر بر سر منبر نشست و خواند اعلان
کرتا مولا کسیکہ را باشد اند علی برہانی ❊ بیان خلافت ربانی بحر المناقب اور مناقب خطیب
خوارزمی میں بروایت امیر المومنین اسد اللہ الغالب اور حلیۃ الاولیاء میں بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ
کے مسطور ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جب شب معراج خدا تعالےٰ مجکو آسمان پر لیگیا
اور کہڑا ہوا میں سدرۃ المنتہے پر روبرو پروردگار اپنے کے فرمایا اللہ تعالےٰ نے یا محمد کہا میں نے لبیک و
سعدیک پس فرمایا بالتحقیق آزمایا میں نے تمام اپنی مخلوقات کو اور میں نے اونکو نعمتیں دین پس کون انمیں سے
تیرا زیادہ مطیع اور فرمانبردار ہے عرض کیا میں نے اے پروردگار میری علی ابن ابی طالب ہے فرمایا اے محمد
سچ کہتا ہے تو پہر فرمایا کہ کسواسطے تو اختیار نہیں کرتا اپنے واسطے خلیفہ کہ ادا کرے احکام تیرے کو اور تعلیم کرے
میرے بندونکو میری کتاب سے جو کہ وہ نہیں جانتے ہیں پس عرض کیا میں نے کہ اے پروردگار میرے تو ہے
اختیار کر کہ تحقیق برگزیدہ تیرا ہے برگزیدہ میرا ہے پس فرمایا حق تعالےٰ نے کہ اختیار کیا میں نے تیرے واسطے
علی کو پس تو بہی اختیار کر اوسکو اپنا خلیفہ اور وصی کہ وہ مخزن علم اور حکمت کا ہے اور امیر المومنین ہے اور آیا
نہیں پہنچا ہے اوسکے مرتبہ کو کوئی اوس سے اول یا بعد کو اے محمد علی علم ہدایت اور امام مطیعان اور نور میرے اولیاء کا ہے
اور لازم کیا ہے میں نے واسطے متقیوں کے کہ جو شخص اوسکو دوست رکہے تحقیق کہ اوس نے دوست

کہا مجکو اللہ جو شخص کہ دشمن رکھے لیس تحقیق دشمن رکھا اس نے مجکو پس بشارت دو علی کو اسکی ...
سے اسوقت عرض کیا مین نے کہ اے پروردگار بشارت دونگا مین علی کو مولانا روم کویند ع علی
یا علی خدا ❊ نہد در بہشت آدم پا ❊ قطب الابرار عارف اسرار شیخ فریدالدین عطار
قدس سرہ در الٰہی نامہ بیان شب معراج گوید پرتو نور تجلے شد پدید ❊ در زمان نور او
ناپدید ❊ تا نظر در احمد مرسل فگند ❊ برقع از نور حقیقی بر فگند ❊ قم وجہ اللہ ناگہہ شد عیان ❊ لال شد در شرح او زبان ❊ درمیان آن بقاصد گونہ نور ❊ شعلہ میزد در دلش اللہ حضور ❊ گفت با او سی ہزار و شصت
ہزار ❊ جملہ اسرار سرش بے شمار ❊ سی ہزار اسرار گفت این را مگو ❊ سی ہزار دیگرش گفت این را بگو ❊
بر علی سی دگر کن آشکار ❊ باز این اسرار را ما گوش دار ❊ سی ہزار اسرار از آن صد رکبار ❊ گفت با حیدر کرم
کردگار ❊ سی ہزار اسرار او با کس نگفت ❊ از خلایق داشت ان سر در نہفت ❊ سی ہزار اسرار از سر کلام ❊
گفت اندر شرع آن صاحب نظام ❊ درمیان آن خدا دید او بقا ❊ در عیان بد ابتدا و انتہا ❊ پس محمد چون جمال
دوست دید ❊ ہر کمال را کہ آن او دست دید ❊ گفت یا رب امتم از یاد کن ❊ جملہ را در حشر شان دلشاد کن ❊
گفت بخشیدم تمامی امت ❊ بلکہ جملہ از کمال حرمت ❊ چون محمد باز جائے خود رسید ❊ ہر دو عالم در درون
خویش دید ❊ اور مناقب خطیب و بحر المناقب و خلاصۃ المناقب مین مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ
وسلم نے فرمایا بالتحقیق گیا مین حق تعالے کے پاس شب معراج مین تو گفتگو کی اللہ نے مجھسے زبان و لہجہ علی ابن
ابی طالب مین لیس کہا مین نے خداوندا تو نے خطاب کیا مجھسے یا علی نے لیس فرمایا اللہ تعالے نے اے محمد مین
مثل اشیاء کے نہیں ہون کہ لوگ مجکو قیاس کرین یا مجکو تشبیہ [illegible] پیدا کیا مین نے مجکو اپنے نور سے اور علی
کو تیرے نور سے لیس مطلع ہوا مین تیرے دل کے بھید سے اور جانا مین نے کہ علی سے تجکو زیادہ محبت ہے لیس اسی
وجہ سے کہ تیرا دل مطمئن ہووے مین نے علی کی نعت اور زبان مین تجھسے گفتگو کی ہے چنانچہ مولانا روم
در کلیات گوید سر او دید سید الکونین ❊ در شب قرب در مقام دنیٰ ❊ از علی می شنید نطق علی ❊
بعلی جز علی نبود آنجا ❊ شیخ سعدی شیرازی گوید چہرہ ار مصطفے در صورت یار سعید ❊ در شب معراج
سبحان الذی سرّے علی در الٰہی نامہ عطار مصطفے گفتی علی را آن زمان ❊ کے ما نور دل و آرام جان ❊
اے علی دیدہ ازل را تا ابد ❊ مثل تو ہرگز نباشد تا ابد ❊ آنچہ من دیدم تو دیدی بے حساب ❊ آنچہ من دانم تو
دانی بے حجاب ❊ قدر تو از من بدید و من ز تو ❊ ہرچہ بود از کائنات در راہ حق ❊ من ز تو دیدم زمین
بہرہ سبق ❊ یا علی اسرار ربانی تو ئی ❊ یا علی انوار یزدانی تو ئی ❊ یا علی اسرار کل دریافتی ❊ بر حقیقت
آنچہ ما دریافتی ❊ یا علی اسرار کلی باز جوئی ❊ شرح راہ خویشتن با ما مگوئی ❊ گفت حیدر اے رسول کائنات

...رازدان با کل صفات ؞ اے گذشته تو از کون و مکان ؞ اے پدید و جملگی راز عیان ؞ اے
در کل قدم کل بوده ؞ کام خود را آفرینش بسته ؞ چون توئی مقصود اندر کائنات ؞ هم توئی نور صفا
کل ذات ؞ من ترا اندر یقین دانم کنون ؞ کاولین و آخرین انجا ره نمون ؞ من ترا دانم یقین پیغمبری ؞
در تمامت آفرینش بهتری ؞ من ترا حق دانم و حق دیده ام ؞ من ترا حق بینم و حق دیده ام ؞ من ترا حق
دانسته ام ؞ من ترا حق دانم از کردار تو ؞ اولین و آخرین را ره نمون ؞ هر تو خواهی بود کل ره نمون ؞ اولین
و آخرین تو بوده ؞ راه جانان جمله تو بنموده ؞ چون توئی هم وصف تو گویم ترا ؞ هم مراد خویشتن جویم ز تو ؞
راه تو دیدیم تمامی راه را ؞ انبیا را گشتی تو پیشوا ؞ ذات حق گرچه صورت آمدی ؞ از پئے ذات یقین کل آمدی
ذات پاکت پیش از آدم بدست ؞ نور پاکت رهبر آدم بدست ؞ اے دوار لامکان و هم مکان ؞ روشن
از نورت زمین و آسمان ؞ جبرئیل از دست تو شد خرقه پوش ؞ هم ملائک جمله ات حلقه بگوش ؞ کے ترا
بشناسد اینجا جز علی ؞ چه از تو اے مهتر و بهتری ؞ پس محمد گفت کاے جان جهان ؞ اے عیان نور تو ما را
هم عیان ؞ اے ولی خالق بیچون شده ؞ از صفات لامکان بیرون شده ؞ تو کنون این ولایت آمدی
زان همه بوده لایت آمدی ؞ در ولایت جز تو کس نباید دگر ؞ قدر تو هرگز کجا داند بشر ؞ در ولایت تو بدا
آمدی ؞ زان همه نور ولایت آمدی ؞ راز بنگر گفتی در ساز گار ؞ سر جانان کرده تو آشکار ؞ راز نیکو گفته
رهبر توئی ؞ از صحابه چونکه نیکوتر توئی ؞ من توام تو هم منی در راه حق ؞ تو مرا اے من ترا در ساز حق ؞
کل تو هستی در تمامی کائنات ؞ نیک داری شرح آیات صفات ؞ نیک گفتن نیک راے در یقین ؞
از یقین تست برتر هم چنین ؞ شرح راه ما تو داری پایدار ؞ این زمان باشی بکل تو پایدار ؞ شرح
اسرار مرا تو ما کیے ؞ زانکه نور چشم هر دو عالمے ؞ جز تو کس را من ندانم اختیار ؞ این زمان ذات تو
کردم اختیار ؞ من یکے ام با تو یکے بیشکے ؞ خود کجا گنجد میان ما شکے ؞ راه ما یکیست ما هر دو یکیم ؞ راه
برده پرده ها ابتکیم ؞ کے بداند هر که باشد جز که من ؞ در یکین خود احادیث سنن ؞ در این اسرار با تو
گفته ام ؞ بر رموز شرع هرچه گفته ام ؞ شرع را ترتیب دیگر سان نهیم ؞ تا رموز شرع این آسان کنیم ؞
در شب معراج گفتم کردگار ؞ سر ما را بر علی کن آشکار ؞ سر او با تو بگفتم در نهان ؞ تا کسے اسے نباید اندران
راه این آسان ترست اے مرتضے ؞ تا خدا باشد بدین از تو رضا ؞ معرفت بے راه ما ناید پدید ؞ آفرینش
قفل در راه ما کلید ؞ تا رموز عشق کل بکشاده ایم ؞ شرع را در شرع خود بنهاده ایم ؞ **سید اشرف**
جہانگیر قدس سرہ لطایف و شرح میں فرماتے ہیں کہ خرقہ خلافت ربانی جو گروہ صوفیہ کرام میں چلا
مریدوں کو پہناتے ہیں سنت رسول اللہ کی ہے کیونکہ علی مرتضے کے سر پر پیغمبر خدا نے عمامہ باندھا ہے

وہ ہے منصب عالی ہے جو غدیر خم مین شاہ ولایت کو عطا ہوا تہا اور اہلبیت رسالت اسی منصب کے
امام ہین جو تمام اولیاء اللہ کی گردہون اور عارفون کو گہیرے ہوئے ہین **خواجہ سنائی گوید**
نائب مصطفی بروز غدیر ✽ کردہ بر شرع خود اورا میر ✽ **مولانا احمد جام گوید** خیر او شد بہ
در عالم ✽ فقر فخر است فقر او پیدا ✽ شہر ملک دین علی ولی ✽ باب علم است شہر زہرا ✽ گر تو در شہ
نبودی احمدرا ✽ کے رسیدی دین تمام بما ✽ **امام فخر الدین رازی** تفسیر معالم التنزیل مین
اور **میر جمال الدین** محدث شافعی راحت القلوب مین لکہتے ہین کہ فرمایا آنحضرت نے حضرت علی کو کہ
علی خلیفہ میرا ہے حیات اور ممات مین دستور الحقایق اور گنج الاسرار خواجہ معین الدین چشتی اجمیری قدس
سرہ مین مسطور ہے کہ حضرت علی کا خطاب اسد اللہ الغالب اوس روز سے ہوا کہ جب سید عالم معراج
کو تشریف لیگئے تو بارگاہ صمدیت مین ایک شیر کہڑا ہوا تہا کہ نور کی زنجیرون سے بندہا ہوا تہا جناب
پیغمبر خدا ہر چند آگے جانا چاہتے تہے لیکن وہ شیر حملہ کرتا تہا آنحضرت نے جبرئیل سے پوچہا کہ اے
اخی یہ شیر کیا چاہتا ہے جبرئیل نے کہا کہ آپ دیکہیے کہ متاع دنیا سے کوئی چیز آپ کے پاس تو نہین
ہے آنحضرت نے دیکہا تو ایک انگشتری دست مبارک مین تہی رسول خدا نے اوسکو نکالکر اوس شیر
کے جانب پہینکدی شیر ممدوح نے اوس انگشتری کو اپنے منہ مین لے لیا جب کہ حضرت سید عالم معراج
سے تشریف لائے تو حضرت علی نے بعد مبارکبادی کے وہ انگشتری خدمت مبارک مین پیش کی
اوسوقت فرمایا آنحضرت نے جزاک اللہ فی الدارین خیرا یا اسد اللہ الغالب۔ **شیخ
عطار در خسرو نامہ گوید** چو شیر آمد ولی کہ داغ حق داشت ✽ بمردی و جوان مردی
سبق داشت ✽ اسد چون خانۂ خورشید باشد ✽ علی کاشمس از ان جاوید باشد ✽ **شیخ
سعدی شیرازی گوید** کس را چہ زور و زہرہ کہ وصف علی کند ✽ جبار در مناقب او گفت ہل
اتی ✽ شیر خدا و صفدر میدان و بحر جود ✽ جان بخش در نماز و جہان سوز در وغا ✽ فردا کہ ہر کسے
بشفیع زنند دست ✽ مائیم و دست و دامن معصوم مرتضی ✽ **مولانا روم در کلیات
شمس تبریز گوید** شیر ولی خدا شاہ سلام علیک ✽ معدن جود و سخا شاہ سلام علیک ✽ ہمدم
خیر البشر باب شبیر و شبر ✽ راج شمس و قمر شاہ سلام علیک ✽ شاہ شریعت توئی پیر طریقت توئی ✽
حق بحقیقت توئی شاہ سلام علیک ✽ شافع محشر توئی صاحب منبر توئی ✽ ہادی و رہبر توئی شاہ
سلام علیک ✽ صفدر روز غزا صاحب حوض و لواء ✽ والی امر خدا شاہ سلام علیک ✽ قول رسول
بشیر صاحب ذو الفقار ✽ شاہ بیا امام و امیر شاہ سلام علیک ✽ **مولانا احمد جام زندہ پیل**

غرض مہرو گوید اوست کنج حقیقت اسرار ✽ ظاہر و باطنش شدہ یکتا ✽ او بحق قایم است ذات و صفات ✽ او بحق جاہ و داشت بے ہمتا ✽ مظہر نور اوست آدم ہم ✽ گوید الست ہر ہمہ اشیا ✽ از علی شد رضا ہمہ بوید ✽ از علی شد ظہور حق تعالیٰ ✽

بیان لواء الحمد یعنے نشان حضرت مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صاحب معارج النبوۃ نے لکہا ہے کہ تفسیر بحر العلوم مین اور روایات اولیاء اہل کشف نے اسطرح تحریر کیا ہے کہ جب آدم علیہ السلام کے جسم مبارک مین روح داخل ہوئی اوسوقت انکو چہینک آئی پس کہا آپ نے الحمد للہ اور جواب آیا اوسکا خداوند کریم کی جانب سے یرحمک اللہ ربک سبقت رحمتی علی غضبی اور لکہا ہے کہ اوسوقت حضرت آدم کی پیشانی مین نور محمدی جلوہ افروز اور متحرک ہوا اسوقت انکو چہینک آئی اور اوس مین سے ایک آواز حضرت آدم نے ایسی سنی کہ جیسے دو موتی کے باہم رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے پس حضرت آدم نے عرض کیا کہ خداوند ایہہ کیسی آواز ہے جواب آیا کہ یہہ آواز تیرے فرزند نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور کی ہے پس یہہ سنکر حضرت آدم کو آپکے نور دیکہنے کا کمال شوق اور تمنا ہوئی اسوجہ سے وہ نور پاک آدم کی پیشانی سے دست رحمت کے انگوٹہون مین منتقل ہوا جب حضرت آدم نے نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معائنہ کیا تو فوراً اوسکو بوسہ دیا اور آپکی محبت کو اپنے دل مین جگہہ دی اور اس سنت اپنی کو قیامت تک اولاد اپنی کیواسطے قایم کیا اور اوس نور شریف کی برکت سے جسقدر روحین آپ کی اولاد کی آپکے داہنی جانب تہین وہ مرتبہ اصحاب یمین سے مشرف ہوگئین اور جو بائین جانب تہین وہ اصحاب شمال کہلائی اور وہ اس نعمت سے محروم تہین القصہ جب حضرت آدم علیہ السلام نے نور پاک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی ناخن مین معائنہ کیا تو خطاب ہوا کہ اے آدم جب کسی شخص کے غیب سے فرزند ظاہر ہوتا ہے تو وہ اوسکو کچہہ ہدیہ دیتا ہے پس تو اس فرزند ارجمند کے ہدیہ مین کیا دیویگا حضرت آدم نے عرض کیا کہ اے بار خدا جو کچہہ تو نے ابتک مجہکو اپنے خزانہ کرم سے عطا کیا ہے یہہی کلمہ الحمد ہے کہ جو میری زبان پر جاری ہوا پس جو کچہہ ثواب اس کلمہ کا تیری بارگاہ سے مجہکو عطا ہووے وہ مین نے اس فرزند ارجمند کو ہدیہ مین دیا اوسوقت اللہ تعالےٰ نے اوس کلمہ حمد کے ثواب سے ایک نشان یعنے جہنڈا پیدا کیا اور اوسکا نام لواء الحمد رکہا گیا اور اوسکو آنحضرت صلعم کی ذات پاک کے ساتہ مخصوص کیا **مناقب ابن مردویہ** مین جابر انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز پیغمبر خدا کے اصحاب جنت کو یاد کرتے تہے پس فرمایا رسول خدا نے بتحقیق اول اہل جنت کا از روئے

داخل ہوگے علی ابن ابی طالب ہے ابودجانہ انصاری نے عرض کیا کہ یارسول اللہ آپ نے فرمایا ہے
جنت اوپر انبیا علیہم السلام کے حرام ہے جبتک کہ جنت مین مین نجاؤن اور جنت حرام ہے اوپر
بیچ امتون کے جبتک کہ میری امت داخل نہووے فرمایا پیغمبر خدا نے کہ سچ ہے مگر نجانا تو نے یا
حق سبحانہ تعالے کا ایک لوار الحمد ہے کہ جسکو جہنڈا کہتے ہین کہ عمود اوسکا یاقوت سے ہے اور اوسپر
اوسکے لکہا ہے لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ وآل محمد خیر البریۃ وصاحب اللواء وامام
القیامۃ علی ابن ابی طالب حضرت جابر کہتے ہین کہ جب آنحضرت صلعم نے علی مرتضے کو بدین منقبت
ارشاد فرمایا تو علی نے عرض کیا کہ تعریف کرتا ہون مین اوس خدا تعالی کی کہ جس نے بطفیل پیغمبر
علیہ السلام کے مجھکو مکرم گردانا ہے اور صاحب مواہب لدینہ نے طرانی سے ریاض النضرت مین یہہ
حدیث بیان کی ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی مرتضے سے فرمایا کہ اے
علی تو نہین جانتا کہ مین وہ شخص ہون کہ اول روز قیامت کے بلایا جاؤنگا اور سیدہی طرف
عرش کے کہڑا ہونگا اور لباس سبز جنت کا مجھکو پہناوینگے اور بعد اوسکے سب پیغمبر بلائے جاوینگے
اور جنت کے دروازہ پر بائین جانب کو کہڑے رہین گے اور لباس سبز جنت انکو پہنایا جاویگا۔
اور آگاہ ہو کہ میری امت کا حساب وکتاب قیامت کے روز سب امتون سے اول ہوویگا
اور اے علی مین تجھکو بشارت یعنے خوشخبری دیتا ہون کہ تو اوس روز اول بولایا جاؤنگا اور تیرے
ہاتہہ مین جہنڈا قیامت کا کہ جسکو لوار الحمد کہتے ہین دیا جاویگا اور لباس سبز جنت کا تجکو پہناوینگے
اور تیرے برابر داہنی جانب کو حسنؑ اور بائین جانب کو حسینؑ کہڑے ہونگے یہان تک کہ میرے اور
ابراہیم علیہ السلام کے درمیان زیر عرش تو کہڑا ہوگا اور تمام مخلوق اللہ تعالے کی بروز حشر سایۂ
مین اوس لوار الحمد کے ہوگی کہ درازی اوس نشان کی ایکہزار چہہ سو برس کی مسافت ہے اور سنان
اوسکی یاقوت کی اور قبضہ اوسکا روپے کا ہے اور رجڑ اوسکی مروارید سبز کی ہے اور اوس کے تین
گیسو نور کے ہونگے ایک مشرق مین اور دوسرا مغرب مین اور تیسرا درمیان دنیا کے رہیگا اور اوپر
تین سطرین لکہی ہوئی ہونگی **اول سطر مین** بسم اللہ الرحمن الرحیم **دوسری سطر مین**
الحمد للہ رب العالمین **تیسری سطر مین** لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ اور درازی ہر
سطر کی ہزار برس کی مسافت ہے **معارج النبوۃ** مین مرقوم ہے کہ جب قیامت کے روز میدان
حشر مین اوس لوار الحمد کو لاوینگے تو ایک منادی یہہ آواز دیگا کہ کہان ہین نبی الامی العربی القریشی
المکی الحرمی التہامی محمد بن عبد اللہ خاتم النبیین سید المرسلین رسول رب العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پس حضرت تشریف لاوینگے اور اوس نشان حشر کو اپنے دست مبارک مین لیوینگے بعد اوسکے تمام
انبیا علیہم السلام حضرت آدم سے حضرت عیسے علیہ السلام تک مع جملہ صدیقون وشہیدون وصالحون
اہل عرفان کے اوس لوا الحمد کے گرد اگرد جمع ہونگے اوسوقت ہر فرقہ مذکور کے ہر آدمی کے واسطے
براق وحلہ بہشتی منگا لاوینگے اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے ایکتاج نور کا
لاوین اور لباس حریر سبز کا آپکو پہنا کر براق مبارک پر سوار کرین اور آپکے آگے ستر ہزار علم اور ستر ہزار
نشان کہڑے کئے جاوین گے اوسوقت حضرت خواجہ عالم اوس علم یعنے لوا الحمد کو اپنے دست مبارک
سے حضرت شاہ مردان شیر یزدان علی ابن ابی طالب کے دست مبارک مین عطا فرماوینگے اور تمام
انبیا علیہم السلام وصدیقین وصالحین اوس جہنڈے کے سایہ مین اپنے اپنے علم اور نشانون کو لیے ہوئے
ساتہہ ساتہہ جلوس مین چلین گے اور ساتہہ خوشی واطمینان کے جنتون عدن مین نزول فرماوین گے
روایت ہے کہ اوسوقت میدان حشر مین حق سبحانہ تعالے فرشتونکو حکم لوا الحمد کے اوٹہانے کا دیگا
مگر ملائیکہ اوسکے اوٹہانے سے عاجز ہونگے پس حق سبحانہ تعالے کی جانب سے ندا ہوگی کہ کہان ہے
علی اسد اللہ الغالب پس آپ تشریف لاوین گے اور اوس لوا الحمد کو مثل گلدستہ کے اپنے دست
مبارک سے اوٹہا کر پل صراط سے گذر جاوینگے اوسوقت حق تعالے ایک ہوا جنت کی بہیجیگا تاکہ وہ ہوا
حضرت علی اور لوا الحمد کو اوٹہا کر فضائے جنت مین لیجاویگی۔ حضرت جابر کہتے ہین کہ پہر فرمایا خواجہ
کائنات نے کہ بشارت ہو تجہکو اے علی کہ بندہ محبت تیری کماحقہ نہین کرتا ہے اور جو کوئی کرے
الفت ساتہہ تیرے تو حق سبحانہ تعالے اوسکو بروز قیامت ہمراہ میرے اوٹہاویگا اور پڑہی یہ
آیت ان المتقین فی جنات ونہر فی مقعد صدق عند ملیک مقتدر۔ ترجمہ بالتحقیق پرہیزگار
جنت مین ہین اور نہرین رواں ہین نشیمن صدق کی نزدیک بادشاہ بڑی قدرت والیکے **فقط**
تا چند عذاب ہیچ خاشاک وخسے ۔ وزفرط ہوس بہر طرف چون مگسے ۔ گر قرب خدا خواہی اے سالک
راہ ۔ از دوستی علی گزین تا برسے ۔ منقول ہے کہ اوس لوا الحمد مین جلاجل اویزان ہونگے اور
ہر ایک جلاجل مین ایک نور کا قبہ ہوگا اور ہر قبہ مین ایک حور نہایت جمیلہ بیٹہی ہوگی اور اونمین
سے ہر ایک کے ہاتہہ مین ایک چٹہی ہوگی جسمین اوس شخص کا نام کہ جس سے وہ حور منسوب کیگئی ہوگی
تحریر ہوگا پس ہر ایک حور اون لوگون مین سے جو لوا الحمد کے نیچے ہونگے اپنے اپنے نامزد کو ہاتہہ
بڑہا کر اوٹہالیگی اور نہایت ناز واکرام سے اپنے برابر تخت پر بٹہالے گی۔ روایت ہے کہ اوسدن روز
قیامت کے وہ علم حضرت علی مرتضے کرم اللہ وجہہ کے سر مبارک پر مثل تاج کے ہوگا اور جملہ اولیا اللہ

مثل جواہرات کے اوس عالم مین ہونگے اور ثابت ہوا ہے یہہ امر کہ جبتک وہ نشان مقامات قیامت
مین ظاہر رہیگا تو اوسوقت تک اہل دوزخ پر عذاب کے تخفیف رہیگی اور جب اوس علم کو اوٹھا کر
جنت مین لیجاوینگے تب اہل دوزخ پر عذاب کے شدت ہوگی اور جنات دوزخ بند کردی جاوینگے
اوسوقت لوگون کو اس لواء الحمد کے قدر اور منزلت معلوم ہوگی **معارج النبوۃ** مین مذکور ہے
کہ ایکروز خواجہ عالم رسول کریم نے فرمایا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے بیٹے کے واسطے بہت سا
جہیز جمع کیا تہا اور اپنے داماد کے واسطے ایک تاج بنایا کہ جس مین ساتہہ سو موتی نہایت قیمتی آویزان
تہے جب حضرت علی علیہ السلام نے یہہ بات سنی تو حضرت فاطمہ علیہ السلام کے پاس تشریف لائے
اور یہہ سب حال بیان کیا اوسکے سننے سے حضرت فاطمہ نے یہہ خیال کیا کہ شاید علی کے دل مین یہہ
بات آئی ہوگی کہ ایک پیغمبر تو حضرت سلیمان علیہ السلام تہے اور ایک پیغمبر ہمارے آنحضرت ہین
حضرت سلیمان کے بیٹے کے واسطے تو یہہ سامان تہا اور آنحضرت صلعم کے بیٹے ایسے بے سروسامان ہیں
اور حضرت سلیمان کے داماد کی پاس ایسا تاج تہا اور آنحضرت صلعم کے داماد کو ایسے فقیری اور
مفلسی ہے یہہ امر خیال کرکے حضرت فاطمہ علیہ السلام خاموش ہوگئین اور اس بات کو اپنے دلمین
پوشیدہ رکہا جب آپکا انتقال اس جہان سے ہوا تو ایک شب حضرت علی علیہ السلام نے حضرت
خاتون جنت کو خواب مین دیکہا کہ آپ بہشت کے صدر مقام مین ایک تخت مکلف پر نہایت ناز
اور اعزاز کے ساتہہ رونق افروز ہین اور حوران بہشتی چارون طرف آپکے صف بستہ کہڑی ہین
اور آپکی سامنے ایک لڑکی نہایت حسینہ اور جمیلہ دو طبق پُر از گوہر و یاقوت بطور نوچہاور کے ہاتہہ
مین لئے ہوئے اس امر کے منتظر کہڑے ہے کہ آپ اوسکی طرف دیکہین پس حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے
پوچہا کہ یہہ کس کی لڑکی ہے حضرت فاطمہ علیہ السلام نے جواب دیا کہ یہہ حضرت سلیمان کی دختر ہے
حق تعالے نے بعوض اوس خطرہ کے کہ جو میری دل مین پیدا ہوا تہا اس لڑکی کو میری خدمت
مین متعین کیا ہے جب قیامت کے دن لواء الحمد آپکو دیوینگے تو وہ مثل تاج نور کے حضرت علی کے
سر مبارک پر ہوگا اوسوقت آواز دینگے کہ اے علی یہہ تاج بہتر ہے یا کہ تاج داماد سلیمان کہ جس کا
ذکر تو نے حضرت فاطمہ سے بطور استعجاب کے کیا تہا **حکیم خواجہ سنائی قدس سرہ** در
حدیقہ گوید آن ز فضل آفت سرائے فضول ؛ ان علمدار و علمدار رسول ؛ ان خدا کردہ در رہ
تسلیم ؛ ہمچو پدرم لیسہ چو ابراہیم ؛ ملکم تسلیم را خلیل بشرط ؛ در گہہ شرع را وکیل بشرط ؛ شنیدہ ز دست
تاویل ؛ گشتہ مکشوف بر دلش تنزیل ؛ آنکہ در شرع تاج دین او بود ؛ زانکہ در سد دین حق گزین او بود

شرف چون نبی گرد او بود	صد حدیث و صد رمز او بود	آل یاسین شرف بدو دیده
ابود او را بعلم بگذرد	فرش توحید جان ستش بود	سید اسلام تیغ دستش بود
اید آن سید ه جبرئیل امین	لافتا گرده مر ورا تلقین	ذو الفقار که از بهشت خدائے
بفرستاده بود و عرش شد ہے	تا نبی کردگار حیدر بود	صاحب ذو الفقار حیدر بود

مولانا روم در کلیات شمس تبریز گوید

ای لقا شاہان اولیاست	آنکه نورش مشتق از نور خداست	ای که مارس دیده روشن بدین
علم و جانش جسم و جان مصطفےٰ است	رہنماے اولین و آخرین	آنکه دائم با خدائے کبریاست
هر که بے مہرش بود مردود دین	بے تکلف از گروه اشقیاست	از ضیاے آفتاب روے او
آفتاب و ماه را نور ضیاست	تا بنوسد گردنعلین دلدلش	هفت چرخ نیلگون پیشش دو تاست
از صفاتش اولیا حیران شده	ذات پاکش فیض بخش انبیاست	قل تعالوا از حقش آمد خطاب
نور رسول الله علیؑ بابہاست	اوست سلطان حقیقت بے سبب	بر در قدرش ہمه شاہان گداست
در غریبت عالمانرا او دلیل	در طریقت عارفانرا پیشواست	محرم اسرار حی ذو الجلال
نام پاکش مرتضےٰ در ایلیاست	بعد او باشد حسنؑ میر و امام	آنکه در بحر علم بل آتے است
بعد از دیگر امام مومنان	افضل و اکمل شهید کربلاست	من مطیع عابد ثم از یقین
باقر در رہ امام و مقتداست	مقتدائے مومنان د متقی	جعفر صادق امام با صفاست
موسے کاظم شه عالی نسب	آنکه فرزندش علی موسے رضاست	چشم جانم روشن از مہر تقی ست
آنکه مہرش درد لہا را دواست	مر نقی را دان امام پاک دین	والئے حق رہنمائے اولیاست
روز و شب دارم ہوائے عسکری	در دلم مہر ولی با ولاست	آن محمد مہدی صاحب زمان
جنبذ جانے که با وے آشناست	التجا او رد بدل شان شمس دین	آنکه مولا را بمعنے رہنماست

باب چہارم در فضائل بتول حضرت فاطمه زہرا علیہا السلام

جان تو اے عزیز کہ حضرت فاطمه زہرا علیہا السلام سب عورتوں سے افضل اور بہترین خلایق ہین بعد پیغمبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امام مالک نے کہا ہے کہ فاطمه علیہ السلام جگر پارہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہین پس مین کسیکو برابر اونکے نکرونگا اور شیخ جلال الدین سیوطی نے بیچ کتاب خصایص کے امام علم الدین عراقی سے نقل کیا ہے کہ حضرت فاطمه اور بہائی اونکے حضرت ابراہیم بالاتفاق افضل ہین خلفاء اربعہ سے ایسا ہی مذکور ہے تکمیل الایمان مین اور بہ تحقیق ثابت ہوا کہ حضرت فاطمه علیہ السلام سب سے زیادہ مشابہ

تہیں ساتھ رسول خدا کے صورت اور سیرت اور شکل اور شمایل مین بعضے علماء نے کہا ہے کہ کسی نے اطلاع
حقیقت محمدیہ کے نہین پائی مگر فاطمہ علیہا السلام نے حقیقت محمدی کو ایکبار دیکہا ہے اور روایت ہے
حضرت علی علیہ السلام سے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بتحقیق حق تعالے نے دور کیا
ہے دختر میری فاطمہ علیہا السلام کو اور اوسکی اولاد کو اور دوستداران اولاد اونکی کو آتش دوزخ
سے اور اسیوجہ سے نام آپکا فاطمہ رکہا گیا۔ اور ذخایر عقبےٰ مین وارد ہے کہ جب حضرت فاطمہ علیہا السلام
آتی تہین رسول خدا کے پاس تو حضرت پیغمبر علیہ السلام واسطے تعظیم اونکی کے کہڑے ہوجاتے تہے اور دونو
ہاتہہ فاطمہ علیہا السلام کے پکڑکر بوسہ دیتے تہے درمیان دونون آنکہون کے اور اونکو اپنی جگہہ پر بٹہاتے تہے
اور جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت فاطمہ علیہا السلام کے گہر مین تشریف لاتے تو حضرت فاطمہ
کہڑی ہوتی تہین اور دونون ہاتہہ مبارک آنحضرت کے پکڑکے بوسہ دیتی تہین اور اپنی جگہہ پر بٹہاتی تہین
پس اسیطرح سے مشکوۃ اسماء الرجال شاہ عبد الحق دہلوی مین لکہا ہوا ہے اور کہا امام سبکی نے بتحقیق فاطمہ
افضل ہین مادر اپنی خدیجہ سے اور حضرت عائشہ سے اور کہا حافظ ابن حجر مکی نے کہ حضرت فاطمہ افضل
ہین حضرت خدیجہ اور حضرت عائشہ سے بالاجماع اور شیخ اکمل نے امام ابو حنیفہ سے نقل کیا ہے کہ حضرت
عائشہ بعد حضرت خدیجہ کے افضل ہین تمام نساء عالمین سے اور بعض احادیث دلالت کرتی ہین اس امر
پر کہ حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام افضل ہین حضرت مریم سے چنانچہ طبرانی نے حضرت ایوب انصاری
رضی اللہ عنہ سے اور حضرت علی علیہ السلام سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے کہ ایک وقت ہوگا دن قیامت کا کہ ندا کئے جاوینگے اہل محشر کہ پوشیدہ کرو اپنی آنکہونکو کہ حضرت فاطمہ
بنت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لیجاوین ساتہہ ستر ہزار حورونکے اور تشریف لیجاوینگی
مانند برق کے معارج النبوۃ مین مسطور ہے کہ ایک روز پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی سے
فرمایا کہ مبارک ہو تجہکو اے علی اس بات کی کہ خدا تعالے نے آسمان پر تیرا عقد باندہا ہے ساتہہ فاطمہ کے
مجمع مین تمام فرشتونکے اور آج ایک فرشتہ کہ نام جسکا شیطائیل ہے آیا اور مبارکبادی دی عقد کی طرف
سے خدا تعالے کی اور مہر فاطمہ کا شفاعت گنہگاران امت میری قرار پایا ہے **خواجہ سنائی**
قدس سرہ گویند۔ عقد او با بتول در سلوی ٭ بود در زیر سایۂ طوبی ٭ نے کہ این عقد پیش از زمین
بودش ٭ و از ازل تا ابد قرین بودش ٭ پس یہہ ایک ہی فضیلت حضرت علی اور حضرت فاطمہ علیہا السلام
کی تمام افراد بشر پر سواے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ثابت ہے کہ آجتک کسیکو مخلوقات مین سے
حاصل نہین ہوئی اور نہ ہووے اور یہہ بہی بخوبی روشن ہے کہ حضرت خاتون قیامت کا مہر آزادی

بخشش باب ہے لیں اللہ تعالیٰ فرمایا ہے سوال حضرت فاطمہ علیہا السلام کو فاطمہ کسواسطے کہتے ہیں۔
جواب رسول خدا نے فرمایا ہے کہ فاطمہ نام اسواسطے رکھا ہے کہ وہ اور دوست اوسکے آتش دوزخ
سے جدا کئے گئے ہیں سوال بی بی فاطمہ کو زہرا کسواسطے کہتے ہیں جواب اسواسطے کہ حضرت خاتون جنت
جب محراب میں سے ظاہر ہوتی تھیں بیرہ ہیں سوال حضرت بی بی عالم کو بتول کسواسطے کہتے ہیں جواب
اسواسطے کہ آپ نے دنیا کو قطعی ترک کر دیا تھا اور انقطاع اپنا تمام اللہ تعالیٰ اور عقبےٰ کی طرف تھا سوال
کیا حکمت تھی کہ حضرت مصطفےٰ علیہ السلام نے سلطنت و خلافت فرزندان زہرا علیہا السلام کو تفویض نفرمائی
جواب اول یہہ کہ کام امارت کا جالب جنگ و عداوت کا ہے اور کوئی دانشمند نہیں چاہتا ہے کہ لوگ اسکی
اولاد کی دشمن ہوں دویم یہہ کہ دوستی سادات کی ایمان اور نجات آخرت کی ہے اور دشمنی سادات کی کفر
ہے اور دخول نار جہنم ہے اور طبیعت لوگونکی اس طرح پر ہے کہ بسبب طمع ملک و مال و دولت دنیا کے عداوت
اور بغض و کینہ و حسد سے پیش آتے ہیں پس سلطنت سے فقیری اولے ہے سویم یہہ کہ بادشاہی عقبےٰ کی کہ ہمیشہ
رہنے والی ہے وہ اونکے واسطے حکم ہے ساتھ دنیا ناپائدار کے مشغول نہوں اسواسطے آنحضرت نے حضرت
فاطمہ علیہا السلام کو کنیز تک نہیں دی اور لوگوں کو مال و دولت بخشتا ہے۔

باب پنجم در بیان فضیلت حضرت امام حسن و حسین علیہما السلام

جانو تم اے دوستان صادق اہلبیت رسول الثقلین کہ فضایل امام کرامین حضرت حسنین علیہما السلام احادیث
اور آیات قرآن مجید سے بکثرت ثابت اور وارد ہیں لیکن اس رسالہ مختصر میں بہت تھوڑے بیان کئے جاتے
ہیں۔ احمد ترمذی حاکم ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے اور طبرانی حضرت عمر فاروق اور جابر اور حضرت علی
اور ابو ہریرہ اور اسامہ بن زید رضی اللہ عنہم اور براء بن عدی بن حاتم طائی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم
اور ابن عساکر حضرت عایشہ صدیقہ اور ابن عباس اور ابن الاخضر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہم سے روایت
کرتے ہیں کہ فرمایا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ حسن و حسین بہشت کے جوانوں کے سردار
ہیں اور طبرانی کی روایت میں یہہ بھی ہے کہ بارخدایا میں اونکو دوست رکھتا ہوں تو بھی دوست رکھ
اور ابن عساکر ابن عباس سے سابق کی روایت میں یہہ مضمون زیادہ لایا ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ جو شخص
میرے جگر گوشہ حسن و حسین کو محبوب رکھے تو میں اوسکو دل و جان سے محبوب رکھتا ہوں اور اونکے دشمن
میرے دشمن ہیں اور طبرانی کبیر میں اور ابو نعیم فضایل صحابہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں
کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام سے فرمایا کہ سوائے عیسےٰ اور یحییٰ
علیہما السلام کے جتنے نبی دنیا میں ہوئے ہیں انکی اولاد میں کوئی نکوئی نبی ضرور ہوا ہے لیکن میری اولاد میں

کوئی نبی نہیں ہوگا ہان البتہ یہہ دونون میرے فرزند جوانان اہل جنت کے سردار ہین اس مطلب یہہ ہے کہ
سلسلہ نبوت انبیا کی اولاد سے قایم رہا مگر چونکہ میری اولاد مین نبوت نہوگی اسواسطے کہ خاتم نبوت و رسالت
مجھی پر ہوا ہے پس باوجود اس بات کے کہ میرے فرزند نبی نہین ہین لیکن وہ تو بھی جنت کے جوانون کی سردار ہین

فائدہ اس حدیث کے راوی بہت سے ہین اور یہہ جملہ خطبہ مین بھی پڑھا جاتا ہے اور یہہ بھی ظاہر ہے کہ
پیغمبر خدا نے اس حدیث کو انبیا علیہم السلام کے علاوہ سے بیچ حق امام حسنین علیہ السلام کے فرمایا کہ یہہ سردار ہین
اہل جنت جوانون کے ہین اور یہہ بھی ظاہر ہے کہ جنت مین سب جوان ہونگے کوئی بوڑھا نہوگا اور کوئی شخص
اس مین مستثنیٰ ہے اور یہہ بھی معلوم ہے کہ خلفاء راشدین بیشتر اہل جنت ہین اور غالباً یہہ سرداری تمام اہل جنت
کو گھیرے ہوئے ہے تاہم اگر کوئی شخص اپنے اعتقاد مین خلفاء راشدین کو مستثنیٰ رکھے کچھہ حرج نہین ہے ترمذی
اور طبرانی حضرت اسامہ سے روایت کرتے ہین کہ مین ایک رات کو کسی کام کیواسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی خدمت حاضر ہوا تو دیکھا مین نے کہ آپ کپڑے پہنتے ہین اور اسکے بیچ مین کوئی چیز چھپا بھی رکھے ہین جسکو مجھکو
معلوم نہوا مگر جب آنحضرت اوس کام سے فارغ ہوئے تو مین نے عرض کیا کہ کپڑون مین آپ کے کیا چیز ہے جو چھپی تھی
اوسوقت سرور عالم علیہ السلام نے کپڑا اٹھایا تو دیکھا کہ دونون زانون پر دونون صاحبزادے تشریف
رکھتے ہین پھر فرمایا حضرت رسول خدا صلعم نے کہ یہہ دونون میرے فرزند میری دختر کے فرزند ہین اے
بارخدا مین انکو دوست رکھتا ہون تو انکو دوست رکھہ اور اونکے دوستو نکو دوست رکھہ۔ ابی شیبہ اور
طبرانی اپنی کتابون مین ابوہریرہ سے روایت کرتے ہین کہ حضرت رسول خدا نے فرمایا ابوہریرہ سے کہ مین
حسن وحسین کو دوست رکھتا ہون تجھکو بھی مناسب اور لایق ہے کہ انکی دوستی کو سب کے دوستی پر ترجیح
دے اور اونکے دشمنو نکو اپنا دشمن سمجھہ اور دشمنی رکھہ طبرانی ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص میری دوستی کا دم مارے وہ پہلے حسن وحسین کو دوست رکھے
احمد وابن ماجہ وحاکم ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
کہ جسنے حسن وحسین کو دوست رکھا گویا اوس نے دوست رکھا مجھکو اور جسنے اون سے دشمنی کی گویا اوس نے
مجھسے دشمنی کی بخاری اور مسلم اور ابن ماجہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہین کہ مین ایک روز
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ہو لیا مگر خلاف عادت راہ مین مجھسے کوئی بات نہ ہوئے اور نہ مین
آپ سے کچھہ بول سکا یہانتک کہ آپ بنی قینقاع کے بازار تک پہنچے اور واپس ہو کر حضرت فاطمہ علیہا السلام
کے گھر مین تشریف لیگئے اور فرمایا کہ بچہ کہان ہے ابوہریرہ کہتے ہین کہ مین دروازہ پر کھڑا ہوا یہہ سوچتا تھا
کہ انکو جو استقدر عرصہ ہوا شاید حسن علیہ السلام کی والدہ حسن کے غسل مین مصروف ہونگی اور کپڑے پہناتی ہونگی

ان کے ... ایسی ... ہوئی تھی کہ آپ حسن علیہ السلام کو اپنی گردن مبارک پر سوار کر کے باہر
نکلے اور فرمایا الٰہی خداوندا میں اس بچہ کو دل و جان سے محبوب رکھتا ہوں تو بھی محض اپنے فضل سے
اسکو دوست رکھ ... رضی اللہ دوسری روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ میں اسکے دوستدار کو
دوست رکھتا ہوں اور ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ اوس روز سے امام حسنؑ کے سوائے مجھے اور کوئی زیادہ محبوب نہ
معلوم ہوتا تھا۔ شرف النبوۃ ابو داؤدی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے امام حسنؑ و امام حسینؑ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ جس نے مجھکو اور ان دونوں کو کہ میرے بچے ہیں اور انکی
ماں اور باپ کو دوست رکھا وہ ضرور قیامت کو میرے ساتھ بہشت میں داخل ہوگا اور اور یہی فرمایا کہ جس نے
ہماری اہلبیت کی محبت کا تعویذ جان کرکے اپنے بازو پر باندھا اور جو کوئی اونکی محبت میں مرا یا مار گیا اوسکے
بہشت میں داخل ہونیکا میں ضامن ہوں اور یہی ابو سعید رضی اللہ عنہ نے شرف النبوۃ میں حضرت علی مرتضےٰ
علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ اول بہشت میں اے علی تو اور
فاطمہ و حسن و حسین داخل ہونگے پس میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اور ہمارے دوست اوسوقت فرمایا
کہ تمہارے دوست پیچھے تمہارے ہونگے پس یہاں سے معلوم ہوا کہ محبت رکھنے والے اہلبیت کے ہمراہ رسول
خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور اہلبیت کے داخل بہشت ہونگے صلوٰۃ اللہ وسلام علیہم اے بار خدایا
ہمکو بھی شرف محبت نبی اور اہلبیت علیہم السلام سے مشرف فرما ۔ الٰہی تو بحق این پنجتن ۔
کنی زیر اقدام شان حشر من

خواجہ سنائی در حدیقہ گوید

ای خداوند فرد بی ہمتا	حرمت این رسول راہ نما	کہ مرا زین گروہ برہانے
تا گذارم جہان بآسانے	گرچہ دارم گناہ بسیارے	نیستم در خزانہ بازارے
دو سبب را امید میدارم	گرچہ آلودہ و گنہگارم	گر نجاتم دہی بدین دو سبب
این چنین جمع بے خبر یارب	آن یکے حب خاندان رسول	حب آن شیر مرد جفت بتول
وان دگر بغض آل بوسفیان	کہ از ایشان بدو رسید زیان	مر مرا زین سبب نجات دہی
وز جہنم مرا برات دہی	مایۂ من بروز حشر این ست	ظن چنان آیدم کہ این دین ست
[illegible] کہ بندہ چون گران	نیست اندر شمار بے خبران	خاصہ بغض رسول باز پسین
آن ز پیغمبران ہمین وگزین	گر تو بر ظالمان نبخشائے	ظالمان را چرا بہ فرمائے
خاصہ بر ظالمان آل رسولؐ	آنکہ ایمان نکردہ اند قبول	گر درست این عقیدہ و مذہب
ہم برینہا بداریم یارب	گوئی این اعتقاد مجد و دست	جملہ بر گفتمش انچہ مقصود است

[illegible] اشعار خواجہ شیخ فرید الدین عطار قدس [illegible]

شکر بیحد با جہان جان لطیف [illegible]
بر آل محمد آن [illegible]
ز بیہ ابلہ اگر باشد قبولت
کہ کار خویشتن دشوار کردند
مصاحب علی و آل اولیس

چنین باشد جزای برادرش
سر فرزند پیغمبر بریدن
حیائے از خدا و از رسولت
ترا گر حب ایشان است در دل
تو دانی ای برادر دو دان دیگر کس

[illegible]
[illegible]
[illegible] در حق آن اجماع کردند
بود حشر تو با ایشان [illegible]

ترمذی میں وارد ہے کہ ابن
الاحضرے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک روز حضرت پیغمبر خدا کی خدمت میں ہم
لوگ حاضر تھے کہ اتنے میں حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام باو دیدۂ پرنم تشریف لائیں حضرت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت کیا کہ اے جان پدر تم کیونکر رنجیدہ ہوا اور کسنے تمکو رولایا ہے عرض کیا
کہ اے بابا جان آپ کے فرزند کہیں باہر چلے گئے ہیں نہیں معلوم کہ کہاں گئے پس فرمایا کہ اے میری بیٹی
مت رو اللہ خدا تعالے حسن و حسین کے حال پر مہربان ہے اسکے بعد حضور اقدس نے دعا فرمائی کہ اے
بار خدا اگر حسن و حسین جنگل میں ہوں تو بھی انکی حفاظت فرما اور اگر دریا میں ہوں تو بھی سلامتی کے ساتھ
انکو واپس لا پس اوسیوقت جبریل امین نے آنکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ غمگین نہوں حسن و حسین
دین اور دنیا کے سرتاج ہیں اور انکے ماں باپ دین اور دنیا والوں سے بہتر اور افضل ہیں آپ کے یہ
دونوں صاحبزادے بنی نجار کے باغ میں ہیں خدا تعالے نے اول ہی انکی حفاظت کی واسطے ایک فرشتہ
بھیجا ہے ابن عباس کہتے ہیں کہ یہہ بات سنکر حضور اقدس کھڑے ہوئے اور ہم لوگ بھی آپکے ساتھ ساتھ
اوس باغ میں کہ جہاں حسنؑ و حسینؑ کھیل رہے تھے پہنچے پس آپنے امام حسنؑ کو گلے سے لگایا اور امام حسینؑ
کو ایک فرشتہ نے گود میں اٹھا لیا اور سب صحابہ دیکھ رہے تھے حضرت ابوبکر اور ابو ایوب انصاری
نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ تکلیف نہ فرماویں صاحبزادوں کو ہماری گود میں دیدیں پس حضور
اقدس نے فرمایا کہ تم سا بھی نہیں سنا ہے کہ حسن و حسین دین اور دنیا میں بزرگ ہیں اور انکے ماں باپ
اہل دنیا اور دین سے بہتر اور افضل ہیں اور پھر حضرت اقدس نے فرمایا کہ جو بزرگی خدا تعالے نے انکو
عطا فرمائی ہے آج میں اسکا اظہار تمہارے روبرو کرتا ہوں پس یہہ فرماکر یہہ خطبہ پڑھا کہ اے لوگو کیا
میں تمکو اوس شخص کی فضیلت سے آگاہ نکروں کہ جنکی نانا اور نانی تمام لوگوں سے بہتر اور افضل ہیں
اوسوقت سب حاضرین نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ فرمائیے پس فرمایا کہ تمام آدمیوں سے بزرگ
حسن و حسین ہیں کہ انکے نانا رسول خدا اور انکی نانی خدیجہ کبریٰ بنت خویلد ہیں اور پھر فرمایا کیا میں تمکو

[illegible] سب سے برگزیدہ زیادہ ہین عرض کیا فرمائیے یا رسول اللہ پس
[illegible] حسن و حسین ہین کہ جنکے باپ علی مرتضیٰ علی ابن ابی طالب ہین اور اونکی ماں فاطمہ زہرا بنت محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ہین [illegible] پھر فرمایا کیا خبر دون مین تمکو اوس شخص کی کہ جنکے چچا اور پھوپھی بہتر عالم
ہین عرض کیا بتلائیے یا رسول اللہ فرمائیے پس فرمایا وہ حسن و حسین ہین کہ اونکے چچا جعفر طیار ابن ابی طالب
اور پھوپھی ام ہانی بنت ابی طالب ہین پھر فرمایا کہ مین تمکو ایسے شخص سے اطلاع دیتا ہون کہ جو افضل ترین
خلائق ہین باعتبار اپنے ماموں اور خالہ کے لوگون نے عرض کیا کہ فرمائیگا آپ نے فرمایا وہ حسن و حسین ہین کہ
ماموں اونکے قاسم ابراہیم ابن رسول اللہ اور اونکے خالہ زینب بنت رسول اللہ ہین اور آگاہ ہو کہ
اونکے ماں باپ اور نانا اور نانی اور چچا اور پھوپھی اور ماموں اور خالہ اور وہ خود بہشت کے سب اہل جنت
ہین اور وہ شخص کہ جو اونکو دوست رکھے وہ بھی جنتی ہے اور وہ شخص بھی جو اونکے دوستونکا دوست ہووے
جنتی ہے بیت سعدی اگر عاشقی کنی و جوانی ❊ عشق محمد بس است و آل محمد ❊ **حضرت سید**
محمد محی الدین عبد القادر جیلانی غوث الاعظم قدس سرہ گوید - غلام حلقہ
بگوش رسول ساداتم ❊ زہے نجات نمودن حبیب آباتم ❊ کفایت است ز روح رسول اولادش ❊
ہمیشہ در دو جہان جملہ مہماتم ❊ اور اکثر محدثین اور راویون نے عبد اللہ ابن عباس سے روایت
کی ہے کہ امیر المومنین حضرت عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ کی خلافت مین اہل اسلام کو فتوحات ہوئے
تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دستر خوان چمڑیکا بچھوا کر فتوحات کو رکھا تا کہ تقسیم کرین اتنے مین
حضرت امام حسن علیہ السلام تشریف لائے اور فرمایا کہ اے مسلمانون کے خلیفہ اور رسول اللہ کے
نائب ہمارا حصہ ہمکو دو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نہایت شفقت اور دلجوئی کے ساتھ ایکہزار درہم
آپ کے ہمراہ کر دیئے اسکے بعد حضرت امام حسین علیہ السلام تشریف لائے انکو بھی ایکہزار درہم عنایت
فرمائے اسکے بعد حضرت عمر کے فرزند عبد اللہ آئے اونکو پانسو درہم دیکر رخصت کیا عبد اللہ نے عرض
کیا کہ اے مسلمانون کے خلیفہ آپ مجھکو دیکھتے ہین کہ مین کیا جوانمرد ہون اور کیسے کیسے جہادون مین
شریک ہوا ہون اور حسنین تو اوسوقت مین مدینہ کی گلیون مین کھیلتے پھرتے تھے اونکو تو آپ نے ہزار ہزار
درہم عطا فرمائے اور مجھکو صرف پانسو درہم دیئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے افسوس اور حسرت سے فرمایا
کہ اے جان پدر تو اپنے باپ اور ماں اور نانا اور نانی اور چچا اور پھوپھی حسن اور حسین کے جیسے پیدا کر
تب تو بھی ہزار درہم کا مستحق ہوگا ورنہ چھوٹا منہ اور بڑی بات ہے کیا فائدہ اونکے باپ حضرت علی
اونکی والدہ فاطمہ زہرا اونکے نانا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اونکی نانی خدیجہ کبریٰ اونکے چچا

پس آنحضرت صلعم نے حضرت علی کو روانہ کیا اور فرمایا کہ سورۂ برات کو ادن سے لیکر احکام رسالت
سے ادا کرو چنانچہ حضرت علی نے بموجب فرمانے کے عمل کیا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جب خدمت میں
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آئے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھسے کیا قصور صادر ہوا کہ یہ سورہ مجھسے
مجھسے لیلی گئی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ایسا نہیں ہے بلکہ جبرئیل امین وحی لائے کہ یہ
کام تجھ کو یا مثل تمہارے کوئی کرے پس علی مرتضے کو حسب الحکم رب العزت کے مامور کیا اور نیز حضرت
علی علیہ السلام کو حق تعالے نے والی تمام امت کا بیان فرمایا **قولہ تعالے** اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رَاكِعُوْنَ **ترجمہ** یعنے والی تمہارا خدا ہے اور رسول
اور وہ مومن کہ جنھنے قایم کی نماز اور زکوۃ ادا کی رکوع میں۔ پس اس سے ظاہر ہے کہ زکاۃ حالت رکوع میں
سوائے حضرت علی کے کسی نے اصحاب سے ادا نہیں کی اور ولی کے معنے اولیاء اللہ نے والی کے بیان کئے ہیں۔

مولانا روم در کلیات شمس تبریز گوید۔ مرتضے را دان امام پاک دین ؛ والی حق رہنمائے
اولیا است ؛ التجا او رو بدیشان شمس دین ؛ آنکہ مولے را بمعنے رہنما ست ؛ اور دیگر بہت سی آیات
تو مین اوسکو سب سے بہتر اور افضل جانتا ایک یہہ کہ اوس نے اول نماز ادا کی ساتہہ رسول اللہ کے اور
تمام غزوات مین سوائے تبوک کے علم رسول اللہ کا اوسکے ہاتہہ مین رہا اور تمام غزوات مین
ثابت قدم رہے خصوص جنگ احد مین چنانچہ حق تعالے نے نادعلی اور لافتا کو اوپر فرشتوں کی جاری کیا
خواجہ جلال الدین رومی گوید کہ [illegible] ثابت قدم بود • کہ اینچنین معصوم بود •
لا نادعلی [illegible] لافتی گشت تا دلیل • [illegible] سر افگندہ کرد • [illegible]
نماز • اور [illegible] جنگ خندق مین بہیج حق حضرت علی علیہ السلام کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

بارزة علی یوم الخندق افضل اعمال امتی الی یوم القیامہ یعنی جنگ میں کی روز خندق کے افضل ہے تمام اعمال است میری سے روز قیامت تک اوہی آنحضرت صلعم نے بروز جنگ خیبر حق مین حضرت علی علیہ السلام کے فرمایا حدیث لاعطین الرایت غدا رجلا کرار غیر فرار یحب اللہ و رسولہ و یحبہ اللہ و رسولہ الخ ترجمہ البتہ عطا کرونگا مین علم کل کے روز ایک مرد کرار غیر فرار کو کہ وہ خدا اور رسول کو دوست رکہتا ہے اور دوست رکہتے ہین خدا اور رسول اس شخص کو ششم بحکم خدا تعالی نے حضرت فاطمہ زہرا سیدہ النساء العالمین اہل الجنت کو اوسکے عقد مین دیا اور فرشتون نے عقد اوسکا آسمان پر باندہا اور نسل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اوسکی پشت سے تا روز قیامت قایم رہیگی - چہارم خواجہ عالم کی تجہیز اور تکفین اور غسل کرکے قبر مبارک مین اوتارا اور جیسی وارث رہے کل روز قیامت علم خواجہ عالم کا اوسکے ہاتہ مین ہوویگا پس یہہ سب اوصاف واسطے حضرت علی کے منجملہ اوہزارہا مضمون کے سونازل ہے معترہو کہ کسی فرد بشر کو میسر نہوئے - مناقب حافظیا میرج کہ قصیدہ حضرت خواجہ باقی باللہ دہلوی نقشبندی نے شان مین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لکہا ہے چنانچہ تین بیت اوسکی یہہ ہین - **خواجہ باقی باللہ قدس سرہ گوید** سر حلقہ عاکیان علی بود ✤ سر سلسلہ جہان علی بود ✤ اوسر کمال مصطفے بود ✤ با این کرانیش کجا بود ✤ این سلسلہ از طلا ناب است این خانہ تمام آفتاب است ✤

حضرت مولانا روم در کلیات شمس تبریز قدس اللہ سرہ گوید

شاہی کہ ولی بود وصی بود علی بود
تا کامنہ شد در است آسود علی بود
آن قلعہ کشائی کہ در قلعۂ خیبر
از مہر دو جہان مقصد مقصود علی بود
آن نکتہ تحقیق حقایق بحقیقت
[illegible] شد علی بود
آن [illegible] کہ با او وجہہ حالت
آن [illegible] کہ بود بود علی بود
آن محک [illegible] تا کہ بد اسطفے
[illegible] کہ بود کہ مقصود علی بود

تا صورت پیوند جہان بود علی بود
سلطان سخا و کرم وجود علی بود
آن شیر دلاور کہ برا صطلح نفس
بر کند بیک حملہ بکشود علی بود
آن نقطہ توحید احد گردم واحد
گر در دی یقین مظہر حق بود علی بود
آن شہ کہ شبیہہ وی الا آمد دین
با موسی و با عیسی نبا بہہ علی بود
آن شاہ سر افراز کہ اندر شب معراج
آن یار کہ او نفس نبی بود علی بود
محمود نبود ند مرا ہا کہ مدینہ علم

تا نقش زمین بود زمان بود علی بود
آن مرد سر افراز کہ اندر رہ اسلام
بر خوان جہان پنجہ نبا بود علی بود
چندانکہ نظر کردم و دیدم کہ حقیقت
جز او نفس مع صمت نشنود علی بود
آن روشنے مصفا کہ خدا وند بقرآن
زنگ ستم و بدعت بزدود علی بود
خاتم کہ در انگشت سلیمان نبی کرد
با احمد مختار یکے بود علی بود
تنہا چو ہمی شرک بدو در دو جہ
[illegible] احمد محمود علی بود

ای دل ار ولایت طلبی ادحی عمران
کو روش ہشت محصیت بستو علی بود
این یکہ سبے ... گفتم بصفا
گر نقد دو جہان بود علی بود

باسکہ علی بود علی بود علی بود
این کفر نباشد سخن کفر نہ این ست
حاکم ... مقصود علی بود

آن معنی قرآن کہ خدا در ہمہ قرآن
تا ہست علی باشد و تا بود علی بود
این ... شمس الحق تبریز

وجہ دوازدہم کہ خود بیان کرنا فضیلت اپنی کا کرا ... ثابت ہوے اور یہہ بھی واضح رہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم ہر امور مشکل مین رجوع بجناب مرتضوی مین کرتے تھے اور اپنی فضیلت کو بیان کرتے تھے اور آپ حضرت کو وصی رسول اللہ جانتے تھے چنانچہ قیس ابن ابی حازم سے روایت ہے کہ ایک روز حضرت ابو بکر نے مجھسے کہا سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے کہ جس شخص کو علی مرتضے سند ساتھ دستخط اپنے کے لکھے ہوئے دیوین تو وہ شخص البتہ پل صراط سے گذر جاوے گا اور حضرت عمر فاروق نے کہا ہے کہ مومن اور مسلمان وہ شخص ہے کہ جو علی مرتضے کا مطیع اور فرمانبردار ہووے کیونکہ بیشک نزدیک خدا تعالٰے اور رسول اللہ کے علی منزل عظیم رکہتا ہے۔ **حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ گوید** علی حبہ جنۃ ❊ قسیم النار والجنۃ ❊ وصی المصطفے حقا ❊ امام الانس والجنۃ ❊ **شیخ سعدی رح گوید** علی را اند ابیشک لی قرانند ❊ بامر حق وصی کردش پیغمبر ❊ **خواجہ سنائی قدس سرہ گوید** مرنبی را وصی وہم داماد ❊ جان پیغمبر از جمالش شاد ❊ آل یٰسین شرف بدو دیدہ ❊ ایزد اورا بعلم بگزیدہ ❊ بود علمش کشیدہ کوثر ❊ نار تیغش کشندہ کافر ❊ **بو علی شاہ قلندر قدس سرہ گوید** آن وصی مصطفے شیر خدا ❊ آن علی روح بتول پارسا ❊ **خواجہ حافظ شیرازی قدس سرہ گوید** نوشتہ بر در فردوس کاتبان قضا ❊ نبی رسول ولی حیدر کرار ❊ امام جن و انسی علی بود کہ علی ❊ ز کل خلق فزون ست از صغار و کبار ❊ علی زبعد محمد زہر چہ ہست بہ است ❊ اگر تو مومن پاکی نظر دریغ مدار ❊ کہ نیست دین ہدیٰ را بقول پاک رسول امام غیر علی بعد احمد مختار ❊ روایت ہے کہ ایک روز بیچ خلافت مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دو آدمی ایسے کہ وہ باہم جھگڑا کرتے ہوئے دار الشرع مین آئے اور تصفیہ چاہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اونکی بابت بھی رجوع بطرف حضرت علی علیہ السلام کے کیا اوسوقت اون دونون مین سے ایک نے کہا کہ تک ہم نہین جانتے تھے کہ سوا تمہارے کوئی اور دوسرا بھی خلیفہ ہے کہ فیصلہ کرے اس بات کے کہنے سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بہت غصہ آیا فرمایا کہ اے شخص علی مرتضے امیر المومنین ہے اور جو انکو اپنا مولا نہ جانے وہ مومن نہین ہے اوسوقت حضرت عباس کھڑے ہوئے اور فرمایا بہ تحقیق مین نے رسول صلعم

ساہے کہ حق تعالےٰ نے علم کو دس حصہ پر تقسیم کیا ہے نہ حصہ اون مین سے علی مرتضےٰ کو
عطا کئے اور ایک حصہ تمام جہان کو دیا اور اوس حصہ مین بہی علی مرتضےٰ علیہ السلام شریک ہین -
صواعق محرقہ مین محدث امام شعبی سے منقول ہے کہ ایکروز مین طاقت مین حضرت ابوبکر صدیق
رضی اللہ عنہ دار الشرع مین بیٹھے ہوئے تہے کہ حضرت علی تشریف لائے اور دیکہا فوراً حضرت ابوبکرؓ نے
اونکا استقبال کیا اور کہا کہ کوئی چاہتا ہے کہ دیکہے ایک ایسے شخص کو کہ وہ بعد پیغمبر خدا کے افضل تر ہے
سب وجوہ تمام عالم سے از روے علم کے اور از روے حالت کے اور از روے حلم کے اور از روے محبوبیت
کے نزدیک خدا اور رسول کے اور از روے کیفیت ذاتی اور صفاتی کے اور جو چاہے دیکہے وصی رسول خدا
کو پس دیکہو علی مرتضےٰ کے تئین **اور** صاحب کشاف امام جار اللہ علیہ الرحمۃ روایت کرتے ہین کہ کہا حضرت
ابوبکرؓ نے حضرت علی کو کہ عترت رسول اللہ کی ہین وہ عترت کہ واجب ہے تمسک ساتہہ اونکے اور
روایت ہے قیس بن ابی حازم سے کہ حضرت ابوبکر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما آور مسکرائے حضرت ابوبکرؓ
اونکو دیکہکر پس کہا حضرت علی نے کہ کیا سبب ہے تمہاری ہنسی کا پس کہا ابوبکرؓ نے کہ سنا مین نے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ نہین گذریگا پلصراط سے کوئی مگر وہ جسکو کہ لکہدے سند علی ابن ابی طالب
رسالہ ذخیرۃ العقبیٰ رد شیعہ مین ہے کہ ایکروز ایک شخص نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے بہت سخت کلامی
سے باتین کرتا تہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بہت غضبناک ہوکر فرمایا کہ خرابی ہو اوپر تیرے تو نہین جانتا
ہے کہ ابوالحسن کون ہے بہ تحقیق وہ سردار مومنونکا اور وصی ہے رسول خدا کا اور اشارہ کیا طرف
مرقد مقدس آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے **اور دار قطنی** مین وارد ہے کہ ایکبار حضرت
عمر رضی اللہ عنہ نے حال حضرت مرتضےٰ علیہ السلام دریافت کرکے کہا کہ وہ کس گاؤن مین کہ جہان آپ کی
زمین تہی گئے ہین پس ہمراہ چند اصحاب کے تشریف لیگئے اور دیکہا کہ آپ حضرت زمین کو صاف کرتے
ہین سب اصحاب اونکے نزدیک گئے اور زمین صاف کرنے مین مشغول ہوئے بعد فراغ اوسکے حضرت
علی علیہ السلام نے فرمایا کہ اے عمرؓ اگر تمہارے پاس قوم اسرائیل سے کوئی آوے تو تم اونکے تعظیم کرو حضرت
عمرؓ نے فرمایا کہ بہت اچہی پس فرمایا کہ مین بہ تحقیق بہائی رسول اللہ کا ہون فی الفور حضرت عمر رضی اللہ عنہ
نے چادر اپنے سر سے اوتار کر فرش کیا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اوسپر بٹہایا اور قسم کہائی کہ جبوقت
سے مین یہان ہون سوائے اسجگہ کے چادر اپنی کہین نہین بچہائی آور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت
ہے کہ ایکروز رسول اللہ نے مجہسے فرمایا ادعونی سید العرب مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ تم سید
عرب نہین ہو پس فرمایا **حدیث** انا سید ولد آدم و علی سید العرب یعنے مین سید بنی آدم کا ہون

اللہ علیہ وآلہ سب اقرب ہے اور حضرت عمار یاسر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا نے فرمایا کہ اے
عمار بن یاسر ہوگا۔ جو کوئی حق تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی صاحب علی کے کہ محمد وسب آدمیوں سے افضل ہیں اور علی
سید المومنین امام المتقین ہے اور **حضرت مرتضیٰ علیہ السلام خود اپنا فخر بیان**
فرماتے ہیں انا علی صاحب الصمصامہ ۔ وصاحب الحوض لدی القیامہ ۔ اخو نبی اللہ ذی العلامہ
قد قال اذ لقنی العمامہ ۔ انت اخی ومعدن الکرامہ ۔ ومن لہ من بعدی الامامہ ۔ یعنی میں علی
ہوں مالک ذوالفقار کا اور مالک ہوں حوض کوثر دن قیامت کے اور میں بھائی ہوں رسول خدا کا اور معدن
ہوں کرامت کا اور کہا عمامہ اپنا پیغمبر خدا نے میرے سر پر اور بنایا امام بعد اپنے مجھکو۔ **ترجمہ نظم**
اے گشتہ عیان سر قیامت از تو ۔ در صاحب منصب امامت از تو ۔ چون دیدہ نہ گشت بہرہ ور دشمن دین
بہرہ کرامت از تو ۔ **حضرت مولانا روم در کلیات شمس تبریز قدس سرہ گوید**

اے برتر از وہم و گمان اے مولانا علی
ای بخت بخت زندگی اے مولانا علی
پاک از منزہ از صفات معروف گشتہ در ذات
کرجان ہست جان شان اے مولانا علی
از منع نقد بندگان مطلوب طالبان
واسطہ نما پیر اے مولانا علی
حکم جہان نبی سیر رفت بمد نور پری
اللہ دل پیکر افلاک اے مولانا علی
ہم مرسلان سر سنا الحق ہم نبات
تسبیح گرینہ بندرا اے مولانا علی
گر عاشقی ور ما بین مرشد خود ما بین
ہم دم مہر ماہ بجان اے مولانا علی

تسبیح خود کن بر زبان اے مولانا علی
اے مونس ہم قلم ہست نظارہ زود ما کہ
رمد ۔ زکات اندر صلاۃ اندر صلاۃ مولانا علی
سبحان گویا بنام پیدا از در صبح و شام
نام اسرار کن کان اے مولانا علی
دعا مندہ لوح قلم پیدا کن خلق از عدم
پرورش ز تو انگشتری اے مولانا علی
مجموع قرآن عرش حمد ثنا در عرش
مقصود کل کائنات اے مولانا علی
در جنگ بند دیگر اند طلب سپر ز شیر
تو آنکہ جان دل گزین اے مولانا علی
اے شمس دین جنات بادر معانی برفشان

خواہی کہ بیابی زندگی ابشتاب اندر بندگی
مولا و حق آدم است اے مولانا علی
خواہی کہ یابی و نشان جان اندر قبر افشان
حج و نماز ہست صیام اے مولانا علی
سلطان بیکسان نظیر پروردگار ربے وزیر
سیر و ب فخر عجم اے مولانا علی
سر دفتر ہر انجمن علامہ عصر و زمین
نام بندگی خدمتش اے مولانا علی
اشجار ورکہ بحر و بر ہم آسمان اندر نظر
خورشید نادعی آسمان اے مولانا علی
اے بندہ شیرین زبان از دیگر خود چہ رانی
تا آید در گوش جان اے مولانا علی

پس یہ وجہ بھی حضرت شاہ مردان پیشوائے اہل عرفان کی ثابت ہے اور سوائے اسکے حضرت مرتضیٰ علیہ السلام
کے شان عرفان کو سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی فرد بشر نے نہیں پہچانا ہے **مولانا روم**
سر اندر یہ سبحا لکھیں ۔ و اندر طلب قرب و مقام رفتے ۔ **سوال** حضرت علی کو حیدر کیوں کہتے ہیں۔
جواب حیدر شیر کو کہتے ہیں بعد پیدا ہونے کے جب والدہ حضرت علی نے حیدر بلانا چاہا اور

تتمہ صفحہ ۷ سطر ۱۲ کتاب جوہر الایمان

از شواہد النبوۃ مولانا جامی مذکور است کہ پیغمبر علیہ السلام با فاطمہ گفت کہ اے فاطمہ بدرستیکہ زمین خداتعالیٰ
از تمامی مخلوقات دو شخص را برگزیدہ کرد یکے پدر تو دو دیگر شوہر تو۔ در مدارج النبوۃ شاہ عبدالحق دہلوی مذکور
است کہ فاطمہ از رسول خدا عرض کرد کہ عورات قریش مرا ملامت میکنند کہ شوہر تو فقیر است آنحضرت فرمود کہ سوگند
بخدا کہ نادرست میگویم کہ شوہر ترا قدم اصحاب است از روے سلم واکثر ایشان است از روے حلم واعظم ایشان
است از روے علم آے دختر من خداتعالیٰ از اہل عالم دو کس را اختیار کرد یکے پدر ترا دو دیگر شوہر ترا۔ حدیث
در تفسیر نیشاپوری و تفسیر امام فخرالدین رازی مذکور است قال من اراد ان ینظر الی آدم فی علمہ
والی نوح فی تقواہ والی ابراھیم فی حلمہ والی موسیٰ فی ھیبتہ والی عیسیٰ فی
عبادتہ فلینظر الی علی بن ابی طالب۔ یعنی جو شخص چاہے کہ دیکھے علم مثل آدم ؑ کے اور تقویٰ
مثل نوح ؑ کے اور حلم مثل ابراہیم ؑ کے اور ہیبت مثل موسیٰ ؑ کے اور عبادت مثل عیسیٰ ؑ کے پس چاہیے
کہ دیکھے علی بن ابی طالب کو۔ اور روایت کیا اس حدیث کو ابوالخیر وغیرہ نے ابی حمراء دشتی سے
اور ثابت کیا ہے اس حدیث کو محدث شام محمد بن یوسف الکنجی الشافعی نے بیچ کتاب اپنی وسیلۃ
المال نے اور شارح تجرید نے اس حدیث کی صحت کی صفحہ ۹۵ میں اور تسلیم کیا ہے اسکی صحت کو
اور شارح تجرید کہتا ہے کہ واجب کرد آنحضرت صلعم مساوات علی را در صفات انبیا علیہم السلام و انبیاء
علیہم السلام افضل اند از باقی صحابہ تو تفسیر کبیر کی جلد دویم مین جو عبارت لکھی ہے وہ یہ ہے کہ یہ حدیث
دلالت کرتی ہے اوپر اسبات کے کہ مجتمع تھے فضائل مذکورہ حضرت علی مین جو کہ متفرق تھے انبیاء علیہم السلام
مین پس یہ حدیث دال اوپر اس امر کے ہے کہ علی افضل ہین انبیاء علیہم السلام سے سوائے رسول خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے۔ چنانچہ اسی معنی مین مولوی روم فرماتے ہین **ابیات** آن نخیو انداخت بردوشے علی
افتخار ہر نبی و ہر ولی + آن خیو انداخت بر روشے کہ ماہ + سجدہ آرد پیش او در سجدہ گاہ + اور صاحب تفسیر نیشاپوری
جلد اول صفحہ ۲۲۵ مین بعبارت عربی بیان کرتے ہین (ترجمہ) واجب ہے کہ جزم و یقین کرے افضلیت حضرت
علی پر تمامی صحابہ سے اسواسطے کہ متواتر ہوئی بیچ حق علی کرم اللہ وجہہ کے وہ چیز کہ دلالت کرتی ہے فضیلت علی
مرتضیٰ پر۔ فریدالدین عطار آہی رہ گوید **ابیات** مصطفیٰ گفتے علی آن ماہ ماں + کے مرا نور دل و آرام جان + ا
یکی را دیدہ انل را تا ابد + مثل تو ہرگز نباشد تا ابد + اے ولی خالق بیچون شدہ + از صفات لامکان بیرون شدہ
مالا نیکو گفتہ رہبر تولی + از صحابہ چونکہ نیکو تر تولی + شاہ عبدالحق و شاہ ولی اللہ دہلوی تو علامہ قوشجی نے مسئلہ
تفضیل شیخین کو ظنی اور اجتہادی کہا ہے۔ اور میر سید شریف شرح مواقف مین کہتے ہین کہ در مسئلہ تفضیل شیخین

بر علی مرتضی جزم و یقین نباید داشت ـ و ابن عبد البر که از مشاهیر علماء علم حدیث اهل سنت است در کتاب استیعاب
آورده میگوید که روایت است از گروه صحابه مثل سلمان فارسی و ابوذر غفاری و مقداد و خباب و جابر و ابوسعید خدری و
زید بن ثابت و عمار یاسر و زید بن حارثه و غیرهم رضی الله عنهم که علی مرتضی اول کسی است که ایمان آورده و گفت
ابن عبد البر جماعت اصحاب حضرت علی را بر غیر تفضیل میدهند و سه صد و نود و پنج کس از اصحاب رسالتمآب و
تابعین از یاران و دوستان و مخلصان و فرمانبرداران ایشان بودند مثل حضرت شهیم و جابر و ابوذر و عمار یاسر
و مقداد و سلمان و حذیفة الیمان و محمد بن ابوبکر و عبد الله بن عباس و کمیل ابن زیاد و خواجه اویس قرنی و اسامه
بن زید و براء بن عازب و ثابت بن ضحاک و حبیب بن مظاهر و سلمة بن اکوع و عثمان بن حنیف و مالک
بن اشتر بن حارث و صعصعه بن صوحان و طرماح بن عدی و غیره علیهم الرحمة و الرضوان و دیگر بنی هاشم و
بنی فاطمه هم تفضیلی اند ـ و شاه عبد العزیز دهلوی در رساله خود در ذکر حضرت زید بن امام زین العابدین علیه
السلام نوشته است که حضرت زید علیه التحیة و الثنا بعلم و فضل و شجاعت و عفت اتصاف داشت جماعه
صحابه را دیده بود و علم از پدر بزرگوار خود و برادر اکبر امام باقر علیه السلام آموخت و حدیث از پدر بزرگوار
عبید الله ابی رافع کاتب جد بزرگوارش علی کرم الله وجهه و ابان بن عثمان بن عفان و غیره که از کبار علما تابعین بود
روایت کرده و جمعی از اجله علما احادیث از وی نموده فرقه در اصول فروع مذهب او گرویده و ترویج آن سعی فرمودند
چنانچه این مذهب الی الیوم در یمن و حجاز رائج است اما آنها که از زید علیه التحیة و الثنا حدیث روایت کرده اند یکی پسران
حسین بن زید دوم عیسی بن زید سوم امام جعفر صادق علیه السلام برادرزاده او و عبد الله بن عمر خواهرزاده او و ابوبکر محمد بن
مسلم بن عبید الله که در علما تابعین بجلالت قدر و کثرت علم و حفظ علم تفرد می فرمانست و ابو محمد عبد الله و ابو مالک ابو علی
هاشم و ابو محمد سلیمان و ابو تمام و عبد الرحمان بن ابی الزناد المدنی و عبد الرحمان بن حارث و بسام بن عبد الله
الصیرفی و عبد الرحمان بن الحارث نالی و فضیل بن مرزوق و سعید بن خثیم الهلالی و دیگر اکثر این کسان از کبار ائمه
حدیث اند و در زمان خروج زید علیه التحیة و الثنا اکثر علما تابعین میل بانجناب داشتند و از انجمله امام اعظم ابوحنیفه کوفی
که بوجوب نصرت او فتوی میداد و بال غنیمت او و اصحاب او میکرد و نقل است که ابوحنیفه مردم را ترغیب می نمود برفاقت
حضرت زید علیه التحیة و الثنا شخصی گفت که تو چرا با او رفاقت نکنی جواب گفت ازانکه مردم کنند بس است مرا امانت بس
کرده است میترسم که اگر کشته شوم امانت و اموال مردم مجهول بمانند و ضائع شوند بعد ازان چهار صد از نقره غیر مضروبه
(یعنی ایک گون چاندی) بجهت حضرت زید علیه التحیة و الثنا فرستاد و پیغام داد که این زر در تجهیز لشکر صرف نمائی یکی از
بندگان اهلبیت رحمه حق بوے فرمود یرحم الله ابا حنیفة فانه معاین اصحاب زید ابن امام زین العابدین علیه
السلام علی الخروج و یقوی قلوبهم و ازینجهت است که صاحب ملل و نحل و بعضی دیگر علما امام ابوحنیفه را از زیدیه شمرده اند

حکایت مشہور است کہ مردم کوفہ از زید خواستند تبرا از شان ابوبکرؓ و عمرؓ نمود فرمودند کہ من درباره آن دو کس بجز نیکوئی
چیزے نمیگویم بعضے از قوم با بیش ازین نگفتند کہ سزاوار بودیم بخلافت از ایشان و آن ہر دو خلیفہ چون متصدی
آن امر شدند بجناب خدا سلوک و بسنت رسول عمل کردند و بر ہیچکس ظلم و ستم نکردند پس آن جماعت از زید علیہ السلام
بیعت شکستند و جمعی بجز جدائی گروه از خدمتش کہ موجب شکست کار در اصل ہمان شد بعنایت مصلحت و قربت
ہم بران اقدام ننمود و شعر بآنست کہ قدماء اہلبیت را با شیخین عداوت نبود بلکہ قائل بودند بفضل آنہا لیکن امیر
المومنین علی مرتضی علیہ التحیۃ والثنا را افضل و اولی میدانستند و ہمین است مذہب زیدیہ کہ میگویند حضرت سید عالم بعد
خود ہیچکس را بتعیین اسم بخلافت نص نفرمودند اما آنچہ از اوصاف در باب امام فرمودند با جمعہا غیر از علیؓ در دیگرے نبود
ولیکن صحابہ بعد از وفات آنحضرت نظر بہ بعضے مصلحتہا از بیعت آنجناب عدول نمودند و ابوبکرؓ را بخلافت اختیار
کردند بعد از آن خود و عمرؓ را خلیفہ کرد امام حقیقی نیز در آنوقت علیؓ بود چون آن ہر دو کس بہ سیرت نیک زندگانی کردند
و در تائید دین متین از خود تقصیر نکردند علیؓ ہم در آن باب مضائقہ نہ نمود و اطاعت آنہا کرد۔ راقم صحیفہ
عبد العزیز دہلوی میگوید کہ تفاوت در میان این مذہب و مذہب اہل سنت ہمین قدر است کہ سنیان ابوبکرؓ
و عمرؓ را از علیؓ افضل می شمارند و صاحبان این مذہب علیؓ را از ابوبکرؓ و عمرؓ افضل می انگارند با وصف آنکہ
سنی بکمال فضل علی معترف اند و فرقہ زیدیہ بقبول فضل ابوبکرؓ و عمرؓ متصف ۔ و شک نیست کہ این ہر دو طریق
از مسالک دیگر باحتیاط اقرب است و سلوک این جادہ اصوب +

اور دیگر جائے سوالات عشرہ میں شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ اصحاب رسول مثل سلمان فارسی و خباب وغیرہ انصار تفضیلی
ہوئے ہیں اور اکثر صوفیہ کرام و علماء محققین اہل سنت مثل احناف وغیرہم کا بھی یہی مذہب تھا۔ راقم الحروف
میان اولاد حسین بلرامی عفی عنہ عرض پرداز ہے کہ شاہ صاحب کی تحریر اور کلام سے یہ آٹھ باتیں تو بخوبی ثابت ہیں
ہمکو زیادہ ثبوت دینے کی ضرورت نہیں ہے اول یہ کہ مذہب تفضیلی عمدہ مذہب ہے دوئم یہ کہ یہ مذہب تفضیلی ملک
یمن و عرب میں آجتک جاری ہے سوئم یہ کہ اکثر اصحاب رسول اکرم کا مذہب تفضیلی تھا چہارم یہ کہ بزرگان آل
رسول اسی مذہب کے گزرے ہیں پنجم یہ کہ حضرت زید علیہ التحیۃ والثنا کا مذہب تفضیلی تھا ششم یہ کہ حضرت
زید شہید استاد تھے اکابر اماموں حدیث اور علماء تابعین کے ہفتم یہ کہ علماء تابعین کا مذہب حضرت زید کے
مذہب کے جانب تھا ہشتم یہ کہ امام اعظم ابو حنیفہ کوفی زیدیہ مذہب کے یعنی تفضیلی تھے اور امام اعظم شاگرد رشید حضرت
زید شہید علیہ التحیۃ والثنا کے تھے اور مرید خاص امام محمد باقر و امام جعفر صادق علیہ السلام کے اور علم طریقت و
معرفت کا امام عالیمقام سے پایا اور محبت آپکی ان بزرگواروں کے ایسی تھی کہ امام محمد حسن شیبانی لکھتے ہیں کہ
دیکھا میں نے بارہا امام اعظم کو کہ بہ نیت زیارت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک امام محمد باقر علیہ السلام

بہ پانے اور جہالت کے تعصب مالک کی جانب کشی کرتے تھے اور حضرت امام اعظم [illegible] عبادت [illegible]
شاگرد تھے آپ نے ایک درہم بھی فتویٰ العقد کثیر دیا فتویٰ حضرت زید شہید علیہ التحیۃ والثنا کے اور خروج [illegible]
محمد بن عبد اللہ محض بن حسن مثنیٰ بن امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کے دیا تھا۔ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ [illegible]
محبت علی و آل بیت نبی علیہ السلام کے متہم بہ رفض ہوئے تو ظاہر ہے کہ انکا مذہب بھی تفضیلی ہوگا جیسا مذہب
علماء محققین کا تھا اور اسی جرم میں آپ قید خانہ میں محبوس رہے۔ اور امام مالک علیہ الرحمہ تو بالاتفاق خاص [illegible]
جعفر صادق علیہ السلام کے تھے کہ مدت دراز تک خدمت امام معدوح میں رہے اور علم دین انہیں سے [illegible]
سیکھا۔ امام مالک کا ایک شاگرد وہ خلیفہ مامون رشید تھا اسکا ایک مناظرہ مشہور ہے کہ جس میں اسکا یہ دعویٰ تھا
کہ تمام اصحاب رسول میں حضرت علی افضل ترین ہیں اور دوسری جانب میں چالیس بڑے بڑے علماء نامور
مثل قاضی یحییٰ بن اکثم اسی دعوے کے مخالف تھے اور مامون تنہا سب کا طرف مقابل تھا صبح سے قریب دوپہر تک
دونوں فریق سے بحث و مباحثہ رہی مگر میدان مامون کے ہاتھ رہا پورا مناظرہ کتاب العقد میں مذکور ہے پس جس
صورت میں کہ جلیل القدر اصحاب رسول مثل رئیس المفسرین حضرت عبد اللہ بن عباس و جابر بن عبد اللہ انصاری
و ابو سعید خدری و سلمان فارسی و ابوذر غفاری و عمار یاسر و مقداد و حذیفہ و خباب و زید بن ثابت و زید بن
حارثہ و اسامہ بن زید رضی اللہ عنہم کہ اسامہ کو پیغمبر علیہ السلام نے تمام صحابہ پر سوائے حضرت علی رض کے سردار بنایا تھا
اور بڑے بڑے علماء تابعین و محققین و اولیاء کاملین مثل سید التابعین حضرت خواجہ اویس قرنی و خواجہ کمیل [illegible]
پیران و مرشدان راہ طریقت کے ہیں و قدماء آل رسول و اولاد بتول معصومین و امام مثل امام حسن و امام حسین و امام محمد باقر
و امام جعفر صادق علیہم التحیۃ والثناء والسلام کہ جنکے مثل جہان میں نہیں ہے اور یہ بزرگوار خاصان خدا و محبوب حبیب
کبریا کے ہیں اور انکی شان میں سورہ ہل اتیٰ و آیۂ تطہیر و حدیث ثقلین و حدیث سفینۃ النوح بالاتفاق وارد ہیں
اور یہ حضرات وارث رسالت و نواب نبوت و حاکم ملک ولایت و حکیم حکمت کے ہیں اور والی و ساقی حوض کوثر
و لواء الحمد کے قیامت میں ہونگے اور یہ سردار اہل جنت کے ہیں اور یہ ہادی رہنما و وسیلۂ نجات و کشتی نوح و
بحر موسیٰ و شافع گنہگاران امت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہیں اور یہ بزرگوار تمام علوم دینی و دنیوی و
شریعت و طریقت و معرفت و حقیقت کے امام ہیں۔ پس جبکہ ان سب بزرگوار و کا مذہب تفضیلی ہو تو پھر اور
کونسا مذہب اس مذہب کے سوا حق اور عند اللہ مقبول ہو سکتا ہے۔ اگرچہ سنت الجماعت کا مذہب بھی بیگانہ اہل حق
و روافض و خوارج و نواصب وغیرہ میں جمعیت کرکے ایک عمدہ طریقہ پر قائم ہوا ہے لیکن اسمیں اسپرسیاہ الکفر الا [illegible]
کی بو آتی ہے۔ خواجہ حکیم سنائی قدس سرہ گوید۔ سپر سیاہ اگرچہ خال من است ٭ دوستی ولائم نگار نیست در رو
از خطے زہر جملہ بر خلش نیز افتخار نیست ٭ در مقامیکہ شیر مردانند ٭ بر خط و خال اعتبار نیست ٭ [illegible]

چپاتی آپکی منہہ مین دی تو چپاتی کا نگہائے اور جب حضرت ابوطالب رضی اللہ عنہ نے منہہ دیکہنا چاہا تو
چہرہ اونکا اپنے ہاتہہ کے ناخونون سے زخمی کیا جب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم تشریف لائے اور چاہا
کہ بوسہ دین لیس والدہ حضرت علی علیہ السلام نے رسول خدا سے کہا اے فرزند میرے منہہ اپنا اس
لڑکے کے پاس نہ لاؤ کہ اس نے میری چپاتی اور منہہ اپنے پدر کا زخمی کیا ہے اور یہہ حیدر یعنے شیر ببر ہے
پس رسول خدا نے زبان مبارک اپنی حضرت علی کے منہہ مین داخل کی اور بہت عرصہ تک لعاب دہن مبارک
اپنا چٹایا کہہ دنیا مین اول حضرت علی علیہ السلام نے لعاب دہن آنحضرت صلعم نوش فرمایا اور اول نظر
چہرہ مبارک رسول مقبول پر ڈالی پس بسبب برکت اوس لعاب دہن کے عالم دریائے شریعت اور معرفت
اور معدن حقیقت کے ہوئے اور آپ خانہ کعبہ کے اندر پیدا ہوے اور شکم مادر مین رسول خدا کی تعظیم
دیتے تہے اور اسفار سوے مین مذکور ہے کہ والدہ حضرت امیر المومنین کی خانہ کعبہ کا طواف کرتی تہین
اسی حالت مین درد زہ آپکو شروع ہوا اونہون نے حضرت مصطفے علیہ السلام کو اطلاع کی آنحضرت صلعم
نے فرمایا کہ خانہ کعبہ کے اندر چلی جا جب وہ کعبہ کے اندر گئین پس وہان حضرت علی مرتضے علیہ السلام
پیدا ہوئے اور کنار رسول خدا مین پرورش پائی اور نام آپکا ساق عرش پر رسول کریم نے لکہا ہوا
دیکہا اور آپ خانہ کعبہ مین دوش رسول حبیب رب العالمین پر سوار ہوے نکتہ یہہ ہے کہ جب حضرت
عیسے علیہ السلام کی پیدایش کا وقت قریب ہوا اوسوقت حضرت مریم والدہ اپکی خانہ بیت المقدس مین
تہین پس اللہ تعالے کا حکم ہوا اے مریم یہہ جائے عبادت ہے نہ جائے پیدایش تم بیت المقدس سے باہر
چنانچہ وہ باہر گئین اور حضرت عیسے علیہ السلام پیدا ہوئے پس جائے غور ہے اس فضل پر حضرت مرتضی
علیہ السلام کے **سوال** کیا سبب ہے کہ کل صحابہ رسول کو رضی اللہ عنہ کہتے ہین اور حضرت علی مرتضے
کو کرم اللہ وجہہ یا علیہ السلام کہتے ہین **جواب** حضرت مرتضے علیہ السلام جب سے کہ اپنی والدہ کے
شکم مین تشریف لائے اپنی والدہ کو بتونکے سجدہ سے باز رکہا اور سجدہ نکرنے دیا جب وہ ارادہ سجدہ
بتونکا کرتین تو پاؤن کو مان کے پیٹ مین ایسے اڑا دیتے تہے کہ جہک نہین سکتی تہین واسطے سجدہ
کے اور تعظیم کے رسول کریم کی شکم مادر مین پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کرم اللہ وجہہ
بیت کرم اللہ وجہہ درشان اوست ٭ بیشک افزون از ہمہ ایمان اوست ٭ پس کچہہ کچہہ مراتب
شاہ ولایت کے اہل عرفان نے پہچانے ہین کہ اونکی کلام سے ظاہر ہوتا ہے اور بہنے جو بحث خیر البشر و
مین فضایل درحق آل عبا اہلبیت رسول خدا کے ان اوراق مین لکہے ہین اون سے کم فہم لوگ یہہ
نسمجہنے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا مرتبہ کچہہ کم ہی نہین بلکہ وہ حضرت تمام اصحاب رسول مقبول کے

باب ششم در بیان مراتب اصحاب سید المرسلین وخلافت خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم

افضل اور بہتر ہونیکا بیان اسکے بعد اصحاب بعد خلافت مین ہے

جاننا ہو کہ اختلاف کیا ہے علمانے اس امر مین کہ کس شخص پر صحابیت کا اطلاق درست ہے چنانچہ سعید بن
مسیب کہتے ہین کہ جو شخص ایک برس یا دو برس پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ صحبت مین رہا ہو اور
اور اوس نے ایک یا دو جنگ بھی رسول خدا کی رفاقت مین شامل ہوکر کئے ہون تو مین اوسکو صحابی کہتا ہون
ماسوا اوسکے میرے نزدیک صحابی نہین ہے اور بعضے کہتے ہین کہ جو شخص حد بلوغ کو پہنچا ہو بعد مسلمان ہو کر
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی دیکھا ہو وہ صحابی ہے اگرچہ وہ ایک ساعت ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کے پاس بیٹھا ہو۔ اور بعض کہتے ہین کہ جس شخص کو رسول خدا سے خصوصیت ہو اور رسول خدا
کے ہمراہ سفر و حضر مین رہا ہو وہ صحابی ہے ماسوائے اوسکے صحابی نہین ہے اور اکثر کا یہہ قول ہے کہ صحابی
وہ شخص ہے جو مسلمان ہوگیا اور اوس نے پیغمبر خدا کو دیکھا ہو اگرچہ تھوڑی ہی دیر دیکھا ہو صحابی ہے اور
مطابق قول آخر کے تعداد صحابیونکی یہہ ہے کہ جس سال مین مکہ فتح ہوا اوس وقت آپکے ہمراہ دس ہزار
مسلمان تھے اور جنگ حنین مین بارہ ہزار اور حج الوداع مین چالیس ہزار اور وقت وفات کے ایک
لاکہ چوبیس ہزار صحابی تھے اور علماء نے کہا ہے کہ مہاجرین افضل ہین انصار پر بطریق اجمال اور بطریق
تفصیل کے یون کہا ہے کہ جو انصار سب سے اول مین وہ متاخرین مہاجرین پر فضیلت رکھتے ہین اور
اہل سیر و تواریخ نے صحابہ کے کئی طبقے مقرر کئے ہین چنانچہ **اول طبقہ مین** وہ لوگ ہین جو سب سے
پہلے مسلمان ہوئے جیسے کہ حضرت خدیجہ کبریٰ رضی اللہ عنہا اور حضرت علی مرتضےٰ علیہ السلام اور حضرت زید
اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما اور جو اونکے قریب بعد تھوڑے عرصہ کے مسلمان ہوئے جیسے کہ
حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو عبیدہ جراح رضی اللہ عنہ و حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ
عنہ و حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ و حضرت سعد بن زید رضی اللہ عنہ لیکن دار الندوۃ کے لوگ
اس طبقہ مین نہین ہین **اور طبقہ دوم** مین وہ صحابی شمار کئے جاتے ہین کہ جو دار الندوہ مین مسلمان
ہوئے مانند حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے **اور طبقہ سوم** مین وہ اصحاب شمار کئے جاتے ہین
کہ جو ہجرت کرکے حبش مین جا رہے تھے مثل حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ و عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ
و عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ و حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ **اور طبقہ چہارم** مین وہ لوگ ہین
کہ جو مقام عقبہ اول مین مسلمان ہوئے تھے یہہ وہی لوگ ہین جو سباق الانصار کہلاتے ہین مثل سعد بن معاذ
رضی اللہ عنہ و عبد اللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ و سعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ **اور طبقہ پنجم** اون اصحاب کا ہے

جو فتح ثانیہ مین مسلمان ہوئے **اور طبقہ ششم** مین اصحاب عقبی ثالثہ ہین جو ستر آدمی تہے **اور طبقہ ہفتم** مین وہ مہاجرین ہین جو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہجرت کے بعد شامل ہوئے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد قبا مین پہنچے اور وہ اوس وقت تک تیار نہین ہوئے تہے۔ **اور طبقہ ہشتم** مین اہل بدر کبری ہین **اور طبقہ نہم** مین وہ صحابہ ہین جنہون نے ہجرت اختیار کی درمیان جنگ بدر اور حدیبیہ کے **اور طبقہ دہم** مین وہ اصحاب ہین جنہون نے بعد بیعت رضوان سنہ ہجری مین مقام حدیبیہ نیچے ایک درخت کے کی تہی اور **اور طبقہ یازدہم** مین وہ لوگ ہین کہ جو بعد بیعت حدیبیہ اور قبل فتح مکہ کے ہجرت کرکے مہاجرین مین داخل ہوئے **اور طبقہ دوازدہم** مین وہ لوگ ہین جو بروز فتح مکہ بخوف شمشیر اسلام مسلمان ہوئے مثل ابو سفیان صخر وغیرہ کے **اور طبقہ سیزدہم** ان لڑکون کا ہے جنہون نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکہا ہے اور اصحاب اہل صفہ بہی انہی طبقات مین داخل ہین یہہ لوگ فقرا تہے نہ گہر رکہتے تہے اور نہ کچہہ صرف مسجد مین ذکر کرتے تہے مانند حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ وابوذر رضی اللہ عنہ اور بموجب آخر قول علما کے کہ ایک لاکہہ چوبیس ہزار صحابی تہے اون مین سے اکثر لوگ مرتد ہوئے مثل عبد اللہ ابن ابی سرح حاکم مصر کہ جسکے ظلم سے فتنہ برپا ہوا اور خلیفہ سوم شہید ہوئے اور مالک ابن نویرہ و دیگر ہمراہی اوسکے کہ جنہون نے زکاۃ بند کر دی تہی مرتد ہوئے اور آخر کو زمانہ خلافت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے قتل کئے گئے اور عمرو بن معدیکرب وغیرہ مرتد ہوئے خلفا سے جنگ کے اور آخر کو مسلمان ہوئے اور مسیلمہ بن یمامہ کذاب اور ایک عورت مسماۃ سجاح بنت تمیمی نے دعوی نبوت کیا آخر کو زمانہ خلافت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مارا گیا

خلافت اول

واضح ہو کہ کتب سیر وتواریخ مین احوال خلفاء راشدین اور اصحاب اہل یقین کا مفصل درج ہے لہذا تبرکا وتیمنا اس جگہہ تحریر کیا جاتا ہے **بیت** یاران مصطفی یکسان بدند ٭ دوستدار خاندان از جان بدند ٭ اور وہ حضرت رکن دین سید المرسلین کے تہے اور جاری کرنیوالے امر شریعت مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باوجود ایسی حکومت عام اور مرتبہ شاہنشاہی کے بوجہ برکت طریقہ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عدل وداد اور اندازہ فقر سے نگذرے اور اقالیم ہرچہار طرف کو مضبوط کرکے انصرام خلافت اور جہانداری کو رونق بخشی اور علم اسلام کو ہر چہار سمت بلند کیا اور احکام کو مخلوقات پر جاری کیا بلکہ آغاز آراستگی دین متین اور انتظام امورات جہانداری کا زمانہ خلافت حضرت امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہوا۔ **ابیات** دین چو شمع مصطفی جانش ٭ جان بو بکر بود پروانش ٭ معدود سال وماہ درہمہ کار ٭ ثانی اثنین اذ ہما فی الغار ٭ قدر او در صحابہ دانے ٭ درخت پیراہن مسلمانی ٭

چشم موسیٰ کجال ابنیہ ۞ کور کے چہرہ تکو بیند ۞ اور بہی سامان دین اسلام کو لشکر غازیان اسلام
نے بحکم حضرت صدیق خلیفہ برحق کے بزور شمشیر از شام تا عراق خراب اور تاراج کردیا اور دشمنان دین
کو ان مین کی جماعتون اور لشکر مین اونکے تباہ اور برباد کردیا اور اکثر جماعتون عرب کو پہیر کر دولت
اسلام پر لائی اور صدقہ اور زکاۃ اور جزیہ اور دوسرا حصہ سیکہنے والون دین اور تسلیم کرنیوالون اسلام
سے جیسا کہ زمانہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین لیا جاتا تہا بدستور لینا شروع کردیا اور بعد استحکام
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مین کبہی رسی زانو بند شتر کے بہی چوری نہ جاتی تہی اور دشمنان دین نے
جو آگ فتنہ اور فساد کی اپنے قلبون مین بہڑکائی تہی اوسکو آب شمشیر سے ایسا بجہایا کہ نام و نشان اون کا
صفحہ دنیا سے نیست و نابود ہوگیا اور عورات اور لڑکے اور مال اور اسباب اون سرتابان دین کا
مجاہدین اسلام کو لٹوادیا اور طریقہ اسلام اور سنت نبوی نے روز بروز رونق اور ترقی پکڑی اور
اسوجہ سے حشمت اور بزرگی اور صدق اور یقین اور مرتبہ بزرگیت امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق
اکبر رضی اللہ عنہ کا دلون مین صحابہ کبار کے زیادہ ہوا اور کسی کے دل مین کسیطرح کا فرق اور تفرقہ
ظاہر اور باطن پیدا نہوا بلکہ حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام نے بعد تقریر تفضیل فضیلت خود اور بعد جتانے
مرتبہ اور شرف آل عبا کے بیعت کی روز بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تین روز یا تین
ماہ یا چہ ماہ پیچہے یہ واقعہ پیش آیا اور یہ توقف بسبب فراق خواجہ عالم کے تہا۔ **خواجہ سنائی**
قدس سرہ گوید مصلحت بود انچہ کرد علی ۞ تو چرا سال و ماہ بیحد لی ۞ بود بوبکر با علی ہمراہ ۞
تو زبان فضول کن کوتاہ ۞ آفرین خدائے بے ہتائے ۞ بر ابوبکر باد و بر خدائے ۞ روضۃ الصفا اور
صبح صادق مین مسطور ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے وقت رحلت اپنی کے ایک وثیقہ خلافت بمشورہ
اصحاب مہاجرین اور انصار کے بنام امیر المومنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے تحریر کیا اور اسکو
حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے پسند کیا اور فرمایا کہ عمر بن خطاب لایق اسکے ہے مین سوائے
خلافت عمر رضی اللہ عنہ کے اور سے ہرگز راضی نہین ہون پس یہہ کلمہ حضرت صدیق اکبر نے سنا تو
اونکے حق مین دعا فرمائی اور کہا کہ ہم کارگذار اور کارندے ہین اور اے علی تو سردار اور بادشاہ
ہے اور ستارہ سپہر دین اور تو بدر منیر ہے ۔ صدق او میزبان ایمان بود ۞ مصطفیٰ ہرچہ خواست
او ان بود ۞ ہیچ خود با رسول پیش نزیک ۞ صدق صدیق با رسالت یک۔ **خلافت دوم**
جبکہ دور خلافت اول ختم ہوا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسند نشین خلافت ہوئے اونکے زمانہ مین
جلال شوکت اسلام بر وقتہ بہفتہ ترقی پاتا رہا اور بہت سے شہر تحت تصرف اسلام مین آئے اور آفتاب

حکم شریعت محمدی کا تمام گرد و نواح مین چمکا اور خوف دُرّہ عمرؓ نے ضلالت اور گمراہی اور شرک
اور کفر ان کے دلون سے نکالکر مشرف باسلام کیا **بیت** کز عمر تا درّہ دار شرع بود ❊ در ابا در نہ بہ
بوقمدر ورع بود ❊ اور تختگاہ کسریٰ اور قیصر روم اور دیگر بادشاہون کے دلون مین دبدبہ اسلام اور
عزت اور وقار مسلمانون کا پورا پورا جم گیا اور آتش کفر اور شرک اور بت پرستی کے آب کلمۂ محمدی
سے سرد کئے گئے اور مذہب مجوسیان اور مغان کا نام و نشان باقی نرہا اور کوفہ اور بصرہ کو شرف اسلام
سے معمور اور آباد کردیا اور فقراء صحابہ کہ مقرب بارگاہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تھے
امیر اور سردار اور حاکم بنائے گئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی اوسی گُدڑی کہنہ چودہ پیوند والی
سے شہنشاہی اور سکندری جہانگیری فرماتے رہے اور جو سرکش اور کافر آپکی شمشیر جہاد کا زور اور شور
سنتا تھا خوشی دین اسلام اور طریقۂ محمدی کو صدق دل سے قبول کرلیتا تھا یہانتک کہ کفار نے
اطاعت اسلام کی منظور کی اور خراج اور جزیہ دینے کو نہایت عاجزی اور انکساری سے تسلیم کیا
اور خزانہ ہائے نوشیروان اور قیصران روم کے بفضلہ دست تصرف غازیان اسلام کے آئے
اور خزانہ ہائے غازیان اور مجاہدان اسلام اور مہاجرین اور انصار کو تقسیم ہوا کرتے تھے اور امیر
المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ سب مال کو تقسیم کرکے خود بدولت خالی ہاتھ جہاڑکر گھر کو تشریف
لاتے تھے اور خشت پزی کی مزدوری سے اپنا بسر کرتے تھے اور آپ کی خلافت مین ترقی بیت المال
سے ایسی ہوئی کہ بارہ ہزار گہوڑے پائیگاہ مین تھے المختصر یہہ کہ جسقدر آبرو اور دبدبہ حکومت آپکو
اس کہنہ لباس اور فقر پر حاصل تھا کسی بادشاہ اور شہنشاہ روئے زمین کو بھی میسر نہوا تھا اور آپکا
فیض انصاف اور بخشش عام اور عدل ایسا تھا کہ ہر شخص فیضیاب ہوتا اور دادرسی کو پہنچتا۔

حضرت خواجہ سنائی قدس سرہ گوید ۔ بود عدل عمر ز بے کمری ❊ اشبہ
روئے صدق بوبکری ❊ بود میر عمر شہنشہ دین ❊ جان فدا کرد و مال در رہ دین ❊ حبذا
عدل او و شوکت او ❊ فخر بارونق کار دولت او ❊ بر لب سرحد بر انداز پے دین ❊ شد روان
لیسر بہ علیین ❊ از عمر عالمے منور شد ❊ ہمہ آفاق پر ز منبر شد ❊ اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے آپ کی شان مین فرمایا کہ عمر سد باب فتنہ کا ہے ۔ چنانچہ یہہ ظاہر ہے کہ آپ کی
موجودگی مین کوئی فتنہ اسلام مین برپا نہین ہوا اور آپکی خلافت کا دور دس برس چھہ ماہ
آٹھہ یوم رہا ۔ **خلافت سوم** حضرت امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے
مہاجرین اور انصار نے آپکی خلافت پر بیعت کی اور آپکے زمانہ خلافت مین خراسان اور ماوراء النہر

شیوعنہ بعد قبضہ تعرف اسلام مین آئے اور آپکی صفت بردباری اور حلم اور حیا اور سخاوت کتب
تواریخ مین لکھی ہے۔ **خواجہ حکیم سنائی قدس سرہ گوید۔** چہ عجب داری ازنکو سیر
شرم عثمان شد عیب پیغمبر ٭ مین ایمان کہ بعد جز عثمان ٭ جمت این کالحیاء من الایمان ٭ شرم اورا حصہ
کرد قبول ٭ شد خوشنود از خدا و رسول ٭ اور قرآن مجید کو ایک صحیفہ مین جمع کیا یہ فیض عام ہر
خاص و عام ہو آپ ہی کی ذات بابرکات سے جاری ہوا اور غزوات رسول کریم مین مال اپنے نہایت
ذوق و شوق سے صرف کیا کرتے تھے اور آپ کاتب وحی اور حافظ قرآن تھے اور دو صاحبزادیان
اپنی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے آپکے عقد مین دی تہین اسواسطے آپ ذوالنورین مشہور ہوئے
اور آپکی خلافت بارہ برس رہی چونکہ آپ بہولے اور سادہ دل نیک طینت مشہور تھے لوگون کے
فریب مین جلد آجاتے تھے اسوجہ سے اکثر حکام بدعتی اور ظالم بہرتی ہوگئے خصوص کر خاندان بنی امیہ
کو زیادہ فروغ شد معاویہ حاکم شام اور عبد اللہ بن عامر اور عبد اللہ بن ابی سرح حاکم مصر وغیرہ
کو ہوا بلکہ آپکا مشیر اور کاتب مروان بن الحکم جعلساز اور فریبی اور دغاباز تہا اور دیگر یہ کہ مہر نبوت
جو آپکے ہاتھ مین تہی اور اوسپر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکہا تہا جو بعد وفات رسول کریم کے حضرت
ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اپنے اپنے زمانہ خلافت مین پہونچی
تہی اور اوسکو مہر حکومت کی جانتے تھے ایک چشمہ مین آپکے ہاتھ سے گرگئی ہرچند تلاش کیا نہ ملی پس
اوسی وقت ملک مین آگ فتنہ اور فساد بہڑکنی شروع ہوگئی یہان تک کہ مصری لوگ بسبب ظلم
عبد اللہ بن ابی سرح کے فریادی مدینہ مین پہنچے اونکی درخواست کے موافق خلیفہ وقت نے محمد بن ابوبکر
کو حاکم مصر مقرر کرکے روانہ کیا تین روز کی راہ محمد بن ابوبکر نے اپنے ہمراہیون کے ساتھ طے کی تہی کہ
ایک غلام شتر سوار اونکو ملا اونہون نے پوچہا کہ اسقدر تیز کہان جاتا ہے اوس نے کہا کہ مصر کو جاتا ہون
اور خط کو چھپایا آخرش تلاشی سے خط ملا اوس مین لکہا تہا کہ محمد بن ابوبکر کو حاکم نجانو اور قتل کرو
یہ خط خلیفہ کی طرف سے تہا پس اوسکو دیکھکر محمد بن ابوبکر غضبناک مدینہ کو واپس آئے اور خط کو حضرت
علی اور طلحہ اور زبیر اور دیگر صحابہ رسول ساکن مدینہ کو دکہلایا اور خلیفہ وقت کے پاس لائے اس
خط کے علم سے خلیفہ نے انکار کیا پس سب نے جانا کہ یہ جعلسازی اور فریب مروان کا ہے اوسکو
طلب کیا لیکن خلیفہ نے نہ دیا پس صحابہ خاموش ہوئے اس عرصہ مین اور جگہہ کے لوگ بہی مصریونکے
پاس جمع ہوئے اور خلیفہ کے گہر کا محاصرہ کیا اور شہید کیا۔ **باب ہشتم دربیان خلافت**
صوری حضرت علی علیہ السلام۔ لاجرم نصرت شریعت را متکفل شدن معیت را

و سر کمال مصطفوی ✤ گشت ختم خلافت نبوی ✤ بود ختم رسل نبی و زپے ✤ شد علی خاتم خلافت
سے ✤ جملہ از نقش پاک دند ✤ زندران سرکشی جفا کردند ✤ سر کشیدن ز امر اہل کمال ✤ است
باغی ز سر نقص و وبال ✤ در جہان شاہ و سپہری چو علی ✤ گر کسے سر کشد ز بے دغلی ✤ این علی در کمال
علم و سیر ✤ مین بوبکر بود و عین عمر ✤ چونکہ ناقلان اخبار نے اس واقع کو بشرح طور پر کتب سیر
مین تحریر کیا ہے مگر مین اسکا صرف خلاصہ اصل مدعا بیان کرتا ہون کہ جب حضرت امیر المومنین عثمان رضی اللہ
عنہ مدینہ مین شہید ہوئے اوسوقت حضرت عائشہ صدیقہ مکہ مین تہین لوگون نے انکے پاس جا کر شہادت
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خبر دی اور شاکی ہوئے حضرت مرتضے علیہ السلام کے یہان پر اہل مدینہ نے
خلافت کے بارہ مین حضرت علی مرتضے علیہ السلام سے کہا آپ نے انکار کیا لیکن اس انکار کو کسی نے قبول
نکیا اور کہا کہ تین روز سے مسند خلافت خالی ہے اور آپ ہی اسکے لایق ہین آخر الامر حضرت امیر المومنین
علی علیہ السلام مسند خلافت صوری پر متمکن ہوئے پس حضرت طلحہ اور حضرت زبیر اور مہاجرین اور انصار
اہل مدینہ نے اول بیعت کی اسکے بعد اور جماعتون نے شرف بیعت حاصل کیا اور حضرت امیر المومنین
نے اول بدعت کو اہل اسلام سے مٹانا چاہا اور حکام اہل بدعت کو شہرون سے بدر کرنے کا حکم دیا
چنانچہ معاویہ بن ابوسفیان صخر حاکم شام کو بہی معزولی کا حکم کیا گیا اسپر عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ
نے عرض کیا کہ جبتک معاویہ آپکا مطیع نہو دے اوسوقت تک برخاست نفرمایئے گا کیونکہ اسکے قبضہ
مین دولت اور فوج بہت ہے پس آنجناب نے فرمایا کہ اگر مین یہہ نکرونگا تو جسقدر ظلم اور بدعت اور
گناہ معاویہ کے حکام سے صادر ہونگے اون سبکا وبال میری گردن پر قیامت کے روز رکہا جاویگا
جب یہہ خبر اون عاملان برخاست شدہ کو پہونچی سب باغی ہو کر مکہ مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
کے پاس جمع ہوے بعد اسکے حضرت زبیر اور طلحہ بہی بیعت توڑ کر مکہ مین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا
سے جا ملے چونکہ وہان پر ہجوم مخالفت بسبب پہنچنے حکام قوم بنی امیہ کے ہو رہا تہا حضرت زبیر اور
طلحہ کے پہنچنے سے اور بہی بغاوت کی ترقی ہو گئی عبد اللہ بن عامر حاکم بصرہ اور عبد اللہ بن ابی سرح
حاکم مصر اور یعلی حاکم یمن اور ولید بن عقبہ اور مروان بن الحکم بہمراہی تیس ہزار فوج کے حضرت عائشہ
رضی اللہ عنہا کو سوار کرا کے برائے مقابلہ امیر المومنین علیہ السلام کے منزل آب حواب پر پہنچے تو وہان
کے کتون نے بہونکنا شروع کیا پس اس شور کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سنکر دریافت کیا کہ یہہ کونسا مقام ہے
لوگون نے جواب دیا کہ یہہ آب حواب ہے حضرت صدیقہ نے فرمایا کہ یہان سے واپس چلو واپس چلو
اور اس کلمہ کو مبالغہ سے فرمایا آپکے ہمراہیون نے دریافت کیا کہ کیا سبب ہے جو واپسی کا حکم ہوتا ہے

آپ نے فرمایا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے مین نے کہ حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ایک عورت میری ازواج مین سے باغیون کے ہمراہ ہوکر آب حواب پر پہنچیگی
اور وہان کے کتے اوس پر شور کرینگے اے عائشہ تو اون عورتون مین سے ہرگز نہونا پس اب مین آنکہہ
سے اسکے خلاف کرون گی اوسیوقت مروان وغیرہ نے جو کہ دیکہا اسی دیہات کے اسی آدمیون سے جہوٹی
گواہی دلوائی کہ یہہ آب حواب نہین ہے۔ اور احمد بن اعثم کوفی کا قول ہے کہ یہہ کار گذاری جہوٹی
عبد اللہ ابن زبیر کی تہی کہتے ہین کہ اسلام مین اول جہوٹی گواہی یہہ ہی ہوئی آخرش حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
کو زبیر کے ساتہہ بصرہ مین پہنچایا اور وہ بس نجانے دیا اور شہر کے جنگل مین قیام کیا جبکہ امیر المومنین
علیہ السلام کو انکی مخالفت اور بصرہ مین پہنچنے کی خبر معلوم ہوئی تو خود بدولت اسد اللہ غالب نے بہی
بہمراہی اصحاب مہاجرین والنصار و اہل مدینہ و اہل بدر کے بصرہ کو کوچ فرمایا آپکے ہمراہ بیس ہزار
سے زیادہ فوج جرار تہی اور زاویہ کے مقام مین لشکر نے قیام کیا حضرت امیر المومنین علی مرتضی علیہ السلام
نے وہان پر چار رکعت نماز ادا کرکے دعاء خیر فرمائی اور پیغام صلح پیش کیا اور طرفین سے گفتگو ہوتی
رہی حضرت عائشہ صدیقہ کو بہی یہہ بات پسند ہوئی لیکن اہل بغی اور سرداران قوم بنی امیہ نے صلح
نہونے دی آخر کو میدان کارزار مین صف بندی کی نوبت پہونچی اور دونون جانب سے لشکر مقابلے
مین کہڑے ہوئے حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو اونٹ پر سوار کراکے قریب سے
لائے کہ لشکر کو جرأت ہو اور اسی وجہ سے اس لڑائی کو جنگ جمل کہتے ہین اور جنگ خریبہ بہی کہتے ہین
اور بیچ مین لشکر کے کہڑا کیا اگرچہ تیرون کی بوچہاڑ اہل جمل کی جانب سے از حد ہو رہی تہی اور امیر المومنین
اسد اللہ الغالب کے لشکر کے پہلوان زخمی ہوتے جاتے تہے لیکن امیر المومنین خاموش کہڑے تہے اور جنگ کا
حکم نہ فرماتے تہے یہان تک نوبت پہنچی کہ آپکے لشکر مین سے کئی پہلوان شہید ہوگئے آخر کو آپ کے
سردارون نے فریاد کی کہ یا حضرت ہمارے لشکر کے لوگ مارے جاتے ہین اور آپ کچہہ حکم نہین
دیتے تب آپ نے بہی حکم جنگ کا دیا پس تہوڑے عرصہ مین مبارزان لشکر امیر علیہ السلام نے صف
مقابل کو پراگندہ کیا اور بہت سے لوگون کو قتل کیا جب حضرت امیر المومنین نے دیکہا کہ بہت سے لوگ
مارے جاتے ہین اوسوقت عین میدان مین سے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو طلب فرمایا جب وہ تشریف
لائے تو حضرت علی مرتضی علیہ السلام نے فرمایا اے زبیر تمکو خدا کی قسم دلاکر یاد دلاتا ہون کہ ایک دفعہ
حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمسے فرمایا تہا کہ کیا تم علی کو دوست رکہتے ہو اور تم نے
جواب دیا تہا کہ ہان یہہ میرا ماموں زاد بہائی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے زبیر

یقین ایسا ہوگا کہ تم علی مرتضے کے ساتھ بقصد جنگ آمادہ ہو جاؤگے اور انسے دشمنی کروگے اور یقین
جانو کہ اوسدن بمقابلہ علی کے تمہارا شمار ظالمون مین ہوگا پس اوسوقت حضرت زبیر نے سنکر جواب
دیا کہ سچ ہے یہہ بات اور بعد لڑنے کے پھر کہا حضرت امیر علیہ السلام نے کہ دوسری بار اور بہ یاد دلاتا ہون
کہ ایکروز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عمران بن عوف کے مکان سے تشریف لاتے تھے اور تم بہی
ہمراہ تھے پس مین آگے آیا اوس جناب کے تو حضرت رسول کریم نے مجھکو سلام کیا اور مین ہنسا آنحضرت
نے کہا تہا کہ اے پسر ابوطالب تمنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہلے سلام کیون نکیا کیا تم غرور
سے باز نہ آؤگے پس یہہ سنکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے زبیر خاموش ہو اسلیے
کہ علی مغرور نہین ہے اور ایسا ہوگا ایکدن کہ تم علی پر بازار جنگ گرم کروگے اور لشکر کشی کروگے پس
اوس روز تمہارا شمار ظالمون سے ہوگا حضرت زبیر نے یہہ سنکر کہا استغفر اللہ اگر مجھکو یہہ بات پیشتر
سے یاد ہوتی تو تم سے لڑنے کو نہ نکلتا اب کس طرح پہرون کہ دونون طرف کی دلیرون کے حلقے اور
جماعتین ملگئی ہین واللہ یہہ بڑی شرم کی بات ہے کہ کبھی دہوئے سے بھی نجاویگی پس حضرت علی نے
کہا اے زبیر پہر جاؤ تم کہ ابہی تو صرف شرم دنیاوی ہی ہے آیندہ خدائے قیامت کو شرم اور جہنم دونو
ہونگے حضرت زبیر یہہ سنتے ہی پہر گئے اور کہا کہ مین نے شرم دنیا کو سہا اور آگ دوزخ کو چھوڑا اور
لشکر سے باہر ہوکر ایک جنگل مین گئے اور نماز مین مشغول ہوئے اسی حالت مین عمرو بن جرموز آیا اور اونکو
حالت نماز مین شہید کیا اور حضرت زبیر کے تلوار اور سر اور انگشتری اور گہوڑی لاکر حضرت امیر المومنین
علیہ السلام کے روبرو کی پس آپکو بہت رنج اور ملال ہوا اور فرمایا کہ مین نے رسول خدا صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ قاتل زبیر دوزخی ہے اوسوقت آپکی عمر چہتیر برس کی تہی۔

سرگذشت حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ تاریخ ابوالحسن مسعودی مروج الذہب کہ
جو سنہ … ہجری مین لکہی گئی مسطور ہے کہ جب حضرت زبیر لڑائی سے پہر گئے اوسوقت امیر المومنین علی مرتضے
علیہ السلام نے حضرت طلحہ کو آواز دیکر پکارا کہ اے ابو محمد جب وہ سامنے آئے تو فرمایا کہ تم کیونکر جنگ
پر آمادہ ہوئے وہ بولے کہ خون عثمان کے انتقام کو حضرت امیر المومنین نے جواب دیا کہ جو کوئی ہم تم
مین سے زیادہ تر خون عثمان رضی اللہ عنہ مین ملوث ہو حق تعالے اوسکو قتل کرا دیوے اور فرمایا کیا تم نے
نہین سنا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا کہ خدائے تعالے تو دوست رکھ اوسکو جو دوست
رکہے علی کو اور دشمن ہو اوسکا جو دشمنی رکہے علی سے اور تمنے ہی تو اول مجھسے بیعت کی اور پہر توڑ دی
حالانکہ خدائے تعالے قرآن مجید مین فرماتا ہے کہ جو شخص عہد کو توڑتا ہے وہ اپنے نفس پر شکست لاتا

بیٹے ہمیشگی خود کشی ہے یہہ سنکر حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ پہر گئے اور کہا کہ مین اللہ تعالے سے پناہ مانگتا
ہون مروان الحکم نے دیکہا کہ زبیر بہی لشکر سے باہر ہوئے اور طلحہ بہی پہرا جاتا ہے پس یہہ لکہ تیر کمان مین
جوڑکر مارا کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے شہ رگ پر لگا اور آپ گہوڑے سے گرے اور بیہوش ہوگئے جب
ہوش ہوا تو اپنے غلام سے کہا کہ جلد مجہکو بصرہ کو لیجا - ترجمہ ابو الفدا مین مسطور ہے کہ راستے مین ایک سوار
حضرت امیر المومنین اسد اللہ الغالب کے لشکر کا نمودار ہوا اوسکے ہاتہہ پر حضرت علی مرتضے علیہ السلام کی غائبانہ
بیعت کی اور وفات فرمائی جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے سنا تو طلحہ کے لاشہ پر تشریف لیگئے اور
فرمایا انا للہ وانا الیہ راجعون پہر افسوس کرکے کہا خدا کی قسم مین مکروہ جانتا ہون اہل قریش کا آسمان کے
نیچے پڑا ہوا دیکہون اور بہت سی ثنا حضرت طلحہ کی کی آپ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بہتیجے تہے اور چونسٹہہ
برس کی عمر مین شہید ہوئے اور مقبرا ور مسجد وقت تصنیف تاریخ مروج الذہب تک موجود تہی غرضکہ شدت سے
جنگ گرم تہا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو برابر باغی لوگ میدان جنگ مین ساتہہ لئے رہے طبری کا
بیان ہے کہ ستر آدمی جو یکے بعد دیگرے آپکے اونٹ کی مہار تہام کر مارے گئے تہے تب امیر المومنین نے فرمایا کہ
جب تک یہہ اونٹ کہڑا رہیگا ہرگز لڑائی بند نہوگی آخر کار مبارزان نے اونٹ کی کونچین کاٹین
اور عماری زمین پر آئی حسب الحکم امیر المومنین کے محمد بن ابوبکر نے عماری کو درست کیا حضرت عائشہ
نے فرمایا تو کون ہے محمد نے کہا مین بہائی آپکا محمد ہون پس حضرت ام المومنین کو بصرہ مین لیجا کر ایک
مکان مین اوتارا اور لڑائی بند ہوگئی کہتے ہین کہ اس جنگ مین اٹھارہ ہزار آدمی اصحاب جمل اور ایکہزار
سات سو جوانان حضرت امیر المومنین علی کے لشکر کے کام آئے پس بعد فراغ جنگ امیر المومنین علیہ السلام
نے حضرت ام المومنین کو اونکے بہائی عبد الرحمن کے ساتہہ معہ ہمراہی چالیس عورات دیندار کے کہ اونکے
سر پر عمامہ اور کمر مین تلوارین بند ہوا کر بشکل مردانہ بہت عزت اور توقیر سے مدینہ کو روانہ فرمایا بلکہ
امام حسین علیہ السلام ایک منزل ہمراہ گئے یہہ واقعہ ۳۶ھ ہجری مین ہوا - جاننا چاہئے کہ حضرت زبیر اور
حضرت طلحہ رضی اللہ عنہما نے اطاعت اور ہدایت شاہ ولایت امیر المومنین کو قبول کیا ہے اور ساتہہ
توبہ خدا تعالے کے شہید ہوگئے اور ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بہی توبہ کی اور جنگ
جمل کو یاد کرکے بہت روتے تہین اور شرمندگی سے توبہ کرتی رہین یہانتک کہ وفات پائی آپکی
وفات کا سبب کتب تواریخ مثل حبیب السیر جلد اول اور ربیع الابرار زمخشری اور کامل السفینہ
اور مناقب مرتضوی اور تاریخ حافظ ابرو اور تاریخ صبح صادق وغیرہ مین اس طور سے لکہا ہے
کہ جب معاویہ حاکم شام نے یزید پلید کو اپنا جانشین اور ولی عہد بنایا تو تمام شہرون کے

لوگون نے اوسکو قبول اور منظور کر لیا لیکن اہل مکہ اور مدینہ نے منظور نکیا تہا اسواسطے معاویہ بن ابوسفیان
مدینہ مین ہزار سوار کے ہمراہ آیا اور مدینہ کے باہر خیمہ زن ہوا اور مسجد نبوی کے منبر پر جا کر اہل مدینہ کو یزید کی ولی
عہدی پر رغبت دلائی اتنے مین حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ اپنے حجرہ سے باہر تشریف لائین معاویہ سے
گفتگو سخت پیش آئی حضرت صدیقہ نے ولی عہدی یزید کو نامنظور کیا اس سبب سے معاویہ از حد رنجیدہ ہوا پہر
معاویہ اپنے قیام گاہ مین آیا اور ایک چاہ کہدوا کر مونہہ اوسکا خس و خاشاک سے بند کیا اور اوسپر ایک کرسی
آبنوس کی بچھوائی اور حضرت ام المومنین کو دعوت کے حیلے سے بلوایا اور اوس کرسی پر بٹھلایا پس فوراً وہ
جناب عالیہ اوس چاہ مین گر گئین بر طبق کرنے آپکے اوس چاہ کا مونہہ بند کر کے مدینہ سے کوچ کر دیا چنانچہ
اس واقع کی خبر قدوۃ المحققان پیشوائے عارفان حکیم خواجہ سنائی قدس سرہ حدیقہ مین فرماتے ہین
ابیات۔ عاقبت ہم دست آن باغی ❊ شد شہید و بکشتش آن طاغی ❊ آنکہ با جفت مصطفےٰ زین سان
آنچہ مردود تو مرد مخوان ❊ چون از و قاسح آن بد مرد ❊ قصد جان امیر حیدر کرد ❊ پسر ہند اگر بد و بد کرد ❊
آن بدی دان کہ جملہ با خود کرد ❊ **باب نہم دربیان بغاوت معاویہ بن ابوسفیان و جنگ صفین** تاریخ مروج الذہب اور حبیب السیر مین مورخون نے لکہا ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام
بارہ رجب سنہ ۳۶ ہجری مین کوفے کے مقام پر پہونچے اور بیت المال کا ملاحظہ فرمایا اور ارشاد کہ اے سیم و زر
تو اور کسی بہائی کو فریب مین لا مین تیرے دہوکے مین نہ آونگا کیونکہ مین نے تجہکو طلاق دی ہے اور آپکے کلام
شریف کا ترجمہ یہ ہے **ابیات** اے دل ز سر عروس دنیا بگذر ❊ کین پیر زنیست با ہزاران شوہر ❊
اندم کہ شود مراد از طبعش حاصل ❊ صد حال کند جلوہ بشخص دیگر ❊ اور اوسیوقت اوس مال کو لوگون پر تقسیم
کیا یہانتک کہ ایک ایک کے حصہ مین پانچ پانسو روپیہ بارہ ہزار آدمیون مین تقسیم ہوئے اور بیت المال خالی
ہو گیا چونکہ معاویہ نے دمشق مین علم مخالفت کہڑا کیا اور تمام شامیونکو جمع کر کے خطبہ سنایا کہ خلیفہ عثمان
بسازش علی کے قتل ہوئے ہین اور پیراہن خون آلودہ دکہایا اور بہت مبالغہ کیا یہانتک کہ تمام لوگون
نے قسم کہائی کہ جب تک انتقام خون خلیفہ کا نہ لین گے چین سے نہ سو دینگے اور ایک جماعت
رئیس سرداران قوم بنی امیہ کہ جو حضرت اسد اللہ الغالب سے قدیم مین کینہ اور حسد رکہتے
تہے معاویہ کے پاس جمع ہوئے اور عمرو ابن عاص نے کہ فن تدبیر مین کامل تہا فلسطین
سے دمشق مین پہونچکر بہ طمع حکومت مصر معاویہ سے بیعت کی اور عبید اللہ ابن عمر
ابن الخطاب بہی کہ امیر المومنین علی مرتضےٰ علیہ السلام والصلوۃ سے خوف
بسبب قتل ہرمزان کہ عبید اللہ کے ہاتہہ سے ناحق ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ہوا تھا اور امیر المومنین نے قصاص لینا چاہا مدینہ سے بہانگ کر معاویہ حاکم شام سے جا ملا اور بیعت
کی اسی جہت سے معاویہ کے کام میں بہت رونق ہوئی اور صحیح رسول اللہ کے ساتھ جنگ برکست
کرا مہی جب حضرت شاہ مردان نے سنا کہ معاویہ باغی ہوگیا تو آپ نے ایک خط اس مضمون کا لکھا
اما بعد بتحقیق بیعت میری اے معاویہ تجہپر لازم ہوئی اور اب تک تو شام میں تہا اسواسطے کہ بیعت کی
میری ساتھ اوس قوم نے کہ جنہے بیعت کی ابو بکر اور عمر اور عثمان کے ساتھ پس نہیں حاضر کو گنجایش
کہ پہنہ پہنا داخل کرے اور نہ غائب کو گنجایش اسکی کہ رد کرے اور سوائے اسکے نہیں ہے کہ کام
شورہ واسطے مہاجرین اور انصار کے ہے پس اگر جمع ہو وین یہہ لوگ کسی شخص پر اور نام کرین
اوسکا امام پس ہوگا آگے اللہ تعالے کے پسندیدہ اور اگر خروج کرے کوئی خروج کرنیوالا بسبب طعن
یا بدعت کے پس پہیر لاوین اوسکو طرف اوس چیز کے کہ خارج ہوا ہے اوس سے پس اگر قبول نکرے
تو قتال کرین ساتھہ اوسکے اوس بات پر کہ رجوع کی اوس نے غیر راہ مسلمانوں کی اور پہنچاوے
اوسکو خدا تعالے جدہر کہ متنبہ کیا اوس نے اور داخل کرے اوسکو دوزخ مین کہ بُری بازگشت
ہے فقط ۔ پس باوجود خط ہدایت اسلوب دیکہنے کے ہی اوس شیفتہ جاہ و مال کو کچھ اثر نہوا اور جواب
مین کلمات بیجا سے درشت کلمات تحریر کئے اور حضرت عثمان کی شہادت کو خدام اوس جناب پر
نسبت کرتا تہا حضرت امیر المؤمنین علی مرتضے علیہ السلام نے چند اشعار اسی مضمون مین فرمائے ہین ۔

ابیات مقدسہ

الا ابلغ معاویہ بن صخر
ہم الہام الذین لہم اصول
نبیا ما لہ الاصحاب عنہ
لا ورث شامک الصر ہلا
تسعین العاب امی رنا بلا
فقد لک بعام دوی رنی تا بلا

الا من ذا یبلغ ما اقول
لقد حاولت لک نفع الحویل
ہم نصروا النبی وہم اجابوا
وناب الحراب لیس لہ ملول
اصبحت انت یا ابن ہند بلعمو
یردعون الحدوث لسواہو

فان القول یبلغہ الرسول
وناصحت الاکارم من رجال
رسول اللہ اذ خذل الرجل
اصبحت ذا حمق تمنے الباطلا
لا رمین منکم الکواصلا
بالحق والحق یزیح الباطلا

ترجمہ یعنے کون ہے کہ پہنچاوے ارشاد میرا ساتہہ درستی بیان
کے ساتھہ ہین صخر کو کہ بتحقیق ڈہونڈہا تو نے راہ اپنی تا کہ نفع ہووے اور سرکشی کرتا ہے تو ساتہہ اون
لوگون کے کہ جو تمام آدمیون سے بہتر ہے اور یہہ لوگ سردار ہین صاحب نسب اور حسب کے اور
یہہ لوگ مددگار ہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور جواب دیا اونہون نے جبکہ بہاگے
لوگ رسول کو چھوڑ کر تیرے یارون نے اپنے پیغمبر پر تلوار ماری اور شکست کئے دندان مبارک

دین جناب ہے۔ **نظم** تا چند کسے راہ ضلالت گیرد * چند رستم زنگ جہالت گیرد * ہر کس بدین
مال باند آخر * از کردہ خود تاب خجالت گیرد * آے بوڑھے شخص احمق ہوا ہے تو کہ ارادہ کرتا ہے
حرب کا اور خلاف ہانکا اور البتہ ہم آوینگے ملک شام مین تیری جہالت کے توڑنے کو اسے پسر ہندہ کے
بلاشک ہم قتل کرینگے تیرے جوانون کو جن جنگ اور ہمارے ساتھہ نوّے ہزار مرد جرار تیر انداز او نیزہ
باز ہین کہ وہ سخت مصیبت کو جھیلتے ہین واسطے امر حق کے اور در حقیقت حق امر کہو دیتا ہے جھوٹی باتکو
نظم اے آنکہ ز روئے شرع باغی شدہٗ * در مذہب اہل عقل طاغی شدہٗ * چون راہ خدا و مصطفے
سیدانی * از بہر چہ سرگشتہ و باغی شدہٗ * مسعودی اور احمد ابن عاثم کوفی لکھتے ہین کہ شاہ مردان نے
معہ نوّے ہزار مرد جرار کے کوفہ سے جانب شام کوچ کیا اور آن مین جلیل القدر صحابی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے کہ آٹھہ سو اصحاب مہاجر اور انصار سے اور نوسو اصحاب بیعت رضوان کے اور اسی
اصحاب جنگ بدر کے کہ جنکی شان مین اللہ تعالے نے قرآن مجید مین آیات نازل فرمائی ہین ہمراہ رکاب
شاہ ولایت کے تھے راہ مین دریا کا پل باندھکر عبور کیا اور یہان پر ایک خط معاویہ کی جانب سے اس
مضمون کا آیا۔ **نامہ معاویہ** اما بعد ایزد تعالے نے خلقت سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کو برگزیدہ کیا ہے اور آپکو ضبط اپنی وحی کا بنایا اور اوس نے رسالت کے امر کو اچھی طرح
ادا کیا اور اوسکو مہاجر اور انصار اور وزیران شایستہ عنایت کئے اور وہ خدمت اوسکی بجالائے
اور تمہید اساس شریعت مین بدل وجان ساعی رہے فاضلترین اصحاب اور کاملترین احباب ابوبکرؓ
صدیق تھے کہ بعد آپ کے خلیفہ ہوئے اور اونکے بعد عمرؓ بن الخطاب اور اونکے بعد عثمانؓ خلیفہ ہوئے
اور تو ہمیشہ ابوبکرؓ اور عمرؓ کے مخالفت کرتا رہا اور جبکہ وہ دونون بزرگوار اس دار ناپایدار سے دار القرار
کو تشریف لیگئے تو تو نے حضرت عثمانؓ کے ساتھہ کہ جو مجھسے قرابت قریبہ رکھتے تھے مخالفت کی اور اطراف
و جوانب سے بہت سوار و پیادہ حرم محترم سید الابرار مین طلب کئے یہان تک کہ وہ اونکو شہید کرین اور
وہ گھر مین بیٹھہ گیا اور تو نے اوس خلیفہ کی مدد نہ کی یہان تک کہ اوسکو شہید کیا اور مین عظمت اور
جلال ایزد تعالے کی قسم کہتا ہون کہ اگر تو اونکی مدد کرتا اور اہل شر کو نصیحت کرتا تو وہ کبھی شہید نکرتے
اور اسبات کی دلیل یہہ ہے کہ تو خلیفہ کے قتل پر راضی تھا آج کے دن تو اونکے تمام قاتلونکو عزیز
رکھتا ہے اور اونکے ساتھہ ہر طرح کے احسان کرتا ہے اگر تیری رضا قتل عثمان مین نہ تھی تو تجھکو لازم
ہے کہ آپ کے تمام قاتلون کو میرے پاس بھیجے تاکہ مین اون سے قصاص لون اور بعد اونکے تیرے
ساتھہ موافقت کرون اور نہین تو شمشیر ہے اور تو ہے فقط * مسعودی نے لکھا ہے کہ معاویہ نے اول ہی سلطان روم

عباسی سے صلح کی اور خراج دینا قبول کر لیا تہا کہ اور سکو وصی رسول خدا اور سوا کے اولیاء اللہ حضرت مرتضیٰ علیہ السلام سے جنگ کرنا منظور تہا حضرت ولی خدا علی مرتضیٰ علیہ السلام نے خط جا ویہ کا جواب اس مضمون کے ساتھ لکہا **جواب نامہ معاویہ** لا بعد تیرا مکتوب وصول ہوا جو کچھ تو نے دربارہ تبلیغ رسالت اور ہدایت پیغمبر علیہ السلام کے لکہا ہے واضح ہوا الحمد للہ والمنۃ کہ حضرت رب العزت نے انکو تمام پیغمبروں پر ممتاز کیا ہے اور جو کچھ کہ وعدہ آپکے ساتھ کئے تھے وہ سب وفا کئے اور اعدا دین پر ہمیشہ انکو نصرت دی اور آپکو مشرق و مغرب تمام عالم میں مشہور کیا لیکن مجھکو تیری اس بات پر تعجب آتا ہے کہ جو نعمتیں حق تعالیٰ نے ہمکو عطا کی ہیں وہ تو ہمسے ہی کہتا ہے تیری وہ مثل ہے کہ خرمہ ہجر وزیرہ بکرمان دیتا ہے یہ بات تو ہمکو کیوں لکہتا ہے اور اس بات سے تیرا کیا مطلب ہے مگر شاید تو یہ گمان کرتا ہے کہ یہ باتیں میں بہول گیا ہوں یا میں حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رتبہ کو نہیں جانتا ہوں بحوالہ اللہ اور یہ جو تو لکہتا ہے کہ افضل اصحاب بعد آپکے ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ ہیں تو تجھکو اوس سے کیا اگر وہ نیک کار تہے تو تجھکو کیا فائدہ اور اگر بد افعال تہے تو تجھکو کیا نقصان اگر وہ تہے تو ہمارے ساتھ تہے اے پسر ہندہ تجھکو یہ ہی چاہئے کہ تو کون ہے اور کیا ہے اور مناسب نہیں ہے کہ تو اپنی حد سے زیادہ قدم رکہے بفضلہ تعالیٰ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افضل ترین تمام انبیاء کے ہیں اور ہمکو تمام مہاجر اور انصار پر فضیلت ہے آیا تو نہیں جانتا ہے کہ ہمکو کیا رتبہ ہے چچا میرے حمزہ سید الشہدا ہیں اور بہائی میرے جعفر طیار جنت میں ہیں اگر خدا تعالیٰ اہل ایمان کو تزکیہ نفس پر نہی نہ فرماتا تو میں تہوڑے سے اس مکتوب میں مناقب اور فضائل اہلبیت نبوت بہی تحریر کرتا اور اے پسر ہندہ ان باتوں سے باز آ کہ میں تجھے کلمہ حق کہتا ہوں اور ہمارے ساتھ دعویٰ مساوات کا نکر کہ بدائع اور صنائع آفریدگار ہیں اور تمام خلق سے ہمکو نسبت نہیں ہے مشکوۃ ہدایت ہمسے ہے اور شجرہ ملعونہ تمسے **فائدہ** تفسیر نیشاپوری اور تفسیر کبیر امام الحرمین فخر الدین رازی میں وارد ہے کہ شجرہ ملعونہ مراد قوم بنی امیہ ہے بروایت ابن عباسؓ اور ہاشم ابن عبد مناف ہمسے اور پیک بد اخلاق یعنے امیہ تمسے ہے اور رشتہ الحمد عبد المطلب ہمسے ہیں اور کذاب مکذب یعنے ابو لہب تمسے اور طیار بہشت ہمسے ہے اور مغیرہ یعنے مروان و حکم تمسے اور حمزہ سید الشہدا ہمسے ہیں اور دشمن سید الابرار تمسے اور سیدۃ النساء العالمین ہمسے ہیں اور ام جمیل حمالۃ الحطب تمسے اور جو تو نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی بابت لکہا ہے سو تجھکو دعوے خون عثمان رضی اللہ عنہ نہیں پہنچتا ہے اگر اولاد عثمان رضی اللہ عنہ اپنے باپ کے قاتلوں کی طلب کریں تو وہ حق ہے اور اگر تو دعوے کرتا ہے تو جواب اکابر مہاجر اور انصار نے کی ہے تو بہی اوس میں متفق ہو اور پہر قاتلان عثمانؓ

کو پیروی اور پیرو لاوے جو تجکو اون سے حجت ہو بیان کرتا کہ وہ قضیہ بموجب حکم کتاب الٰہی اور سنت
رسالہ پناہی کے فیصل کیا جاوے اور جو یہہ تو نے آخر نامہ مین لکہا ہے کہ تو ہے اور شمشیر ہے سو مین
اس بات سے مجہکو بہت تعجب آتا ہے اے پسر اکلتہ الاکباد یعنے اے بچے کلیجہ کہانیوالی کے تو نے کس سے
سنا اور کب دیکہا ہے کہ اولاد عبد المطلب نے شمشیر سے خوف کیا ہے اور دشمن کے سامنے سے بہاگے
ہون سو تو اسقدر جلدی نکر اور تہوڑا سا صبر کر کہ مین تجہہ تک پہنچ جاؤن اور تجکو اپنی شمشیر
دکہاؤن کہ ابہی تک تیرے بہائی اور ماموں اور جد اور عم مادر کے خون سے اسکا دستہ تر ہے
فقط اور بہی حضرت شاہ ولایت پناہ نے معاویہ کی طرف خطاب کرکے ابیات فرمائی ہین **نظم**

قدنت له و دان ابوک کرها ٭ سبیل الغی عند کما سبیل ٭ مضی زجبستمالما تواری ٭ علی
الاعقاب غیلا طویل ٭ **ترجمہ** یعنے فرمان برداری کی تو نے اپنے باپ کی اور تیرے باپ نے فرمان
برداری کی ساتہہ کراہیت کے اور گمراہی کے راہ نزدیک تمہارے راہ سیدہی ہے جب گذرے پیغمبرؐ تو
پہر گئے تم اور جب پوشیدہ ہوئے پیغمبرؐ تو جیسے کہ تہے تم ہو گئے ویسے ہی **خلاصہ کلام** یعنے تو نے
اور تیرے باپ نے اسلام قبول کیا ساتہہ کراہیت کے جبکہ پہونچے پیغمبر تمہارے سر پر پس جبراً اسلام قبول
کیا تہے اور جب وفات پائی پیغمبرؐ نے تو ہو گئے تم مثل سابق کے بدراہ اور بڑی ہے بدراہی تمہاری ۔

المختصر بعد نامہ و پیغام کے حضرت امیر علیہ السلام نے مقام رقعہ سے کوچ کرکے ملک شام کی کنارہ پر پہونچے
اور معاویہ ابن ابو سفیان امیر شام بہی معہ پچاسی ہزار لشکر شام کے دمشق سے چلکر مقام صفین مین
پہنچا اور فوراً دریا رفرات پر قبضہ کر لیا اور سب راستے پانی کے بند کرا دیئے اور اپنی طرف سے ابوالاعور سلمی
چالیس ہزار لشکر سے دریا رفرات پر داروغہ اور محافظ مقرر کیا اور حکم دیا کہ اہل عراق کو پانی ہرگز ندویں پس تمام
ہرات شاہ مردان ساقی کوثر کا لشکر جنگل مین پیاسا پڑا رہا اور کسیطرح دریا پر جانے کا راستہ نملا اور پانی
نپایا عمرو عاص نے معاویہ سے کہا دیکہو علیؑ اور اوسکا نوے ہزار لشکر عراقی کہ جنکے کندہون پر
تلوارین رکہی ہوئی ہین ہرگز پیاسا نا قبول نکریگا راہ چہوڑ دے اور پانی کی بندش کہولدے
کہ وہ اور ہم سب پانی پئین معاویہ نے جواب دیا کہ ہرگز نہین قسم خدا کی پانی ندونگا یہانتک
کہ پیاسے مر جاوین جیسے کہ عثمانؓ مرا اس حالت مین لشکر عراق بہ سبب پیاس کے بیتاب ہو گیا
اسوقت مالک اشتر اور اشعث بن قیس نے حضرت امیر المومنین اسد اللہ الغالب کے خدمت مین
گئے اور عرض کیا کہ اگر حکم ہو تو ابہی ہم لوگ تیغ آبدار سے صحرائے صفین کو ان باغیونکے خون سے
نمونہ دریا رجیحون بنا دیوین جناب شاہ مردان نے اجازت فرمائی پس مالک اشتر اور اشعث زمغہ شہزادہ مبارزا

جانکے لشکر معاویہ پر حملہ کیا اور ابو الاعور داروغہ کو مار کر گہاٹ چہین لیا اور دریاے فرات پر
قبضہ کر لیا اور بہت سے آدمی اور گہوڑے لشکر شام کے دریا مین ڈبا دیئے مجہ اس حالت مین معاویہ بہا
اوس مقام سے ہٹگیا جب سردار مردان شاہ مردان نے فرات پر قبضہ کیا اوسوقت تو معاویہ کو فکر ہوا
اور عمرو عاص سے کہنے لگا کہ تیرا کیا گمان ہے آیا علی مرتضے ہمکو پانی دیگا یا نہین عمرو نے کہا کہ علی نے
یہہ جگہہ اپنے قبضے مین کر لی ہے اب وہ ہرگز راضی نہوگا کہ ہمکو وہ پانی دے جب تک کہ ہم لوگ اونکی
اطاعت قبول نکرین اور یا وہ ہماری حیات کی رسی کو نہ کاٹ دے لیکن معاویہ نے حضرت شاہ
ولایت کے پاس پیغام بہیجا اور پانی طلب کیا چونکہ سخاوت حد کے درجہ کی تہی پانی کی اجازت فرمائی
اور کہا کہ ہم کیسکا پانی بند نہین کرتے یکم ذی الحجہ کو صفین مین وارد ہونے سے دو روز بیشتر حضرت
امیر علیہ السلام نے معاویہ سے یہہ کہلا بہیجا تہا کہ اجتماع کلمہ کے ساتہہ اتفاق کرے اور مسلمانونکی
جماعت مین داخل ہو ان ہی پیغام وسلام مین آخر ماہ محرم تک جنگ بند رہی آخر کو شاہ ولایت
نے یہہ فرمایا کہ مین نے کلام اللہ کے ساتہہ تم پر اپنی حجت ختم کی اور تمہارے واسطے صاف اور اچہا راستہ
چہوڑ دیا تہا لیکن بہ تحقیق اللہ تعالے ستمگارون کو ہدایت نہین کرتا ہے اسپر بہی شامیون نے سوائے
جنگ اور جدال کے کوئی اور جواب نہ دیا پہلی تاریخ ماہ صفر کو دونون لشکرون کی صف بندی ہوئی
اور روز بروز جنگ کا ہنگامہ گرم رہتا تہا اور بڑے بڑے سردار اور جوانمرد مارے جاتے تہے
آٹہوین صفر کو حضرت شیر خدا علی مرتضے علیہ السلام بنفس نفیس مع اصحاب رسولؐ اہل بدر و حنین
وانصار و مہاجرین رضی اللہ عنہم کے میدان مین تشریف لائے ۔ ابن عباس رض روایت کرتے ہین کہ
مین نے اوس روز شاہ ولایت کو دیکہا کہ سفید عمامہ سر پر باندہے ہوئے اور رسولؐ خدا کے سفید
گہوڑے ناگن پر سوار جنگ پر تیار آگے بڑہ کر میری جماعت مین کہڑے ہوئے اور فرمایا کہ ای گروہ
مسلمانون کے تم اپنی آوازون کو بلند کرو اور نیزہ بازون پر تیر چلاؤ اور اپنی جانون کو لوگون سے
بچاؤ اور نبی کریم کے چچازاد بہائی سے حملہ دشمنون کو دور کرو اور بہاگنے کو برا جانو بہ تحقیق کہ وہ
شرم کی بات ہے اور آخر کو بروز قیامت جہنم ہے اور تمہارے سامنے ایک گروہ کثیر خیمہ دراز
کہڑا ہے پس اسکو مارو کہ شیطان اسی ٹیلہ پر سوار ہے اور تم بلند رہو کہ اللہ تعالے تمہارے ساتہہ
ہے اور وہ تمہارے اعمال کو ضائع نکریگا پس اس حال مین نوین تاریخ صفر کو عبید اللہ بن عمر بن
خطاب چار ہزار آدمی ہمراہ لیکر آگے بڑہا کہ جنکے ہاتہون مین سبز جہنڈیان تہین اور طالب خون عثمان
کے واسطے موت کے پہندے گلون مین ڈالے ہوئے سامنے آنکر اس رجز کو پڑہا کہ مین عبید اللہ بن عمر

اور شیخ بزرگ نے جبکو غیرت دلائی ہے اور مین عثمان رضی اللہ عنہ کے مدد کو آیا ہون پس حضرت علی مرتضیٰ
علیہ السلام نے فرمایا واسطے ہو تجہپر اے عمر کے پسر کس واسطے تو مجہسے لڑتا ہے قسم خدا تعالیٰ کی اگر تیرا باپ عمر رض
زندہ ہوتا تو وہ کبہی مجہسے مقابلہ نکرتا اور جسوقت عبید اللہ واسطے جنگ کے باہر آیا تو اسوقت اوس کی
تمام عورتون نے کپڑے پہنکر ہتیار بند ہو ا سے تہے سوائے مساۃ شیبانیہ دختر ہانی بن قبیصہ کے پس عبید اللہ
اوسوقت شیبانیہ اپنی بی بی کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ مین تیری قوم علی علیہ السلام کے ساتھ لڑنے کو
جاتا ہون اور خدا کی قسم مین امید رکہتا ہون کہ ہر ایک ڈیوڑہی اور دروازہ سے میری کمر بندی ہوگی
کیونکہ مین اونکا سردار ہون سوائے تیرے اوسوقت اوسکی بی بی نے جواب دیا کہ حضرت علی والون سے
جنگ کرنیکو مین نہایت ناپسند کرتی ہون عبید اللہ نے دریافت کیا کہ کیا وجہ ہے [illegible]لی اسوجہ سے کہ
ایام جاہلیت اور زمانہ اسلام مین کوئی پہلوان اور سردار اونکی طرف ایسا نہین گیا ہے کہ جسکا سر
قلم نہ کیا گیا ہو مبادا کہ تجکو بہی وہ قتل کرین اور گویا مین عنقریب یہہ دیکہتی ہون کہ تو مارا گیا ہے اور
مین تیری لاش اون سے طلب کرتی ہون اور اونہون نے کمانون پر اوٹہا کر تیرا مردہ میری طرف
پہینکدیا ہے پس یہہ سنکر عبید اللہ نے جواب دیا کہ عنقریب تو دیکہے گی کہ تیری قوم مین سے کون کون
میرے مقابلہ مین آتا ہے پس اسی حال مین حریث بن جابر جعفی نے اوسپر حملہ کیا اور ایک آن واحد
مین اوسکو قتل کر ڈالا بعض نے کہا کہ مالک اشتر نے قتل کیا تہا جبکہ عبید اللہ مارا گیا تو اوسکے عورتون
نے معاویہ سے اوسکی لاش کے لینے کی درخواست کی معاویہ نے کہا کہ قوم ربیعہ سے درخواست کرو اور
دوہزار درہم اوس لاش کے لانے مین دو ان عورتون نے اسی طرح کیا لیکن گروہ ربیعہ نے حضرت علی
علیہ السلام کو اطلاع دی اور اجازت چاہی حضرت شاہ ولایت نے فرمایا کہ یہہ مردہ کتے سے مردہ
کی برابر ہے اور لاشہ سگ کے خرید و فروخت حلال نہین لیکن خیر مین نے یہہ تمہارا کہنا قبول کیا پس
دختر ہانی زوجہ عبید اللہ کے واسطے یہہ کام کرو مردان ربیعہ نے عبید اللہ کی عورتون سے یہہ کہا کہ
اگر تم چاہو تو ہم اس لاش کو خچر کی دم سے باندہکر معاویہ کے لشکر کی طرف ہانک دین یہہ سنکر ان
عورتون نے بہت شور کیا اور غل مچایا اور کہا کہ یہہ ہمکو بہت ناگوار ہے تب معاویہ کو اس بات کی خبر ہوئی
معاویہ نے کہا کہ اگر تمکو لاش اوسکی لینی منظور ہے تو اوسکی بی بی مساۃ شیبانیہ کو لاؤ چنانچہ شیبانیہ آکر
کہڑی ہوئی اور اوس نے کہا کہ مین دختر ہانی ہون اور یہہ میرا خاوند سفاک اور ظالم تہا مین نے اوسکو
جنگ مین جانے سے بہت ڈرایا تہا پس اب تم اوسکی لاش کو مجہے دیدو اہل ربیعہ نے اوس کی بات قبول
کی اور اوس لاش کو ایک پارچہ خز دیبا مین لپیٹ کر بہجادی اور اوسکی ہر ایک زوجہ کی طرف سے آسکے

اور حضرت مرتضی علی علیہ السلام نے فرمایا ہے ویل ثم ویل ثم ویل لمن
یلقنی الا له عند ظلمہ ویل ثم ویل ثم ویل لمن جحد طاعتی ویل ثم ویل ثم ویل
للذی یشقی سفاھاہ یرید خلافی لمن عینهم بی ترجمہ یعنے افسوس اور افسوس ہے اور پہر
اوپر اوس شخص کے کہ ہووے مدد بہر و خدا تعالے کے قیامت کے دن ساتھہ ظلم میرے کی اور افسوس ہے اور
افسوس ہے اوپر اس شخص کے کہ انکار کیا اوسنے اطاعت میری کا اور چاہا نقصان میرا اور افسوس ہے اوپر
اوسکے کہ دشمنی کرے اور عداوت کرے مجھسے بغیر جرم اور خطا کی ترجمہ نظم ہر کس کہ گذشت و اتفاق زحال
نبی ٭ یک سنگ نشد بجل با آل نبی ٭ گر فضل علی خود نتوانی دانست باید کہ کنی فہم ز اقوال نبی حضرت
مرتضی علی علیہ السلام نے معاویہ کو اپنا فخر جتایا ہے محمد النبی اخی و صہری ٭ و حمزة
سید الشہداء عمی ٭ و جعفر الذی یضحی و یمسی ٭ یطیر مع الملئکة ابن امی ٭ و بنت محمد
سکنی و عرسی ٭ مشوب لحمہا بدمی و لحمی ٭ و سبطا احمد ولدای منہا ٭ فمن منکم له سہم کسہمی ٭
ترجمہ یعنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میرے بہائی ہیں اور میری بی بی کے پدر ہیں اور امیر حمزہ سید
الشہداء میرے چچا ہیں اور جعفر طیار کہ جو فرشتوں کی ساتھہ صبح کو پرواز کرتے ہیں وہ میرے بہائی ہیں اور
دختر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی دولہن میری ہے اور میرا اور رسول خدا کا گوشت اور خون
ایک ہے اور دو نبیرہ احمد نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے میرے فرزند ہیں پس کون ہے تم میں کہ ہووی
حصہ اوسکا میرے حصے کے برابر ترجمہ نظم در فضل و حسب کسی نباشد چون من ٭ از روی نسبت چشم گردون
دشمن ہر کہ من زفضل خود میگویم ٭ گر خواہد دگر نگوش باشد دشمن ٭ کتاب حبیب السیر میں لکہا ہے
کہ ایک روز حضرت خواجہ اویس قرنی رضی اللہ عنہ دریاء فرات پر وضو کرتی تہی کہ اتنے میں آواز طبل
کے اونکی کانوں میں پہونچی دریافت کیا آپنے کہ یہہ آواز کیسے ہے لوگوں نے عرض کیا کہ جناب علی مرتضی
علیہ السلام معاویہ سے لڑنے کو جاتے ہیں پس حضرت خواجہ اویس قرنی کہڑے ہوئی اور فرمایا کہ کوئی
عبادت میرے نزدیک متابعت علی مرتضی سے بہتر اور زیادہ نہیں ہے پس اوسیوقت آپ
لشکر شاہ مردان میں شامل ہوئی اور برابر جنگ کرتی رہی یہانتک کہ ہفتم شوال ۳۷ ہجری کو
شہید ہوگی کتاب مقصد الاقصی میں لکہا ہے کہ آپکی شہادت معاویہ کے ہاتہہ اور تلوار سے ہوئی اور
اونکی اوصاف از حد میں مولوی روم در مثنوی گوید گفت پیغمبر کہ در وقت صبا ٭ از یمن می آیدت بوی
خدا چون اویس قرنی از خویش فانی گشتہ بود ٭ آن زمین آسمانی گشتہ بود ٭

شہادت حضرت عمار یاسر رضی اللہ تعالی عنہ ابو صنیفہ

[illegible] نے کہا ہے کہ حضرت عمار یاسر صحابی جلیل القدر رسول اللہ کے بہی میدان مین واسطے جنگ
[illegible] لائے اور لشکر معاویہ سے عمرو ابن عاص مقابلہ مین آیا اسکے ہاتھہ مین ایک علم تہا لوگون نے
[illegible] کیا کہ یہہ علم تو وہی ہے کہ رسول خدا نے اسکو باندہا تہا حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا
کہ مین تمکو اس علم کے حال سے خبر دیتا ہون جبکہ رسول خدا نے اس علم کے بندش کا ارادہ کیا تو
[illegible] اصحاب کیطرف مونہ کرکے فرمایا کہ کون لیتا ہے اس علم کو کہ حق اسکا ادا کرے عمرو نے دریافت
کیا کہ حق اس علم کا کیا ہے آنحضرت نے فرمایا کہ صاحب اس علم کا کفار کے مقابلہ سے نہ بہاگی اور
مسلمانون سے جنگ نکرے حالانکہ عمرو عاص زمانہ آنحضرت مین کفار کے مقابلہ سے بہاگ یا اور آج
کی اور مسلمانون سے جنگ کرتا ہے لکہا ہے کہ اوس روز شام تک دونون مین جنگ رہی لیکن ایک دوسرے
سے مغلوب ہوا حالانکہ حضرت عمار یاسر کے عمر ایکسو پانچ سال کے تہی اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے
اپنی یارون سے فرمایا کہ مین نے حضرت رسول خدا کی ہمراہ ہوکر ان علمونکی ساتہہ جو کہ معاویہ کے
لشکر مین موجود ہین وقت نزول قرآن کے مشرک لوگون سے جنگ کی ہے اور آجکی روز ان علمونکی
مالک سے تاویل قرآن پر جنگ کرتا ہون صحیح امام احمد بن حنبل اور مسند حاکم اور صواعق محرقہ وارد
ہے بروایت ابو سعید خضری رضی اللہ عنہ کے کہ ایک روز ہم سب اصحاب خدمت رسول خدا رسول
اللہ علیہ وآلہ وسلم مین حاضر تہے اور حضرت علی نعلین مبارک آنحضرت کو اصلاح کرتے تہے پس
آنحضرت نے فرمایا اے لوگون بالتحقیق تم مین کون ہے کہ اوپر تاویل قران کے قتال کرے جسطرح
کہ مین نے اوپر نزول قرآن کے قتال کیا ہے اوسوقت سب نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ وہ کون
ہے پس فرمایا وہ ہی جو نعلین میری کو اصلاح کرتا ہے مسعودی مین وارد ہے کہ روز شہادت حضرت
عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مین آجکی روز دیکہتا ہون لوگون کی مونہ کو کہ ہرگز وہ لڑائی سے پہر نگے
یہان تک کہ ناحق جہوٹی لوگ شک مین پڑ جاوین اور قسم ہے خدا کی اگر وہ ہمکو شکست بہی دین
تو بہی ہم حق پر ہین اور وہ باطل پر اور خاطر جمع رکہو کہ پیشوا ہمارا علی ابن ابی طالب ہے کہ وہ روز
قیامت ہمارے دشمنون سے بدلا لے گا یہہ کہکر حملہ کیا اور خوب لڑائی مین مشغول رہے
پس ایسے حالت مین پیاس معلوم ہوئی اور پانی طلب کیا ایک عورت بنی شیبان مین
سے دودہ اور شہد ملا کر لائی پس دیکہتے ہی آپ نے فرمایا اللہ اکبر اللہ اکبر
آج کے روز ہم شہید ہونگے کیونکہ مخبر صادق نے ہمسے فرمایا تہا کہ اے
عمار تو قتل کیا جاوے گا روبرو جبرئیل اور میکائیل علیہ السلام کے

جبرئیل اور میکائیل علیہم السلام کے اور قاتل تیرا باغی ہے اور وقت شہادت کے تجکو جائے پانی کے دودھ
پیا ہا ریاسر نے اوس وقت موجود ہے اور بات کی خبر دی تجکو گئی ہے اور پیچھا اوس دودھ کا پیا
پس پیہ گمان حیدر ایمان کو بڑھایا اور جنگ میں مشغول ہوئے یہان تک کہ شہید ہوگئے۔ **صاحب**
حدیقہ خواجہ سنائی قدس سرہ گوید کہ مروان بن الحکم کے ہاتھ سے تیر لگا اور زخمی
ہو کر گھوڑے سے گرے **ابیات** درمعاں آمد وگفت نسب * کرنم شیخ دین وپیر عرب * کرد جان
وگفت تکبیرے * سغلہ معان رسانبر تیرے * مسعودی نے کہا ہے کہ جب حضرت عمار رضی اللہ عنہ زمین
پر گرے تو ابو الغادیہ عاملی اور ابن جوین سکسکی نے سر مبارک قلم کیا اور آپکے اسباب کی لوٹ مار میں جھگڑا
ہوا یہان تک کہ یہہ مقدمہ عبد اللہ بن عمرو عاص تک پہنچا اوس نے کہا کہ میرے پاس سے نکل جاؤ کہ میں نے
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے تھے بیچ حق عمار یاسر کے **حدیث** یا عمار تقتلک
الفئة الباغیة تدعوهم الی الجنة ویدعونه الی النار۔ روایت بخاری ومشکوۃ ومسلم وتکمیل الایمان
محقق دہلوی میں وارد ہے **ترجمہ** کہ اے عمار قتل کریگا تجکو گروہ باغی تو بلاویگا اونکو طرف جنت کے
اور وہ بلاوینگے تجکو طرف دوزخ کے۔ جب یہہ بات معاویہ نے سنی تو عبد اللہ سے رنجیدہ ہوا اور کہا
کہ قاتل عمار علی ہے کہ جسنے اوسکو واسطے جنگ کے بھیجا عبد اللہ نے کہا کہ اس صورت سے تو قاتل امیر حمزہ
رسول خدا ہوئے نہ وحشی۔ جب امیر المومنین علی علیہ السلام کو آپ کی شہادت کی خبر ہوئی تو آپکو کمال
رنج ہوا اور فرمایا جو شخص عمار کی شہادت پر ملول نہوویگا اوسکے واسطے اسلام دین میں سے کچھ حصہ نہیں
ہے اللہ تعالی نے عمار پر رحمت فرماوے آخر الامر نماز جنازہ ادا فرمائی اور دفن کیا **از حضرت مرتضے**
علیہ السلام خطاب بعمرو عاص در صفین۔ یا عجبا لقد رأیت منکرا * کذبا علی
الله یشیب الشعرا * یسترق السمع ویغشی البصرا * ماکان یرضی احمد لو خبرا * ان
یقرنوا وصیه والابتر * شانی النبی واللعین الاخزرا * کلاهما بجنده قد عسکرا * قد
باع هذا دینه اذ فجرا * بملک مصر ان اصاب الظفرا * من ذا بدنیا بیعه قد خسرا * **مراد**
وصی سے حضرت علی ہیں کہ پیغمبر خدا نے فرمایا **حدیث** انت اخی ووصی من بعدی وقاضی دینی **مراد**
ابتر شانی النبی سے معاویہ ہے چنانچہ یہہ ظاہر ہے۔ انّ شانئک هو الابتر * اور مطابق سخن کے جو
کہ ترمذی نے یوسف بن سعد سے اس آیت کو بیچ حق بنی امیہ کے روایت کیا اور لعین بعضے ملعون میں اور
اخزر بعضے تنگ چشم ہے اور یہہ اشارہ ہے طرف معاویہ کے مراد کلاهما یعنے دونوں گئے عمرو ومعاویہ ہیں کہ لشکر
جمع کیا ان دونوں نے **بیت ترجمہ کلام اقدس** اے عمرو بن عاص عجب کی بات ہے جو میں نے دیکھا

تجھکو ساتھہ مکر ہی کے اور جھوٹ اور بہتان باندھنے والا اوپر خداے تعالے کے یہان تک کہ سفید کیا تُنے اپنے بالون کو اسے چیا ملے ہے روشنی ہوئی اور زردی بھی ہوئی بالونکو یہان تک کہ برابر کیا تونے وصی پیغمبر کو اور برابر کیا دشمن نبی کو کہ وہ ملعون تنگ چشم ہے اور تم دونون کتون نے لشکر جمع کیا میرے مقابلہ کو بے تحقیق کہ بیچا تم دونون نے دین اپنے کو ساتھہ بے سامانی دنیا کے اور لالچ مین ملک مصر کے اگر یاد رکھو پس جب شخص نے بیچا دین کو سخت بود اکیا کام اوس نے۔ ابو الحسن مسعودی کا قول ہے کہ حضرت عمار اُن پچاس اصحاب سے تھے جنہون نے امیر المومنین علی علیہ السلام کی بیعت موت پر قسم کہا کر کئے تھے اور اونکے حق مین حجاج بن غزیت انصاری نے یہہ مرثیہ کہا ہے کہ نبیؐ نے اوسکو کہا کہ اسکو ایک گروہ قتل کریگا کہ وہ بغاوت اور فسق اور فجور مین ستارون سے بہی زیادہ تر ہوگا پس اہل شام معلوم کرین کہ وہ ایسے گروہ مین ہین کہ جنکے واسطے عار اور نار دونون موجود ہین جب حضرت عمار شہید ہوگئے توسعید بن قیس نے ہمدانیون کے ہمراہ ہوکر اور قیس بن سعد بن عبادہ انصاری نے جماعت انصار کے ساتھہ اور ربیعہ اور عدی بن حاتم قبیلہ بنی طے کو لیکر ایک حملہ سخت لشکر شام پر کیا لیکن سعید بن قیس ہمدانی سب سے آگے تھے اور سب جماعتین آپسمین ملگئی تہین اور بڑا گھمسان ہوگیا تھا اور ہمدانی نے اہل شام کو شکست فاحش دی تہی یہان تک کہ وہ معاویہ کے پاس بہاگ کر آئے اور بسبب خوف کے معاویہ نے بہی اپنی جگہہ چھوڑ کر پیچھے لشکر کے آکر قرار پکڑا اور حضرت شاہ مردان نے مالک اشتر کو حکم دیا کہ نیزہ لیکر اہل حمص اور اہل قنسرین کی طرف حملہ کرین چنانچہ مالک اشتر نے ہر دو قبیلہ مذکورہ پر حملہ کیا اور لاش پر لاش ڈالدی اور ہاشم بن عتبہ مرقال بہی قبیلہ ذو الکلاع کے روبرو آئے اور پہر علمدار معاویہ نے گروہ ذو الکلاع مین سے نکلکر حملہ کیا پس ہاشم مرقال علم بردار مین خوب نیزہ بازی ہوئی آخر کو ہاشم نے اوسکو قتل کیا اور بعد اسکے اونیس پہلوان اور قتل کئے پس اوسوقت قبیلہ ذو الکلاع نے مجمع کے ساتھہ حملہ کیا ہاشم کے ہمراہ ایک جماعت بنی اسلم کی تہی جنہون نے قسم کہائی تہی کہ نہ پہرینگے جبتک کہ فتح نکرین یا مارے جاوین وہ خوب دل کہولکر لڑے آخر کو ہاشم نے شہادت پائی اور قبیلہ ذو الکلاع بہی سب مارے گئے اوسوقت ہاشم کے بیٹے نے نیزہ اوٹہایا اور حملہ کیا اور یہہ رجز پڑہا اے ہاشم بن عتبہ بن مالک کیا ہے عزت داری کہ وہ شخص جو قتل ہوگیا ہے قریش کے گہوڑے اوسکو روندتے ہین اپنے سمون سے اور بشارت ہو تجھکو حور العین کے کہ جو تمہارے مرصع پر بیٹھے ہوئے ہین اور بشارت ہو تجھکو ساتھہ راحت کے اور خوشبو کے اوسوقت حضرت علی علیہ السلام لاشۂ ہاشم پر تشریف لائے اور تمام بنی اسلمہ کے لاشون کو ملاحظہ کیا اور خداے تعالے سے اونکی واسطے رحمت طلب فرمائی اور دعاء خیر کرکے چند اشعار پڑہے

اوسمین سے ایک شعر کا ترجمہ اوردو یہہ ہے بخت خدا قبیلہ اسلم کو دی جزائی خیر کہ کردو لا
ہاشم کی مددگاری مین جمین وہ اور اوسے دو حضرت حذیفہ بن الیمان صحابی رسول اللہ کے دو فرزند
اسمی صفوان وسعد بہی شہید ہوی اونکا قصہ یہہ ہے سنہ ۳۶ ہجری مین حضرت حذیفہ صحابی
رسول کریم کی شہر کوفی مین بیمار تہی اور اونہے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے تمام حالات منافقین کے نام بنام بیان فرمائی تہی جبکہ اونہون نے حضرت عثمان رضی
اللہ عنہ کے شہادت کا اور بیعت حضرت علی علیہ السلام کا حال دریافت کیا تو اونہون نے اوسے
بیماری کی حالت کاہا کہ مجکو مسجد مین لیچلو اور منادی کردو کہ نماز ہونے والی ہے اور جبکہ آدمی
جمع ہوگی تو منبر پر گئی اور حمد خدای تعالی اور نعت رسول مقبول اللہ وعلی آلہ رسول اکرم پر
بیجا اور کہا اے لوگون علی ابن ابیطالب کے بیعت پر خدا کا خوف کرنا تمپر واجب ہے اور شاہ ولایت
کے مدد کرو اور اوسکو تقویت بخشو اور قسم ہے خدای تعالی کی کہ وہ اول اور آخر حق پر ہے اور
قسم ہے خدا کی بہ تحقیق وہ ہماری نبی علیہ السلام کے بعد تا روز قیامت گزشتہ اور آیندہ سب
لوگون سے بہتر ہے اور پہر اشارہ اپنا داہنا ہاتہہ بائین ہاتہہ پر رکہا اور کہا کہ الہی تو گواہ رہنا کہ مین نے
علی ابن ابیطالب کی بیعت کی ہے اور پہر کہا کہ خدا تعالی کا بڑا شکر ہے کہ اجتک مجکو حیات بخشی
اور یہہ دن دیکہایا اور پہر اپنی فرزندون صفوان وسعد سے کہا کہ مجکو لیچلو اور ہم تم سب علی
مرتضی کے ہمراہ ہووین کہ عنقریب اوس سے بہت لڑائیان ہوونگی اور اونمین بہت آدمی
مارے جاوینگے اور تم دونون کوشش کرو اور تیار رہو تا کہ حضرت علی علیہ السلام کے ساتہہ
ہوکر شہید ہوجاو کہ بہ تحقیق وہ خدا کی قسم حق پر ہے اور اوسے خلاف کرے وہ باطل پر ہے
پس حضرت حذیفہ نے اوسیات کے سات روز بعد وفات پائی اور اوسے روز عبد اللہ اور
عبد الرحمن فرزندان بدیل بن ورقہ خزاعی بہی قبیلہ بنی خزاعہ کی ساتہہ شہید ہوی فقط
اور حضرت مردان نے اپنی فرزند محمد حنیفہ رضی اللہ عنہ کو علم دیا اور فرمایا کہ قلب لشکر مین جاکر
جنگ کرو اور جبتک حکم ثانی ہونچی بجالاو اور ساتہہ ہی حضرت امام حسن اور امام حسین اور بڑی بڑی
اصحاب رسول خدا نے بلبار کے حملے کئی اور عثمان سردار کی ماتحت فوج کو جاتی ہے قتل کیا اور اونمین سے
بہت آدمی مارے گئی اور سطرف حضرت شیر خدا اپنے فوج کی آگے آگے یہہ کہتے جاتی تہی کہ ہم لوگ موت سے
نہین بہاگتے ہین پس کہک سب لاوین کے مثل تن واحد کے حملہ کیا اور تمام اہل شام کی فوج کی صفین توڑ
دین اور جو آدمی سامنے آیا اوسکو مار ڈالا تہی یہان تک کہ مقام معاویہ تک پہونچی اور حضرت شاہ مردان نے نیزہ دیکر

معاویہ کو اپنے مقابلہ کیواسطے بلند آواز سے طلب کیا اور یہ ابیات زبان مبارک پر لائے **ابیات**
اصبر بکم ولا اری معاویہ ❊ الاخزر العین العظیم الحاویہ ❊ ھوت بہ فی النار ام ھاویہ
جاورہ فیہا کلاب عاویہ ❊ **ترجمہ** یعنے مین ان لوگونکو مار رہا ہون مگر معاویہ تنگ چشم
بڑی شکم والا نہین دیکھائی دیتا ہے کہ دوزخ مین طبقہ ہاویہ بلاوے اوسکو اور طلب کرے
کتون اور بہیڑیونکو کہ وہ بہونکتی ہوئی ہین اور مین واسطے ہمسائگی اوسکے کی **ترجمہ نظم**
تا چند توان صبر تنزل کردن ❊ از مردم بد اصل تحمل کردن ❊ خواہم زدن بر صف دشمن امروز خوش
نیست دگر فکر و تامل کردن **چنانچہ** مطابق ایسے قول کے شیخ فریدالدین عطار قدس سرہ گوید ❊
بیت بلی دوزخ سگ نفس بے طمعہ بوذند ❊ بر آں صخرہ دندان تاز بوذند ❊ اور اس صخرہ مراد معاویہ ابن ابوسفیان
سے ہے غرضکہ شب جمعہ لیلۃ الہریر مین حضرت شاہ مردان شیر یزدان نے اپنے ہاتہ اور ذوالفقار سے پانچسو
بتیس آدمیونکو قتل کی اور کہتے ہین اونکو اسے زیادہ قتل کی ہی اور معاویہ کا قول ہے کہ اوس شب کو علیؑ
مرتضی نے نوسو آدمی قتل کی ہتی اور یہہ شمار تکبیر کے گنتی سے معلوم ہوئی کہ آپ ہر وار قتل پر تکبیر کہتے
تہے جب معاویہ نے دیکہا کہ بہت نامداران اہل شام ماری گئی اور روز بروز حضرت اسد اللہ الغالب کے
فتح ہوتی جاتی ہے تو گہبرا کر اپنی مشیروں کے راے سے حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کی نام ایک نامہ لکہا
اوسکا مضمون یہہ ہے **نامہ معاویہ** اما بعد اگر ہم یہ جانتے کہ لڑائی یہان تک طول کو پہونچیگی تو آپسمین
نہ لڑتے اور اب بہی اگر ہمین عقل ہووے تو گذشتہ کو چہوڑ کر آیندہ باقی پر صلح کر لین مین نے
تجسے ملک شام ہے نوما نگا تہا کہ مجکو یہہ علیحدہ کر دو اور اپنے اطاعت سے بہی معاف رکہو اور
اب بہی مین وہی چاہتا ہون اور بہی جسطرح تم زندگی کے امید رکہتے ہو مین بہی وہی آرزو کرتا
ہون اور نیز یہہ بات بہی تجکو معلوم ہے کہ بہت سے صالحین اور نامی آدمی اس جنگ مین
مارے گئی اور اگر ایسے ہی لڑائی قایم رہی تو بقیۃ السیف بہی مارے جاوینگے آخر ہم تم دونون اولاد
عبدمناف مین ایک کو دوسرے پر کوئی فضیلت نہین ہے اور سب برابر ہین فقط **جواب نامہ**
معاویہ از جانب امیرالمومنین اما بعد تیرے نامہ کا مضمون معلوم ہوا پوشیدہ تر ہی کہ جو
تونے تحریر کیا ہے کہ اگر ہم جانتے کہ لڑائی اسقدر طول پکڑیگی تو ہم نہ لڑتی سو مین ابتک تجسے جنگ
کرنیکی واسطے بہت خواہشمند ہون اور روز بروز میری خواہش زیادہ ہوتی جاتی ہی اور جو یہہ لکہا ہے
کہ ہم اور تو خوف اور رجا مین برابر ہین سو یہ بات نہین ہے تم لوگ اہل شرک اور نفاق ہو اور ہم
ارباب ثبات اور یقین ہین اور التماس حکومت شام بغیر تابعت میرے کے

شامت میری کے قابل نہیں ہے اور تونے پہلے ہی یہہ سوال کیا تھا سو مقبول نہوا تھا پھر اب تونے
کرنا حق کا مجہر ثابت کیا ہے کہ حکومت شام کا مستحق ہوگیا اور یہہ جو تونے لکہا ہے کہ ہم دونون اولاد
عبد مناف مین اور ایک دوسرے پر فضیلت نہین ہے سو عبد الشمس ہاشم کے اور حرب عبد المطلب کے
اور ابوسفیان مثل ابو طالب کے برابر نہین ہے اور تجھکو مجہسے کیا نسبت ہے نہ تو تو سابق الاسلام
اور نہ مہاجر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اور مین فرزند چچا رسول خدا کا اور بہائی اور معدن
علم اور خلیفہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہون اور تو کیا مناسبت رکہتا ہے مجہسے اور مین وہ ہون
کہ فرمایا رسول خدا نے **حدیث** یا علی انت منی بمنزلة ہارون من موسیٰ اور بعد اگر باب نبوت
مہر نبوت خاتم الانبیاء سے بند نہوتا تو البتہ جیسا کہ ولایت مین مجھکو اختصاص ہے نبوت عامہ بہی مجھکو ملتی
الحمد للہ کہ رب العزت نے مجھکو اپنی آیات برکات سے مشرف کیا اور اپنی عنایات سے مجھکو سرفراز فرمایا
اور تیرے اولاد ذمیم کو میری اولاد کرام سے کیا نسبت ہے اگر اہل عرب میری پیروی نکرتے تو البتہ سخت
مشکل مین پڑجاتے کہ اوس سے زیادہ اور سخت مشکل نہین تہی و سیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون
ترجمہ یہہ اور قریب ہے کہ جانین وہ لوگ کہ انہون نے ظلم کیا کونسا اون مین سے انقلاب مین پڑنیوالا
ہے اور چند اشعار بہی آپ نے اس موقع پر فرمائے ہین۔ **ابیات** انا علی فاسألونی تخبروا ❊
ثم ابرزوا الی فی الوغا وابرزوا ❊ سیفی حسام وسنانی یزہر ❊ منا النبی الطاہر المطہر ❊
وحمزة الخیر ومنی جعفر ❊ له جناح فی الجنان اخضر ❊ وفاطم عرسی وفیہا مفخر ❊ ہذا
لہذا وابن ہند محجر ❊ ترجمہ مین علی ہون پس سوال کرو مجہسے تاخبر دون تمھکو اسکی کہ باہر آؤ
تم لوگ واسطے جنگ کے مجہسے اور بہاگ گئے اسواسطے کہ تلوار میری کاٹنے والی ہے اور نیزہ میرا
سرچمکتا ہوا ہے اور ہم ہی مین سے پیغمبر علیہ السلام اور حضرت حمزہ ہین کہ وہ بہتر ہین تمام آدمیونسے
ہے اور جعفر طیار بہائی میرے مین کہ بازو اوسکے سبز ہین بہشت مین اور فاطمہ دولہن میری ہے
اور یہہ ہی جگہہ یاد کرنے کی ہے اور یہہ مراتب میرے ہی واسطے ہین اور معاویہ پسر ہندہ سوداغدار
اور خارج کیا ہوا ہے۔ **نظم** اے کردہ پسر تاج خلافت نگرفت ❊ تا چند کشی برسرمن تیغ خلاف ❊
گویند کہ دعوئے شجاعت داری ❊ برخیز وبیا کہ روز حسب وصاف ❊ انا الغلام الیماد بغضی
النیما ❊ نفسھن سامت السبع بما قد حقبنا ❊ لن تری فی حومة الہیجاء لی شبیہا ❊ ولی بیعة
فی الوسلہ طلاد وحبیبھا ❊ ولی القربة ان قام شریف ینتمیہا ❊ فتی بالعلم قافیة صبرت تخبیہا
علی الفخر علی الناس جمیعی وشبہا ❊ ثم فخری برسول الله اذ تزوجنیہا ❊ ترجمہ مین جاتا ہون

طرف بزرگی کے اور کوشش کرتا ہون اوسکے حاصل کرنے مین اور نگاہ رکہتا ہون اوسکو ساتہہ نفس اپنے کے یہہ احسان خدا تعالے کا ہے کہ منتخب کیا مجھکو واسطے بزرگی کے اور نہ دیکہیگا تو لڑائی کے وقت کسیکو مانند میرے اور مجھکو سبقت ہے اسلام مین درحالیکہ مین لڑکا تمیز دار تہا اور مجھکو ایسی قرابت اور نسبت ہے کہ جو شریف لوگ چاہتے ہین اور پہر آیا مجھکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتہہ علم کے جیسکہ پہراتے ہین پرند اپنے بچون کو یعنے پیغمبر خدا نے چوسائی زبان اپنی مجھکو پس کہل گئے تمام باب علم کے ہزار در ہزار اور فخر ہے مجھکو لوگون پر بسبب زوجہ ہونے حضرت فاطمہ علیہا السلام کے اور فرزندان اونکے امام حسن و امام حسین کے اور پہر فخر ہے مجھکو لوگون پر کہ رسول خدا نے تزویج کیا اوسکو ساتہہ میرے ۔ **ترجمہ** **نظم** تا من زہوا نفس خود دور شدم ٭ در ہر دو جہان چو چشمہ نور شدم ٭ چون کرد نبی زبان خود در دہنم ٭ در روئے زمین بعلم مشہور شدم ٭ **دیگر فرمایا** لی مقامات ببدر حین حار الناس فیہا ٭ وباحد وحنین لی صولات تلیہا ٭ وانا الحامل للرایة حقا احتویہا ٭ وانا القاتل عمروا یوم حار الناس فیہا ٭ واذا صوم حربا احمد قدمسہا ٭ وادبادی رسول الله نحوی قلت ابہا ٭ وانا المستقی کاسا لذة الانفس فیہا ہبة الله فمن مثلی فی الدنیا شبہا ٭ **ترجمہ** یعنے تہے مجکو مقامات جنگ بدر مین اوسوقت کہ سب لوگ سرگردان اور پریشان تہے اور پہی جنگ احد اور حنین مین مجکو حملے تہے کفار پر پے در پے اور مین اوٹہانیوالا ہون علم جنگ کا ساتہہ حقے اور گرد بگرد پہرایا اوسکو مین نے اور قتل کیا مین نے عمرو بن عبدود کو جسروز کہ حیران اور پریشان تہے لوگ اوسکے ڈر سے اور جب روشن کرتے تہے احمد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آتش جنگ کو پس پیشوا اور مقدم کرتے تہے مجکو اوپر اوس کے اور جب پکارتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ میری طرف آؤ پس کہتا مین کہ حاضر ہون اور مین ہون کہ دیا گیا ہے مجھکو پیالہ شراب محبت کا کہ پایا جاتا ہے مزہ اوسکا کہ وہ عطیۂ خدائے تعالے کا ہے پس کون ہے برابر میرے دنیا مین ۔ **نظم** از گوہر تیغ ما جہان دارد زین ٭ در ذمۂ دین حقوق ما باشد دین ٭ داوند بما نہفتۂ وحدت جامی ٭ آنروز کہ آمدیم از علم یقین ٭ القصہ جب جواب نامہ کا پہنچا تو معاویہ کو صلح سے مایوسی ہوئی اور ترتیب اسباب جنگ مین مصروف ہوا اور صبح کو پہر جنگ مین بڑے بڑے نامی شامی مارے گئے **بیت** بتر سید فرمان دہی ملک شام ٭ ز تیغ شہنشاہ عالیمقام ٭ اوسوقت لشکر شام مین ایک شور الامان کا ہوا معاویہ نے عمرو سے کہا کہ کیا تدبیر کرین کہ لڑائی بند ہو ہمارا لشکر تمام تمام ہوا جاتا ہے عمرو نے کہا کہ ایک حیلہ میرے پاس ہے

دو فتح کام آویگا وہ یہ ہے کہ سب لشکر کو حکم دو کہ جسکے پاس قرآن ہین سب نیزون پہ بلند کر لان
غلام عمر جناب بیبا ہی کیا گیا کہ پانسو پچاس قرآن نیزون پر لٹکائے اور لشکر عراق کے روبرو لائے
نیزے برون اوسیون نے الامان الامان پکارا اور کہا کہ ہمارے تمہارے درمیان کتاب اللہ ہے جب اہل
شام نے یہ مکر کیا تو اکثر اہل عراق اس فریب مین آگئے چنانچہ اشعث بن قیس سردار لشکر تھا آئے کہا کہ
یا امیر المومنین خونریزی سے ہاتھ بند کیجیئے اور میری عرض قبول کیجیئے کہ آپ ہمیشہ یہہ فرماتے تھے کہ جب
تک یہہ لوگ کتاب اللہ اور سنت رسول پر عمل نکرینگے جنگ موقوف نکرونگا سو یہہ لوگ قرآن کا واسطہ
دیتے ہین اب آپ رحم فرمایئے اور اگر آپ میرا کہنا قبول نکرینگے تو خدا کی قسم اہل عراق مین سے ایک بھی آپکی
متابعت نکریگا پس فرمایا حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام نے انا کلام اللہ الناطق یعنے مین تو بولتا ہوا کلام اللہ
ہون۔ اور اے اشعث تو خوب جانتا ہے کہ میرا مطلب سوائے اسکے کچھہ اور نہین ہے کہ وہ لوگ جہالت
سے باز آوین اور اسوقت جو یہہ لوگ مغلوب ہوگئے ہین اور جانتے ہین کہ ہم سبکے سب قتل ہوجاوینگے
اسواسطے اس حیلہ اور فریب سے اپنی جان بچاتے ہین اور تو ہرگز انکے فریب مین نہ آ اور جبتک مجھے
ہر سکے جنگ کر تاکہ خدائے کریم ہمکو فتح دے اور مین خوب جانتا ہون کہ یہہ لوگ یعنے عمرو اور معاویہ اور ابن
ابی سعید اور عبداللہ ابی سرح اور ضحاک بن قیس اور حبیب بن مسلمہ اور نبی تابعہ وغیرہ دیندار نہین اور
نہ عامل قرآن ہین اور مین انکے چھوٹے اور بڑون کو خوب پہچانتا ہون کہ نہایت بدترین لوگ ہین۔

تاریخ ابوالفدا مین وارد ہے کہ اکثر مبارزان اور سرداران لشکر اہل عراق کو معاویہ کیطرف
سے رشوت زر پہنچگئی تھی اسی سبب سے قوم خوارج نے امیر المومنین علی علیہ السلام کا کہنا نہ مانا اور یہان
تک دھمکایا کہ اگر آپ صلح پر راضی نہونگے تو تمہارے ساتھہ وہ کام کیا جاویگا جو عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھہ
کیا تھا آخر اشعث کے کہنے سے جنگ بند کی گئی اور طرفین سے صلح بہ تعین حکمین قرار پائی تو معاویہ نے کہا کہ
میری جانب سے عمرو بن عاص مختار ہے اور حضرت امیر المومنین نے فرمایا مین عبداللہ بن عباس کو مختار
کرونگا اسبات کو معاویہ نے قبول نکیا اور کہا کہ ہم سوائے ابو موسےٰ اشعری کے اور کسیکو اس کام کے
واسطے قبول نکرینگے اور اسمین بہت قیل وقال ہوئی آخر ابو موسےٰ اشعری مقرر ہوئے اور چونکہ امر خلافت
موافق حکمین کے قرار پایا تھا حضرت امیر علی علیہ السلام نے اپنے لشکر کے امیرون کو اور معاویہ نے اپنے
سرداروں کو ایک جگہہ جمع کیا اور کہا کہ اس امر مین ایک وثیقہ تحریر کیا جاوے اسواسطے عبداللہ بن
ابی رافع نے وہ وثیقہ اسطرح پر لکھنا شروع کیا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ہذا ما صالح علیہ امیر المومنین علی
ابن ابی طالب ٭ اوسوقت معاویہ نے کہا کہ ہم عجب برے آدمی ہین کہ علی کو امیر المومنین جانین اور اسکے

ساتھ جنگ کرین لفظ امیر المومنین محو کردو اور اوسکی جگہہ صرف اوسکا نام اور اوسکے باپ کا نام لکھو امیر
المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا اللہ اکبر صدق یا رسول اللہ یعنے سچ کہا تھا رسول خدا نے روز صلح حدیبیہ
کہ جسروز صلح نامہ بمقابلہ مشرکین قریش مکہ کے مین تحریر کرتا تہا اور مین نے اوس مین لکہا تہا کہ یہہ صلحنامہ
ہے محمد رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ساتہہ سہیل ابن عمرو کے کہ وہ سردار گروہ ابو سفیان پدر
معاویہ کا تہا اسوقت سہیل نے کہا تہا کہ لفظ رسول اللہ کو محو کرو کیونکہ اگر ہم رسول اللہ جانتے تو ایمان
لاتے اوسوقت خواجہ عالم نے فرمایا کہ یا علی محو کر دو اور تجکو بہی اے علی ایکدن ایسا ہی موقع پیش آئیگا
اور اسے عبد اللہ اب تو لکہہ جسطرح کہ معاویہ کہتا ہے پس لکہا عبد اللہ نے ہذا ما صالح علیہ علی ابن ابی
طالب اور معاویہ ابن ابی سفیان اور باقی مضمون وثیقہ کا فریقین نے قبول کیا کہ خلاصہ اوس کا یہہ تہا
کہ موافق حکم الہی کے قیام کرین اور موافق قرآن کے حکم کے عمل کرین جب کہ یہہ وثیقہ تحریر ہو چکا تو فریقین
کے لوگون نے اوسپر گواہی اپنی اپنی تحریر کی لیکن مالک اشتر رضی اللہ عنہ نے گواہی نہ کی اوسوقت حضرت
امیر المومنین علی مرتضے علیہ السلام نے فرمایا اے مالک اشتر تقدیر ربانی مین اسی طرح گذرا ہے کہ یہہ
گروہ اہلبیت مصطفے صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو تکلیف دیوین اور اسکے سبب سے ابد الآباد جہنم مین
گرفتار رہین جب دستاویز تحریر ہو گئی تو امیر المومنین علیہ السلام کوفے کو تشریف لیگئے اور معاویہ
دمشق کو روانہ ہوا اور یہہ امر قرار پایا کہ ابو موسے اشعری اور عمرو عاص مع اپنے اپنے سرداروں کے
منزل دومۃ الجندل مین قیام کرین اور باتفاق ایک دوسرے کو امر خلافت پر حکم کرین پس جبکہ مقام
مذکور مین پہنچے اور اجماع طرفین کے لوگونکا ہوا اوسوقت عمرو سے ابو موسے نے کہا کہ تو منبر پر چڑہ جا
اور جو بات کہ قرار پائی ہے بیان کر عمرو نے کہا کہ آپکے روبرو مین پیشقدمی نکرونگا پس ابو موسے منبر
پر گئے اور بعد حمد و ثناء الہی و نعت حضرت مصطفائی کے اسطرح کہا کہ اے لوگون خیر اور بہتری
ہماری اور تمہاری اس امر مین ہے کہ علی ابن ابی طالب اور معاویہ کو خلافت سے علیحدہ کرین اور اس
کام کو شورہ پر منحصر کرین اور اہل اسلام جسکو چاہین اپنا خلیفہ بنا دین اور پہر انگشتری اپنی اوس انگلی سے
نکالی اور کہا کہ جسطرح مین نے انگشتری کو اپنے ہاتہہ سے نکالا ہے اسی طرح سے مین نے علی مرتضی اور
معاویہ کو خلافت سے علیحدہ کیا پس یہہ کہکر منبر سے نیچے اوترا بعد کو عمرو منبر پر گیا اور کہا کہ اے
لوگون ابو موسے نے تمہارے روبرو اپنے صاحب کو خلافت سے خارج کر دیا ہے اور اب مین نے اپنے
واسطے معاویہ کو خلیفہ بنایا کیونکہ وہ والی عثمان رضی اور طالب خون خلیفہ کا ہے یہہ کہکر منبر سے اوتر آیا
اوسوقت ابو موسے نے غل مچایا اور کہا کہ ہم مین اور عمرو مین یہہ بات قرار پائی نہین تہی بلکہ اس نے

مجکو فریب اسد دیو کہ دیا ہے یہہ کہکر عمرو کو لعنت کری اسد اوس نے بہی ابو موسے کو برا بہلا کہا یکی بیون
مین شور و غل عظیم پیدا ہوا اور صحابان جناب امیر المومنین علیہ السلام نے چاہا کہ ابو موسے اور عمرو کو
قتل کرین اور قریب تہا کہ لڑائی ہو جاوے اوسوقت عبد اسد ابن عباس اور عدی ابن حاتم طائی
نے منع کیا اور کہا کہ بغیر اجازت امام وقت کے جنگ کرنا جائز نہین ہے پس بعد اوسکے عمرو عاص ہمراہ
اپنے ہمراہیون کے دمشق کو گیا اور معاویہ کو خلیفہ اپنا بنایا اور عبد اسد ابن عباس کوفہ کو روانہ ہوئے
اور وہان پہنچکر سب حال امیر المومنین علیہ السلام سے بیان کیا حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے
اوسوقت بہت افسوس کیا۔

باب دہم دربیان تعظیم وحرمت مدینہ طیبّہ

سید علیہ الرحمۃ نور الدین علی عالم مدینہ طیبہ فرماتے ہین کہ وہ امیر جس نے کہ جابر رضی اسد عنہ کو ڈرایا
وہ مدینہ سے بہاگے بشیر بن ارطاۃ سپہ سالار لشکر معاویہ کا تہا کیونکہ قرطبی نے بروایت ابن عیینہ
کے لکہا ہے کہ معاویہ نے بعد از قضیہ تحکیم حکمین بشیر بن ارطاۃ کو بہت سے لشکر کے ساتہہ مدینہ مین بہیجا
تاکہ اہل مدینہ سے میرے بیعت لیوے اوسوقت مین ابو ایوب انصاری صحابی رسولؐ خدا عامل مدینہ
طیبہ تہے وہ بخوف اوسکے بہاگ کر حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کے پاس کوفے پہنچے۔ امام
احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ حدیث صحیح مین حضرت جابر انصاری سے روایت کرتے ہین کہ ایک امیر امرا فتنہ
سے مدینہ مین آیا حضرت جابر اوس زمانہ مین مدینہ مین تہے بسبب پیری کے بصارت چشم جاتی رہی تہی
لوگون نے اونسے کہا کہ مصلحت وقت یہہ ہے کہ واسطے چند روز کے یہان سے چلے جاؤ کہ اس ظلم
ظالم سے بچو کہتے ہین کہ اپنے ہاتہہ اوپر کندہے دو فرزند اپنے کے رکہکر مدینہ سے باہر گئے اور راہ مین
گر پڑے اوسوقت جابر نے کہا کہ ہلاک ہو وہ شخص کہ جسنے رسول خدا صلی اسد علیہ وآلہ وسلم کو ڈرایا پس
ایک فرزند اونکے نے پوچہا کہ اے باپ ڈرانا رسول خدا صلی اسد علیہ وآلہ وسلم کا کیونکر ہوا کہ وہ جناب
اس دنیا فانی سے رحلت فرما ہوئے ہین جابرؓ نے کہا کہ اے فرزند مین نے پیغمبر خدا صلی اسد علیہ وآلہ
وسلم سے سنا ہے کہ فرمایا جو شخص اہل مدینہ کو ڈرائیگا گویا اوس نے مجھکو ڈرایا۔ اور صحیح نسائی مین حدیث
ہے **حدیث** من اخاف اهل المدينة ظالما اخافه الله وكانت عليه لعنة الله والملئكة والناس
اجمعين **ترجمہ** یعنے جس نے ڈرایا اہل مدینہ کو از روئے ظلم کے پس ڈراویگا اسد تعالے اوسکو اور اوپر
اوسکے لعنت خدا اور ملائکہ اور تمام انسانون کی ہے **حدیث** صحیح مسلم لا يريد احد اهل المدينة
بسوء الا اذابه الله في النار كذوب الرصاص او ذوب الملح في الماء **ترجمہ** یعنے جو کوئی

اہل مدینہ کے ساتھہ ارادہ بدی کا کرے تو ساتھہ عذاب ملک الجبار کے گرفتار ہووے اور مانند سنگ
کے جو آگ کے اور مانند نمک کے پانی مین پگلیگا۔ **شاہ عبدالحق محقق دہلوی** جذب القلوب مین
لکھتے ہین کہ بشیر بن ارطاۃ نے مدینہ مین داخل ہوکر معاویہ کی بیعت چاہی اور ایک قاصد بنی سلمہ مین
بھیجا اور پیام دیا کہ اگر جابرؓ کو میرے پاس حاضر نکروگے تو تم لوگون کو امن ندونگا اور جابرؓ حضرت
ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوئے اور کہا بشیر بن ارطاۃ مجھکو طلب کرتا ہے حالانکہ بیعت معاویہ
ضلالت اور گمراہی ہے لیکن بغیر بیعت کے امان نہین حضرت ام سلمہؓ نے کرہا و جبراً بیعت کی اجازت فرمائی
اور اکثر اہل مدینہ بھاگ کر حرہ بنی سلیم مین جاکر پوشیدہ ہوگئے۔ علماء نے کہا ہے کہ یہہ لعنت جو اہل مدینہ
کے ساتھہ ظلم و فساد کرنے کے ارادہ پر وارد ہے اس حدیث مین مانند لعنت کفار اور اہل شرک کے نہین
ہے کہ جسکے سبب سے وہ رحمت الٰہی سے قطعاً ناامید ہوجاوین اور دخول جنت سے محروم ہون بلکہ نتیجہ
اس لعنت کا رحمت خاص حق تعالےٰ سے دور ہونا ہے اور جنت مین ساتھہ گروہ اہل قرب کے داخل نہونا
ہے فی الحقیقت مقصود اس سے تہدید و توبیخ ہے بوجہ بے ادبی اور بے حرمتی اوس مقام پاک کے۔
فائدہ اللہ اللہ کیا ہی حوصلہ اور دلیری ہمارے علما کی ہے کہ بپاس خاطر ہواداران تبرا و شیعہ ملعونہ
یعنے بادشاہان قوم بنی امیہ کے بعضے علماء نے صحیح حدیث رسول کریمؐ کو کہ جو بحق اہل مدینہ طیبہ وارد ہے
اوسکے معنے اور مطلب اور مراد اپنی رائے سے پلٹ دی معاذ اللہ کیا اے لوگون حضرت رسول کریم
صلی اللہ علیہ وآلہ والتسلیم ایسے ہی تہے کہ دل مین کچھ اور ظاہر کچھ فرماتے۔ پس مولوی روم علیہ الرحمۃ
نے ایسے ہی علماء ظواہر کے حق مین فرمایا ہے **نظم** چون قلم در دست غداری بود ✦ لاجرم منصور
بر داری بود ✦ ہمسری با انبیا برداشتند ✦ اولیا را ہمچو خود پنداشتند ✦ پر ہوا تاویل
قرآن میکنی ✦ پست و کژ شد از تو معنے سنی ✦ فکر تو تاویل کرده ذکر را ✦ ذکر را مان و بگردان
فکر را ✦ پس البتہ علماء ظواہر بعض نے امراء فتنہ گروہ بنی امیہ کو لعن کفری تہمت بچایا ہے
لیکن عذاب ملک الجبار اور نار جہنم حدیث صحیح مسلم کے بموجب جلتے اور پگلتے رہین گے چنانچہ شیخ الشیوخ
علاؤ الدولہ سمنانی قدس سرہ نے کتاب فلاح کے فرمایا ہے کہ جو شخص چلا مذہب اور ملت معاویہ اور
اوسکے سگ بچے پر اور چلا مذہب مروان اور اوسکے خر بچون پر پس کیا جاویگا حشر اوسکا ساتہہ
معاویہ اور مروان کے اور محروم رہیگا وہ شفاعت حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
محرم اسرار الٰہی حضرت خواجہ حکیم سنائی قدس سرہ گوید۔ پسر ہند اگرچہ
خال من است ✦ دوستے اوسے ام بکارے نیست ✦ در نوشت او بخطے زہر رسولؐ ✦ ✦

برخطش نیز افتخارے نیست ٭ در معاشیکہ شیر مرد انند ٭ بدخط و خال اعتبارے نیست ٭

علامہ شیخ سعد الدین تفتازانی شارح عقاید نسفی قدس سرہ گوید۔ دستان

پسر ہند بگرفتہ ببین ٭ کہ از دو دسہ تن او بہ پیغمبر چہ رسید ٭ پدر او در دندان پیغمبر بشکست ٭ مادر او جگر عم پیغمبر بمکید ٭ او بہ ناحق حق داماد پیغمبر بگرفت ٭ پسر او سر فرزند پیغمبر ببرید ٭ بچنین قوم تو لعنت نکنی شرمت باد ٭ لعنت اللہ یزیداً و لاد قوم یزید ٭ ہرگاہ حضرت مرتضے علیہ السلام خارجیون کے دفع کرنے مین مصروف تھے کہ معاویہ نے دوسرا فریب یہہ کیا کہ سعد بن قیس جو حاکم مصر حضرت امیر کیطرف سے بعد جنگ جمل مقرر ہوئے تھے ایک خط جعلی اونکی طرف سے اپنے نام لکھکر حضرت امیر کی نگاہ مین گذرانا آپ نے سعد کو اپنے پاس طلب کر لیا اور بجائے اونکے محمد بن ابو بکر کو حاکم مصر کیا تب معاویہ نے چھہ ہزار فوج سے عمرو عاص کو مصر پر بہیجا حضرت امیر علیہ السلام نے بغرض مدد محمد بن ابو بکر کے مالک اشتر صحابی کو روانہ فرمایا مالک اشتر ہنوز راہ مین تھے اور ایک جگہہ ٹہر گئے تھے کہ معاویہ نے اپنے لوگون کو خط بہیجکر مالک کو زہر دلوایا اور وہ شہید ہوئے اور محمد بن ابو بکر کو یہہ الزام دیکر کہ قاتل عثمانؓ ہین زندہ بوریہ مین لپیٹکر جلوا دیا حضرت عائشہ نے جب اپنے بہائی محمد کا حال سنا تو بہت روئین اور معاویہ اور عمرو کو بد دعا کی حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ قاتلان محمد اسکا جواب اللہ تعالے کو کیا دینگے اور معاویہ نے صرف دمشق اور مصر ہی پر قبضہ نہین کیا بلکہ حضرت علی علیہ السلام خلیفہ برحق کی زندگی مین ملک حجاز کو اپنے تصرف مین درلا یا کیلا آیت من نقل ہوئتا۔ ان لوگو نیپر حیا نہین ہوئی

باب یازدہم دربیان شہادت امیر المومنین حضرت امام الاتقیا علی مرتضے علیہ السلام

واضح ہو کہ علماء اہل تواریخ نے اکثر کتب اپنے سیر مین اسطرح لکہا ہے کہ بعد جنگ نہروان تین خارجیون نے مشورہ کیا کہ اسلام کی کامیابیون مین مزاحمت صرف تین شخصون کے باعث سے ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور معاویہ اور عمرو عاص سو ان تینون کو قتل کر ڈالین تاکہ سلطنت اسلام پہر بدستور ہو جاویگی اور یہہ تین شخص ایک ہی روز جمعہ کو دن سترہ رمضان کو قتل کئے جاوین ان خارجیون کا نام بارک ابن عبد اللہ اور عمرو ابن عاصی اور عبد الرحمن بن ملجم تہا۔ بارک دمشق مین پہنچا اور معاویہ کے مصاحبین مین داخل ہوا اور دمشق کی مسجد مین معاویہ نے امامت کی اسوقت بارک نے ایک تلوار ماری اور سمجہا کہ کام تمام ہوا لیکن بڑے علاج سے وہ زخم اچہا ہو گیا قاتل گرفتار ہو کر ایک عرصہ کے بعد قتل کیا گیا۔ اور عمرو مصر مین پہنچا اور امام خارجہ کو عمرو ابن عاص جانکر مسجد مصر مین قتل کیا جب قاتل عمرو ابن العاص کے روبرو آیا

اوس نے کہا میرا ارادہ عمرو عاص کے قتل کا تہا مگر دہوکہ سے خارجہ بیچارہ مارا گیا۔ اور عبدالرحمن ابن ملجم جب کوفے مین پہنچا تو ایک خارجی کی عورت کے مکان مین ٹہرا کہ اوسکا شوہر حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھ سے جنگ نہروان مین مارا گیا تہا ابن ملجم اوس عورت پر عاشق اور فریفتہ ہو گیا لیکن اوس عورت نے کہا کہ ہم اوس شخص سے نکاح کرینگے جو تین ہزار درہم اور ایک غلام اور ایک لونڈی دیوے اور حضرت علی علیہ السلام کا سر لادے ابن ملجم نے شرائط منظور کی اور ہمسے وردان اور شبیب خارجیونکو ساتھ لیا اور مسجد کوفہ مین خلیفہ وقت کے آنے کا انتظار دیکہا جب حضرت امیرالمومنین اپنے مکان سے چلے تو گہر ہتوں نے دامن پکڑا جب آپ مسجد مین داخل ہوئے قاتلون نے ایک دوسرے پر سازش وار کیا وردان نے ایک وار حضرت امیر علیہ السلام پر کیا لیکن وہ مسجد کے دروازے پر لگا اور ابن ملجم ملعون نے جو وار کیا وہ کاری تہا اور آپ کے سر مبارک پر زخم لگا تب قاتلان وہان سے بہاگے ابن ملجم مسجد کے گوشہ مین پکڑا گیا اور اسکے ہاتھ مین ہنوز تلوار موجود تہی جب قاتل کو آپکے سامنے لایا گیا تو آپ نے امام حسن علیہ السلام کے حوالے کیا اور فرمایا جب ہماری وفات ہوجاوے تو اسکو بہی ایک ہی ضرب مین ہلاک کرنا چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور آپکی وفات زخمی ہونے سے تین روز کے اندر اکیسوین تاریخ رمضان المبارک سنہ ۴۰ ہجری مین ہوئی۔ **فائدہ** ہمکو یہان پر صرف یہہ بات دریافت کرنی ہے کہ حضرت علی مرتضٰے علیہ السلام نے تو نہروان مین خارجیون سے جنگ کی اور بہت سے آدمی انکے قتل کئے تہے کہ مشہور ہے پس اوس دشمنی کے سبب سے خارجیون نے ہی آپکو شہید کیا لیکن معاویہ اور عمرو سے تو کوئی دشمنی نہین تہی اور نہ کبہی کوئی جنگ اونکے ساتھ ہوئی اور نہ کسی شخص کو اون مین سے قتل کیا بلکہ اکثر دوستی تہی پہر کیا وجہ ہوئی جو دشمن جانی ہوئے اور معاویہ اور عمرو بن عاص کو قتل کرنا چاہا۔ پس اس بات سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ یہہ روایات جو کتب سابقہ مین درج ہین بادشاہان بنی امیہ اور دشمنان اہلبیت نبوی نے بغرض پوشیدگی دہبہ خون حضرت امیر علیہ السلام کہ جو ذمہ معاویہ پیشوا اونکے کے تہا اوسکو مشہور دیا اور متاخرین مورخین و علماء خوردبین نے بہی کتب سابقہ کی پیروی کی اور خیال حق اور باطل کا نہ کیا اسیوجہ سے اکثر محققین حق بین نے اسکے خلاف تحقیق کیا ہے چنانچہ مولانا میر خورد خلیفہ حضرت نظام الدین اولیاء صاحب کتاب سیر الاولیا لکہتے ہین کہ ابن ملجم ملعون نے معاویہ کی اشتعالک اور خواہش سے حضرت علی مرتضٰے علیہ السلام کو شہید کیا اور صاحب مناقب مرتضوی کا قول ہے کہ اکثر کتابون مین مثل روایات مذکورہ بالا کے لکہا ہے لیکن قدوۃ المحققین عارف کاملین حضرت خواجہ حکیم سنائی قدس سرہ کتاب حدیقہ مین فرماتے ہین کہ وہ عورت

قطامہ ملعونہ کہ جس پر ابن ملجم ملعون عاشق ہوا آل ابو سفیان سے تھی جب کہ عشق ابن ملجم کے معاویہ کو خبر معلوم ہوئی تو اوسکو بلوا کر یہ کہا کہ اگر تجھکو وصل معشوقہ اپنی کا منظور ہے تو حضرت امیر علی مرتضیٰ علیہ السلام کو قتل کر چونکہ ابن ملجم کو یقین کامل ہوا اسکا کہ یہ عورت معاویہ کے رشتہ داروں میں تھی یا بہن تھی ہے بغیر مرضی معاویہ کے معشوقہ قطامہ اوسکو نہ ملیگی پس مصمم ارادہ قتل حضرت علی علیہ السلام کا کیا حضرت خواجہ سنائی قدس سرہ گوید

آن سزاوار لعنت و نفرین
بود آن زن ز آل بوسفیان
کفر شد در میان عاشق او
گفت کار تو باکمال شود
ہست کابین حرہ خون علی
زن ترا با ہزار زینت و زیب
برسی در جوار من آسان
آن چنان اہل جہل و مبلیہ
آن جنان خاکسار بے مقدار
قائل ست مرد را او بکش
کس نکردست سعی او بود کہ پیشتر
شب آدینہ رفت در مسجد
میر حیدر چو شد بخفت فراز
سفلہ از خواب گشت چون بیدار
چونکہ اندر نماز شد مشغول
خلق از ہر طرف فراز رسید
کرد آنزو میر زخم خورد و سوال
کرد مرا این کار معاویہ فرمود
رفت او را سوئے جہنم جان

برزنی گشت عاشق آن بشوم
شوہرش دارد خوب جوان
گشت این سر معاویہ آگاہ
و این چنین زن ترا حلال شود
گر تو فارغ کنی دلم زین کار
نرساند ترا کسے آسیب
مرد بد بر نہ بہر عشق زنے
خیرہ بگزید قتل چون علیہ
این سخن جملہ با علی گفتند
داد و میر اجواب مرد بہش
مرد فرست نگاہ دہشت بکار
آن چنان بے حفاظی از سر حد
مرد را خفتہ دید گفت ای مرد
ستمرد نشست از پے کار
رفت و زخمی زدش بسک بر پشت
پردہ مرد بدگنش بدرید
بچہ فرمود مر ترا این کار
کار کردم کنون ندارد سود

ابن ملجم آن سگ بی دین
آن نگونسار ترز راسپاردم
مرد مفلس چو گشت عاشق او
مرد را کار گشت جملہ تباہ
گر تو در کار خویش شیر دلی
بفزودت بنزد من مقدار
اسپ و برگ دہم ترا پس از آن
اندر افگند در جہان محنے
رفت وی کوفہ از پے زین کار
و این چنین فتنہ ہیچ نہفتند
گفت دیگ بقتل قاتل خویش
کرد بر فعل زشت اصرار
رفت وقتے سحر ز بہر نماز
گاہ روز است بردار زین رہ گرد
آن سر افراز مرد جفت بتول
کہ بدان زخم صعب مرد نگشت
بگرفتند مرد را در حال
داد بر لفظ زشت مرد اقرار
مثلہ کردند مرد را پس از آن

روضۃ الصفا میں وارد ہے کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے وقت وفات کے حضرت امام حسن علیہ السلام سے فرمایا کہ میرے مدفن کی خبر

مخلوقات کو ہووے کس واسطے کہ مین نے دس ہزار مرد جرار کفار اور منافق اور مرتدین اسلام سے کہ جو واجب القتل تھے اونکو اپنے ہاتھ سے ہلاک کیا ہے پس مین ڈرتا ہون اس بات سے کہ اونکی اولاد اور وارثان میری قبر کو شگاف کرین بلکہ مخالف میری قوم بنی امیہ سے بہت ہین۔ اور زہر الریاض مین مسطور ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے بحکم خدائے تعالے کے کشتی تیار کی اوس مین سے تین تختہ باقی رہے حضرت نوح علیہ السلام نے بارگاہ احدیت مین عرض کیا کہ باقیماندہ تختہ کا کیا کرون پس وحی نازل ہوئی کہ اے نوح آخر زمانہ مین میرا ایک دوست ہوگا کہ اوسکا نام علیؑ ہے یہہ تختے اوسکی قبر کے واسطے فلان دشت مین دفن کر دے پس آپ نے بموجب حکم وہ تختے نوحؑ نے دشت نجف مین دفن کئے تھے روایت مین آیا ہے کہ وقت وفات حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے امام حسن علیہ السلام کو وصیت فرمائی کہ جب مین عالم بقا کو کوچ کر جاؤن تو مکان کے گوشہ مین سے ایک لوح ملیگی اوسجگہہ مجھکو غسل دینا اور مکان کی چوکھٹ پر تمکو کفن ملیگا پس اوس سے مجھکو تکفین کرنا اور تابوت مین رکہنا بعد ازان تابوت کو صحن مکان مین رکھکر سب اہل وعیال کو بلانا تاکہ وہ سب آنکر مجھکو وداع کر جائین اور ایک مرتبہ مجھپر حسنؑ نماز پڑہے اور ایک مرتبہ حسینؑ پس جبکہ میرے تابوت کا اگلا سرا زمین سے اُٹھے پیچھے سے تم اوٹھا لینا پس جسجگہہ کہ تابوت رُک جاوے تو اوسجگہہ قبر کہودنا وہان پر ایک تابوت ساج کی لکڑی کا برآمد ہوگا اوس مین رکہہ کر مجھکو دفن کر دینا چنانچہ حسب الحکم آپکو دشت نجف اشرف مین کہ جو کوفہ سے پانچ میل کے فاصلہ پر ہے دفن کیا اور بموجب وصیت کے قبر کو زمین کے برابر کر دیا تاکہ معلوم نہووے لیکن جب کہ زمانہ خلافت ہارون رشید عباسی کا ہوا وہ شکار کو گیا اور اسجگہہ پہنچا جہان اب کا مزار مبارک تہا اور شکاری کتون کو ہرنون پر چھوڑا ہرنون نے آپ کے مزار پر پناہ لی ہرچند کتے دوڑے مگر ایک بہی اوسجگہ نجا سکتا تہا خلیفہ ہارون کو بہت تعجب ہوا تب پرانے لوگون سے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ یہان پر حضرت علی علیہ السلام کا مزار ہے چنانچہ اوس نے وہان پر روضہ بنوایا اور بعد کو فارس کے بادشاہون نے اوس روضہ مبارک کو مرصع کیا۔

باب دوازدہم دربیان شہادت حضرت امام حسن علیہ السلام

بعد وفات حضرت علی علیہ السلام کے حضرت امام حسن علیہ السلام کے دست مبارک پر اصحاب رسول خدا اور نیک آدمیون نے بیعت کی اور آپ کو خلیفہ بنایا حضرت امام حسن علیہ السلام نے فرمایا کہ جس رات کو قرآن مجید نازل ہوا اور جس رات کو حضرت عیسے علیہ السلام آسمان پر اوٹھائے گئے

اور جب یہ بات جو حضرت ابوشریح شہید ہوئے اوسی بات کو میرے جد بزرگوار نے کہا وہ باقی
تم بعد جنگ صفین کی کوئی مدت کے آدمیون مین اون سے بہتر تھا اور مدینہ کے لوگون مین تھا
پس جب حضرت امام حسن علیہ السلام کے ساتھ ساٹھ ہزار آدمی میدان جنگ کے واسطے شام کی
طرف جانے کو آمادہ ہی تھے لیکن لشکریون مین کچھ آپس مین اختلاف ہوا امام حسن علیہ السلام اسکے
سننے کر رنجیدہ ہوئے پس آپکو یقین ہوا کہ یہ لوگ جنگ نہ کرینگے میرا ساتھ نہ دینگے اتنے مین یہ خبر
مشہور ہوئی کہ معاویہ میدان جنگ مین ساٹھ ہزار شامیون کے ساتھ آگیا امام حسن علیہ السلام نے
بارہ ہزار مرد جرار سے قیس بن سعد بن عبادہ کو روانہ کیا کہ روکین اور خود امام اصل لشکر کے
ساتھ پیچھے چلے قیس رضی اللہ عنہ نے پہنچ کر ایک جنگ کی اور دشمن کو روکا اور اوسی جگہ قیام کیا جب
حضرت امام حسن لشکر معاویہ کے مقابل مین پہنچے معاویہ کی جانب سے پیغام صلح پہنچا چونکہ امام اپنے
لشکر کی کارروائیون سے بخوبی واقف ہو گئے تھے لہذا صلح کو مناسب جانا اور وقت ختم خلافت
بھی جب حدیث کے آگیا تھا یہ حدیث اَلْخِلَافَةُ مِنْ بَعْدِیْ ثَلٰثُوْنَ سَنَةً بَعْدَهٗ مُلْکًا عَضُوْضًا
یعنی بعد میرے خلافت تیس برس ہوگی اور بعد اوسکے ہوگا بادشاہ کٹکھنا جبروالا...
اس حدیث کو معتقدان اہل سنت مانتے ہین چنانچہ محقق دہلوی نے بھی قبول کیا ہے پس امام حسن
علیہ السلام نے فرمایا کہ تین شرط پر ہم خلافت کو چھوڑ دینگے ایک تو یہ کہ کوفہ کی آمدنی اہلبیت
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے رہے دوسرے یہ کہ معاویہ اپنے بعد کسیکو جانشین
نامزد نکرے جسکو مسلمان عام پسند کرین وہی خلیفہ ہووے تیسرے یہ کہ حضرت علی علیہ السلام
کے شان مین تبرا نہ کیا جاوے معاویہ نے دو شرط کو قبول کیا اور تیسری سے انکار کیا اسپر لوگون
نے امام حسن علیہ السلام کو سمجھایا پس آپ نے انہین دو شرطون پر تصفیہ کر لیا اور خلافت کو
ترک کیا لیکن حضرت امام حسین علیہ السلام کی رائے نہ تھی۔ ایکروز علی ہمدانی نے امام حسن علیہ السلام
سے کہا کہ یا ابن رسول اللہ اہل شام سے صلح نہین چاہیے تھی پس امام حسن علیہ السلام نے فرمایا کہ
ہمدانی مین خزاین خدا کا خزانچی نہین ہون نہ زر و سیم کا اور یہ پوشیدہ خدا کے تقاضے سے ہم خبر
دار نہین ہین نہ وہ لوگ اگر مینہ کو اور پہاڑ اور اشجار جنگ معاویہ کے واسطے لیجاتا تو بھی آخر انکا
صلح تھی چنانچہ خود میرے جد بزرگوار میرے رسول خدا نے اوپر اوسکے شاہد ہے فرمایا کہ خدا تعالی نے
ہلاک کیا بنی امیہ کو اوپر منبر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور دیکھا انحضرت نے خواب مین
رسول خدا نے کہ اوپر منبر پر مت چڑہے یہ وہ بندے مثل بندرون کے تو تم نے ہی امیہ بانی اور آتی ہے

یہہ امر آنحضرت پہ شاق گذرا پس اوسیوقت اللہ تعالےٰ نے سورہ کوثر نازل فرماکر ارشاد فرمایا کہ
تمکو نہر بہشت عطا کی ہے جسکا نام کوثر ہے اور دوسری سورہ قدر نازل فرماکر ارشاد کیا کہ لیلۃ القدر
بہتر ہے ہزار مہینوں سے اور مراد ہزار ماہ سے سلطنت بنی امیہ ہے اسکے بعد انی اہل کوفہ جو میرے
لشکر میں تھے پدر بزرگوار میرےکو شہید کیا اور میری بارگاہ کو غارت کیا اور مجھکو خنجر سے مجروح
کیا پہر کیونکر میرا ساتھہ دیتے اکثر مورخون کا قول ہے کہ حضرت امام حسن علیہ السلام نے چھوڑا
خلافت کو جبر معاویہ سے **خواجہ سنائی قدس سرہ گوید** - اندران کار پور بوسفیان ؛
یک زمان مرد را امداد امان ؛ جاننا چاہیئے کہ اکثر علماء اور مورخین سابق و حال نے حضرت امام
حسن علیہ السلام کی شہادت کے بارہ مین یزید لعین کی طرف نسبت اور گمان کیا ہے کہ اوس نے
مروان علیہ اللعن کی معرفت جعدہ بنت اشعث کو فریب سے قابو مین لاکر زہر دلوایا اوس کے
سبب سے آپ شہید ہوئے اور شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نے بہی ایسا ہی لکہا ہے لیکن محققان
اہل سنت اسکے خلاف لکہتے ہین چنانچہ ملا حسین واعظ نے روضۃ الشہدا مین لکہا ہے کہ شہر
موصل مین معاویہ نے ایک اپنے دوست کے پاس تین بار زہر قسم قسم کا بہیجا اور وہ زہر حضرت
امام حسن علیہ السلام کو دیا گیا مگر اوس نے کچہ اثر نکیا ایک بار کا زہر جو شیشہ مین آیا تہا حضرت
امام حسن علیہ السلام نے دیکہا اور چشم پوشی کی لیکن سعد موصلی جو حاکم شہر تہا اوس نے اوس شخص
کو جسکے پاس زہر کا شیشہ آیا تہا طلب کیا اور کہا کہ دیکہہ یہہ زہر کا شیشہ اور خط تیرے نام
معاویہ کا آیا ہے اور تو نے معاویہ کو لکہا تہا کہ مین نے تین مرتبہ زہر دیا اور کچہ کارگر نہوا اب
اوس نے چوتہی بار یہہ زہر ہلاہل کا شیشہ اور خط تیرے پاس بہیجا ہے اوس شخص نے انکار کیا تب
حاکم شہر کے ملازمون نے اوسکو مار ڈالا اور حضرت امام مدینہ طیبہ مین تشریف لائے مروان علیہ
اللعن نے جعدہ بنت اشعث کو کہ آپکی زوجہ تہی ایک کٹنی کے معرفت زہر الماس سودہ اور ایک
لڑی موتیون کی جو کہ ہندہ مادر اپنے کے معاویہ نے میراث مین پائی تہی اوسکو بہیجی اور کہلا بہیجا
کہ معاویہ حاکم شام اپنے پسر یزید کے ساتہہ تیرا نکاح کرا دیگا جعدہ نے ایک مرتبہ اور بہی امام
علیہ السلام کو چہوارون مین زہر دیا تہا ابکے بار زہر الماس دیا کہ جس سے امام علیہ السلام کے
جگر کے ٹکڑے ہوگئے اور آپ شہید ہوئے چنانچہ اسی روایت کے مطابق قول حضرت مولانا جامی
علیہ الرحمۃ کا شواہد النبوۃ مین ہے کہ مشہور تر یہہ بات ہے کہ معاویہ نے بمعرفت مروان بن حکم
کے امام حسن علیہ السلام کو زہر دلوایا اور تصدیق اسی قول کی کتب ذیل سے ہوتی ہے روضۃ الصفا

مدرقتہ الاحباب وتاریخ طبری وتاریخ حافظ ابرو وتاریخ صبح صادق وتاریخ احمد ابن عاصم کوفی وتاریخ ابوالفدا ومناقب مرتضوی ودر روضۃ الشہدا وسیر الاولیا وخزینۃ الاصفیا سے بخوبی ظاہر ہے کہ معاویہ نے امام حسن علیہ السلام کو زہر دلوایا بغرض اسکے کہ تا موجودگی امام علیہ السلام کے یزید پلید کو معاویہ اپنا جانشین نہین کرسکتا تہا اور کتاب حدیقۃ الحقایق مین بہی قدوۃ المحققین محرم اسرار الہی حضرت خواجہ حکیم سنائی قدس سرہ کہ کامل اولیار کبار سے ہین امر حق کی خبر دیتے ہین ۔

مثنوی خواجہ حکیم سنائی قدس سرہ

آنچہ گویم یقین شدہ پیشم
صد و ہفتاد و چند پارہ جگر
گر فرستاد مر ورا بر گوئے
او بود چند عقد مروارید
تو ببخشیدم و فرستادم
بہ پسر مر ترا درہم بزنے
چہ تبر در جہان ز خود کامی
جان بداد نہ زین غم و حسرت
بخشش یاد تا بروز جزا

جعدہ دخت اشعث آن بدزن
بدر انداخت زان لب چو شکر
زر و گوہر کہ نیست جائے وقوف
کز میراث ہائے ہندہ رسید
گر تو این شغل را تمام کنی
مر مرا دختری و جان دہنے
آنکہ دانی ہمین معاویہ اش
باد بر جان خصم او لعنت
اے سنائی بگوئے خوب سخن

حق بگویم من از کہ اندیشم
کہ ورا داد زہر صرف بفن
بد زمین زن لبوئے بر لب جوئے
کہ بذیرفت از درم مالوف
کین نکو عقد مر ترا دادم
خویشتن را تو نیک نام کنی
رفت باخود ببرد بدنامی
آنکہ درشاویہ ہست نژادیہ اش
صد ہزار آفرین بار خدا
در نثار گزیدہ و سید حسن

پس جب امیر المومنین امام حسن علیہ السلام نے شہادت پائی تو بعد جہگڑا مروان کے حضرت امام حسین علیہ السلام نے اور سب بہائیون نے اوپر تخت سپہر کرامت کے لیکر جنت البقیع مین لے گئے اور نزدیک دادی صاحبہ آپ کی کے یعنے پہلو مین فاطمہ بنت اسد کے دفن کیا اور عمر شریف آپکی صحیح قول سے سینتالیس برس کی تہی اور واقع ۴۹ھ ہجری کا ہے تاریخ ابوالفدا مین مسطور ہے کہ جب معاویہ کو شہادت امام حسن علیہ السلام کی خبر پہنچی تو اوس نے بہت خوشی کی ساتہہ سجدۂ شکر کا کیا اور تاریخ خمیس جلد دوم صفحہ ۲۹۰ مین مسطور ہے کہ جب معاویہ کو خبر شہادت حضرت امام حسن علیہ السلام کی پہنچی تو اوس نے باواز بلند تکبیر کہی اور کہا کہ بنی فاطمہ کی موت سب سے اعلیٰ ہے اور میرے قلب کو راحت بخشتی ہے اور تاریخ ابو حنیفہ دینوری مین ہے کہ جب وفات امام حسن علیہ السلام کی خبر معاویہ کو پہنچی تو اوسوقت حضرت عبداللہ بن عباس دمشق مین تہے جب وہ مجلس مین گئے تو معاویہ نے کہا کہ سنا تمنے کہ حسن علیہ السلام بن علی علیہ السلام ہلاک ہوا

[امام حسن] رضی اللہ عنہ نے جانا کہ معاویہ نے اپنی خوشی ظاہر کی عبد اللہ نے کہا اے معاویہ تو جو وفات حسن علیہ السلام سے خوش ہوا کیا تو قیامت تک حکومت کرتا رہیگا اور ہم اہلبیت نبی علیہ السلام مصیبت اور ماتم مین گرفتار ہین اللہ تعالے ہمکو صبر عنایت فرمائے یہہ کہکر مجلس مین چلے گئے ۔

باب سیزدہم دربیان بعضے حالات و انتقال معاویہ بن ابو سفیان

کتب تواریخ مین وارد ہے کہ بعد شہادت امام حسن علیہ السلام کے معاویہ نے مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ کے بزرگی کو دمشق مین لانی چاہی اس لئے اوس نے چاہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا عصاء مبارک اور منبر نبوی مدینہ سے اوٹھا لاوین اسنے یہہ ظاہر کیا کہ یہہ چیزین قاتلان حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے درمیان نہ رہنی چاہئین بڑی تلاش سے عصاء مبارک ملا لیکن جب منبر کو اوٹھانے لگے تو ایک عجب واقعہ پیش آیا یعنے سورج گرہن لگا اور تمام تاریکی ہوگئی اور دن مین ستارے روشن اور نمایان ہوئے اس سبب سے لوگون نے منبر نبوی کا لیجانا خلاف مشیت الٰہی سمجھا اور معاویہ نے اپنے زمانہ مین ایک نہر اُحد کے مقام مین ہوکر جاری کی اور سے تمام شہداء اُحد کے مزار شریف کہودے گئے اور دوسری جگہہ دفن کئے جب حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا مزار کہودا گیا تو آپکے پائے مبارک مین کدال کا زخم لگا اوس مین سے خون تازہ جاری ہوا کتاب اثنا رالبیت مین وارد ہے کہ لوگون کو معاویہ نے منع کیا کہ جو روایت موافق علیؑ کے ہووے اوسپر عمل نکرو اور نہ اوس روایت کو ظاہر کرو کتاب ازالۃ الخفہ شاہ ولی اللہ دہلوی مین وارد ہے کہ معاویہ نے اپنے ماتحت حکام کو بعد بیعت خلافت کے لکہا کہ جو کوئی فضائل علیؑ مرتضٰے کے بیان کرے تو تم تبرا کرو پس خطیبان نے حضرت علی علیہ السلام کو جمعہ کے روز معاذ اللہ لعنت کرنا شروع کیا بعدہ معاویہ نے اپنے عمال کو لکہا کہ محب علیؑ اور اہلبیت نبوی سے جو کوئی سررشتہ مین ملازم ہوا اوسکو موقوف کرکے صلح اور انعام اوسکو ندو اور جو کوئی دوست علی علیہ السلام پایا جاوے اوسکو سخت بلامین گرفتار کرو اور اوسکا گہر کہود ڈالو اور محدث جمال الدین و اصل شافعی امام حسن البصری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہین کہ حضرت حسن بصریؓ بہت افسوس کے ساتہہ حضرت حجر بن عدی بن حاتم طائی کے قتل کا حال بیان کرتے ہین کہ جب کوفہ مین مغیرہ بن شعبہ حاکم ہوا معاویہ کی طرف سے تو وہ روز جمعہ کے خطبہ مین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی ثنا اور دعا کرتا اور حضرت علی علیہ السلام کو معاذ اللہ گالیان اور تبرا کہتا تہا اور حضرت حجر مع اپنے اصحاب کے یہہ کہدیا کرتے تہے کہ یہہ لعنت تجہہ پر ہوگی مغیرہ مذکور اونکی برداشت کرتا تہا جب کہ زیاد بد نہاد کوفہ کا حاکم ہوا تو اوس نے بہی موافق

دستور اپنے کے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو دعا اور حضرت علی علیہ السلام کو تبرا کیا اور حجر بن
عدی نے اپنے دستور کے موافق کہڑے ہو کر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ثنا اور منقبت بیان کی یہہ
بات زیاد ولد الحرام کو بہت ناگوار معلوم ہوئی فوراً اونکو گرفتار کرکے قید خانہ میں بہیجا اور بارہ
مہینے بعد ان شاہدین اور تیرہ اصحاب ہمراہی اونکے سبکو پا بزنجیر کرکے معاویہ کے پاس روانہ کیا جب
وہ معاویہ کے پاس پہنچے اون مین چہہ آدمی جنہون نے تبرا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کیا بہ سفارش
اپنے رشتہ دارون کے رہا ہوئے باقی سبکو بحکم معاویہ قتل کیا گیا۔ مورخ کہتے ہین کہ حجر بن عدی نہ
بڑے دیندار اور عابد اور زاہد تہے ہرچند کہ حضرت ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے
اونکی سفارش مین خط بہیجا لیکن وہ پہلے ہی شہید ہو گئے تہے اور ایسی ایسی حکایات معاویہ کے
ظلم کی بہت ہین اس مختصر مین گنجایش نہین معاویہ جب زندگی سے مایوس ہوا تو اوس نے وہ کام
کرنا چاہا کہ حکومت اوسکے خاندان مین موروثی ہو جاوے اس لئے پہلے اوس نے اپنے بیٹے یزید کو اپنا
جانشین کیا اور ہر شہر کے حاکم کو لکہا کہ وہان سے اوسکے بیعت کے واسطے نایب لوگ آوین معاویہ کی
غرض اس سے یہہ تہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہل بیت خلافت سے محروم رہین اگرچہ
یزید سے لوگ متنفر تہے لیکن تلوار اور زر و سیم کے زور سے معاویہ نے لوگون پر ایسا زور ڈالا
تہا کہ ہر ملک کے لوگ آئے اور یزید سے بیعت کی بنی امیہ کی سلطنت ہزار مہینے قایم رہی اور یہہ
لوگ فرعونی کہلائے سوائے عمر ابن عبدالعزیز کے آخر کو اونکی قبرین عباسیون نے اوکہڑوادین معاویہ
کی قبر مین صرف قدرے خاک ملی اور یزید پلید کی قبر مین سیاہ راکہہ کا لنبا تودہ تہا۔ شاہ عبدالحق
محقق دہلوی جذب القلوب مین لکہتے ہین کہ معاویہ نے بحالت مرض الموت یزید پلید کو اپنے پاس
طلب کیا اور کہا کہ مین خوب جانتا ہون کہ تجہکو اہل مدینہ سے ایکدن واقعہ پیش آویگا سو تجہکو مناسب
ہے کہ علاج اوسکا مسرف سے کرانا کہ مسرف سے زیادہ لایق کوئی اس کام کے واسطے نہین ہے چنانچہ
یزید نے حسب وصیت پدر مہم مدینہ طیبہ پر اوسکو بہیجا اور جو ظلم اور ستم اوس نے اہل مدینہ طیبہ کے
کیا ظاہر ہے۔ صاحب مناقب مرتضوی ان مقدمات کی بابت لکہتے ہین کہ آخر کار اثر دود داہ دل
حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور اہل بیت مصطفے علیہ السلام اور مالک اشتر
و حجر بن عدی و عمر و حمق وغیرہم کا وقت مقررہ پر معاویہ تک پہنچا جیسا کہ تاریخ احمد عاصم کوفی
مین مسطور ہے کہ ایکروز رات کو معاویہ قضاء حاجت کے واسطے کسی مقام پر باہر آیا اور ایک چاہ
کو جہانکا اوس چاہ کے بخارات اوسکے منہہ پر لگے پس اوسیکے سبب سے تمام بال ڈاڑہی اور مونچہہ کے

اور بگئے اور علت لقوہ ہو گئی اور سخت بیمار ہو گیا یہان تک کہ مکان پر آنا دشوار ہو گیا بشکل تمام
بستر پر پہنچا اور جاتے ہی بیہوش ہو گیا دوسرے روز لوگ یہہ خبر سنکر فوج فوج اُسکی عیادت کو
گئے اور دعائین دیکر چلے گئے جب معاویہ تن تنہا رہا تو دل تنگ ہوکر رونے لگا لوگون نے کہا
کیون روتا ہے اوس نے کہا اسواسطے روتا ہون کہ بہت سے کام خیر تھے کہ اوسپر مین قادر تہا لیکن
شومی نفس سے مین نے اونکو نکیا اسواسطے اپنے حال بد انجام پر روتا ہون اور یہہ بیماری ایسے
ایک عضو پر ظاہر ہوئی ہے کہ وہ ہمیشہ کہلا رہتا ہے اور یہہ سب بلائین میرے اوپر بسبب حق
علی ابن ابی طالب کے پڑی ہین کہ دیدہ و دانستہ مین نے اونکے ساتہہ ظلم کیا اونکا حق غصب
کیا اور حجر بن عدی بن حاتم اور تمام اصحاب اونکے کو ناحق قتل کیا اور مین یہہ تمام بلائین
بسبب محبت فرزند دیدہ یزید کے دیکہتا ہون اگر اوسکی محبت نہوتی تو مین سیدہی اور سچی راہ
پر چلتا لیکن محبت یزید نے مجہکو ان حرکات اور شعار بات پر قایم رکہا اور آ چکے دن دشمن مجہے
ہنستے ہین ۔ لکہا ہے کہ وہ علت اوسپر قائم تہی اور ہر شب کو خوابہائے پریشان دیکہتا تہا اور
ہر خواب مین لحظہ لحظہ ڈرتا تہا اور اکثر ہذیان بکتا تہا اور بیقرار ہوکر پانی طلب کرتا تہا ہر چند پانی
بہت پیتا لیکن تشنگی کم نہوتی تہی اور ہر لحظہ غشی ہوتی جاتی تہی اور ایک ایک دو دو روز بیہوش
رہتا تہا اور جب ہوش مین آتا تو باواز بلند کہتا کہ آہ اے علی ابن ابی طالب مین نے تجہسے کیون
جنگ کیا اور اے حجر بن عدی مجہکو تجہسے کیا کام تہا اور اے عمرو بن حمق مین نے تجہکو ناحق کیون
قتل کیا غرض اسی حالت مین موت نے آ گہیرا اسی برس کی عمر اور سنہ ۶۰ ہجری تہی ۔ القصہ یہہ
حکایت اسواسطے لکہی گئی کہ یہہ بات کرامات امیر المومنین علی مرتضے علیہ السلام اور امام حسن
مجتبے اور ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم سے تہی کہ دشمن اونکے اسطرح اس جہان سے
گئے ہین اور اب ہم ساتہہ حکم آیۃ کریمہ اور دو حدیث نبوی صحیحہ کے لکہتے ہین ۔ **قولہ تعالی**
ومن یقتل مؤمنا متعمدا فجزاؤہ جہنم خالدا فیہا وغضب اللہ علیہ ولعنہ واعد لہ عذابا
عظیما ۔ ترجمہ یعنی جو شخص قتل کرے مومن کو جانکر پس جزا اوسکی جہنم ہے ہمیشہ رہیگا اوس مین
اور غضب ہوگا اللہ تعالی کا اوسپر اور لعنت اور کیا جائیگا اوسپر عذاب عظیم ۔ **حدیث شریف**
اول کل ذنب عسی اللہ ان یغفرہ الا من مات مشرکا او قتل مؤمنا متعمدا ترجمہ یعنی
ہر گناہ اللہ تعالی بخشدیگا لیکن جو شخص مشرک مرا اور جو شخص کہ قتل کرے مومن کو جانکر یہہ حدیث
نقل ابو داؤد اور صحیح نسائی مین بروایت حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کے ہے ۔ **حدیث شریف دوم**

من اعان علی قتل المؤمن شطر کلمۃ لقی اللہ مکتوبا علیہ بین عینیہ آیس من رحمۃ اللہ جمیع ابن ماجہ عن ابی ہریرۃ

سے روایت ہے کہ جس شخص نے اعانت اور مدد کی اوپر قتل مومن کے صرف ایک کلمہ کے پس محروم ہوگا وہ شخص رحمت خدائے تعالےٰ سے۔ پس چاہیے کہ کشندہ اہل بیت نبوی اور زوجہ طاہرہ رسول کریم کو دائرہ اسلام سے خارج جانیں اور بے شک وہ مشرک شمار ہو کا بیت آنکہ او رو سوئے پیمبر و عداوت داشت ☙ وین رو سوئے بی سود نداشت ☙ **فائدہ** اہل اسلام انصاف کرین کہ معاویہ نے ان حضرات کو مسلمان جانا یا نہین اور ہمارے مذہب کے علمار تو یہہ کہتے ہین کہ جو شخص حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا قائل نہین وہ کافر ہے کیا معاویہ بھی حضرت علی علیہ السلام کی خلافت کا قائل تہا جسکو اکثر مسلمان اپنا مجتہد شمار کرتے ہین۔ بغداد مین حضرت خواجہ علی بغدادی کہ علمار معتبرین اہل سنت سے تھے وہ حضرت زیارت نقشہ مزار شریف سید الشہداء کیا کرتے اور یزید پلید پر اور ہمراہیان اوسکے پر لعنت کیا کرتے تھے لوگون نے اون سے دربارہ معاویہ کے کہا کہ کیا کہتے ہین آپ خواجہ نے فرمایا کہ پدر اوسکے نے دندان مبارک رسول اللہ صلی اللہ علیہ و الہ وسلم شہید کئے اور مادر اوسکی نے جگر پاک عم رسول اللہ حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا اپنے دانتون سے چابایا اور وہ اوس نے حضرت علی علیہ السلام سے عمر بھر عداوت کی اور تبرا کہوایا اور امام حسن علیہ السلام کہ جگر گوشہ رسولؐ کا تہا زہر سے شہید کرایا اور پسر اوسکے یزید نے خاتمہ آل عبا کا کیا۔ اور امام شافعی علیہ الرحمۃ روایت کرتے ہین اپنے اوستاد ربیع رحمۃ اللہ علیہ سے کہ وہ فرماتے ہین چار شخصون کی گواہی صحابہ مین سے میرے نزدیک نامقبول ہے۔ معاویہ بن ابوسفیان اور عمرو بن عاص اور مغیرہ بن شعبہ اور زیاد بن سمیہ اور معتبر مورخ لکہتے ہین کہ یہہ لوگ تمام عمر اپنی زندگی کی حالت مین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خلافت کے منکر رہے اور آل رسول علیہ السلام پر ہمیشہ تبرا کرتے رہے اور اکثر اہل تواریخ نے عمرو عاص اور زیاد بدنہاد کو ولد الحرام لکہا ہے۔ **نظم** چہ خطر دارد آل بوسفیان ☙ کہ برانند نام شان بزبان ☙ آل مروان و آل سعد و زیاد ☙ کہ برافتند جز براہ عناد ☙ در رہ دین زیک زیاد بدالد ☙ طاغیان ہمچو قوم عاد بدانند ☙ با علی کے بود مخنث دوست ☙ کہ یزید پلید نائب اوست ☙ آنکہ را عمرو عاص باشد پیر ☙ با یزید پلید باشد اسیر ☙۔

باب چہاردہم دربیان شہادت امام حسین علیہ السلام

جب معاویہ مرا تو یزید پلید اپنے باپ کا جانشین ہوا اسکی تاریخ جانشینی کی ماہ رجب سنہ ہجری مین ۶۰

اور دل یہی خواہش یہہ ہے کہ میری بیعت اہل مدینہ کرین اسواسطے ایک خط بنام ولید بن عتبہ حاکم مدینہ کو
لکھا کہ میری بیعت امام حسین علیہ السلام سے اور دیگر عمایدِ مدینہ سے لو اور اگر انکار کرین تو اونکا سر کاٹکر
اس خط میں روانہ کر لکہا ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام نے بیعت سے انکار کیا تو مروان نے ولید کو مشورہ
دیا کہ اونکا سر کاٹ لے پس ولید نے کہا اے مروان تو مجھکو قتل ابن رسول اللہ کی ترغیب دیتا ہے اور نہین
جانتا کہ حق تعالے بروز حساب قاتل حسین علیہ السلام کو عذاب عظیم مین گرفتار کریگا ۔ **قطعہ** ۔
روز جزا کشندۂ فرزند مصطفے * بے شبہہ لایق درکات جہنم است * پس کور دل کسے کہ کند قصد سروری
کو نور چشم سید اولاد آدم است * جب مدینہ مین مروان الحکم ظالم نے امام حسین علیہ السلام کو تنگ کیا
تو آپ نے ارادہ روانگی مکہ کا کیا اور روضہ مقدس رسول کریم پر تشریف لائے اور سلام کرکے عرض کیا
کہ یا رسول اللہ مین فرزند آپکی دختر فاطمہ زہرا کا ہون اور مین وہ ہون کہ آپ نے وقت رحلت اپنی کے
اپنی امت سے میری رعایت اور تعظیم اور تکریم کی وصیت فرمائی تہی اور شرف اولاد اپنی کا بہ نکتہ اذکر
کم الله فی اهلبیتی کے جتایا تہا یعنے قسم دیتا ہون تمکو اللہ تعالے کی بیچ تعظیم اہلبیت اپنی کے سو یارسول اللہ اون
امت نے فرمان آپکا اور بہلا دیا اپنے دل سے اوسکو اور مجھکو محروم اور مہجور چھوڑا پس یہہ مجمل بیوفائی
اُن جفاکارون کی ہے اور جب ملاقات کرون مین آپ سے یا رسول اللہ تو اوسوقت مفصل حال بیان
کرونگا پس یہہ کہکر بہت روئے اور نماز ادا کرکے سر اپنا مزار اقدس پر رکہا اور چشم بند کی یہانتک کہ دیکھا
خواب مین کہ رسول اللہ معہ ملایکہ کبار کے تشریف لائے اور امام حسین علیہ السلام کو اپنے سینہ مبارک سے
لگایا اور درمیان دونون چشم کے بوسہ دیا اور فرمایا اے حسین گویا مین دیکھتا ہون کہ عنقریب لوگ امت
میری کے کربلا مین تجھکو شہید کرین گے اور تو بیچ تشنگی کے ہوگا اور وہ پانی نہ دینگے اور باوجود اس حرکت
کے بہی میری شفاعت کی امید کرین گے لیکن وہ شفاعت میری سے محروم رہین گے اور اے حسین تیری مادر
اور پدر و برادر دنیا سے میرے پاس ملول آئے ہین اور تیرے دیدار کے مشتاق ہین اور تو بہی اندوہناک
اور غمگین میرے پاس آویگا اور تیرے واسطے بہشت مین درجات عالی ہین کہ وہ بدون شہادت کے
نہین پا سکتا ہے حضرت امام حسین نے عرض کیا خواب مین کہ یا جداہ مین اب دنیا مین واپس جانا نہین
چاہتا ہون مجھکو پکڑ لو اور قبر مین اپنے پاس لیلو آنحضرت صلعم نے فرمایا اے حسین تجھکو بغیر رجوع دنیا کے
چارہ نہین اسواسطے کہ شہادت پاکر ثواب عظیم کو پہنچیگا پس امام حسین علیہ السلام خواب سے بیدار ہوئے
اور خیال جمال مبارک جد بزرگوار نظر مین تہا اور سرور بشارت شہادت اور مژدہ پہنچنے درجات عالی
کا کانون مین بہرا ہوا تہا **بیت** خواب و بیداری شان ہر دو یکے * خواب بصورت مین ہمیشہ در نظرے *

دوسرے روز جنت البقیع میں واسطے زیارت امام حسن علیہ السلام کے تشریف لیگئے اور بھائی سے
رخصت طلب کرکے اوپر قبر شریف والدہ بزرگوار کے آئے اور عرض کیا السلام علیک یا اماں حسین
واسطے رخصت کے خدمت عالیہ میں حاضر ہوا ہے پس روضۂ اطہر فاطمہ علیہ السلام سے ایک آواز
آئی کہ وعلیک السلام اے مظلوم مادر اور اے شہید مادر پس امام حسین علیہ السلام اوس جگہ پر دیر تک روتے
رہے اور رخصت ہوکر پھر اوپر مزار شریف رسول اللہ صلعم پر آئے تاکہ آخر مرتبہ رخصت بجالاویں پس
سلام کیا اور رخصت چاہی اور نماز ادا کی اوسیوقت خواب نے غلبہ کیا حضرت رسول کریم کو پھر خواب میں
دیکھا کہ سر مبارک حسینؑ کو اپنی گودی میں لیا امام حسین علیہ السلام نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ جفائے
بیوفا سے لاچار ہوں اور بغیر دست آپکی زیارت سے محروم رہتا ہوں اور ایسا دیکھتا ہوں کہ پھر آپکی زیارت
مجھکو نصیب نہوگی پس فرمایا خواجۂ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نزدیک ہے کہ میرے پاس پہنچے تو اور دیکھتا
ہوں میں تجھکو بھوکا اور پیاسا اوپر خاک کربلا کے پڑا ہوا اور تن نازنین تیرا زخموں سے چور چور ہوا اور
سر تیرا تن نازک سے جدا ہووے اور اے حسینؑ صبر کیجو اسوقت پر اور اپنے کام میں مردانہ رہیو
اور بہت مدت نگذریگی کہ تو بھی مانند اپنے باپ اور بھائی اور مادر کے مغموم اور مظلوم نزدیک میرے
آویگا لیکن جب میرے پاس آویگا تو اوپر خوان بہشت کے بیٹھے اور میوہ مراد درختان عنایت خالق
العباد سے چنیگا تو امام حسین علیہ السلام روایت کرتے ہیں کہ دیکھا میں نے کہ چہرۂ مبارک رسول خدا جو کہ
گلناری تھا وہ زعفرانی ہوگیا اور بال مبارک گرد اور غبار میں آلودہ تھے پس ڈرا میں اور عرض کیا
یا رسول اللہ کیا حالت ہے اسوقت آپکے اوپر پس فرمایا کہ اے نور دیدہ من واے فرزند پسندیدہ
من یہہ نشان ہے خاک کربلا کا جو کہ تو دیکھتا ہے پس امام حسین علیہ السلام خواب سے بیدار ہوئے اور
اپنی شہادت کو یقینی جانکر ترک وطن کا ارادہ کیا اور سب اہلبیت کو ہمراہ لیکر چوتھی شعبان سنہ ۶۰ ہجری
روز جمعہ کو مکہ معظمہ میں پہنچے اور ماہ شعبان اور رمضان وشوال تک مکہ میں قیام فرمایا اسی عرصہ میں
کوفیوں کے ڈیڑھ سو خط متواتر پہنچے تب آپنے مجبور ہوکر اپنے بھائی عم زادہ حضرت مسلم بن عقیل رضی
اللہ عنہ کو کوفہ کی طرف روانہ فرمایا جب حضرت مسلم کوفے میں پہنچے لوگوں نے بہت تعظیم کی اور
اٹھارہ ہزار آدمیوں نے بیعت کی اور روز بروز تعداد بڑھتی گئی یہاں تک ایک لاکھ چالیس ہزار آدمی
کی تعداد ہوگئی اور سب باتوں کی خبر متواتر حضرت مسلم نے امام حسین علیہ السلام کو پہنچائی لیکن نعمان بن
بشیر جو حاکم کوفی کا تھا اس امر میں چشم پوشی کی مگر یہہ سب خبر یزید بن معاویہ کو دمشق میں پہنچتی تھیں
اسواسطے اوس نے عبید اللہ بن زیاد بدنہاد حاکم بصرہ کو لکھا کہ کوفے کی حکومت اپنے تصرف میں لاوے

الغرض پوشیدہ طور سے وہان پہنچے اس نے اس نازک حالت کو دریافت کیا اور تہوڑسے آدمی سے عربی
لباس پہن کوفہ مین پہنچا اہل کوفہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے انتظار مین تہے کہ عبید اللہ ابن زیاد
رات کے وقت وہان پہنچا لوگون نے اوسکو نواسہ رسولؐ اللہ سمجھکر گہیر لیا لیکن سوارون نے کہا کہ تو
عبید اللہ ابن زیاد ہے پس لوگ افسردہ ہوکر پیچہے کو ہٹ گئے اور ابن زیاد قلعہ مین داخل ہوا اور طرف
داران امام علیہ السلام کے مجمع کو توڑ دیا یہان تک حضرت مسلمؓ اکیلے رہگئے چونکہ حضرت مسلم خوبی
سے بہت سے آدمیون سے جنگ کی مگر آخر کو لوگون نے گرفتار کیا اور ابن زیاد بدنہاد کے پاس
لیگئے اوس نے قلعہ کی دیوار پر سے گرواکے شہید کرا دیا اور دو صاحبزادے جو پوشیدہ ہو گئے تہے
پکڑوا کر اونکو بہی شہید کرایا اور سر مبارک حضرت مسلم کا یزید پلید کے پاس روانہ کیا شہادت حضرت
مسلم کی آٹہوین ذی الحجہ کو ہوئی اور حضرت مسلم رضی اللہ عنہ کے دو صاحبزادے محمد اور ابراہیم کو
بہی ابن زیاد بدنہاد نے کوفہ مین سے ڈہونڈہوا کر شہید کروا دیا تہا۔ اور جس تاریخ حضرت مسلمؓ شہید ہوگئے
اوسی تاریخ حضرت امام حسین علیہ السلام نے مع اہلبیت اطہار کے کعبہ سے کوچ کیا حضرت امام کو عبد اللہ
ابن عباس نے بیوفائی کوفیونکی جتائی اسپر آپ نے فرمایا کہ ایک مینڈہا محرم شریف مین ذبح ہونے والا ہے
مین نہین چاہتا ہون کہ وہ مینڈہا یہان رہکر مین بنون اور حرم محترم کی حرمت میرے سبب سے جاتی رہے
پس امام نے کوچ کیا اور منزل بطن الرمہ مین پہنچے وہان سے ایک خط کوفے کو بدست قیس بن مسہر کے
روانہ کیا ابن زیاد نے اونکو گرفتار کیا اور کہا کہ حضرت علی اور حسنین علیہم السلام پر لعنت کر جب قیس نے
انکار کیا تو اونکو برج قلعہ پر سے گروا دیا اور وہ شہید ہوئے حضرت امام حسین علیہ السلام نے حضرت مسلم
اور اپنے قاصد کا حال سنکر بہت گریہ کیا اور ایک آیت قرآن مجید کی پڑہی جسکا مضمون یہہ تہا۔ اے
اللہ تعالے اونکا مکان باغ جنت مین ہو اور ہمکو بہی اونہین کے ساتہہ اپنی رحمت مین بلا۔ دوسرے
روز منزل ثعلبہ مین پہنچے اور اپنی ہمشیر صاحبہ زینب کی گود مین آرام فرمایا ناگاہ خواب سے بیدار ہوئے
اور آنکہون سے آنسو جاری تہے حضرت ام کلثوم نے عرض کیا کہ اے جگر گوشہ رسولؐ اللہ واے نور دیدہ
مرتضےٰ واے سرور سینہ فاطمہ علیہم السلام کیون گریہ کرتے ہو خیر تو ہے امام مظلوم نے فرمایا کہ اسوقت
مین نے جد بزرگوار اپنے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین دیکہا ہے روتے ہوئے اور
فرماتے ہین اے حسینؑ بہت جلد تو میرے پاس آویگا اور ایک سوار کو دیکہا کہ وہ میرے پاس کہڑا ہوا کہتا
ہے کہ جلدی کرو کہ موت بہی تمسے جلدی کرتی ہے پس بیدار ہوا مین اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے رونے سے مین بہی روتا ہون یہہ حال سنکر حضرت ام کلثوم اور تمام بیبیان حرم عصمت کی

بہت گریہ کیا اسی حالت مین آپکو ایک ہزار سوار کا رسالہ معہ سرداری حر قوم تمیمہ کے ملا اور حر نے کہا کہ ہم
ابن زیاد کے بھیجے ہوئے ہین اور آپکو گرفتار کرکے کوفے کو لیجاوینگے یہہ بات ظاہر مین بیان کی اور
حضرت امام علیہ السلام سے کچھہ حال بیان کیا پوشیدہ ہوکر اور یہہ بھی کہا کہ آپ شب کے وقت کسیطرف
کو تشریف لیجاوین اور ظلم ظالم سے نجات پاوین چنانچہ آپ تین شب متواتر چلے مگر اوسی کربلا کی زمین
مین ہر بار تشریف لائے آخر کو دریافت کیا کہ یہہ کونسی سرزمین ہے لوگون نے عرض کیا کہ یہہ مقام کربلا
ہے پس فرمایا امام مظلوم علیہ السلام نے - ترجمہ **نظم** - گر نام این زمین بیقین کربلا بود * اینجا نصیب
ہمہ کرب و بلا بود * اینجا بود کہ تیغ بر آل نبی کشند * وینجا بود کہ ماتم آل عبا بود * کار مخدرات من
اینجا تبہ شود * پشت مبارزان من اینجا دوتا بود * ریزند در مصیبت من آب چشم خویش * ہر مرغ و
ماہی کہ در آب و ہوا بود * پس حضرت امام حسین علیہ السلام نے کربلا مین نہر فرات کے کنارے قیام
کیا۔ تاریخ طبری مین ہے کہ امام مظلوم نے خواب مین دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معہ
فرشتون کے تشریف لائے اور فرمایا اے حسین دشمن تیرے قتل کو تیار ہین لیکن یہہ لوگ قیامت
روز میری شفاعت نہ پاوینگے اور واسطے تیرے بہشت آراستہ اور مادر و پدر تیرے منتظر ہین پس
یہہ کہکر بہت روئے اور ہاتھہ اوپر سینہ مبارک امام حسین علیہ السلام کے مارکر فرمایا اللھم اعط حسین
صبرا واجرا ۔ اے خدا حسین کو صبر اور اجر دونون عطا فرما - جب عبید اللہ ابن زیاد کو خبر امام مظلوم
کی کربلا مین وارد ہونے کی پہنچی تو اوس بدنہاد نے چالیس ہزار سے زیادہ لشکر بسرداری عمر بن سعد و
شمر ذی الجوشن و یزید کلبی و حصین بن نمیرہ سکونی و عمرو بن قیس و نصر شامی و حجاج بن الحر وغیرہ لعینون
کے بھیجا ان ظالمون نے ساتوین محرم کو خیمہ ہائے اہلبیت مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہر فرات سے
اوٹھا دیئے اور اہلبیت نبوی پہ پانی بند کیا اور تین روز تک اہلبیت اطہار اور طفلان شیر خوار مارے
پیاس کے العطش العطش کرتے تھے اور کوئی شقی ازلی فریاد نہ سنتا تہا ۔ **نور الائمہ** روایت کرتے ہین
کہ دسوین شب اوائل صبح مین بلبان آسمان سے یہہ آواز آئی کہ یا خیل اللہ ارکبی یعنے اے لشکر خدا
تعالے کے سوار ہو کہ ہنگام جنگ آپہنچا اور کہڑے ہو جاؤ کہ وقت رحلت منزل پر پہنچا پس یہہ آواز
ام کلثوم نے سنی اور مانند بیہوشون کے روتی چلاتی امام حسین علیہ السلام کے پاس پہونچین اور کہا کہ
اے بہائی یہہ آواز آپنے بہی سنی جو آسمان پر سے آئی حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ اے بہن
اور اس سے زیادہ عجیب دیکہا مین نے کہ اسوقت سے ایک لحظہ پیشتر تو ذرا صرف چشم میری لگا آسمان کا
نظارہ گلشن ملکوت مین مشغول ہوا ساتہہ حکم ورثہ جدی محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گر

قریب تہا کہ اونکا دنیا ہی طرف ہی چشم بہ خواب کے تہی اور دل بیدار تہا پس دیکہا مین نے خند کتون کو کہ مجہیر
حملہ کرتے ہین اور ایک کتا کہ مار شتی زیادہ ہو تکا ہے اور نزدیک میرے آلگا ہے پس مجہکو گمان ہے کہ قاتل
میرا ابرص ہوئیگا اور اسکے بدن پر سفید داغ برص اور ساتھہ اسی حالت خواب کے جد بزرگوار میرے محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکہا کہ آپ فرماتے ہین اے فرزند من و اے آل محمد و اے مظلوم ترین فرزندان
من اسوقت تمام انبیار علیہم السلام واسطے استقبال روح تیری کے آئے ہین اور ساتھہ مرتبہ بزرگ اور
درجات عالی کے بشارت دیتے ہین پس تو بہی کوشش اور سعی بلیغ کر اور آج کی رات ہمارے پاس روزہ
افطار کر اور توقف کو روا نکرنا اور بہی دیکہا مین نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھہ ایک
فرشتہ پس فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ اے حسین اسکو جانتے ہو تم عرض کیا کہ نہین پس فرمایا یہہ فرشتہ ہے
اور زمین پر آیا ہے ساتھہ شیشہ سبز کے اسواسطے کہ خون تہارا اوس شیشہ مین بہرے اور نگہبانی کرے
حضرت ام کلثوم یہہ سنکر زار زار گریہ کرتی تہین پس امام حسین علیہ السلام نے فرمایا اے بہن صبر کر اور
سب اہلبیت میری کو لا کہ وقت الوداع کا قریب ہے۔ **بیت** الوداع اے دوستان کین دم
سفر خواہیم کرد ✤ مسکن اصلی خود جائے دگر خواہیم کرد ✤ پس تمام اہلبیت جمع ہوئے اور حضرت امام
مظلوم ہر ایک بچے کا منہہ پکڑ پکڑ کر چومتے اور سینہ سے لگاتے جاتے تہے اس حال کو اہل حرم نے دیکہکر
شور اور غل مچایا اور کشتی صبر و شکیب کی بیچ گرداب اضطراب کے پڑی **بیت** اشک کا دریا ہر ایک
کی چشم سے جاری ہوا ✤ کربلا مین آہ شور نالہ و زاری ہوا ✤ الغرض بعد رخصت اور وداع کے امام
مظلوم نے اپنے یاروں اور عزیزوں کے ساتھہ نماز صبح تیمم سے ادا فرمائی اور یاد الہی مین مشغول ہوئے
مگر ناگاہ آواز نقارہ حربی کی لشکر اعدا مین بلند ہوئی اور فوج نے میدان مین برا بانمہا اور ہل من
مبارز کی آواز بلند کی پس حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے خیمہ مین تشریف لائے اور عمامہ پیغمبر خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سر مبارک پر رکہا اور شمشیر حمایل کی اور زرہ زیب بدن کر کر باہر آئے اور
گہوڑے رسول کریم پر سوار ہوکر مع لشکر خدائے تعالے کے میدان مین تشریف لائے اور آواز بلند فرمایا
کہ اے اہل عراق و شام تمکو قسم ہے خداتعالے کی تم یہہ جانتے ہو کہ مین نواسہ رسول اللہ کا اور جگر پارہ حضرت
فاطمہ زہرا اور فرزند علی مرتضے اور برادر امام حسن مجتبے کا ہون اور چچا میرا جعفر طیار طائر جنت عالی کا
اور پدر بزرگوار کا چچا امیر حمزہ سید الشہدا ہے جب یہہ آپ نے فرمایا تو اوس قوم بدانجام نے کہا کہ ہان
یہہ تیرا کہنا سب سچ ہے اوسوقت امام مظلوم نے فرمایا جبکہ تم مجہکو سچا جانتے ہو تو کیونکر میرا قتل کرنا تم نے
درست جانا ہے اور وہ پانی کہ جو یہود اور نصارا اور جانور اور سگ اور خوک پیتے ہین اوس کو تم نے

اہلبیت رسالت اور جگر پارہ نبی کریم پر بند کیا ہے کہ جسکے سبب اہلبیت میرے کی جان ہلاکت کو پہنچی
اور جھوٹا مجھکو طالب کیا اور آج میرے قتل پر تیار ہو کل کے روز خدائے تعالے اور رسول کریم کو
کیا جواب دوگے بیت لرزت العرش روز قیامت کو جبکہ آہ و کہونگے وائے وائے شہیدان کربلا
جب انکو امام [illegible] نے فرمایا الحمد للہ میری حجت تم پر تمام ہوئی یہہ فرماکر اپنے لشکر میں تشریف لائے جب
امام مظلوم کی آواز حر بن یزید ریاحی تمیمہ کے کان میں پہونچی اوس نے اپنا گہوڑا جانب داری امام برحق
دوڑایا معہ اپنے بہائی اور پسر اور غلام کے حاضر ہوا اور عرض کی کہ یا ابن رسول اللہ میں نے اول آپکو
روکا تہا اور اب میں ہی آپ کے اوپر اپنی جان فدا کرونگا اور ان اعداء دین سے جنگ کرونگا تاکہ شفاعت
جد بزرگوار تمہارے کی روز قیامت مجھکو نصیب ہو پس جنگ کی اجازت فرمائیے چونکہ ہر غازی کی جنگ
کا تحریر کرنا اس رسالہ میں طول ہے اسواسطے شہداء کربلا کے نام حسب ترتیب تحریر ہیں ۔

حر بن ریاحی تمیمی و مصعب برادر حر علی بن حر عمرو غلام حر زہیر بن اسد عبد اللہ بن کلب بریر بن خضیر
[illegible] وہب بن عبد اللہ کلبی عمرو بن خالد ازدی خالد بن عمرو سعد بن حنظلہ تمیمی عمر بن عبد اللہ مذحجی
قاص بن مالک شریح بن عبد اللہ مسلم بن عوسجہ اسدی حبیب بن عوسجہ ہلال بن نافع بجلی جدید نوشہ
ہاشم بن عتبہ بن وقاص برادرزادہ سعد بن وقاص حبیب ابن مظاہر حافظ صحابی رسول اللہ حرہ غلام
ابوذر صحابی یزید بن مہاجر جعفی انیس بن معقل اصحی عبد اللہ بن یزنی یحیی بن سلیم المازنی عبد اللہ بن
عروہ غفاری عبد الرحمن بن عروہ غفاری مالک بن انس بن مالک عمرو بن مطالع الجعفی عابس بن
شبیث شاکری غلام عابس حجاج بن مسروق موذن امام حسین علیہ السلام سیف بن حارث بن سریع
مالک بن عبد بن سریع غلام ترک امام زین العابدین علیہ السلام حنظلہ بن سعد عجلی یزید زیاد الشعبا سعد
بن الحنفی جنادہ بن حارث عمرو بن جنادہ مرہ بن ابی مرہ غفاری محمد بن مقداد رضی اللہ عنہ عبد اللہ بن
ابو جانہ رضی اللہ عنہ قیس بن منبہ قیس بن ربیع اشعث بن سعد عمرو بن قرظہ حنظلہ عماد بن انس
محمد بن انس اسد بن ابی دجانہ پیروان غلام امام حسین علیہ السلام قاسط بن زہیر تغلبی کردوس
بن زہیر تغلبی سلمان غلام امام حسین علیہ السلام فضل بن علی علیہ السلام عبد اللہ بن مسلم رضی اللہ عنہ
جعفر بن عقیل عبد الرحمن بن عقیل محمد بن عبد اللہ عون بن عبد اللہ یہ فرزندان حضرت زینب علیہا السلام
کے ہیں عبد اللہ بن امام حسین علیہ السلام حضرت قاسم بن امام حسین علیہ السلام نوشہ ابو بکر بن علی علیہ السلام
حضرت عمر بن علی علیہ السلام حضرت عثمان بن علی علیہ السلام حضرت جعفر بن علی علیہ السلام حضرت
عون بن علی علیہ السلام حضرت عباس بن علی علیہ السلام حضرت علی اکبر بن امام حسین علیہ السلام

حضرت علی اصغر معصوم بن امام حسین علیہ السلام اجمعین۔ یہہ سب کربلا مین تین پہر کے عرصہ مین شہید ہوگئے اور حضرت امام حسین علیہ السلام تن تنہا مع مخدرات اہلبیت نبوت کے باقی رہگئے پس آہ و سوزناک جگر سے کھینچکر فرمایا **ترجمہ کلام** اے دریغا دیدہ انصاف گر بینا بدی ✚ سبط پیغمبر چرا در کربلا تنہا بدی ✚ بر غریبی حسینؑ و درد او بگریستی ✚ حضرت ختم النبیین گر دران صحرا بدی ✚ بیکسے تو انستی کشیدن تیغ در رویش کسے ✚ گر علی مرتضےٰ با ذوالفقار آنجا بدی ✚ فاطمہ از حسرت اندوہ لب تشنگان ✚ جامہ بر تن چاک کردی گر دران غوغا بدی ✚ گر حسنؑ بودی دران صحرائے پر کرب بلا ✚ از غم و شور برادر والہ و شیدا بدی ✚ راوی کہتا ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کہ بشدت بیمار تہے اور طاقت نشست و برخاست کی نہ تہی لیکن جب دیکہا پدر بزرگوار اپنے کو تنہا پس بستر سے کہڑے ہوئے اور نیزہ ہاتہہ مین لیکر میدان جنگ کی جانب کو چلے جب دیکہا امام برحق نے کہ فرزند بیمار میدان کو جاتا ہے پس بہ تعجیل تمام دوڑے اور فرمایا اللہ اللہ اے فرزند لوٹ پیچہے کو کہ نسل میری دنیا مین تجہسے باقی رہے گی اور تو باپ اماموں اہلبیت نبوی کا ہے اور تیری نسل قیامت تک منقطع نہوگی اور مین تجہکو وصی اپنا گردانتا ہے اور جو امانت جد بزرگوار اور پدر عالی وقار سے پائی ہے وہ تیرے سپرد کرتا ہون ایک قرآن کہ کلام الٰہی ہے و دیگر مصحف فاطمہ و جفر ابیض و جامع و جفر احمر و علم قیافہ و مزبور اور باقی علوم کہ سوائے ائمہ اہلبیت نبوت کے اور کسیکو ان علوم کی اطلاع نہین دی گئی ہے القصہ امام حسین علیہ السلام بعد وصیت فرمانے کے حضرت زین العابدین کو خیمہ مین لائے اور تمام اہلبیت اپنے کو رخصت فرماکر گہوڑہ رسول اللہ پر سوار ہوئے اور ارادہ میدان کا کیا پردہ نشینان عصمت حضرت حسینؑ کی پیچہے دوڑین اور عرض کیا کہ اے شاہ و اویلا ہمکو اکیلا چہوڑا امامؑ نے فرمایا کہ تمکو خدا تعالےٰ کے سپرد کیا کہ وہ وکیل میرا ہے اور ہر مشکل مین تمہاری کافی ہے پس جب امام حسین علیہ السلام میدان مین پہنچے تو یہہ رجز باواز بلند آغاز کیا **نظم** جد من خیر الوریٰ افضل ترین انبیا است ✚ آفتاب اوج عزت شمع جمع اصفیا است ✚ منتہا پدر گر ابر شمارم در نیست ✚ درّ درج لافتا و بدر برج ہل اتیٰ است ✚ تشنہ لب رفتند یاران و من از پے میروم ✚ در قیامت حضرت حق حاکم باد شما است ✚ اور پہر فرمایا اے ظالمون میرے جد و پدر روبادر تمکو بروز قیامت حوض کوثر کا پانی نہ دینگے۔ **نور الائمہ** امام جار اللہ العلامہ علیہ الرحمۃ سے نقل کرتے ہین کہ جب امام حسین علیہ السلام میدان کربلا تنہا کہڑے تہے کہ ناگاہ گرد اور غبار نظر آیا اور اوس مین ایک شخص مہیب صورت عجیب شکل گہوڑے پر سوار دیکہا کہ سر اوسکا مانند اسپ کے اور پاؤن اوسکے مانند شتر کے تہے روبرو امام دوجہاں کے

آیا اور سلام کیا حضرت مظلوم نے فرمایا اے نیک بخت تو کون ہے اوس نے عرض کیا یا ابن رسول اللہ
مین سردار جون جنات کا اور نام زعفر شاہ ہے اور لشکر میرا اسی جنگل مین پڑا ہے جب حضرت علی
علی علیہ السلام چاہ بیر العلم مین تشریف لیگئے اور دیو نکو جنگ کر کے مسلمان کیا تہا تو میرے باپ کو انہین
سردار بنایا تہا اوسکے بعد وفات کی دیو لوگ میری فرمانبرداری کرتے ہین اگر حکم فرمایئے تو سات
بے ایمانون ۰۰ مردودون سے جنگ کرون مین امام مظلوم نے منظور نہ فرمایا اور زعفر جنی کو رخصت کیا
اور خود میدان مین جاکر ایک حملہ مین نہر فرات تک چار ہزار اعدار دین کو جہنم واصل کیا اور دوسرے
بار آپ نے اپنی انگلی سے اشارہ طرف ایک صف کے کیا اون سبکے سر ایکبارگی اوتر گئے لیکن فوراً ہی اللہ
تعالے کی جانب سے آپکو الہام ہوا کہ اے حسینؑ غصہ نکرو تمہاری قسمت مین شہادت عظمٰے ہے صبر کرو
پس آپ نے جنگ سے ہاتھ روک لیا کہ اسی حال مین ملعون طرف خیمہ اہلبیت کے گئے امام مظلوم نے
آواز دی کہ اے آل ابوسفیان اگرچہ دین اپنا تمنے برباد کیا ہے لیکن خیمہ اہلبیت نبوت کی طرف نجاؤ
کہ وہ اہل عصمت ہین اور غرض تمہاری مجہسے ہے سو مین موجود ہون پس لوگ خیمہ کو چھوڑ کر امام مظلوم
کی طرف گئے اور آپکو اسقدر زخمی کیا کہ جسم اطہر مین کہین جگہہ باقی نہ تہی آپ زخمون سے چور ہو نے
اور نشہ شراب عشق الٰہی مین مخمور ہوئے تو گہوڑے سے جدا ہو کر زمین پر پہنچے اور رو بقبلہ کر کے
مناجات حق تعالے مین مشغول تہے کہ ایک ایک دو دو ملعون سر مبارک جدا کرنیکو آتے تہے اور شرم
کہا کر یہہ کہتے تہے بیت خون کرنا آل احمد کا نہین ہے سہل کام ٭ خاک غم جو اونپہ ڈالے اوسکا
ہے دوزخ مقام ٭ کتب معتبرہ مین وارد ہے کہ شمر ملعون .... بہت جلد حضرت کے سینہ
مبارک پر چڑہا امام مظلوم نے آنکہہ کہولکر دیکہا اور کہا تو کون ہے اپنا سینہ اور منہہ دکہا چونکہ سینہ
ملعون پر سفید داغ برص کے تہے اور دانت مثل خوک کے باہر تہے پس فرمایا امام حسین علیہ السلام نے
صدق جدی رسول اللہ اور فرمایا کہ اے شمر میرے سینہ سے اوتر تاکہ مین نماز خالق العباد ادا کرون کہ
ورثہ میرا پدری ہے کہ اندر نماز کے زخم کہاؤن پس شمر ملعون سینہ سے اوٹہا اور امام مظلوم نماز مین
مشغول ہوئے لیکن ظالم ملعون کو صبر نہوا اور سجدہ حق تعالے مین سر مبارک جدا کیا انا للہ وانا الیہ راجعون
رباعی خواجہ معین الدین چشتی اجمیری قدس سرہ۔ شاہ ہست حسینؑ بادشاہ ہست حسینؑ ٭ دین ہست
حسین دین پناہ ہست حسین ٭ سر داد نداد دست در دست یزید ٭ واللہ کہ بنائے لا الہ ہست حسینؑ ٭
اور تمام کتب معتبرہ مین وارد ہے کہ جسوقت امام حسین علیہ السلام شہید ہوئے اوسوقت شور اور غلغلہ
شہرون اور ملکون مین بلند ہوا اور آفتاب سیاہ ہو گیا اور زمین لرز گئی اور پریان اور فرشتہ اور انسان

اور جنگل کے جانور اور دریائی جانور سبکے سب نے نوحہ و آواز بلند کیا اور تین روز تک دنیا اندھیرا رہا
اور تین روز کے سرخی آسمان پر ظاہر ہوئی اور خون آسمان سے بقدر برسا کہ دیوار و دیوار تک
خراسان و شام و عراق کے سرخ تھے اور خون پتھروں کے نیچے جما ہوا تھا۔ راوی کہتے ہیں کہ پہلے قتل
امام حسین علیہ السلام سے سرخی شفق آسمان پر نہ تھی **ابن جوزی** نے کہا ہے کہ یہہ سرخی شفق کی غضب
اور غضب ہے اللہ تعالے کا **روایت** ہے کہ گھوڑا امام کا خون پیشانی میں ملکر خیمہ حرم امام پر گیا
اہلبیت نے خالی گھوڑا دیکھکر نوحہ اور فریاد بلند کی اور کہا **بیت** اے چہ کردی [illegible]
کردی شہنشاہ امام را ۔ چہ خاک است اے اسپ بر روئے تو باز خون کہ سرخ است این سو [illegible]
پس گھوڑے نے دم کیا اور سر اپنا زمین پر مارا اور منہہ اپنے کو حضرت امام زین العابدین علیہ السلام
کے پاؤں پر ملتا تھا **ابو المؤید** خوارزمی نے روایت کی ہے کہ گھوڑے نے اس قدر سر اپنا زمین پر
پٹکا کہ جان تن سے روان ہوئی **ابو المفاخر** کہتے ہیں کہ جنگل کو چلا گیا اور [illegible]
بعد قتل امام مظلوم کے ملعونوں نے خیمہ اہلبیت پیغمبر علیہ السلام کو لوٹ لیا اور امام زین العابدین کو
کرنا چاہا لیکن حمید بن مسلم نے ظالموں کو روکا۔ تاریخ ابو حنیفہ دینوری میں وارد ہے کہ عمر [illegible]
سر مبارک آپکا خولی کو دیکر نزدیک ابن زیاد بدنہاد کے بھیجا اور خود کربلا میں [illegible] قیام
لشکر اپنے کو جمع کیا اور نماز جنازہ پڑھکر دفن کیا اور تن مقدس امام دو جہان و دیگر شہدا [illegible]
اسیطرح خاک و خون میں غلطان چھوڑا جب حضرت زینب نے تن پاک [illegible] اپنے بھائی کا
دیکھا پس چلا کر فریاد کی واجداہ وا محمداہ یا رسول اللہ یہہ جسم تیرے حسین کا ہے کہ بوسہ [illegible]
منہہ اسکے کے دیتے تھے اور منہہ او پر سینہ او سکے کے رکھتے تھے اور یہہ اہلبیت آپکے اس غربت [illegible]
ساتھہ اس خواری کے گرفتار ہیں پس اس بیان حضرت زینب سے تمام لوگ لرزان تھے۔

حضرت خواجہ حکیم سنائی قدس سرہ فرماتے ہیں فاطمہ [illegible]
بابا دیدہ بیحد از دیدہ ۔ مصطفےٰ روئے ناخراشیدہ ۔ علی از دیدہ خون بپاشیدہ ۔ حسن [illegible]
کبود ۔ زینب از دیدہ ہا براندہ دود ۔ شہربانوئے پیر گشت حزین ۔ علی اوسط [illegible] پر چین ۔ [illegible]
نہایت صحیح اور معتبر کتب سے معلوم ہوا ہے کہ ابن سعد نے سرہائے شہدا کو ہر گروہ لشکر پر تقسیم کیا اور بارہ
محرم کو کربلا سے کوفہ کی طرف روانہ ہوا اور عورات عصمت اہلبیت نبوت کو سر و پا برہنہ بے پالان اونٹوں
سوار کرکے لیگیا **خواجہ سنائی قدس سرہ نے فرمایا**۔ شہربانو و زینب گریان ۔ ماندہ در جنگل
ناکسان حیران ۔ سر برہنہ بر اشتر بالان ۔ پیش ایشان [illegible] دل نالان ۔

باب پانزدہم در بیان لعن یزید پلید۔ سوال۔ نزدیک اہل سنت وجماعت کے قتل حسین

ذی نے قتل امام حسین علیہ السلام کیونکر کفر ہوا۔ جواب کتاب تشریح اور خلاصہ مین [illegible]
ایذا واہانت حسین علیہ السلام کی حضرت مصطفےٰ علیہ السلام تک پہنچتی ہے اور ایذا اور اہانت رسول خدا
بالاتفاق کفر اور موجب لعن کا ہے جیسا کہ تفسیر حضرت ابوبکر رازی و حضرت عائشہ و حضرت عمر و حضرت حسنین
علیہ السلام اور انکی اولاد کا کفر ہے چنانچہ قولہ تعالےٰ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ
فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِينًا۔ ترجمہ جو کہ لوگ کہ خدا اور رسول کو ایذا دیتے ہیں بسبب ایذا
دینے اہل بیت رسول خدا کے لعنت کرتا ہے خدا تعالےٰ اونپر دنیا اور آخرت مین اور تیار ہے واسطے اونکے
عذاب سخت۔ پس اس سے معلوم ہوا کہ ایذا اہل بیت رسول خدا کفر ہے اور کفار پر لعنت ہے۔ صاحب تفسیر
کشاف کہتے ہین کہ یہ آیت بیچ حق اون لوگون کے نازل ہوئی ہے کہ جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو ایذا دیتے تھے
ترجمہ حدیث شرف النبوۃ اور کشاف مین وارد ہے کہ فرمایا رسول خدا نے کہ حرام ہے جنت اوپر اوس
شخص کے کہ جسنے میرے اہلبیت پر ظلم کیا اور رنج پہنچایا مجھکو بسبب رنج پہنچانے اولاد میری کے۔ **ترجمہ حدیث**
مصابیح مین ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ فاطمہؓ ٹکڑا ہے گوشت میرے کا جسنے اوسکو ایذا دی
اوسنے مجھکو ایذا دی۔ پس ایذا اور اہانت حسین علیہ السلام ایذا رسول اور فاطمہؓ صلوۃ اللہ علیہا السلام
کی ہے اسواسطے کہ درد فرزند کا مادر اور پدر پر پہنچتا ہے۔ پس اس بات سے معلوم ہوا کہ ایذا اور اہانت
حسین علیہ السلام ایذا ہے حضرت مصطفےٰ و مرتضیٰ و زہرا صلوۃ اللہ علیہ السلام کی اور انکی ایذا موجب
لعن اور کفر ہے۔ دیکھئے تو باب حق الجار کو۔ پس ایذا اولاد کی والدین پر کسطرح نہ پہونچیگی اور اس
معنے کو اندر مسئے حسن وعقل وطبیعت کے ہر صغیر اور کبیر پر ظاہر اور روشن ہے اور نہین دیکھتا ہے تو کہ جانور کو
بھی اپنے بچے کے آزار سے ایسا رنج پہنچتا ہے کہ اپنی جان سے بھی نہین ڈرتا ہے۔ بالخصوص افضل الانبیاء کو کیا
جفا اور اہانت اور قتل حسین علیہ السلام سے ایذا نہ پہنچی ہوگی اور کیا حضرت صلعم کو رنج نہوا ہوگا یہ بات از روئے
شرع و حسن و نقل صریح کے ثابت ہے اور نہین سنا تو نے کہ جبسے حضرت جبرئیل علیہ السلام خبر شہادت امام
حسین علیہ السلام کے پہنچائی تہی اوس وقت سے آنحضرت ہمیشہ گریان اور ملول رہتے تھے اور آنحضرت صلعم کو
محبت حسنین علیہ السلام اس درجہ کی تہی کہ موت ابراہیم اپنے فرزند کے بعوض حسنین کے اختیار کی تا کہ لوگ
جانین اس بات کو کہ حضرت رسول کریم حسنین علیہ السلام کو بدرجہ غایت محبوب رکھتے تھے اور اہل اسلام
اونکے اوپر جور اور ظلم کرنے سے پرہیز کرین تا کہ کفر اور لعن لوگون پر عاید نہو۔ اور اس قصہ مین کسی انسان
کو شک نہین ہے لہٰذا علمائے محققین کہتے ہین کہ اہانت اور حقارت اور جور اور ستم اولاد رسول علیہ السلام کفر ہے

اسی واسطے اتفاق ہے اہل سنت و جماعت کا اسپر کہ قاتل اور حکم کرنیوالا قتل امام حسین علیہ السلام کا اور
راضی ہونیوالا قتل حسین پر کافر ہے اور ایسا ہی کتاب شرح مسلم اور سفینہ میں لکھا ہوا ہے اور دیکھو بیچ حق پڑوسی
کے کتاب ... میں لکھا ہے کہ اگر کوئی گھر کے ہمسایہ کو ایذا پہنچائے تو ہمسایہ کو ایذا پہنچتی ہے اور عقیدہ اہل
سنت و جماعت کا یہ ہے کہ مردہ کو بھی بعد مرنے کے آزار پہنچتا ہے اور اعلام الہدیٰ میں لکھا ہے کہ اگر میت
کو غسل دینگے ساتھ سختی کے تو اوسکو ایذا پہنچیگی اور یہی اعلام الہدیٰ میں ہے کہ صدقہ اور نماز سے مردہ کو سرور
ہوتا ہے اور برا اور بد کہنے سے مردہ کو ایذا اور غم پہنچتا ہے چنانچہ شرح اسلام میں ہے کہ قبر میت کی نیک
آدمی کے پڑوس میں بناویں اسواسطے کہ پڑوسی بد اور بُرے سے میت کو ایذا پہنچتی ہے پس اس صورت
میں ایذا اولاد کی والدین کے ایذا کیونکر نہ تصور کی جاوے اسواسطے صاحب عقل اور حس پر یہ بات ظاہر
ہے کہ حضرت مصطفےٰ و علی و فاطمہ علیہ الصلوۃ و السلام کو امام حسینؑ کی ایذا سے ایذا پہنچے اور آنکی ایذا موجب
لعن و کفر و دخول نار جہنم ہے **سوال** یزید قاتل امام حسین علیہ السلام ہے یا نہیں **جواب** شرف النبوۃ
میں ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام حکم سے یزید کے شہید ہوگئے تو ابن عباس رضی اللہ عنہ نے یزید کو ایک
نامہ باین مضمون تحریر کیا کہ تو نے فرزندان رسول علیہ السلام کو قتل کیا مجھکو امید نہیں ہے کہ خدا تعالے
تیرا ملک قایم رکھے اللہ تعالے تجھکو دنیا سے کافر اٹھا دیگا اور عذاب سخت میں تجھکو پکڑیگا اور قتل امام
حسینؑ کے اوسکی طرف اسواسطے نسبت کی ہے کہ یزید نے نامہ ابن زیاد کو باین مضمون لکھا تہا کہ امام حسینؑ
کو قتل کر لعنت اللہ علیہ و علی اعوانہ۔ اور دستور الحقایق میں لکھا ہے کہ معتمد لوگ کہتے ہیں کہ یزید قتل امام
پر راضی تہا اور اوس نے حکم قتل کا دیا اور سر مبارک امام اور اونکی اہل بیت کے انواع انواع طرح اہانت
کی پس نہیں منع اوپر یزید لعین کے بلکہ واجب ہے لعنت اوپر اوسکے اور اوسکی مددگاروں پر اور امت
رسول مجتمع ہوئی اور ائمہ نے اتفاق کیا اوپر کفر یزید کے اور لعنت کی اونہوں نے اوپر حکم کرنیوالے اور راضی
ہونے قتل امام علیہ السلام پر۔ اور فتاوے کبیری اور روضۃ العلماء اور روضۃ الاحمد و سیر میں مذکور ہے
کہ یزید پلید بروز عاشورہ آنکہوں میں سرمہ لگاکر امام حسین علیہ السلام کے سر مبارک کو دیکھتا تہا اور رسالہ
عبری میں مذکور ہے کہ یزید لعین نے امام مظلوم کے سر مبارک کو اتنے روز ون نیزہ پر لٹکایا تہا کہ چڑیا نے
گلو مبارک میں انڈے دیئے تہے اور قصص میں بخاری لکھتا ہے کہ جسوقت سر مبارک امام کا آگے یزید کے
لیگئے تو وہ ملعون شراب پی رہا تہا اور سر مبارک کی اہانت کرتا تہا اس خبر کو سنکر سات صحابی رسول خدا کے
گئے اور کہا کہ اے ملعون یہہ کیا کرتا ہے پس یزید ملعون نے ساتوں صحابیوں کو قتل کروا دیا اور روضۃ السیر
میں بروایت امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کے مذکور ہے کہ بعد قتل امام حسین علیہ السلام کے یزید نے اہلبیت کی لوگوں کو

دمشق مین بہئیت قیدیون کے پہرایا اور انواع انواع طرح کی اہانت کی اور تہذیب الکمال مین مذکور ہے
کہ یزید لعین نے لشکر بہیجا مدینہ طیبہ مین اور چند روز جنگ ہوئی پانچ ہزار یانسو فرزندان صحابہ
ہوئے اور تین روز گہر رسول خدا کا لوٹا اور امہات المومنین ام سلمہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما کے باغ وغیرہ
کو غارت کرکے قتل قید کیے اور ازواج مطہرہ رسول کریم کو گرفتار کیا اور اہانت میرہا کی [illegible]
تہذیب مین بجہت اختصار کے ذکر نہین کیا۔ حاصل کلام یہہ ہے کہ یزید لعین حکم دینے والا اور راضی ہونے
والا اوپر قتل امام حسین علیہ السلام کے تہا پس اوپر اوسکے لعنت بالاتفاق تحقیق اہل سنت صاحب انصاف [illegible]
خاندان رسول علیہ السلام کو جائز ہے اور اسی پر فتوے ہے اور امام احمد حنبل اور ابن جوزی اور امثال انکے
نے مطلقاً لعن یزید پر جائز کی ہے اسواسطے کہ اوس نے کفر کیا ساتہہ اللہ تعالے کے جو وقت کہ حکم کیا قتل
امام مظلوم پر اور علامہ سعد الدین تفتازانی صاحب شرح عقاید نسفی کہتے ہین کہ متفق ہین اسبات پر علماء
کہ جو راضی ہوا قتل امام پر یا کہ حکم دیا قتل کا پس اوسپر لعنت جائز ہے اور حق یہہ ہے کہ یزید قتل امام حسین
علیہ السلام سے خوش ہوا اور وہ قتل پر راضی تہا اور حکم قتل بہی دیا تہا اور اوس نے اہلبیت نبوی کی اہانت
بہی کی اور یہہ خبر متواتر ہے لہذا ہمکو لعن یزید اور اوسکے اعوان اور انصار کے لعنت مین کچہہ توقف نہین ہے
کفایت مین امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہین کہ ایکروز مجہسے وزیر عبد الملک نے پوچہا کہ یزیدیون نے ایسا
حادثہ کیا لیکن وہ حج اور زکوۃ اور روزہ اور نماز بجالاتے ہین امام شعبی نے کہا کہ یہہ وہ مثل ہے کہ کوئی
شخص قرآن مجید تو اپنے پاؤن کے نیچے رکہے اور کفش پیغمبر سر پر دہرے امام شعبی کہتے ہین کہ ایکبار مین
بقصد زیارت اصحاب رسول خدا کے گیا تہا پس دیکہا مین نے کہ بعض نے تو جماع اور سخن اپنی اہل وعیال
سے ترک کر دیا تہا اور بعضے جنگل اور پہاڑون مین پڑے ہوئے تہے مینے اون اصحاب سے پوچہا کہ آپ
لوگون نے یہہ بات کیون اختیار کی ہے اونہون نے جواب دیا کہ امیر عبد الملک ظاہر مین تو دعوے
ایمان اور اسلام کا کرتا ہے اور جگر گوشون رسول خدا کو آزار پہنچاتا ہے اسواسطے ہمنے یہہ بات اختیار کی
ہے تاکہ اوسکا منہہ ہم نہ دیکہین پس وزیر عبد الملک نے توبہ کی اور وزارت کو چہوڑ دیا المقصود یزید پلید
بسبب حکم کرنے کے اوپر قتل امام کے بالاتفاق کافر ہے اور مستوجب لعن کا ہے چنانچہ قطب العالم سید جلال الدین
بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا سعد الدین رحمۃ اللہ علیہ کا تقوی اور عدالت اور دیانت اور زہد ظاہر ہے
اور یہ اپنے وقت کے پیر مرشد اور شیخ کامل تہے جبکہ ان حضرات نے اوپر یزید کے لعنت کی ہے لہذا
فتوی اوپر لعن یزید پلید کے بدرجہ اولی ہے ملک العلماء دولت آبادی کہتے ہین کہ ہمنے جو ملاحظہ کتب کا
کیا تو معلوم ہوا کہ کوئی روایت صریح چارون امامون مذاہب اور اونکے شاگردونکے ایسے نہین پائے کہ

یزید پر لعن منع ہوئی بلکہ جواز لعن یزید مین کبرائے سلف کے قول بہت پہنچے ہین۔ **سوال** صاحب لامیہ
وغیرہ اوسکے لعن یزید کو منع کرتے ہین **جواب** قول لامیہ وغیرہ کا حجت منع لعن پر نہین ہو سکتا اول
یہ کہ مذہب اور عدالت صاحب لامیہ اور امثال اوسکے کا تحقیق اور معلوم نہین اور وہ اعوان اور انصار
یزیدیون سے تہا اور وہ متہم ہے اسبات پر پس قول متہم مردود ہے کل مذاہب مین اور نیز صاحب لامیہ نے
بغیر دلیل کے منع لعن کیا اور قول مجتہد بلا دلیل کے فتوے نہین ہو سکتا ہے اسواسطے اہل سنت و جماعت کا اتفاق
ہے اسبات پر کہ جو راضی ہوا قتل حسین علیہ السلام پر یا جسنے حکم دیا قتل کا اور یا جسنے لعنت کی اہلبیت رسول
پر چنانچہ یزیدیون نے خطبے مین اوپر اہل رسول کے دوام لعنت کی ہے پس ہر مومن سُنی کو واجب ہے لعنت
کرنا یزید پلید پر اور نہین توقف اوس مین اسواسطے کہ رسول مقبول اور ابن عباسؓ اور تمام بڑے بڑے علماء
اہل سنت نے امام حسین علیہ السلام کے قتل کو یزید کی طرف منسوب کیا ہے اور یزید راضی بہی قتل امام سے ہوا
خلاصہ مین مذکور ہے کہ یزید اور حجاج پر لعن جایز نہین ہے کہ وہ اہل قبلہ ہین اور آنحضرتؐ نے اہل قبلہ پر
لعن کو منع فرمایا ہے۔ جواب اسکا یہہ ہے کہ آنحضرتؐ کو جیسا کچہہ آدمیونکے کفر اور اسلام کا حال معلوم تہا
دوسرے کو معلوم نہین اور اہل قبلہ پر اوسوقت لعن منع ہے کہ جب کفر اوسکا معلوم نہووے اور کفر یزید بحکم
ظاہر ہمکو معلوم ہوا پس لعنت اوپر اوسکے واجب ہے **سوال** شرح ہمزیہ مین ہے کہ مبالغہ کیا ابوبکر ابن
العربی المالکی نے اور کہا کہ نہ مارا یزید نے حسینؓ کو مگر ساتہہ تلوار جد اوسکے کے یعنے بیعت واسطے یزید کے مقرر
ہوئی تہی پس حسینؓ اوپر اوسکے باغی ہوا اسواسطے کہ بہت سے آدمیون نے یزید سے بیعت کی اور خلافت اوسکو
اوسکے باپ نے دی تہی اور لوگون نے اوسکو مان لیا تہا باوجود اسکے کہ خلیفہ کرنا پسر یعنی کا شرط نہین ہے اور
شک نہین ہے کہ پدر اوسکا معاویہ خلیفہ تہا۔ **جواب** سبب یہہ ہے کہ اہل سنت والجماعت مین ایسے ایسے
گروہ بہی شامل ہین کہ جنکے سبب سے تمام اہل سنت پر الزام اور اتہام دشمنی اہل بیت رسول کریم کا عاید ہوتا
ہے اور اہل شیعہ کو طعن اور لب کشائی کا موقع ملتا ہے ہمارے نزدیک یہہ قول کہ امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام
معاذ اللہ باغی ہوئے نواصب اور خوارج کا ہے کیونکہ اہل سنت اپنے پیشوا اور ہادی ابن رسول امام حسینؓ کے
حق مین ہرگز نہین کہہ سکتے ہین بلکہ اہل سنت پابند قول خواجہ حافظ اور مولانا رومؒ قدس سرہما کے ہین۔
خواجہ حافظ آنرا کہ دوستی علی نیست کافر است + گو مرشد زمانہ و گو شیخ راہ باش + از خارجی ہزار
بیک جو نمی خرند + گو کوہ تا بکوہ منافق پناہ باش + **مولانا روم در کلیات شمس تبریز گوید**
مہدی سوار آخرین بر خصم بکشاید کمین + خارج رود زیر زمین الله مولانا علی + تخم خوارج در جہان ناچیز و
ناپیدا شوند + آن شاہ چون پیدا شود الله مولانا علی + قاضی تو و تیغ محتسب دجال تیغ علی + ہر شند اندین بری الله مولانا علی

بہ ہوش آل احمد جاوران در دوزخ ست ♦ کاز فنون یزید زد گوش حسد سیہ ♦ دنگی فنا مسیحا دو
خارجی از رہ نے فرح ♦ لائق ہر سہ باشنے نار وقف بوریہ ♦ آب کوثر کے فرزند اما کہ وائے از غیر
دین خود از دست دادہ بر امید در غوا ♦ پس جبکہ بتواتر معلوم ہوگیا کہ یزید نے خاندان رسول علیہ السلام
کو ایذا پہنچائی اور ایذاء اہل بیت سے ایذا حضرت رسول خدا کو پہنچی لہذا یزید پلید کی رعایت کرنے میں بجز
برائی اور نقصان کے اور کیا تصور کیا جاوے اے شخص آنکھ کھول کر دیکھ اور غور کرے کہ جو کوئی فرزند
بادشاہ سے عداوت اور دشمنی کرے اور یاروں سے باغی ہو جاوے تو کسی کے مصاحبوں بادشاہ میں سے
یہ طاقت ہوگی کہ رعایت اور اعانت دشمن فرزندان اوسکے کی کرے اور تقاضاء محبت تو یہ ہے کہ دوست
کے دشمن کو دشمن اپنا جانے بلکہ دوست کے کتے کا دشمن بھی اپنا دشمن ہو جاتا ہے اور یہہ بخوبی ظاہر ہے کہ جو
ظلم اور جور بعد خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کے اہلبیت رسول علیہ السلام پر گذرے ہیں وہ ایسے کھلے
ہوئے ہیں کہ کسیکی طاقت اونکے چھپانے کی نہیں ہے اور وہ ایسی برائیاں ہیں کہ دانشمندوں کو اون میں ذرا
بھی محل اشتباہ نہیں ہے اسواسطے کہ قریب ہے یہہ بات کہ گواہی دیں اون ظلموں کی جمادات اور نباتات
اور گریہ کرے زمین اور آسمان منہدم ہو جاویں پہاڑ اور شق ہو جاویں سینے پتھروں کے اور باقی رہیگی
برائی اونکی ہمیشہ ہمیشہ کو پس لعنت خدا تعالے کی اوسپر جو باعث شر ہوا اون ظلموں کا اور جو راضی ہوا اونپر
اور سعی ہو سے شاہ عبد الحق محقق دہلوی نے کہا ہے تکمیل الایمان میں کہ بغض اور اہانت حضرت فاطمہ
علیہ السلام اور اونکی اولاد کا موجب اہانت اور بغض حضرت مصطفےٰ علیہ الصلوۃ والسلام ہے اور وہ
سبب کفر ہے اور بلاشک موجب لعن اور دخول نار جہنم ہے بموجب اس آیت قرآن مجید کے ہے یوذون
اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والآخرۃ واعد لہم عذابا مھینا پس اتفاق کیا تمام علماء محققان
اہل سنت وجماعت نے مثل امام احمد حنبل و ابن جوزی و علامہ سعد الدین و مخدوم جہانیان و مخدوم
علی احمد صابر و سید اشرف جہانگیر رحمۃ اللہ علیہم و دیگر محبان خاندان رسول دوجہان نے اس بات پر
کہ واجب ہے لعنت کرنا یزید پلید پر اہل سنت کو۔ **سوال** معاویہ نے حضرت علی اور اہل بیت
رسول علیہ السلام پر تبرا اور لعن کرایا ہے یا نہیں اور ایذا علی اور اہلبیت کو پہنچی یا نہیں۔ **جواب**
بعض کتب مثل صحیح مسلم و رسالہ مناقب امام نسائی و ازالۃ الخفاء شاہ ولی اللہ دہلوی وکتاب [illegible]
و تاریخ الخلفاء و روضۃ الصفا و کتاب مروج الذہب مسعودی و دیگر کتب وغیرہ میں لکھا ہے کہ معاویہ
اور اوسکے ماتحت حکام نے منبروں پر چڑھ چڑھ کر لعن اور تبرا اوپر اہلبیت رسول اور حضرت علی پر کیا

سوال جبکہ تبرا و لعن و ایذاء اہلبیت رسول خدا کفر ہے تو معاویہ کافر ہوا یا نہین۔ **جواب** اہل اسلام مین معاویہ باغی ہوا اور خلافت کو اپنا حق جانا اسواسطے علمار نے بسبب خطائی اجتہادی کے بہت سی تاویلون کے ساتھ اوسکو باغی اور فاسق کہا ہے لہذا فاسق اور باغی پر طعن جایز نہین ہے البتہ مرتکب گناہ کبیرہ کا ہے۔ **سوال** یہہ جواب تاویلی صرف جنگ و جدل کے بارے مین ہوسکتا ہے ہمارا سوال سب و لعن و ایذار مین ہے۔ **جواب** محققان اہل سنت مثل قطب الزمان حضرت خواجہ سنائی و شیخ الشیوخ رکن الدین علاؤ الدولہ سمنانی رحمۃ اللہ علیہم کہ پیران و مرشدان اپنے اپنے وقت کے تھے اور اولیار کاملین مشہور مین بموجب ان احادیث کے کافر کہتے ہین۔ **حدیث** من سب علیا فقد سبنی ومن سبنی فقد سب اللہ۔ یعنے جسنے گالی دی علی کو اوس نے گالی دی مجھکو اور جس نے گالی دی مجھکو اوس نے گالی دی خدا کو **حدیث** وحرمت الجنۃ علی من ظلم فی تعظیم اھل بیتی۔ یعنے اور حرام ہے جنت اوس شخص پر جسنے ظلم کیا اور تعظیم نکی اولاد میری کی **حدیث** انا حرب لمن حاربہم۔ **سوال** حضرت عائشہ صدیقہ وزبیر و طلحہ نے بہی حضرت علی سے جنگ کی ہے کیا یہہ بہی مدیث بالا کے سزاوار ہین۔ **جواب** نہین ہین کیونکہ ان حضرات کے حق مین اللہ تعالے نے قرآن مجید مین بشارت دی ہے اور احادیث رسول اللہ سے بہی انکے حق مین خوشخبری وارد ہے اور نیز اون بزرگوان نے عین جنگ کے ہنگامہ مین حضرت علی علیہ السلام کی اطاعت قبول کی حضرت زبیر نے جنگ سے پہلے تایب ہوکر شہادت پائی اور حضرت طلحہ نے بیعت حضرت علی کرم اللہ وجہ کی نیا بتا کی اور تایب ہوکر شہید ہوئے اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ہمیشہ اس جنگ کو یاد کرکے رویا کرتی تہین اور کہتی تہین کہ کاش اس جنگ سے پہلے مین مرجاتی۔ کتاب مسعودی مین وارد ہے کہ حضرت عائشہ کہا کرتی تہین کہ مجھکو لوگ اس جنگ مین فریب دیکر لیگئے اور یہہ کہا کہ تم چلکر مسلمانون مین صلح کرادو غرضکہ ہمیشہ خائف رہین اور تایب ہوکر شہادت پائی۔

باب شانزدہم در بیان شرف سادات بنی فاطمہ علیہ السلام

محقق دہلوی اخبار الاخیار مین نقل کرتے ہین کہ قاضی شہاب الدین دولت آبادی کے اوصاف نے ایسی شہرت پائی ہے کہ شرح اوسکی بہت ہے اگرچہ زمانہ قاضی شہاب الدین مین بڑے بڑے اوستاد اور دانشمند ہوئے ہین لیکن جو شہرت اور قبولیت خدا نیتعالے نے اونکو عطا فرمائی تہی اور کسیکو اونکے زمانہ مین نہتی اور اونکی تصنیفات سے ایک حاشیہ کافیہ کا ہے اور یہہ لطافت اور متانت کے حاشیہ ہے مشل ہے دوسرے ارشاد در نحو اس مین ترتیب جدید اختیار فرمائی کہ نہایت لطیف اور متین واقع ہوا ہے

تیسرے کتاب بدیع البیان جو علم بلاغت کے تصنیف زبانی ہے۔ چوتھے تفسیر قرآن بحر المواج [illegible]
فارسی مین لکہی ہے اور علاوہ اسکے اور رسالہ فارسی و عربی مین بہت لکہے ہین وفات اونکی [illegible]
مین واقع ہے اور قبر اونکی شہر جونپور مین ہے اور قاضی صاحب کا خطاب ملک العلماء تہا اور آپ نے
ایک رسالہ مسمی بہ مناقب السادات لکہا ہے اوس مین داد عقیدت اور محبت اہل بیت نبوت سلام
اللہ علیہم اجمعین کے دی ہے اور سرمایہ سعادت اور موجب نجات اوسکی کا آخرت مین یہہ رسالہ
ہوویگا انشاء اللہ تعالے اور سبب تصنیف رسالہ کا یون بیان کرتے ہین کہ قاضی موصوف کے زمانہ
مین ایک سید اجل تہے اور وہ اکابر وقت تہے لیکن صاحب علم نہ تہے اکثر اوقات قاضی موصوف کا
ساتہہ اون سید اجل کے بعضی محفلون مین ملوک اور امراء کے ہوتا تہا تو بیچ تقدیم اور تاخیر مجلس کے نزاع
ہو جایا کرتا تہا اولاً تو قاضی اسبات کے قایل ہوئے کہ عالم افضل اور مقدم ہے اور پہر سید جاہل ناخواندہ
کے اور بعد اوسکے۔ قایل اسبات کے ہوئے کہ عالم غیر سید برابر ہے ساتہہ سید ناخواندہ کے اور اس
باب مین ایک رسالہ لکہا اور کہا کہ عالمیت ہماری ظاہر اور باہر ہے اور سادات ہونا تمہارا مشکوک ہے
پس ہماری تقدیم اور ترجیح اوپر تمہارے ثابت ہے لیکن اوستاد صاحب قاضی موصوف کو یہہ بات
بہت ناپسند ہوئی اسواسطے قاضی اس عقیدہ سے پہرگئے اور بیچ مناقب اور افضلیت سادات مین
یہہ رسالہ لکہا اور جو کچہہ کہ اون سے گذرا تہا اوس سے عذر کیا اور بعض نے کہا ہے کہ قاضی نے حضرت
مصطفے علیہ السلام کو خواب مین دیکہا کہ قاضی کو اس معنے سے تنبیہ فرماتے ہین اور تحریض رضاء سید کا
دلاتے ہین۔ یعنے فرماتے ہین کہ سید اجل کو راضی کر پس قاضی نے سید اجل کے پاس جاکر توبہ کی فقط
چنانچہ مین نے اس رسالہ کا خلاصہ مختصر اس باب مین لکہا ہے کہ قاضی ملک العلماء دولت آبادی
تحریر فرماتے ہین کہ تفسیر مدارک اور تفسیر کشاف وغیرہ مین وارد ہے کہ جب آیت ذالک الذی
یبشر اللہ عبادہ الذین امنوا وعملوا الصلحت قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربی ومن
یقترف حسنۃ نزد لہ فیہا حسنا ان اللہ غفور شکور نازل ہوئی تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ یا نبی اللہ وہ کونسی آپکے قرابتی ہین کہ جنکی دوستی ہم لوگون پر
واجب ہو گئی پس فرمایا آنحضرت نے کہ وہ مین ہون اور علی اور فاطمہ اور دو انکے فرزند مین نکتہ اس مین
یہہ ہے کہ مصطفے علیہ السلام محبوب خدا تعالے کے ہین۔ اور حسن وحسین علیہم السلام محبوب رسول کے
ہین اور یہہ خبر متواتر اور مشہور ہے اور محبوبان رسول علیہ السلام اشراف زیادہ تمام اشرافون سے
ہین اسیواسطے اشرف چیز [illegible] انکو دی گئی تاکہ صرف عمدہ شے کا اپنے عمدہ محل پر ہووے پس دوستی

اقربا رسول اللہ کے اوپر ہر مومن سنی کے ساتھ نص صریح کے ثابت اور واجب ہوئی پس جو کوئی قبول کرے
اور مطیع اولاد رسول کا ہووے تو البتہ وہ مومن موحد ہے اور ماسوا اسکے کافر ملعون یا ملحد یا مرتد ہے
اور معنے مودت مودت اوسکو کہتے ہین کہ ظلم اور جفا محبوب کو دوا اور شفا جانے اور جرم اور خطا محبوب کو
وفا اور عطا جانے اور برائی محبوب پر خیال نکرے اور مقابلہ مین نہ آوے اور جملہ چیز کو محبوب کی خدمت
مین حاضر کرے اوسوقت مودت کامل ہوتی ہے اور غرض مودت سے نہایت محبت ہے بلکہ عشق مراد
ہے اور تفسیر بیضاوی مین ابن عباس سے روایت ہے کہ کہا ابن عباس نے کہ مین چاہتا ہون کہ معرفت
اور خاطرداری اولاد رسول مقبول کی مین بہت اچھی طرح سے کوشش کرو اور آپکے دوستون سے
دوستی رکھو اور اون کے دشمنون سے دشمنی رکھو بیت با دوستان دوست ترا دوستی رواست
با دشمنان دوست ترا دوستی خطاست * تفسیر کشاف اور مدارک مین وارد ہے کہ آنحضرت نے
فرمایا کہ دوست رکھتا ہے تو دشمن میرے کو اور گمان تیرا یہہ ہے کہ مین دوست تیرا ہون پس یہہ
دعوے تیرا احمق ہے اسیواسطے کہتے ہین کہ عناد اور تکبر اولاد اور اجزا رسول علیہ السلام سے کرنا
خاصکر عناد اور تکبر مصطفے علیہ السلام ہے نہ کہ اولاد اونکی اسواسطے ہے کہ اگر کوئی شخص تمام
عمر مین شرایع نبی علیہ السلام کا معمول رکہے اور اہانت سے سید کو چھوٹا سید کہے یا موئے مبارک
رسول خدا کو چھوٹا بال کہے اور یا محبوب خدا کو ازروئے اہانت کے چھوٹا محبوب کہے یا محبوب خدا
سے دشمنی رکہے وہ شخص کافر ہے بحدیکہ اگر کوئی کہے کہ مصطفے علیہ السلام گربہ کو دوست رکھتے
تھے اور مین دوست نہیں رکہتا ہون تو وہ بہی کافر ہوجاویگا اور اوپر اسی معنے کے ہے کہ تکبر
کرنیوالا رسول اللہ یا اولاد اور اجزار مصطفے علیہ السلام کے ملعون ہے پس جان تو العزیز کہ
اہانت اور حقارت اور جور و جفا فرزند کا عقلاً و حساً و دیناً و شرعاً باپ پر پہنچتا ہے اور اوپر
ہر آدمی کے یہہ بات روشن ہے بلکہ اہانت غلام کی بہی اہانت مالک کی ہوتی ہے اور اس معنے کو
لڑکے کافیہ پڑہنے والے بہی خوب جانتے ہین ترکیب زیداً ضربت غلامہ اے اہنتہ یعنے اسے زید
مارا مین نے غلام اوسکے کو یعنے اہانت کی مین نے زید کی۔ اور آیا نہین دیکہتا تو کہ دشمن اولاد بادشاہ
کا دشمن بادشاہ کا ہے اور دوست اولاد بادشاہ کا دوست بادشاہ کا ہوتا ہے اور کیا گمان
تیرا اس مسئلہ مین کہ اہانت پاپوش عالم کی کفر بتاتے ہین حالانکہ وہ صرف چرم گاؤ خرکی بہرتی ہے
فقط عالم کے پانونکا اوس جوتی نے مس کیا ہے اور مس کی جہت سے اہانت اوسکی کفر ٹہرتی ہے
بالخصوص فرزند کہ جزو اصلی رسول علیہ السلام کا ہے اوسکا عناد اور اوسکی عداوت اور اہانت

کسطرح مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہانت اور عداوت نہوگی اور صاحب تذکرۃ الاولیاء نے
کہاہے کہ جسکسیکو اوپر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایمان ہے اور اوپر اولاد انکی کے ایمان نہین
رکہتا اپنے عناد اور تکبر سے ساتہ اولاد رسول کے باز نہین آتا ہے تو گویا عناد رسول علیہ السلام سے
باز نہ آیا اور اسی طرح زاہدی نے بہی کہاہے کہ محبت اولاد رسول علیہ السلام شرط ایمان ہے لیکن
حاصل معنے آیت مذکور کے یہہ ہین کہ کہو اے محمد اپنی امت سے نہین چاہتا ہون مین تمسے اس تبلیغ
دین کا کچہہ اجر مگر یہہ دوستی اولاد میری کی کہ جو برا اور بہلا اولاد میری سے ہے انکے ساتہہ نیکیون اور احسانات
سے باز نہ آنا اور مومن بحکم نص کے وہ شخص ہے کہ جو محب اولاد رسول علیہ السلام ہو۔ شیخ سعدی
گوید۔ سعدی اگر عاشقی کنی وجوانی ✦ عشق محمد بس ہست وآل محمد است ✦ پس حاصل کلام کا
یہہ ہے کہ مودت اولاد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بلحاظ فرزندی آنحضرت کے ہے قطع نظر
فسق وفجور وعبادت انکی سے اور فرزندی اتباع اور اصلاح پر موقوف نہین ہے جیساکہ بنی اسرائیل
ہرچند کافر ہوئے لیکن خطاب بنی اسرائیل سے خارج نہین ہوئے ایسے ہی مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہرچند کہ اشرف الانبیاء اور افضل الانبیاء ہین لیکن خطاب بنی ہاشم سے خارج نہین ہوئے المقصود
مودت اولاد مصطفے علیہ السلام بفرمان حق تعالے واجب ہے اوپر تمام مسلمانون کے بلکہ نزدیک
اصحاب اصول کے اطاعت اور عبادت ہے دوستی اور رعایت انکی اطاعت اور فرمان برداری
رب العزت کی ہے۔ اگر بسبب جور وعصیان خطا وغیرہ اولاد رسول علیہ السلام کے تو اون کی
رعایت ومحبت سے باز رہے تو یہہ تیرا حمق ہے جیسے کہ روزہ رکہے اور نماز ادا کرے تو اوسبب
ناسزا کہنے کسی شخص کے غصہ مین اگر روزہ اور نماز توڑ ڈالے پس بسبب ظلم دوسرے کے اپنا ضرر کیا نہ
دوسرے کا اور دوستی اولاد رسول خدا کی عین دوستی رسول اکرم کی ہے چنانچہ مشکوۃ وروضہ
مین وارد ہے **حدیث** ترجمہ فرمایا رسول اللہ نے کہ دوست رکہو خدا کو واسطے شکر نعمت کے کہ صبح کو دیتا
ہے تمکو ابدہ دوست رکہو مجکو واسطے خدائے تعالے کے اور دوست رکہو فرزندون میریکو واسطے
میرے **اعلام الہدی** مین عقیدہ شیخ قدس سرہ مین ہے کہ جب کسی کے دل مین محبت محمد
مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہو چارہ نہین اوسکو کہ نکرے دوستی اولاد رسول سے اور شیخ احمد غفاری
کہتے ہین کہ جسکسیکو اولاد رسول علیہ السلام سے محبت طبعی ہے وہ عین عنایت اور مہربانی پروردگار
عالم کی ہے اگرچہ گناہون مین تمام عالم کے ڈوبا ہوا ہو اور اگر محبت طبعی نہو تو محبت اختیاری حاصل
کرے اور جو بکوشش اور سعی کے اختیاری بہی میسر نہ آوے تو بتحقیق یہہ جانے کہ وہ رحمت الہی سے

دور کیا ہوا ہے اگرچہ صبح سے تا شام پیشانی اپنی زمین پر ملے اور علم اولین و آخرین کا پڑھے کچھ فائدہ
نہو گا پس علامت ثبوت ایمان کی یہ ہے کہ اولاد رسول مقبول کو دوست رکھے اور طریقہ دوستی
کا یہ ہے کہ اولاد رسول علیہ السلام کو دیکھکر خوش ہووے اور کہڑا ہو جاوے جیسا کہ فرمایا پیغمبر خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جسنے دیکھا میری اولاد کو اور وہ کہڑا نہوا ہو مانند کہڑے ہونیکے تمام تر
پس مبتلا کریگا اوسکو اللہ تعالے ایسی بلا مین کہ نہین ہے دوا واسطے اوسکے پس چاہئے کہ سادات اونکو
اونچا بٹہاوین اور باتین ساتہہ ادب کے کرین اور عجب ترین عجائب اون لوگون سے ہے کہ آپ کو
محب اور عاشق رسول خدا کا جانتے ہین اور دوستان خاندان آنحضرتؐ تصور کرتے ہین۔ اور
العلماء وارث الانبیاء والشیخ فی قومہ کالنبی فی امتہ تصور اپنے آپکو کرتے ہین باوجود اس کے اگر
دعوت کرینگے تو جو اولاد رسول کہ محتاج اور مسکین ہین اونکو نہ بلاوینگے اور اگر کوئی اولاد رسول خدا
علیہ السلام سے ناخواندہ ہون تو اونکو گہر سے باہر کردینگے اور لکہتے ہین کہ جو کوئی حضرت شیخ فریدالدین
قدس سرہ کی دعوت کرتا تو شیخ اوس سے فرماتے کہ اس شرط پر تیری دعوت قبول کرتا ہون کہ سادات
کو آگے دروازے کے نہ روکنا اور اونکو اندر نے آنا اور اونکو اونچا بٹہانا پس شیخ موصوف بسبب
اسی عادت اپنی کے قطب زمانہ مشہور ہوئے۔ **حکایت** شرف النبوۃ مین عبارت ہے کہ شہر
بغداد مین ایک علوی سید تہا اوسکو سید عالم کہتے تھے اور سبب اس نام کا یہہ تہا کہ ایک شخص کے پاس
ایک انگشتری تہی اور وہ اوس سید نے اوسنے طلب کی اوس نے نہ دی اوس شخص نے اوسی شب کو
آنحضرتؐ کو خواب مین دیکہا کہ اوس سے آنحضرتؐ نے منہہ پہیر لیا اور فرمایا کہ تو وہی شخص ہے کہ تجہسے
میرے فرزند نے انگشتری طلب کی اور تو نے نہ دی بعدہ اوس شخص نے بہت عذر کیا اور صبح کو اوس
مرد نے وہ انگشتری گلاب سے غسل دیکر اوس شاہزادہ کی خدمت مین لایا اور نذر کی **واضح ہو** کہ
ایسے خواب اوس شخص کو دیکہلاتے ہین کہ جسکو اپنا کرنا چاہتے ہین اور جسکو بیگانہ جانتے ہین اوسکو اور
دلیر کرتے ہین مانند ابوجہل اور یزید لعنۃ اللہ علیہما ابداً **قولہ تعالے** ومن یقترف حسنۃ نزدلہ
فیہا حسنا ان اللہ غفور شکور۔ اے ترجمہ زاہدی نے اس آیت کے ترجمہ تفسیر مین لکہا ہے کہ جو کوئی
اہلبیت رسول اللہ کے ساتہہ نیکی کرتا ہے اللہ تعالے اوسکو انواع انواع قسم کی نیکیان عطا فرماتا
ہے چاہئے کہ بقدر امکان اور وسعت کے بیچ سادات داد و دہش کرے اور اگر جان نثاری کا
موقع ہو تو جان فدا کرے اور اس نعمت سے محروم نرہے اسواسطے کہ غیر سادات کے ساتہہ اگر نیکی
کریگا تو اوسکی قبول ہونے پر تجہکو جزا ملیگی بخلاف سادات کے کہ اونکی حق مین بمجرد احسان کے موجب

موجب بشارت کی امید ہے کہ اختتام اوسکا بایمان ہوگا اور کنز العباد مین بمقام سجدہ شکر
ایسا ہی ذکر کیا ہے سید الامام ابو القاسم رحمت اللہ علیہ نے بسند قوی کے کہا ہے کہ ایکروز رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانچ سجدے بلا رکوع کے ادا کئے صحابہ نے عرض کیا کہ یا نبی اللہ آج آپ نے
پانچ سجدے بلا رکوع کے کئے ہین پس فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ ہان آئے جبرئیل علیہ السلام میرے پاس
اور کہا کہ اسے محمد اللہ تعالے دوست رکہتا ہے علی کو پس سجدہ کیا مین نے اور سر اوٹہایا پس کہا جبرئیل
نے اللہ دوست رکہتا ہے حسن اور حسین کو پس سجدہ کیا مین نے اور سر اوٹہایا مین نے اور پہر کہا جبرئیل
نے کہ اللہ تعالے دوست رکہتا ہے اوس شخص کو کہ جو دوست رکہتا ہے اونکو پس سجدہ کیا مین نے
اور سر اوٹہایا مین نے اور اسی طرح تمامی فقہا اور صلحا اور صحابہ اہلبیت نبی اللہ کو دوست رکہا
ہے پس محبت اولاد رسول اللہ کی ساتہہ نص قرآن مجید اور قول اور فعل مصطفے علیہ السلام
اور صحابہ و سلف و خلف رضوان اللہ علیہم سے بخوبی ثابت ہے پس اس صورت مین جو کوئی محبت
اولاد رسول اللہ صلعم کی قبول کرے تو وہ منکر شریعت اور مرتد طریقت اور ملحد حقیقت کا ہے

حدیث قال النبی علیہ السلام یا علی ما علمت من احبنا واتبع محبنا اسکنہ اللہ تعالی معنا
عند ملیک مقتدر **ترجمہ** فرمایا آنحضرت نے کہ اے علی تو نہین جانتا ہے کہ جو کوئی دوست رکہے
ہمکو ساتہہ لفظ جمع کے اور ذکر کرے تاکہ سب اہل بیت اس مین شامل ہو جاوین اور تعظیم کرے دوستون
ہمارے کی تو بروز قیامت اللہ تعالے اوسکو جگہہ دیگا نزدیک فرشتہ مقتدر کے۔ پس جو کوئی نزدیک
مصطفے علیہ السلام کے جگہہ پاویگا وہ ہوگا درجہ رسول اللہ مین **حدیث ثانی در شرف النبوة**
والدرر روی علی کرم اللہ وجہہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخذ بید الحسن والحسین وقال من
احبنی واحب ہذین الصبین واباہما وامہما واولادہما کان معنی فی درجتی یوم القیامة فی الجنة
ترجمہ روایت ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پکڑا ہاتہہ
اپنے مین دونون ہاتہہ حسن وحسین علیہ السلام کو اور فرمایا کہ جو کوئی دوست رکہے مجہکو اور ان
دونون فرزندون میرے کو اور باپ اور مان ان دونون کو اور اولاد ان دونون کو تو ہوگا
وہ شخص روز قیامت کو بیچ جنت کے میرے درجہ مین۔ پس کون احمق اور جاہل ہوگا کہ جو کوشش
اس نعمت کی نکریگا اور اس نعمت سے محروم رہیگا یا الہی امت نبی علیہ السلام کو اس نعمت عظمے سے
محروم نکیجو۔ **حدیث** قال النبی علیہ السلام طوبے لمن مات فی حبنا وحب اہل بیتنا وقتل
ملہ الجنة **ترجمہ** فرمایا آنحضرت نے کہ خوشی اور مبارکی ہووے اون لوگون کو کہ جو دوستی میری

اور غیرے فرزندوں پر مریں اور کشتہ ہوویں مارے جاویں پس اونکے ہی واسطے بہشت ہے
اور دستور الحقایق میں مذکور ہے کہ محب رسول اور اولاد رسول جنتی ہے بموجب بشارت رسول
اللہ کے اسواسطے کہ قول نبی کا سچا اور برحق ہے۔ اور بیچ تفسیر کشاف میں مذکور ہے کہ مقدم رکھنا
چاہئے اولاد رسول اللہ کو تمام آدمیوں پر ہر امر میں بلحاظ قرابت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے اسوجہ سے کہ شرف فرزندی اور قرابت مصطفےٰ علیہ السلام بسبب شرف رسول خدا کی ہے اور
یہ شرف علم اور تقوی سے بڑھکر ہے۔ شرع الاسلام کے باب سفر میں مذکور ہے کہ چلنے اور بیٹھنے میں
اولاد رسول اللہ کو مقدم رکھیں اور کوشش کریں اونکی حاجتوں کے برلانے میں اور دوست
رکھیں اونکو دل سے اور زبان سے ہر امر میں اور اپنی ذات پر اونکو مقدم رکھیں اور تشریح میں
امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ نہیں جائز ہے عالم متقی کو۔ بالا ہو کر سید ناخواندہ
کی بیٹھی اسواسطے کہ سید اسوہ یعنی پیشوا ہیں بیچ دین کے اور روایت کرتے ہیں ابن قاسم محمد رحمۃ اللہ
علیہ سے کہ جمیع امور میں اولاد مصطفےٰ علیہ السلام کو اپنے اوپر مقدم رکھو اور صدر اور بلند جگہہ پر
سادات کو بٹھاؤ اگرچہ سید جاہل ہو جان لو تم کہ صدر نشینی سے ذلیل کی عزت نہیں ہو جاتی ہے اور
صاحب عزت ذلیل نہیں ہوتا ہے نیچے بیٹھنے سے اگر تو اولاد رسول اللہ کو سبب حقارت یا عداوت
کے اوپر نہ بٹھاوے اور یا سلام نکرے تو عزت سادات میں کمی نہوجاوےگی اگرچہ یزیدوں اور
مروانیوں نے ہزار راہ تک لعنت اولاد رسول علیہ السلام پر کرائی لیکن خداوند کریم نے اپنے
قول حق مطلع الفجر میں اونکی ثنا فرمائی ہے کہ اسکی تفسیر روضہ میں ہے۔ کہ اسے ثنا ہی اوپر محمد
اور آل محمد کے اور ایسا ہے **قولہ تعالےٰ** سلام علی آل یٰسین کہ اسے سلام ہے اوپر آل محمد کے
حدیث قال النبی اربعۃ نفرًا نالہم شفیع یوم القیامۃ ولو اتو بذنوب اہل الارض المکرم
لذراتی والقاضی لہم الحوائج والساعی عند اضطرارہم والمحب لہم بقلبہ ولسانہ **ترجمہ**
اخبار الاثمار اور شرف النبوۃ میں وارد ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ چار آدمی ہیں کہ شفاعت
اونکی قیامت کے دن میں کرونگا اگرچہ تمام زمین کے رہنے والوں کے گناہ اوپر سر اپنے کے لاویں
ایک وہ شخص جو میری اولاد کی بزرگی کرے دوسرا وہ شخص جو اونکو حاجات پوری کرے تیسرا
وہ شخص جو وقت اضطرار کے اونکے کاموں میں کوشش کرے چوتھا وہ شخص جو اونکو دل اور
زبان سے دوست رکھے پس سادات ایسے گروہ ہیں کہ دوستی انکی دین ہے اور دشمنی اونکی
کفر ہے اور قرب اونکا جائے نجات اور پاکی ہے جس شخص کو نیک بخت پیدا کیا ہے اللہ نے دوستی

شناخوان اور پہچان نے والا مراتب سادات کا ہے ورنہ بدبخت ہے اور صاحب تفسیر کشاف نے کہا ہے کہ آیت لا یستوی منکم شان مین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نازل ہوئی ہے اسواسطے کہ حضرت صدیق کو دوستی اولاد رسول علیہ السلام بدرجہ غایت تھی اور اسی دوستی کی وجہ سے آپ عتیق نار اور افضل اخیار وابرار ہوئے حدیث فوایدجلالیہ اکرموا اولادی الصالحون للہ والطالحون لی ترجمہ فرمایا حضرت نے بزرگ رکھو میری اولاد صالحین کو واسطے اللہ کے اور فاسقون کو واسطے میرے ۔ پس فقہا متفق ہین اسبات پر کہ شرف سید کا بہ سبب تکرار فسق وفجور کے زایل نہین ہوتا ہے اسواسطے کہ شرف اوسکا بسبب شرف ہمارے نبی کے ہے برخلاف غیر کے کہ شرف اوسکا ارتکاب منہیات سے زایل ہوجاتا ہے نظم شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ سادات نور دیدۂ اعیان عالم اند ✤ از عزت محمد واز حرمت علی ✤ فردا طعام بعدہ دوزخ بود کسے ✤ کا مروز از محبت شان نیست ممتلی ✤ گر خردۂ از ایشان صادر شود چہ باک ✤ نتوان بزید حرمت ایشان ز جاہلی ✤ از بہر آنکہ خواجہ کونین گفتہ است ✤ الصالحون للہ والطالحون لی ✤ حضرت نظامی گنجوی رحمۃ اللہ علیہ گوید ۔ سادات افضل اند گر وصف شان جلی ✤ اولاد مصطفےٰ و جگر گوشہ علی ✤ بر فعل شان نظر مکن اے مرز جاہلی ✤ الصالحون للہ والطالحون لی ✤ امام سلمی کہتے ہین کہ جسکو اشتیاق زیارت رسول ہو اور وہ بہ سبب کسی عذر کی زیارت حضرت سے معذور رہو تو وہ شخص باعتقاد درست کسی سید سندی کے زیارت کرلے اوس کو ثواب زیارت رسول حاصل ہوجائیگی ۔ امام محمد حسن شیبانی علیہ الرحمۃ کہتے ہین کہ بارہا دیکھا مین نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو کہ تمام شب بیداری کرتے اور دن مین روزہ رکھتے اور بہ نیت زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت امام باقر علیہ السلام جاتے اور مجاورون کو کچھ دیتے اور مقبرہ حضرت امام علیہ السلام مین جاکر جاروب کشی کرتے پس بہ سبب ایسی رعایت کے امام اعظم اور سراج عالم ہوئے لیکن زیادہ تر تعجب اون لوگون پر ہے کہ اپنے شہر مین زیارات سادات چھوڑکر اور جگہہ زیارت عمرو زید کو جاوین ۔ بیت آفتاب اندرون خانہ ماست ✤ در بدر میرویم ذرہ مثال ✤ پس عجب غفلت اور ناامیدی سعادت سے ہے حکایت ایکروز سلطان ابو اللیث نے اپنا لشکر کثیر ویکبار ہائے ملاحظہ کرکے روکر اور کہا افسوس کہ مین جنگ حضرت امیر المومنین امام حسین علیہ السلام مین شریک ہوتا اور سعادت کر اپنے جان اپنی کو اوس امام مظلوم پر فدا کرتا پس اسے ایک بزرگ اس شہر کے نے آنحضرت

دیکہا کہ آپ فرماتے ہین کہ عمرو ابن اللیث سے ہماری طرف سے بعد سلام کے کہنا کہ ہمکو تیری نیت پر اطلاع ہوئی اور تو اوسکے ثواب سے فایز ہوا کفایہ مین امام شعبی کہتے ہین کہ بعد وفات عمرو ابن اللیث کو خواب مین دیکہا اور پوچہا کہ خداوند تعالے نے تیرے ساتہہ کیا کیا سلطان نے کہا کہ بسبب اوسی نیت کے میری بخشش ہوگئی اللہ تعالے جملہ مسلمانون کو توفیق محبت خاندان نبوت کی عطا فرمائے - اور امام ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہین کہ بڑے تعجب کی بات ہے اون لوگون سے کہ نماز مین تو کہتے ہین کہ بار خدایا اولاد محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور باہر نماز کے اولاد رسول اللہ سے بسبب حشمت و مال وغیرہ کے تکبر اور غرور سادات سے کرتے ہین اور جو کوئی سادات مین سے اونکے پاس واسطے حاجت کے جاوے تو اوسکو جواب نہین دیتے یہہ صین خاصہ فرعون کا ہے - حکایت لکہا ہے کہ امام ابوحنیفہ سادات کے بہت توقیر کرتے تہے ایکبار ایک نے سادات مین سے خروج کیا خلیفہ عباسی پر اوسکی بیعت مین امام اعظم شامل تہے اور فتوے دیا خروج کا اور بہیجا اپنے بیٹے کو معہ ایکہزار درہم کے خفیہ اور اپنے یارون کو سادات کی تعظیم اور توقیر مین تاکید فرماتے ایکبار مجلس واعظ مین بار بار کہڑے ہوتے اور بیٹہتے تہے بعد واعظ کے لوگون نے دریافت کیا کہ آج کیا سبب تہا جو بار بار کہڑے ہوتے تہے امام ابوحنیفہ رح نے فرمایا کہ ایک لڑکا سید کا کہیلتا ہوا میرے روبرو آتا تہا جب اونکو دیکہتا تہا مین تعظیم کو کہڑا ہو جاتا تہا غرضکہ جملہ امور آداب کے سادات سے بجالاتے اور کبہی آپکو اونپر فوق نہ دیتے تہے - حکایت محقق دہلوی شیخ عبدالحق اپنے پدر بزرگوار شیخ سیف الدین علیہ الرحمۃ سے نقل کرتے ہین کہ شیخ امان اللہ قدس سرہ پانی پتی فرماتے ہین کہ مین طالب علمون کو بیٹہکر پڑہایا کرتا تہا اور جب سادات کے بچے میرے پاس کہیلتے ہوئے آتے تو مین اٹہہ کہڑا ہوتا اور جبتک وہ کہیلتے رہتے مین کہڑا رہتا تہا لوگون نے جب اسکا سبب دریافت کیا تو کہا مین نے کہ امان کو کیا یہہ مجال اور طاقت ہے کہ اولاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہڑی رہے اور امان بیٹہا رہے - اور خود شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ بیچ خطبہ ہائے جمعہ کے ساتہہ نام سید محی الدین عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے بیان کرتے اوس جگہہ مین کہ جہان درود شریف اوپر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل عظام اور اصحاب کرام کے ٹہیرتے ہین اسطرح پر کہ وعلی سیدنا عبدالقادر المکین الامین اسواسطے کہ موجب رضا اللہ تعالی وخوشنودی روح پر فتوح سید السادات کے ہو کتاب اربعین مین وارد ہے کہ فرمایا خواجہ عالم سید الانبیاء علیہ السلام نے کہ جو کوئی دشمن رکہے اولاد میری کو پس بہ تحقیق اوس نے دشمن رکہا مجہکو اور جو کوئی دشمن رکہے مجہکو پس بہ تحقیق اوسنے دشمن رکہا خدا تعالے کو اور دشمن خدا کی جگہہ آتش دوزخ ہے

پس جان تو اے عزیز کہ دشمن سادات بہ تحقیق دشمن رسول خدا ہے اور دشمن رسول کریم دشمن خدا ہے
تعالیٰ کا ہے اور سادات محبوب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اور جو کوئی کہے کہ میں محبوب
رسول خدا کو دوست نہیں رکہتا ہون تو وہ کافر ہو جائیگا یہانتک کہ اگر کوئی کہے کہ رسول خدا
کدو کو دوست رکہتے تہے اور مین کدو کو دوست نہیں رکہتا ہون توبہی وہ کافر ہو جاوے گا۔
فتاوے ظہیری مین مذکور ہے کہ ایکروز امام ابی یوسف خلیفہ ہارون رشید کے ساتہہ کہانا
کہارہے تہے اس حالت مین ذکر کدو کا ہوا امام صاحب نے فرمایا کہ **حضرت مصطفےٰ علیہ السلام** کدو کو
دوست رکہتے تہے پس حاجب ہارون رشید نے کہا کہ مین کدو کو دوست نہیں رکہتا ہون اوسیوقت
امام صاحب نے کہا کہ اے امیر المومنین فرمائو تم کہ یہہ حاجب مذکور یا تو توبہ کرے یا کہو تو اسکی گردن
مارنے کا فتویٰ دیتا ہون مین پس حاجب مذکور فوراً تائب ہوا۔ اے عزیز ہہ توجب کہ کدو کے دوست
نرکہنے پر کفر عاید ہو جاوے تو نہ دوست رکہنے سادات سے کہ محبوب اور اولاد رسول کریم مین
بسبب اوسکے کفر ہو ویگا۔ اے عزیز جان تو کہ جو کوئی رعایت اولاد رسول علیہ السلام کی کریگا وہ یقیناً
گمراہی سے ہدایت پاویگا اور شقاوت سے سعادت کی جانب رجوع ہو گا اور جو کوئی مخالف اولاد
رسول کا ہو گا نہ کوئی نبی اوسکی رہائی کرا دے نہ ولی اگرچہ ہزار ہزار پیر اور شیخ ہو جاوین لیکن معاندان
اولاد رسول کے واسطے رہائی نہین ہے بلکہ جس پیر کا مرید معاند اولاد رسول مقبول ہو ابروز قیامت
پیر مرشد اوسکا شرمندہ ہو گا آیا نہین دیکہتا ہے تو اور ظاہر ہے یہہ بات کہ جو کوئی خاصان شاہ
سے ہو اور وہ دشمنان شاہ کی رعایت کرے یا اپنے پاس دشمن شاہ کو جگہہ دیوے تو وہ گرفتار بلا مین
ہو جاتا ہے **حدیث** حرمت الجنۃ علی من ظلم اھل بیتی واذانی عترتی۔ کشاف وشرف النبوۃ
مین حدیث ہے کہ فرمایا رسول خدا نے کہ حرام کی گئی جنت اوپر اوس شخص کے کہ جس نے ظلم کیا اوپر اہل
بیت میری کے اور آزردہ کرنا میرے ساتہہ آزردہ کرنے قرابتون میری سے ہے یعنے جسنے میری اولاد کو رنج
دیا اوس نے مجہکو رنج دیا **سوال** معنے ایذا کے کیا ہین **جواب** ایذا عبارت ہے آزردہ کرنے
کیلئے اور رنج دینا اور ناخوش کرنا اور ایذا عام ہے برابر ہے کہ اوسکو مارے یا برا کہے یہانتک
کہ اگر مجلس سے اوٹہے اور خاک اسطرح جہاڑے کہ اہل مجلس پر پڑے یہہ بہی ایذا مین داخل ہے یا کسی
کی بیٹی یا غلام یا زوجہ کو ایذا دی تو وہ بہی ایذا پدر و مالک و شوہر مین داخل ہے یہانتک کہ اگر
پیاز کہا کر مجلس مین جا دے اور اہل مجلس اوسکی بو سے پریشان ہون یہہ بہی ایذا ہے پس ساتہہ
تعریف اسکے یہہ بات ثابت ہے کہ ایذاء اہل بیت ایذاء رسول خدا ہے پس ایذاء امام حسین علیہ السلام

اولاد رسول کریم و علیؓ و فاطمہؓ علیہم السلام ہے اور ایذا اونکی کفر ہے اور ایذا دہندہ اون کا مستوجب عن[illegible] ہے اسبابین بہت حدیثین وارد ہین **حکایت** ملک العلماء دولت آبادی کہتے ہین سلطان شمس الدین کے پاس ایک جوگی کیہسال آیا کرتا تہا اور سلطان اوسکو ترغیب اسلام کی دیا کرتے تہے ایک روز جوگی نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بشر تہے یا ملک سلطان نے کہا کہ بشر تہے جوگی نے کہا کہ اونکی اولاد ہوگی تو لائق سجدہ اور ایمان کے ہوگی سلطان نے کہا کہ آنحضرت علیہ السلام کے دو فرزند اصحاب دو گیسو اون کے مشہور ہین کہ اونکو سید کہتے ہین پس جوگی نے نعرہ مارا اور کہا کہ بادشاہ ہمکو ایسے شخص کے دین مین آنے سے شرم اور عار آتی ہے معلوم ہوا کہ بعد انہون کے حقیر تہے کہ جس کی اولاد ایسی ذلیل ہو کہ آدمی اون سے تکبر کرین اور وہ ہماری رکاب مین جاوین ای بادشاہ جبکہ تمہارے پیغمبر کی اولاد ایسی خوار اور ذلیل ہو تو تجہکو دعوے خلافت انہون کے حرام ہے اسے بادشاہ قیاس کر اس بات پر کہ اگر کوئی اولاد بادشاہ کو ایسا خوار اور ذلیل کرے تو بادشاہ اوسے جنگ پر مستعد ہو جائیگا اسے بادشاہ ہماری قوم مین زناردار برہمن لوگ ہین حالانکہ ہمکو اون کی خلافت اور نیابت بہی نہین ہے مگر تاہم اگر کوئی اونکو مارے یا رنج دیوے تو ہم اوسکا مغز سر سے اوسکے نکال لیوین اور اوسکو اسقدر ماریں کہ شہرت ہو اسے بادشاہ تو میری چار باتونکو اختیار کرے تو ایمان میرا اور خلافت تیری درست اور راست ہے وگرنہ ایسے اسلام سے کفر اونکا فرض بہتر ہے۔ اول یہہ کہ انعام اور اکرام سادات کے حق مین اختیار کر کہ احتیاج سے فارغ البال ہون تاکہ کوئی اونکو اہانت سے نہ دیکہے تو گویا تو نے بہی حق خلافت جد اونکے کا ادا کیا دوم یہہ کہ جاگیر اونکو عطا کر کہ اوسکی وجہ سے حاجت اونکی پوری ہو سویم یہہ کہ علماء بدخصلت فتوے اس امر کا نہ دیوین کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند نہین تہا ایسا نکرین چہارم یہہ کہ علماء دین سے تاکید کر کہ جہوٹا فتوے نہ دیا کرین اور حق تلفی نکرین۔ اور اگر تجہکو یہہ چار باتین میسر نہین ہین تو دین جد اون کے کا چہوڑ دے اور کفر اختیار کر تاکہ تو اونکے حق مین گرفتار رنج ہے اور لوگ تجہکو طعن و تشنیع نکرین پس بعد اوسکے وہ ہندو جوگی کلمہ پڑہکر مسلمان ہوا اور بسبب برکت در رعایت اولاد رسول علیہ السلام کے اولیا اللہ سے ہوا اور بعد اسکے سلطان شمس الدین التمش انار اللہ برہانہ نے سادات کو معظم اور مکرم جانا اور سید السادات سید بار[illegible] غزنوی کو دربار عام و خاص مین اپنے بٹہاتا اور سید قطب الدین کو داہنی جانب اپنے بٹہاتا تہا اور بارہا سید غزنوی سے کہتا تہا کہ مین ایک ترک عجمی ہون بہ طفیل جد تمہارے [illegible] یہہ بادشاہت ملی ہے اور تم فرزند رسول مقبول ہو مجہکو بروز قیامت

اپنے ہاتھ سے چھوڑنا اور اسے بار خدایا ہدایت کر اور توفیق دے تو مسلمانوں کو کہ اولاد رسول
کریم کی توقیر اور بزرگی کرین **حکایت** سلطان عمرو ابن اللیث بادشاہ عجم مجلس اپنے مین سادات
کو سیدہی جانب اور فقہا کو بائین جانب بٹھایا کرتا تھا ایک روز سلطان کے پاس ایک دانشمند شخص
پیس آیا اور سلطان سے معانقہ کرکے سادات کے برابر جا کر بیٹھا سلطان نے اوس سے کہا کہ اسوقت
اشرف الناس کون ہین اوس نے کہا کہ سادات اور فقہا ہین سلطان نے کہا کہ لڑکا ہے میرا اوسکو
اختیار کرتا ہون کہ وہ فقیہہ ہو جاوے اوس شخص نے کہا کہ مین اوسکو بعد چند سال کے فقیہہ بنا دونگا
پھر سلطان نے کہا کہ دوسرے بیٹے اپنے کو مین یہہ چاہتا ہون کہ وہ سید ہو جاوے تاکہ دونون
شرف میرے خاندان مین آجاوین اوسوقت اوس دانشمند نے کہا کہ اے بادشاہ یہہ شرف سادات
اصلی اور نسبی ہے یہہ حاصل نہین ہو سکتا ہے کسب سے اور سادات لوگ حیات اور ممات اور حشر اور قبر مین
افضل ہین بسبب فضل نبی علیہ السلام کے اور شرف علم اور زہد کسبی اور عملی ہے ہر وقت حاصل ہو سکتا
ہے اور جب ترک کر دیوے تو ہو جاوے جیسا کہ تھا پس سلطان نے اوسکو اپنی مجلس سے نکلوا دیا
اسوجہ سے کہ اوس نے اپنا مرتبہ نہ پہچانا اور بالائے سید کے بیٹھا تھا **تفسیر کشاف** مین ہے کہ ہمارے
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آل ابراہیم سے ہین اور حضرت امام حسن وحسین علیہما السلام اولاد پیغمبر
ہمارے سے ہین تو بس حسنین علیہما السلام بھی آل ابراہیم ہوئے **حدیث** مشارق مین ہے کہ فرمایا
آنحضرت نے کہ خدا تعالے نے بزرگ کیا کنانہ پسر اسمعیل علیہ السلام کو اونکی سب اولاد سے اور بزرگ
کیا قریش کو دیگر پسران کنانہ سے اور ہاشم کو قریش سے اور حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کو بنی ہاشم سے پس اولاد فاطمہ علیہا السلام بھی بنی ہاشم سے افضل ہین بسبب فضل رسول ہمارے کے
حدیث قال النبیؐ الحسنؑ والحسینؑ فاضلان فی الدنیا والآخرۃ ثم ابوہما خیر منہما ترجمہ
شرف النبوۃ مین ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ حسنؑ اور حسینؑ بہتر ہین سب سے دنیا مین اور آخرت مین اور
ماں باپ اون کے آنسے افضل ہین۔ اور نہین روا ہے سوائے اولاد مصطفے علیہ السلام کے کسی شخص کو
کہ آنحضرت کو کہ اب اور یا جد کہے جیسا کہ اولاد اپنے باپ کو کہتے ہے پس یہہ بھی دلیل ظاہر ہے
اوپر فضیلت اولاد رسول اللہ کے تمامی مردمان پر جبکہ یہہ آیت **قولہ تعالے** لا تجعلوا دعاء
الرسول بینکم کدعاء بعضکم بعضا نازل ہوئی تو حضرت فاطمہ علیہا السلام نے عرض کیا کہ مین آپکو
کیا کہکر پکارون پس فرمایا آنحضرت نے کہ تو مجھکو یا ابی اور یا ابت کہکر پکارا کر چنانچہ حسنین علیہما
السلام آنحضرت کو ہمیشہ یا ابی اور یا ابت کہتے تھے اور تمام صحابہ حضرت حسنؑ وحسینؑ کو ابن رسول اللہ

نقشبندیؒ نے اور کہا ہے کہ علما اور صلحا کے حق مین اگرچہ آیات اور حدیثات فضل مین نازل ہوئی ہین
لیکن نص صریح شمائی اسکے نہین اگلے حق مین نازل ہین بخلاف سادات کے کہ انکے فضل مین نصوص کثیرہ
نازل ہین لیکن یہہ برائی اور ترجیحات سادات کے کوئی نص صریح اور حدیث صحیح مذکور نہین ہے اور
آنحضرت نے سادات کو برابر قرآن مجید کے فرمایا تاکہ جانا جاوے شرف انکا جیسا کہ آیات قرآنی
کو فضل تمام کتب پر ہے ایسے ہی سادات کا فضل بسبب فضل رسول اللہ کے تمامی مخلوق پر ہے سوائے
خلفاء اربعہ کے۔ **فائدہ** خلفاء کے فضیلت آل رسول پر علماء سلف نے عقیدہ اہل سنت وجماعت
مین بلا دلیل مقرر کی ہے اور سلف کی کیفیت بحث افضل البشری مین درج ہے دیکھو۔ جیسے کہ دیگر
کتب کو قرآن پر فضیلت نہین ہے ایسے ہی سید پر کسیکو تفضل نہین ہے۔ عالم اپنے قبیلہ پر فاضل
ہوتا ہے اور انس بیچ انس کے اور جن بیچ جن کے اور حجام بیچ حجام اور سید اوپر جمیع قبایل کے
بسبب شرف نبی علیہ السلام کے افضل ہے **حدیث** شارق اور مصابیح اور شرف النبوة مین
محدثان سلف اور خلف نے بالاتفاق کہا ہے کہ رسول علیہ السلام نے فرمایا کہ مین تم مین دو چیزین
نفیس اور عزیز چھوڑتا ہون ایک کتاب اللہ اور دوسرے اپنی اولاد محفوظ رکھو انکو اگر تمسک
کروگے ساتھ انکے تو گمراہ نہوگے بعد میرے۔ اور یہی مشکوة اور ترمذی مین مذکور ہے **حدیث**
کہ ستارہ امان ہے واسطے اہل آسمان کے اور اہل بیت میری امان ہے واسطے اہل زمین کے اور جب
ستارہ نہ رہینگے تو قیامت قایم ہوگی اور جب اہل بیت نہ رہینگے تو قیامت قایم ہوگی **حدیث**
قال النبی علیہ السلام یا ابا رافع ان اللہ حرم الصدقة بمحمد وآل محمد فانما ہی اوساخ الناس وعوضہم
منہا خمس الخمس من الغنیمة فی المحیط وشرح الہدایہ **ترجمہ** فرمایا آنحضرت نے کہ حرام کیا اللہ
تعالے نے محمد پر اور آل محمد پر کہ صدقہ میل ہے آدمیونکا اور عوض صدقہ مین خمس اہلبیت مقرر
کیا مال غنیمت سے چونکہ صدقہ مال زکوة کا ہے اور مال زکوة بمنزلہ پانی مستعمل اور ریم کے ہے
پس یہہ حق سادات پاک لوگونکے ریم ناپاک آدمیونکا کیونکر درست ہوتا پس لفظ آل سے کل
اہل مذہب اسلام مراد ہوتے تو صدقہ کل امت پر حرام ہوتا اسلیے ہی کہا گیا ہے کہ آل دو قسم
پر ہے مجازی اور حقیقی پس حقیقی پر صدقہ حرام ہے اور مجازی پر نہین۔ حضرت شیخ اجل شیخ الاسلام
لکھتے ہین کہ سوائے سادات کے کسیکو نہین پہنچتا ہے کہ آپکو اشرف کہلاوے اس واسطے کہ اولاد رسول علیہ
السلام اعرف اور اشرف ترین انسانونکی ہین **بیت** ز فرزندان چو فرزندان زہرا درین
ایام دیگر نیست والا ۔ **نظم ملک العلماء دولت آبادی گوید** ۔

در صفت فضیلت اولاد مصطفیٰ و بہر صفت شادیہ محشر زرشتہ اند؛ منشور محبت زہرا و آل احمد برما
کو اکب انور برافروختہ اند؛ در حضرتے کہ بر سعادت بے طوار کبریاست؛ بر نام اہلبیت پیمبر نوشتہ
اند؛ و بیت کسے زیب بنایت کرد ده دلش و بہ محبت اولاد مصطفیٰ است؛
سوال سادات کو اہلبیت کہاں سے کہتے ہیں **جواب** بحدیث صریح اور بہ آیہ اہل البیت [illegible]
تفسیر کشاف میں بروایت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ کہ جب آیت مباہلہ نازل ہوئی ندع
ابناءنا تو نکلے آنحضرت صلوٰۃ اللہ علیہم ایک چادر سیاہ پہنے ہوئے پس آئے حضرت حسن و حسین اور
فاطمہ و علی علیہم السلام پس داخل کیا انکو اوسی چادر میں اور فرمایا انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس
اہل البیت اور حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ فرمایا آنحضرت واسطے علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام
کے ھؤلاء اھل بیتی کہ یہہ ہیں اہلبیت میری اور شرف النبوۃ میں وارد ہے کہ حضرت لبیح
خادم رسول اللہ کہتے ہیں کہ ہر صبح کو رسول خدا صلعم بعد نماز فجر کے اوپر دروازے حضرت فاطمہ
کے تشریف لاتے اور یہہ فرماتے الصلوٰۃ رحمکم اللہ انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس
اہل البیت اور شیخ الشیوخ کہتے ہیں کہ یہہ آیت ازواج نبی علیہ السلام کے حق میں نازل ہوئی
لیکن سب صحابہ رضی اللہ عنہم سوائے ابن عباس رضہ کے یہہ کہتے ہیں کہ یہہ آیت نازل ہوئی خاص
حضرت رسول اللہ و علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام کے حق میں اور قول اکثر کا راجح
ہوتا ہے پس حاصل یہہ ہے کہ لفظ اہل بیت عیال اور اطفال اور ازواج وغیرہ سب کو شامل ہے لیکن
جبکہ پیغمبر علیہ السلام نے تصریح کر دی ہے تو اور لوگ اس آیت کی رو سے اہلبیت ہونے سے ساقط
ہوگئے اور نہیں ہے گنجایش غیر کو کلام رسول پاک میں پس یہہ آیت خاص بیچ حق مصطفیٰ اور
علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ہے **قولہ** طٰہٰ ما انزلنا کتاب دُرر معین
وارد ہے کہ اسکے طہارت اولاد رسول علیہ السلام مراد ہے اور وکونوا مع الصادقین
یعنے اے محمد و اولاد محمد پس اولاد رسول اللہ بحکم نص صادق ہیں اور صادق کاذب نہیں ہوتے
ہیں پس قیاس اولاد مصطفیٰ علیہ السلام کا اولاد غیر پر نہیں ہوسکتا ہے اسواسطے کہ کفش
رسول اللہ سے عرش کو فخر ہوا ہے پس انکی اولاد کا کیا مرتبہ ہوگا۔ **سوال**۔ سادات
انکو کیوں کہتے ہیں۔ **جواب** بسبب نص صریح اور حدیث صحیح کے کہ حضرت ابو القاسم
بن محمد بن صدیق نے اپنی کتاب میں بیان کیا ہے اس حدیث کو حدیث قال النبی علیہ السلام
یا علی ابناء حسن فاطمۃ سادات لانہا بضعۃ منی و انا سید فہم سادات ونزاد فی غیرہ

انا سید ولد آدم و فاطمہ سیدۃ النساء و الحسن و الحسین سید اشباب اهل الجنۃ
ترجمہ فرمایا آنحضرت نے اسے علی دونون فرزند تیرے جو کہ فاطمہ سے ہین سردار امت میرکے
ہین اسواسطے کہ فاطمہ جگر گوشہ میرا یکہ ہے اور مین سردار کل اولاد آدم کا ہون اور حسن اور
حسین سردار ہین جوانان اہل جنت کے **سوال** سادات کو خونداہ کیون کہتے ہین ۔ **جواب**
امیر المومنین حضرت مرتضے علی کرم اللہ وجہہ علیہ السلام امیر کلاہ اور امیر خرقہ اور استاد تمام علوم
کے ہین اور مرید اور شاگرد موالی ہوتے ہین اور حضرت فاطمہؓ علیہ السلام خاتون جنت کے
گہر مین آزادی امت اور بخشش امت کی مقرر ہے اور امت موالاۃ سے ہین پس سادات لوگ
خونداوہ امت ہین **حدیث** شرف النبوۃ قال النبی علیہ السلام یا علی اول من یدخل الجنۃ انا و
انت و فاطمہ و الحسن و الحسین قال یا رسول اللہ محبونا قال من ورائکم **ترجمہ** فرمایا آنحضرت
نے کہ اسے علی اول بہشت مین مین اور تو اور فاطمہؓ اور حسنؑ اور حسینؑ داخل ہوئینگے پہر حضرت
علی نے کہا کہ یا رسول اللہ عورات اور فرزندان ہمارے پس فرمایا پیچہے تمہارے ہوئینگے
سوال تاویل حدیث یہہ ہے کہ جو کوئی اولاد رسول سے ساتھہ ایمان کے ہو وہ داخل جنت
ہوگا ۔ **جواب** مقلد کو تاویل حدیث حرام ہے بلکہ مجتہد کو بہی تاویل روا نہین ہے
اسواسطے کہ قول مصطفے علیہ السلام مین تردد ہو جائیگا اور بشارت نرہیگی اسواسطے کہ
بشارت احتمال سے مبرا ہے اور قول نبی علیہ السلام سچا ہے جیسا کہ فرمایا ہے وہ ہی ہوویگا
سوال حضرت مصطفے صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت فاطمہؓ کو فرمایا کہ عمل صالح کرو اور بچا
اپنے کو آگ دوزخ سے **جواب** یہہ حدیث ابتدای اسلام کی ہے اور منسوخ ہے بحکم آیت شفاعت
اور بحکم تطہیرا ۔ اور چند احادیث رسول خدا سے **بیان منشور سادات فاطمہ**
علیہ السلام تفسیر بخاری مین وارد ہے کہ جب آیت مباہلہ ندع ابناءنا الخ نازل ہوئی تو حضرت
مصطفے صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ایک کملی خطط سر پر ڈال کر نیچے اوسکے بیٹھے اور شاہ مردان
مرتضے علی اور فاطمہؓ زہرا اور حسنؑ اور حسینؑ علیہم السلام کو پاس اپنے بٹھایا اور جب آپ مباہلہ
سے فارغ ہوئے تو جبرئیل علیہ السلام نے آنکر کہا کہ اے محمد جو لوگ کہ مباہلہ مین ساتھہ تمہارے
تھے خدا تعالے کا حکم اونکی نسبت یون ہے کہ اونکے سر پر منشور کرون مین تاکہ لوگ انکو عزیز اور
مکرم رکہین پس جبرئیل علیہ السلام نے دو جعد رسول خدا کے سر پر بنائے اور قینچی اوس مین
دیئے اور تین انگشت بال چہوڑ کر مہر کی اسکے بعد مصطفےٰ علیہ السلام نے اوپر سر شاہ مردان علیؑ

مرتضےٰ اور فاطمہ زہرا و حسن و حسین علیہم السلام کے دو دو وجد بنائے اور فرمایا بہشت بہی
واسطے تمہارے اور اولاد فاطمہؓ کے پس حضرت جبرئیل آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ میں
نے بہی سابقہ میں آپکی موافقت کی ہے اور خادم تمہارے گہر کا ہون اسطرح کہ لڑائی مین حضرت
علیؓ کی مدد کی ہے مین نے اور بیبی فاطمہؓ کے ساتھ چکی پیسی مین نے اور گہوارہ مین حسنؑ اور حسینؑ
علیہ السلام کو مین نے جہلایا ہی پس مجکو بہی اہل خاندان اپنے سے قبول فرمایئے اور میرے سر پر
بہی وجد کیجیئے تاکہ ملائک اعلیٰ مجکو بہی اہل تمہاری سے جانین پس اسی جگہ سے دعا الہی بموجب
خمسۃ النبی سادسہم پس رسول خدا نے وجد ہا بنائے **ابیات** مرا شفیع تنم پنجتن بسندہ بود
کہ روز حشر بدان پنجتن رسانم تن ✤ نبی و دختر و داماد برگزیدہ پسر ✤ محمد و علی و فاطمہ حسین و
حسن ✤ روایت ہے کہ جہالی بیت ابوطالب نے کہاکہ اے رسول خدا علیہ السلام ہے مکہ
ہمارے پاس تو دیکہا مین نے کہ اوسکے سر پر چار گیسو یافتہ تہی اور ابوالقاسم محمد بن صدیق اپنے
تاریخ مین لکہتے مین اور متواتر یہہ حدیث کہ فرمایا رسول اللہ نے علیؓ سے کہ کرے کوئی منشور بغیر نسب
میری کے اور فرزندان تیرے جوکہ اولاد فاطمہؓ سے ہین تو گویا اوس نے گواہی دی اوپر زنا مادر
اپنی کے اور آخرت مین مستوجب آتش دوزخ اور دنیا مین مستوجب لعن ہوگا پس حاصل
اوسکا یہہ ہے کہ جو کوئی منشور کرے بغیر سادات کے تو وہ منافق اور ملعون ہے اور نہوگی شفاعت
قیامت مین بیچ حق اوسکے **سوال** سادات کو اولاد رسول علیہ السلام کسواسطے کہتے ہین
جواب اسواسطے کہ بحکم حدیث اور اجماع سلف اور خلف کے نسب سادات رجوع کرتا ہے
ساتہہ مصطفےٰ علیہ السلام کے **سوال** سادات کو آل رسول علیہ السلام کسواسطے کہتے ہین۔
جواب آل حقیقی وہ ہے کہ جو رجوع کیا جائے طرف اوسکے نسب اوسکا اور امت صالحین
پر اطلاق لفظ آل کا مجازی ہے اور اولاد حضرت فاطمہ علیہ السلام بموجب حدیث کے آل حقیقی
رسول خدا کے ہے اور اوپر اسکے اتفاق اجماع و علمار کا ہے جیساکہ سید کو آل نبی کہتے ہین اور
بعض نے کہا ہے کہ سید کو اسواسطے آل رسول مقبول کہتے ہین کہ حضرت علیؓ مرتضےٰ اور حضرت
محمد مصطفےٰ علیہ السلام ایک قبیلہ اور نسب سے تہے **بیت** ز فرزندان چو فرزندان زہرا
درین ایام دیگر نیست والا ✤ **سوال** کیا سبب ہے کہ باوجود حکم قرآن اور احادیث رسول
علیہ السلام تاکیدی کے مسلمانون مین رواج محبت اور تعظیم اولاد رسول علیہ السلام جیساکہ
چاہیے نہین ہے بلکہ بعض ما اہل سادات کو حقارت کی نگاہ سے دیکہتے ہین **جواب** اول یہہ ہے

کتب قدیم اور تواریخ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جسقدر احادیث اس بارے مین وارد ہوئی تھین
اونکو بادشاہان قوم بنی امیہ اور عباسیون نے کہ وہ دشمن اولاد رسول خدا کے تھے پوشیدہ کیا اور اختلاف
مین ڈالدیا اور اگر کسی محقق علما و منصف طبع نے اونکو ظاہر بھی کیا تو لوگون نے کثرت کے طرف عمل کیا
نہ ایک دو کے قول پر۔ دوم یہہ کہ بعد واقعہ حادثہ کربلا کے اولاد رسول علیہ السلام مین سے دو چار شخص
باقی تھے سو اونپر بھی بجائے تعظیم اور محبت کے ظلم اور جور ہوتا تہا۔ سوم سلطنت بنی امیہ مروانی اور
عباسیونکی پانسو برس تک باقی رہی اس عرصہ مین جسقدر سادات کی نسل مین کثرت ہوئی تہی وہ بسبب
دشمنی قدیم بادشاہونکے بعضے سادات پوشیدہ رہے اور بعضون نے غیر ملکون کے راہ لی اور وہان جاکر
لقب شیخ سے مشہور ہوئے مانند حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ و دیگر حضرات کہ شیخ کے لقب کو مشہور
تھے اور بعضے سادات جو ظاہر مین باقی رہے اونکو بادشاہون نے کوئی نکوئی جرم لگاکر قتل کروادیا اور
اگر کوئی شخص اونکی سفارش کرتا اور تعظیم اور محبت سے نام لیتا تو وہ بھی مروادیا جاتا تہا لیکن دو چار
بادشاہ کہ محب اہلبیت رسول علیہ السلام تھے مانند عمر بن عبد العزیز و مامون رشید و واثق باللہ و امیر
تیمور وغیرہم ایسے بھی ہوئے ہین کہ جنہون نے سادات کی رعایت کی اور محبت اور تعظیم سے پیش آتے تھے
یہہ اونہین کا طفیل ہے کہ آج ہم سادات کو اولاد رسول علیہ جانتے ہین اللہ تعالے ہمکو اور سب مسلمانون
کو محبت اور تعظیم اولاد رسول کو ہمیں سرگرم رکھے تاکہ بروز حشر رسول خدا صلعم سے شرمندہ نہون۔

باب ہفدہم در بیان اولاد امام حسن مجتبےٰ علیہ السلام

حضرت امام حسن علیہ السلام نے یکے بعد دیگرے نو نکاح کئے تھے اور اولاد مین بھی مورخان نے اختلاف
کیا ہے کوئی بیس[۲۰] اور کوئی پندرہ[۱۵] اور کوئی گیارہ[۱۱] کا قایل ہے اور گیارہ یہہ ہین۔ زید[۱] و حسن[۲] و عمر[۳]
و عبد اللہ[۴] و قاسم[۵] و حسین[۶] و عبد الرحمن[۷] و طلحہ[۸] و اسمٰعیل[۹] و حمزہ[۱۰] و یعقوب[۱۱] اور جو پندرہ کہتے ہین وہ چار
یہہ ہین۔ محمد[۱۲] و ابو بکر[۱۳] و جعفر[۱۴] و عبد اللہ[۱۵] ثانی ہین اور اسیطرح لڑکیون مین اختلاف کیا ہے کوئی سات
اور کوئی پانچ اور کوئی ایک کا قایل ہے لیکن ایک لڑکی کی سند یہہ ہے کہ وہ حضرت فاطمہ ہین والدہ امام
محمد باقر علیہ السلام کی لیکن یہہ بات مشہور ہے کہ آپکے بعد صرف دو صاحبزادون سے نسل جاری ہے —
حضرت زید و حسن مثنی چنانچہ کثرت سادات حسنی اور بزرگی اور عزت انکی تمام روئے زمین پر مشہور ہے۔
اور حضرت زید کا نام ابو الحسن تہا اونکے فرزند حسن بن زید ہین اور کنیت ابو محمد ہے اور امامت مدینہ
طیبہ کی آپکے تعلق تہی ان کے سات فرزند تھے ایک ابو محمد قاسم دوسرے ابو الحسن علی تیسرے ابو طاہر
زید چوتھے ابو اسحاق ابراہیم پانچوین ابو زید عبد اللہ چھٹے ابو الحسن اسحاق ساتوین ابو محمد اسمٰعیل منجملہ انکی

چار کے اولاد تھوڑی ہوئی وہ ایک اسحاق ہیں انکی نسل میں قبیلہ خطیبان ہے دوسرے زید انکی نسل
مین نہر طاہر میں قیسیہ ہے تیسرے عبداللہ انکی بھی اولاد کم ہے چوتھے ابراہیم انکی اولاد بلاد دمشق میں بہت ہے
لیکن جنکی اولاد بہت ہے وہ پانچ ہیں ایک اسمٰعیل انکو داعی الکبیر اور داعی الاول کہتے ہیں یہ حضرت ایک
مدت تک طبرستان کے بادشاہ رہے اور نسل انکی بہت ہے اور دوسرے علی کہ جنکی اولاد میں امام حسن
ہیں اور تیسرے قاسم ہیں کہ انکے فرزند عبدالرحمن شجری اور محمد بطحانی ہیں اور بطحانی کی نسل بہت ہے
سید مرتضیٰ ابوالحسن احمد و سید ناطق اور [illegible] بن بطحانی کے نسل میں ہیں اور شجریون کا بھی بہت بڑا گروہ ہے
محمد [illegible] اور حسین [illegible] بن محمد شجری کی نسل سے ہیں۔ اور دوسرے حسن مثنیٰ بن امام حسن
بہت جمیل اور شکیل تھے حضرت امام حسین علیہ السلام نے اپنی ایک دختر فاطمہ نامی سے نکاح کردیا تھا اس
سبب سے انکی اولاد حسنی و حسینی کہلاتی ہے اور آپ کے تین فرزند پیدا ہوئے ایک عبداللہ محض دوسرے
ابراہیم غمر تیسرے حسن مثلث حضرت حسن مثلث کی کنیت ابوعلی ہے آپ اپنے زمانہ کے اکابر میں سے
تھے اور ابوالحسن علی عابد آپکے فرزند ہیں اور علی عابد کے بیٹے حسین شہید صاحب فخ ہیں۔ اور حسین نے
زمانہ خلیفہ ہادی عباسی میں ١٦٩ ہجری ہادی پر خروج کیا اور بہت جماعت سادات اور مکہ کے لوگوں نے
حسین کا ساتھ دیا اور مدینہ میں عامل ہادی سے جنگ ہوئی اسکے بعد مقام فخ میں جنگ ہوئی اور بہت اکابر شہید
ہوئے اور سو سے زیادہ سر حسینیوں کے اور اہل مدینہ طیبہ کے ہادی کے روبرو گئے ہیں واقعہ فخ میں
طائف کے قریب ہوا اور حسین اور سادات انکی ہمراہی سب شہید ہوئے امام محمد تقی علیہ السلام نے کہا ہے
بعد قتلیہ کربلا کے کوئی واقعہ اس جنگ سے زیادہ بھاری اہلبیت پر نہیں گذرا۔ **بیان ابراہیم**
غمر بن حسن مثنیٰ علیہ السلام انکی کنیت ابواسمٰعیل ہے اور بہ کثرت سخاوت اور شجاعت
کے غمر نام رکھا گیا یہ حضرت [illegible] اپنے جد بزرگوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تھے آپ نے
١٤٥ ہجری میں خلیفہ منصور عباسی پر خروج اور حملہ کیا آپکے ساتھ انبوہ خلائق جم غفیر اور بڑا کابر لوگ تھے
لیکن آپ گرفتار ہوئے اور قیدخانہ منصور میں وفات پائی اسوقت عمر انکی نناوے برس کی تھی اور اولاد
انکی حسن سے جاری ہوئی اور بڑی بڑی انکی نسل میں ہوئے چنانچہ سید تاج الدین جعفر اور سید
ابراہیم طباطبا اور اونکی اولاد ہیں اور لقب طباطبا جاری رہا اور مدینہ طیبہ اور مصر وغیرہ
میں انکی نسل ہے۔ **بیان عبداللہ محض بن حسن مثنیٰ علیہ السلام** محض یعنی خالص
یعنی خلاصہ و نسل کہ آپ امام حسن اور امام حسین کی اولاد سے ہوئے اور آپ بہت خوبصورت تھے اور
توم [illegible] شیخ وقت تھے انکی نسل چھ صاحبزادوں سے جاری ہوئی محمد و ابراہیم و موسیٰ و [illegible]

و سلیمان و ادریس لیکن ادریس کی اولاد ادریس بن ادریس سے جاری ہے اور سلیمان کے فرزند محمد کی اولاد مغرب میں تھے اور یحیٰی کو صاحب دیلم کہتے تھے اونھوں نے گیلان کو تروج کیا اون کی اولاد بہت ہے۔ اور موسیٰ جون ان کی کنیت ابو الحسن تھی اور والدہ تے اس وجہ سے کہ آپکا رنگ سیاہی مائل تھا آپکا لقب جون مرکہا تہا اور آپ کی نسل آپکے دو فرزند وں سے جاری ہا ہوئی اول عبداللہ کہ جد شیخ عبد القادر کے تھے اور ہارون رشید خلیفہ نے چا ہا تہا کہ اونکو ان ولی عہد بناوے لیکن آپ نے انکار کیا اور آپ بہاگ کر جنگل میں جا رہے اور اسی جگہ آپ نے وفات پائی چونکہ آپکی نسل مین بڑے بڑے اکابر سادات سے ہوئے جیسے حضرت سید محی الدین شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ جیلانی میں اے۷۱ہجری مین پیدا ہوئے اور وفات آپکی ۵۶۱ ہجری میں ہوئی آپکا نسب یون ملتا ہے حضرت سید عبد القادر ابن ابی صالح ابن عبد اللہ ثانی ابن موسے جون ابن عبد اللہ محض ابن حسن مثنےٰ ابن امام حسن ابن علی علیہم السلام اور آپ کے بارہ فرزند ہوئے اور سب عالم اور کامل تھے سب سے بڑے بیٹے سید عبد الوہاب معروف بہ عبد الرزاق تھے۔ دویم ابراہیم کہ جنکی نسل ابراہیم یوسف اغی نمر سے جاری ہوئی اور امیر یوسف اور ابو جعفر حاکم یمامہ اور بنو حمیدان اون کی نسل میں ہے۔ لیکن ابراہیم قتیل بن عبد اللہ محض اون کی کنیت ابو الحسن تہی اور قوت اون کی اسقدر بیان کی ہے کہ وہ بھاگتے ہوئے شتر کی دم پکڑ لیتے تھے اور اسکو آگے نجانے دیتے تھے اور آپ اکابر علماء سادات میں سے تھے اور آپ نے شب دوشنبہ غرہ رمضان ۱۴۵ ہجری میں بمقام بصرہ خروج کیا اوپر منصور خلیفہ عباسی کے اور بہت سے اکابر علماء نے مانند امام اعمش اور امام عباد بن منصور وغیرہ نے آپ کے ہاتھہ پر بیعت کی اور صحیح طور سے یہہ بات معلوم ہوئی ہے کہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بھی اس بیعت میں شامل تھے اور اوس کی معاونت اور نصرت پر فتوے دیا تہا اور فرزند اپنے حماد کو بھی معہ چار ہزار درم کے آپکے پاس روانہ فرمایا اور خط بھی لکھا کہ مین بوجہ سنبھالنے مستورات اور امانات مردمان کی کہ جو میرے پاس امانت ہے حاضری سے معذور ہون ورنہ مین بھی آپکے پاس پہنچتا اور شریک ہوکر مدد کرتا۔ مگر اتفاق سے وہ خط خلیفہ منصور کے ہاتھہ لگا اور اوس نے اسبات پر ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے غصہ ہوکر اونکو ایذا دی کہ جسکے وجہ سے قید خانہ مین آپ نے وفات پائی اور یہہ بھی لکھا ہے کہ جب ابراہیم شہید ہوگئے تو اون کی والدہ امام اعظم کے پاس گئیں اور فرمایا کہ تونے میرے فرزند ابراہیم کو خروج کا فتوے دیا اور وہ گیا وہان اور مارا گیا امام اعظم نے کہا کہ کاش مین تمہارے فرزند کی جگہہ ہوتا تو بہتر تہا القصہ خلیفہ منصور دوانیقی کے

لشکر سے مقاتلہ ابراہیم کے لشکر کو شکست ہوئی اور لوگ بہاگ گئے ایسی حالت میں حضرت
ابراہیم کی پیشانی مین ایک تیر لگا اور اوس کے صدمے سے آپ شہید ہوئے مقام باخمرے مین
کہ قریب کوفے کے ہے۔ اور نسل آپ کی اونکے فرزند حسن سے جاری ہوئی اور بنو الارزق اور
صاحب خاتم اور بنو رزق اللہ ملقب بخندقیین اون ہی کی نسل سے ہین۔
یعنی محمد بن عبد اللہ محض صاحب نفس زکیہ اونکی تہے اور اونکو ابو القاسم بہی کہتے تہے اوس وقت کے اکابر
لوگون نے انکا لقب مہدی دیا تہا اسواسطے کہ نام اونکا محمد اور کنیت ابو القاسم اور والد اون کے
بزرگوار کا نام عبد اللہ تہا کیونکہ ایک حدیث جو مشہور ہے کہ مہدی میری اولاد مین سے ہوگا
اور نام اوسکا نام میرا اور نام اوس کے باپ کا میرے باپ کا نام ہوگا اور دوسری روایت مین ہے
کہ کنیت اوسکی کنیت میری ہوگی اور بڑے بڑے لوگ بنی ہاشم اون سے منتظر ہوتے تہے۔ اور
شاہ صاحب اپنی جد بزرگوار سے نقل کی ہے کہ وہ یعنے محمد چہار سال اپنی مان کے شکم مین رہے۔ اور
جب پیدا ہوئے تو دونون مونڈہون کے درمیان ایک سیاہ تل برابر بیضہ مرغ کے تہا غرضکہ آپنے
خروج کیا مدینہ طیبہ مین خلیفہ منصور عباسی پر ۱۴۵ہجری مین اور اہل مدینہ اون کے ہمراہ ہوئے
اور خندق کہودی اوس جگہ کہ جہان پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہودی تہی واسطے جنگ کے
اور امام مالک رحمۃ اللہ عنہ نے فتوے دیا واسطے جنگ خلیفہ منصور عباسی پر اور آدمیون کو
حکم دیا کہ مددگاری اور یاری دین اور ہمراہی نہ چہوڑین محمد کے غرضکہ نوبت پہونچی جنگ کی
یہانتک کہ محمد بن عبد اللہ اور سادات اور یاران اونکے شہید ہوئے۔ اور منصور نے اہلبیت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک جماعت کو قتل کیا اور ایک جماعت اہل علم کو کہ اونکے
ہمراہ تہے اونکی بہی بہت ایذا پہنچائی کسیکو مارا اور کسیکو قتل کیا منجملہ اونکے حضرت امام ابو حنیفہؒ اور
امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بہی تہے اور یہہ لڑائی واقع ہوئی تہی مقام احجار الزیت مین کہ جسکی نسبت
حدیث وارد ہوئی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ میری اولاد مین سے نفس
زکی احجار الزیت مین مارا جاویگا پس اسیوجہ سے انکو نفس ذکیہ کا لقب دیا گیا اور آپ کی نسل
آپکے فرزند ابی محمد عبد اللہ اشتر الکابلی سے جاری ہوئی کہ وہ بعد شہادت اپنے پدر بزرگوار
کے بہاگ کر ولایت سندہ مین گئے اور کابل مین شہید ہوئے اور ابو جعفر نقیب کوفی اور ابو
الحسن احمد ابو البرکات محمد اور ابو طالب محدث ہمدانی بہی اور یہ قبیلہ بنی اشتر سے ہین۔

باب شش صدہم در بیان اولاد امام حسین علیہ السلام و اولاد ائمہ اثنا عشر علیہم السلام

واضح ہو کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے تین فرزند اور تین دختر تھین علی اکبر و علی اوسط و علی اصغر و فاطمہ کبریٰ و فاطمہ صغریٰ و سکینہ کہ حضرت علی اکبر نوجوان و علی اصغر خورد سال معرکۂ کربلا مین شہید ہو گئے اور حضرت امام زین العابدین علی اوسط کو وراثت و منصب امامت و علم ولایت و نبوت کے عطا ہوئے اور آپ کی نسل مین آٹھ امام علم ولایت کے ہوئے لہذا آپ کو آدم آل عبا کا خطاب ہوا ۳۸ ہجری ماہ شعبان نوین تاریخ کو آپ پیدا ہوئے آپکے علم اور فضایل مین کسیکو انکار نہین ہے اور سبب شہادت انکا یہہ ہوا کہ ایک سال خلیفہ عبد الملک بن مروان واسطے حج کے مکہ مین گیا اور کعبہ کے واسطے بہت کوشش کی لیکن بسبب کثرت خلق کے باریاب نہوا اور ایک بلند جگہہ پر جا بیٹھا پہر دیکہا کہ ایک شخص سادے لباس مین سبز عمامہ باندہے ہوئے تھے اور ایک خادم انکے آگے علی ابن رسول اللہ کہتا جاتا تہا لوگ اونکے واسطے راہ دیتے تھے یہانتک کہ آپکو داخلی ہوئی عبد الملک کو تعجب ہوا کہ باوجود اس شان اور شوکت کے ہمکو یہہ بات نصیب نہوئی اور یہہ کون شخص ہے کہ لوگ اسکو اسقدر تعظیم و تکریم سے جگہہ دیتے ہین اوس نے اپنے مصاحبین سے دریافت کیا اوسوقت وہان ہم فرزدق شاعر بہی موجود تہا پس جوش محبت اولاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جواب دیا کہ یہہ وہ شخص ہے کہ جسکو خانہ کعبہ اور آب زمزم خوب پہچانتا ہے اور ایک قصیدہ بہی آپکی مدح مین پڑہا اوسپر عبد الملک غضبناک ہوا اور فرزدق شاعر کو اور حضرت امام علیہ السلام کو قید خانہ مین قید کیا پس اوسی قید خانہ مین بزمانہ ولید بن عبد الملک حضرت امام زہر سے ۹۵ ہجری مین شہید ہوئے اور آپکی نسل چہہ صاحبزادون سے جاری ہوئی۔ امام محمد باقر و حضرت زید شہید عبد اللہ باہر حسین اصغر عمر اشرف علی اصغر چنانچہ علی اصغر کے فرزند حسن افطس ہوئے اور حسن افطس کے پانچ فرزند ہین ایک علی غزائی کہ جنکے فرزند حسین مانکدیم ہین دویم عمر کہ جنکے فرزند حسن قاضی امین الدولہ ہین۔ سویم حسین کہ جنکی اولاد بنی شکران اعہد علی قنوری ہین۔ اللہ چہارم حسن مکفوف کہ انکے فرزند حمزہ اور قاسم ہین۔ پنجم عبد اللہ شہید انکی اولاد بہت ہے۔ اللہ ذوم عمر اشرف بن امام زین العابدین انکے فرزند علی اصغر محدث اور سید ذکریا مین

چنانچہ سید ذکریا کے اولاد ہندوستان میں ہے سید بدر الدین اسحاق خلیفہ مخدوم حضرت بابا فرید
گنجشکر قدس سرہ کے ایک ... رضی اللہ عنہما اور شجرہ نسب آپکا یہ ہے کہ سید بدر الدین
اسحاق بن سید علی بن سید اسحاق بن سید معین الدین عرف منہاج الدین بن سید ...
بن سید محمد بن سید فتح اللہ بن سید جلال الدین بن سید قطب الدین بن سید ذکریا بن سید ...
اور سوم حسین اصغر بن امام زین العابدین اسکے پانچ فرزند ہوں سے نسل جاری ہوئی۔ ایک عبید اللہ
اعرج ان کی اولاد بہت ہے۔ دوم عمرو انکے فرزند حسین بن عمرو ہیں۔ سوم محمد جانی انکی اولاد
محمد محدث سے جاری ہوئی۔ چہارم علی صالح یہ حضرت بہت بزرگ تھے اور عراق کی ریاست انکی
اولاد میں رہی۔ پنجم جعفر الحجہ انکے دو فرزند ہوئے حسین و حسن کہ یہ امراء مدینہ و ترمذ کے تھے
چنانچہ حسن کے تین فرزند تھے محمد عقیقی و اسمٰعیل منقذی و علی اور انکی اولاد بہت ہے۔ دویم
حسین کہ سادات ترمذ و بلخ کے جد بزرگوار ہیں اور بادشاہت بلخ کی آپکی اولاد میں رہی۔ بلکہ
آپکے فرزند ابو الحسن ہوئے ان سے بہت نسل جاری ہوئی اور ... علم و دینی علوم و دینی فوائد سادات
ترمذ آپ کی اولاد میں ہیں چنانچہ حسین کی اولاد میں سے ایک بزرگ ہندوستان میں مخدوم خواجہ
محمد سنائی ترمذی قدس سرہ تشریف لائے اور **قصبہ کنکیری** ضلع علی گڈھ کو پسند کرکے
سکونت اختیار کی۔ آپکا سلسلہ نسب یہ ہے کہ مخدوم خواجہ محمد سنائی ترمذی چشتی ابن خواجہ سید
رمضان بن سید ضیاء الدین بن سید احمد بن سید محمد بن سید خواجہ کبیر بن سید شہاب الدین بن
سید عباس بن سید خواجہ مسعود بن خواجہ علی محدث بن حسین ترمذی بن جعفر الحجہ بن حسین اصغر
بن امام زین العابدین علیہ السلام۔ اور حضرت مخدوم علیہ الرحمۃ کی شادی ساتھ دختر نیک اختر
حضرت مخدوم عزیز الدین متوکل شاہ ولایت قصبہ کڑا مانکپور سے ہوئے اور ساون بی بی صاحبہ
کا نام فاطمہ قتال تھا اور وجہ لقب قتال کی یہ ہے کہ آپ حالت سفر میں تہیں کہ برقع چہرہ مبارک
سے اڑ گیا او گروہ نے بد نظری سے دیکھا پس مائی صاحبہ نے انکی جانب غضب سے نگاہ کی وہ
لوگ فوراً زمین پر گر کر مر گئے جبسے آپکا نام قتال ہو گیا اور ان مائی صاحبہ کا مزار شریف قصبہ
مارہرہ میں ہے آپکے بطن اطہر سے ایک فرزند مسافرت میں پیدا ہوئے لہذا انکا نام سید مسافر
رکھا گیا اور جد آپنے ایک رسالہ سنہ ۱۲۱۵ ہجری میں سادات ترمذ کے حال میں تصنیف کیا اوسکا نام
بھی مسافر نامہ ہے اور حضرت بندگی سید مسافر کے آٹھ فرزند تھے ایک سید سعد الدین کہ انکا مزار
قصبہ خطیرہ میں ہے اور اولاد انکی کا سلسلہ دختر سے جاری ہوا چنانچہ سید جناب علی و سید نیاز علی

حضرت سید محمد دوم سید شاہ ڈھن انکا مزار احاطہ بندگی سید مسافر مین ہے اور سنگو کلان
میں میان ہے انکے فرزند سید یار محمد ہے کہ جنکا مزار قصبہ دہنیاری مین ہے اور
ان کے بھتیجے سید قاسم اور ان کے بھتیجے سید سلیمان تھے ششم سید سلطان الدین اور چہارم سید شاہ گدا
سید دین خضر نامے قصبہ ریری چھٹ دار اور پہلی بہت مشہور ہے کہ مزار ان کے مشہور ہین
محمد جہانگیر انکا مزار موضع خانپتی مین ہے اور اولاد ان کی ہے ششم سید محمد شاہ ان کی
مزار خانقاہ حضرت مخدوم مین بسمت غربی واقع ہے انکی اولاد نہین ہے ہفتم سید برہان الدین
عرف بڈہن انکا مزار حضرت مخدوم کی مسجد کی پشت پر ہے اور انکے فرزند سید نصرت الله سے اولاد
جاری ہوئی قصبہ سہاورا اور قصبہ سکیٹ اور قصبہ گنگیری مین موجود ہے چنانچہ میان سید احمد
ابن سید محمد احمد گنگیری کا واسطے نسب چودہوین پشت مین حضرت مخدوم سے ملتا ہے ہشتم سید شاہ
ماہن انکا مزار پائین مزار سید بندگی مسافر پدر بزرگوار اپنے کے ہے اور انکے دو فرزند تھے ایک
سید جمال الدین عرف جمال ہوئے انکا مزار محلہ جمال ہوئے قصبہ گنگیری مین ہے اور اولاد ان کی
قصبہ مذکور مین موجود ہے دوسرے سید جلال الدین ان کی اولاد قصبہ ہذا مین بہت ہے لیکن شجرہ
نسب کی صرف دو شاخون کا بیان یہہ ہے کہ ایک سید قلندر علی تھے کہ جنکے پوتے سید رمضان علی
ابن سید شبیر علی و سید خواجہ علی ابن سید مظفر علی ہین اور دوسرے مولوی سید نیاز علی و مولوی
سید عصمت علی تھے کہ جنکا سلسلہ نسب حضرت مخدوم تک دسوین پشت مین ملتا ہے اور مولوی
سید نیاز علی کے پوتے سید آل احمد و سید علی احمد ولد بی بی شفیع النسا ابن مولوی تفضل علی ہوئے
اور سید احمد حسین و سید گوہر علی ابن مولوی سید امداد علی ہین اور سید گوہر علی کے فرزند سید
عبد الاحد تھے اور سید احمد حسین کے فرزند محمد اسحاق و محمد مبین ہین اور میران اولاد حسین مولف
رسالہ ہذا و سید اکمل حسین برادر حقیقی مولف کا سلسلہ نسب مادری حضرت مخدوم خواجہ محمد ثانی
قدس سرہ سے یون ملتا ہے کہ والدہ صاحبہ مولف مذکور کی بی بی شفیع النسا ہمشیرہ حقیقی سید آل احمد
کی ہین اور اسیطرح مولف کے فرزند شبیر حسین و ریاض الحسن عرف میان ممن و میان ستن کا
سلسلہ مادری حضرت مخدوم سے یون ملتا ہے کہ والدہ انکی ہمشیرہ حقیقی سید محمد مبین کی ہین اور
جب حضرت مخدوم علیہ الرحمۃ ولایت ترمذ سے ہندوستان مین تشریف لائے تو آپکے ہمراہ چند
اشخاص افغان مرید خوش عقیدہ وہی تھے ان لوگون نے حضرت مخدوم کے قرب مین سکونت اختیار
کی چنانچہ چند دیہات انکی اولاد سے اسوقت تک ضلع علیگڈہ مین آباد ہین اور اکثر لوگ انہین سے

رئیس عظیم سرکار انگریزی مین ممتاز ہین چنانچہ بیگم پور مین محمد عبد الشکور خان اور دواون مین یار محمد
یار خان اور دتاولی مین اسمٰعیل خان اور بدرہ گانون مین مصطفےٰ خان اور حسن پور مین اختر علی
و نصیر اللہ خان بہت لوگ سادات کے ماننے والے ہین لیکن محمد خان کے حال اولکی آل صغری سی ہے

نظر تا دو بنگاہ سوے غلمین نگیرن کی یہی ہیں اہل مذہب کی نہی کلمہ ہے انہی کے حقیقین زمان نہو تا ہے جہنم مین گرفتار	غضب سے نکرا او قرآن بظلمین کی سادات کی اور سچ مروت کہ ہو اولاد پیری مثل قرآن عدو تیرے نہین ہوا ہے حکم جاری	زبان مانند کی آرا اس غضب کی کہتی وعظ مین پیغمبر کی حرمت برابر کرو تعظیم انکی اسے یار عدو اولاد پیغمبر ہے ناری

چہارم عبد اللہ باہر ابن امام زین العابدین علیہ السلام ہین انکو باہر اسواسطے کہتے تھے کہ رخسار مبارک آپکے بہت روشن اور نورانی تھے آپکی اولاد محمد ارقط سے جاری ہوئی اور بنی فریق شام اور مصر کے ملک مین آپ کی اولاد ہین اور بادشاہان ملک رے بہی آپ ہی کی اولاد مین ہوئے ہین ۔ پنجم حضرت زید شہید آپ کے فضایل حد سے زیادہ ہین سنہ ۱۲۱ ہجری مین چالیس ہزار کوفیون نے آپکے ہاتھ پر بیعت کی اور ہشام بن عبد الملک مروانی سے جب آپ نے خروج کیا تو سب لوگون نے آپ کو چھوڑ دیا صرف پانسو آدمی باقی رہے انکو اپنے ہمراہ لیکر جہاد کیا اور شہید ہوئے آپ کی لاش مبارک کو برہنہ کرکے دار پر چڑہا دیا لیکن بحکم الٰہی مکڑی نے لاش پر جالا پورا اور آپکی زوجہ صاحبہ لوگون کی نظر سے غائب ہوگئین ۔ طبرانی نے موسےٰ بن حبیب سے روایت کی ہے کہ مجکو ایک عورت عابدہ زاہدہ نے خبر دی کہ بعد شہادت حضرت زید کے دیکہا مین نے خواب مین ایک گروہ کو ساتہہ پوشاک عمدہ کے کہ آسمان سے زمین پر آیا اور چارون طرف اوس لاش کے کہڑے ہوکر اور ہاتہہ اپنے منہہ پر مارکر روتا اور نوحہ کرتا تہا اور ایک بی بی صاحبہ اوس گروہ مین کہ سبز پوشاک پہنے ہوئے تہین پس فرمایا اون بی بی صاحبہ نے کہ اے زید جن لوگون نے تجکو قتل کیا اور دار پر کہینچا ضرور ہے کہ انکو شفاعت جد بزرگوار تیری محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نصیب نہوگی جب مین نے اوس گروہ مین سے ایک سے دریافت کیا کہ یہہ بی بی صاحبہ کون ہین اوس نے کہا کہ حضرت خاتون جنت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہین ۔ حضرت زید کے چار فرزند تہے یحییٰ ۔ حسین ۔ و عیسےٰ ۔ و محمد تہے منجملہ انکے تین شخصون سے اولاد بہت ہوئی اور یحییٰ اپنے باپ کی شہادت کے بعد ملک خراسان مین بہاگ کر چلے گئے تہے لیکن دشمن آل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصر سیار نے فوج بہیجکر انکو بہی شہید کرایا اور انکے اولاد نہین ہے ۔

بیان امام باقر علیہ السلام

یہہ حضرت پنجم امام اہلبیت نبوت سے ہین۔ آپکی پیدائش بروز جمعہ غرہ رجب ۵۷ ہجری مین ہوئی آپکے کمالات اور فضایل بہت ہین آپکے نام باقر کی خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اول ہی دیدی تہی اور توریت مین بہی نام آپکا باقر لکہا ہوا ہے حضرت جابر انصاری روایت کرتے ہین کہ ایک روز مین پیغمبر علیہ السلام کی خدمت مین حاضر تہا آنحضرت نے فرمایا اے جابر شاید تو ایک کو میرے فرزندون مین سے دیکہیگا کہ نام اوسکا محمد باقر بن علی بن حسین ہوگا اور اللہ تعالیٰ اوسکو نور اور حکمت عطا فرما دیگا تو میرا سلام اوسکو پہنچانا چنانچہ مین نے سلام آنحضرت کا امام علیہ السلام کو پہنچایا اور امام ممدوح نے وعلیکم السلام فرمایا۔ اور آپکے چہہ فرزند اور دو دختر پیدا ہوئے۔ امام جعفر صادق و ابراہیم۔ ورضا و علی و زید و زینب و ام سلمہ لیکن نسل آپ کی امام جعفر علیہ السلام سے جاری ہوئی اور وفات آپکی ۱۱۴ ہجری ششم ذی الحجہ کو زہر سے باشارہ خلیفہ ہشام بن عبد الملک مروانی کے ہوئی۔

بیان امام جعفر صادق علیہ السلام

یہہ حضرت امام ششم اہلبیت نبوت کے ہین اور والدہ صاحبہ آپکی دختر قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ہین اور آپکی پیدائش ہفتم ماہ ربیع الاول ۸۳ ہجری مین ہوئی اور آپکا علم ظاہری اور باطنی اور کشف اور کرامات از حد تہا چنانچہ امام اعظم ابو حنیفہ کوفی اور امام مالک اور بایزید بسطامی آپ کے شاگردون مین سے تہے اور فرمایا امام علیہ السلام نے کہ علم ہمارا غابر ہے اور مزبور اور نکت قلوب اور نقر اسماع یہہ سب ہمارے علوم ہین۔ اور مصحف فاطمہ اور جامع یہہ کتب ہماری ہین اور جفر احمر اور جفر ابیض یہہ ظروف ہمارے ہین اور جس چیز کے کہ تمام لوگ محتاج ہین اوسکے ہم مختار ہین اور کتاب جفر جامعہ تو خاص حضرت امام علیہ السلام کی تصنیفات سے ہے اور تذکرۃ الاولیاء مین نقل ہے کہ ایک روز منصور خلیفہ عباسی نے حضرت امام کو دربار مین طلب کیا اور جلاد کو حکم دیا کہ جب صادق یہان آوے اور مین اپنی کلاہ سر سے اوتار دون تو اوسکو قتل کر ڈالنا چنانچہ جب حضرت امام جعفر تشریف لائے اور دروازہ دربار مین داخل ہوئے تو اوسیوقت خلیفہ منصور اپنے تخت پر سے اوٹھکر بے اختیار ننگے پاؤن دوڑا اور دروازہ تک گیا

اور حضرت امام کو بڑی تعظیم سے تخت پر لاکر بٹھایا اور آپ سے عذر [illegible]
کہ جو حکم ہوا مجکو مجال نہین بجالاؤن حضرت امام نے فرمایا کہ اپنے ہمراہ مجکو بلانا [illegible]
تشریف لائے تو اعزاز و اکرام سے رخصت کیا اور بعد تین روز تک لرزے مین [illegible]
اور جب ہارون نے دریافت کیا ذکر کہا کہ جب حضرت امام صادق تشریف لائے تو [illegible]
اژدہا تہا کہ اسکا ایک لب زمین پر تہا اور دوسرا لب چہت مکان پر تہا اور اوس نے بہت [illegible]
بیان کیا کہ اگر تو نے امام علیہ السلام کو ذرا بہی تکلیف پہنچائی تو مین تجکو اور تخت کو نگل جاونگا
پس اس وجہ سے اور خوف سے مین نے امام کی تعظیم کی اور تعجب دیکہا اور وفات امام نے چہارم رجب
۱۴۸ ہجری مین پائی۔ اور آپ کے ساتھ فرزند پیدا ہوئے لیکن پانچ سے اولاد جاری ہوئی۔ امام
موسی کاظم و اسمٰعیل و اسحاق و محمد و علی لیکن علی عریض کے چار فرزند ہوئے محمد و احمد و حسن و جعفر
اور ان سب کے اولاد عریضی کہلاتی ہے چنانچہ ہندوستان مین حضرت مخدوم علاؤ الدین علی احمد
صابر کہ بہانجے و داماد و خلیفہ حضرت بابا فرید الدین گنجشکر علیہ الرحمۃ کے پیران کلیر مین مدفون ہین آپ کا
سلسلہ نسب علی عریضی سے ملتا ہے شجرہ علی احمد صابر بن سید عبد اللہ بن سید فتح اللہ بن سید محمد
بن سید احمد بن سید غیاث الدین بن سید بہاؤ الدین بن سید داؤد بن سید تاج الدین بن سید
ضیاء الدین بن سید محمد بن علی عریض رحمۃ اللہ علیہ بن امام جعفر صادق علیہ السلام لیکن محمد کہ جنکو
محمد دیباج کہتے ہین انکے تین فرزند ہین حسین و قاسم و علی انکی اولاد بہت ہے لیکن اسحاق بہی حضرت
بڑے فاضل اور محدث تہے انکے تین فرزند ہوئے محمد و حسین و حسن اور رضوا وارث جو ملک روم مین
رہتے ہین انکی نسل سے ہین لیکن اسمٰعیل کہ لقب انکا اعرج اکبر ہے اور علم باطن انکو بہت حاصل تہا
اور انکی نسل دو فرزندون سے جاری ہوئی محمد و علی انکی اولاد دمشق و عراق و عرب مین و ہندوستان مین ہے

بیان امام موسے کاظم علیہ السلام

یہہ حضرت امام ہفتم اہلبیت نبوت کے ہین آپکی پیدایش یکشنبہ ہفتم ماہ صفر ۱۲۸ ہجری مین ہوئی آپکے
مناقب اور فضائل اور کرامات بہت ہین اور عابد ترین اہل زمانہ تہے اور شہادت آپکی زہر سے
قید خانہ ہارون رشید مین ۱۸۳ ہجری مین ہوئی اور نہایت معتبرہ کتاب کی روایت سے معلوم
ہوا کہ ہارون رشید خلیفہ عباسی نے زہر دلوایا اور آپکی تینتیس ۳۳ فرزند اور سینتیس دختر پیدا ہوئے
لیکن نسل تیرہ ۱۳ فرزندون سے جاری ہوئی۔ امام موسے رضا و ہارون و عباس و اسحاق و اسمٰعیل

حسن و دیباالنار و عبداللہ و عبیداللہ و حمزہ و ابراہیم مرتضٰے و محمد عابد و جعفر لیکن بیان اس جماعت کا زیادہ تفصیل کا محتاج ہے مگر اس مختصر رسالہ مین گنجایش نہین ہے لہذا صرف امام رضا و ہارون کا حال بیان ہوتا ہے پس ہارون کے ایک فرزند احمد نام پیدا ہوئے اور اون سے نسل جاری ہوئی امیر کا بیوس احمد بن ہارون کی اولاد مین تہو۔

بیان حضرت مخدوم صاحبؒ

اور حضرت مخدوم سید صلاح الدین چشتی قدس سرہ جو قصبہ بلام مین آسودہ ہین احمد بن ہارون کے اولاد مین ہین چنانچہ شجرہ پشت نامہ آپکا یون ہے مخدوم سید صلاح الدین چشتی جرجانی بن سید یونس بن سید ابراہیم بن سید مودود بن باقر قطب الزمان بن سید حبیب بن سید انس بن سید نشین بن سید طٰہٰ بن سید محمد بن سید علی محدث بن سید احمد جرجانی سرخ گور بن سید ہارون بن امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق بن امام محمد باقر بن امام زین العابدین بن امام حسین بن امیر المومنین امام علی مرتضٰے علیہم السلام شجرہ پیران طریقت آپکا یہ ہے کہ مخدوم سید صلاح الدین چشتی مرید حضرت نصیر الدین محمود روشن چراغ دہلی کے اور وہ حضرت سلطان المشائخ سید نظام الدین اولیاء کے اور وہ حضرت بابا فریدالدین گنجشکر کے اور وہ حضرت سید خواجہ قطب الدین اوشی کاکی دہلی کے اور وہ حضرت ہندالولی سید خواجہ معین الدین حسن سجزی چشتی اجمیری کے اور وہ حضرت خواجہ عثمان ہارونی کے اور وہ حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی کے اور وہ حضرت خواجہ مودود چشتی کے اور وہ حضرت خواجہ یوسف چشتی کے اور وہ حضرت خواجہ ابو محمد چشتی کے اور وہ حضرت خواجہ احمد ابدال چشتی کے اور وہ حضرت خواجہ ابو اسحاق شامی چشتی کے اور وہ حضرت خواجہ ممشاد علو دینوری کے اور وہ حضرت خواجہ ہبیرہ البصری کے اور وہ حضرت خواجہ حذیفہ عرشی کے اور وہ حضرت خواجہ ابراہیم بن ادہم سلطان بلخی کے اور وہ حضرت خواجہ فضیل بن عیاض کے اور وہ حضرت خواجہ حسن البصری رضی اللہ عنہ کے اور وہ حضرت امام العارفین جناب علی مرتضٰی علیہ السلام کے اور وہ حضرت رسول خدا محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ۔ جب حضرت مخدوم شاہ ولایت جرجان سے تشریف لاور دہلی مین پیر مرشد کے پاس قیام فرماکر تکمیل ریاضت و عبادات مین مشغول رہے اور خرقہ خلافت فقر کا پیر مرشد سے حاصل کیا اس اثنا مین حضرت سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کو ملک گجرات کے ولایت سپرد ہوئی تو حضرت مخدوم بہی پیر مرشد سے اجازت لیکر ہمراہ برادر معظم

وارد گجرات ہوئے اور شہر گلبرگہ مین قیام کیا اور وہان کے گرد و نواح اور قصبہ [illegible] شہرہ
کے اکثر لوگ حضرت کے مرید ہوئے چنانچہ اوس نواح مین سلسلہ خلافت حضرت کا ابتک جاری ہے
اور سیاحت بہی مشہور ہے آپ نے ایکمرتبہ شہر تھرا مین کہ پرستش گاہ اہل ہنود ہے اوسمین
کے چلہ کیا تہا چنانچہ مسجد و خانقاہ بکنارہ جمن حضرت مخدوم کے نام سے مشہور ہے اور اسکے
لوگون نے چلہ کی جگہ مزار اپکا بنا دیا ہے اور وہان ہر پنجشنبہ کو فاتحہ و درود ہوتی ہے اور عرس شریف
ہیگانہ شوال کو ہر سال ہوتا ہے اور خدام وہان کے شیخ لوگ ہین پس جب حضرت مخدوم شہر بدایون
مین تشریف لائے اور زیارت حضرت سید عرب جد بزرگوار حضرت نظام الدین اولیاء قدس سرہ مین قیام
کرکے گوشہ نشین ہوئے جبکہ آپکی کرامات و تصرفات کا شہر مین چرچا مشہور ہوا اور مخلوق خدا کو ہر طرح کا
فیض پہنچا تو اکثر عمایدِ شہر کے بہی خدمت بابرکت مین حاضر ہوئے اور ساتہہ ارادت صدق کے بیعت حاصل
کی چنانچہ اونمین کے ایک رئیس الامرا شیخ محمد مہتاب علی عرف شیخ محمد چاند کہ جنکا مزار گورستان مخدوم
زادگان مین کہ جسکو چندنا کہتے ہین اور وہان پر نبیرہ زادگان مخدوم ممدوح کے سید علاؤ الدین
اللہ پوش و سید نور محمد چرم پوش قدس سرہ کہ جنکی فاتحہ شریف کا چودہرہی لوگون مین رواج ہے آسے
مقام پر آسودہ ہین اور وہ جگہ متصل مزار شریف سید حاجی جمال الدین قدس سرہ ملتانی کے ہین ۔

حکایت شیخ موصوف رئیس اعظم قصبہ تیراہ متعلقہ کابل کے تہے اور ہمراہی سلطان علاؤ الدین
دوم بعہدہ سپہ سالاری بدایون مین آئے اور متصل دروازہ بہرتول قیام پذیر ہوئے چونکہ درگاہ
سید عرب صاحب کی شارع راہ دربار بادشاہی کے تہی اسواسطے ہمیشہ وقت مراجعت کے قدمبوسی
حضرت مخدوم سے شیخ صاحب مشرف ہوتے ایک روز وقت حاضری شیخ ایک بنجارہ کہ جسکے گونین
شکر بہری تہی قریب زیارت کے ہو کر نکلا حضرت مخدوم نے دریافت کیا کہ اسمین کیا بہرا ہے بنجارہ نے
تمسخر سے کہا کہ کہاری ہے چونکہ آپ روشن ضمیر تہے اوسکا جہوٹ بولنا گراں معلوم ہوا پس فرمایا
وا کہاری ہی ہوگی جب کہ بنجارے نے واسطے فروخت کے گونین کہولین تو ہر گون مین کہاری پائی تب
تو وہ بہت گہبرایا اور جہوٹ بولنے پر پشیمان ہو کر خدمت شریف مین حاضر ہو کر عفو تقصیر کی درخواست
کی پس حضرت نے فرمایا کہ جا شکر ہے ہوگی چنانچہ سب شکر ہوگی پس اس کرامات کے دیکہنے سے حسن عقیدت
شیخ زیادہ ہوگیا چونکہ حضرت مخدوم صاحب ہر وقت مشاہدہ تجلیات انوار جمال الٰہی مین محو اور مستغرق
رہتے تہے اس حالت مین کوئی شخص روبرو حضرت کے نجاتا تہا حسب اتفاق ایکروز شیخ محمد چاند روبرو
آپکے پہنچے پس دیکہتے ہی جذبہ کی حالت مین فرمایا کہ اے شیخ تو اور تیری اولاد پشت در پشت بہاری

اراوت اوسے بیعت مین رہے گی چونکہ اوسوقت تک شیخ کے گہری اولاد نہین ہوئی تہی عرض کیا کہ اے
حضرت میری تو اولاد نہین ہے پہر یہہ سلسلہ کیونکر جاری رہیگا اوسوقت حضرت نے مراقبہ کیا اور
بعد ملاحظہ لوح محفوظ درگاہ قاضی الحاجات مین دعا فرمائی پس فوراً تیر اجابت دعا کا نشانہ پر پہنچا اور
بعض لوگون کا یہہ قول بہی ہے کہ حضرت نے پشت اپنی شیخ کی پشت سے ملائی غرض بموجب مصرع
اجابت از درحق بہر استقبال می آید ✤ اور تہوڑی عرصہ مین شیخ کے گہر مین امید ظاہر ہوئی اور ایام مقررہ
پر فرزند تولد ہوا اور نام اوسکا عبدالرحمن رکہا گیا اور یہہ بات بہی بہت مشہور ہے کہ حضرت مخدوم
صاحب نے شیخ چاند کی اولاد کے واسطے دعا شروت فرمائی چنانچہ جاگیر از دروازہ بہر تول تا بہرتانہ اور
خطاب چودہرات بعد انتقال شیخ اور حضرت مخدوم قدس سرہ کے شیخ عبدالرحمن کو دربار شاہی سے
۱۳۶۰ ہجری مین عطا ہوا اور شیخ عبدالرحمن کے پانچ فرزند باسمی عارف و اویس و یٰسین و قاسم و مجید
پیدا ہوئے لیکن اولاد شیخ کے صرف محمد عارف عرف بہائی صاحب اور محمد اویس عرف خواجم صاحب
سے جاری ہوئی اور موضعات گہیرہ بزرگ و عارف پور نرادہ و تالگاؤن و بگندہ و نبی وودگریا
ولائی وپری و مسعود حسین پور و خاصپور و نظام پور و رگور پوری چندن و محمد نگر وغیرہ مین آباد ہے
سوال شیخ چاند کی اولاد پشت در پشت کیونکر مرید ہے حالانکہ اوسوقت تک وہ پیدا ابہی نہین ہوئے
تہے پس غائب کی بیعت کیونکر درست ہے **جواب** اسبات کا پانچ طرح پر جواب دیا جاتا ہے اول یہہ کہ
اولیاء اللہ بحکم حدیث صحیح بخاری و مسلم شریف کے ہر وقت زندہ ہین **حدیث** الاولیاء اللہ لا یموتو
اور اونکو کشف حاضر و غائب کا بذریعہ علم ولایت کے حاصل ہوتا ہے اور اونکے رموز و نکات سے عوام
انسان کی عقل و فہم حیران اور عاجز و پریشان ہوجاتی ہے لہذا کرامات اولیاء اللہ عجائب و غرائب
سے بے ادب لوگ انکار کرجاتے ہین چنانچہ **مولانا روم گوید** از خدا خواہیم توفیق ادب ✤ بے
ادب محروم شد از فضل رب ✤ حکمت خاصان کجا داند عالم ✤ تو چہ دانی رمز موسےٰ والسلام ✤
حال پاکان را قیاس از خود مگیر ✤ گرچہ باشد در نوشتن شیر و شیر ✤ اولیا اطفال حق اند اے پسر ✤
ظاہری و غائبی و باخبر ✤ اولیاء اللہ اللہ اولیاء ✤ ہیچ فرقے درمیان نبود روا ✤ اولیا
راہست قدرت از الہ ✤ تیر جستہ باز گرداند ز راہ ✤ چنانچہ اخبار مین وارد ہے کہ الصوفی
مجموع الہیت اور گلزار فریدی مین مذکور ہے کہ مولوی سردار شاہ نے اپنے دل مین خیال کیا کہ
مین دور سے آتا ہون شاید حضرت بابا فرید گنجشکر قدس سرہ کو میرا آنا منظور ہے یا نہین پس مراقبہ
مین الہام ہوا **بیت** مرا زندہ پندار چون خویشتن ✤ من آیم بجان گر تو آئی بہ تن ✤ دیدم حضرت مخدوم

علیہ الرحمۃ نے چشم باطن سے لوح محفوظ پر تمام ارواح نسل شیخ کو ملاحظہ فرما کر اپنے سلسلۂ بیعت میں
داخل کیا تو کیا عجب ہے کیونکہ تصرف باطن اولیاء اللہ کا ہمیشہ جاری ہے اور کسیکو کرامات اولیاء سے
انکار نہیں ہے چنانچہ بابا فرید قدس سرہ نے ایک عورت کے حق میں سات فرزند پیدا ہونے کی دعا
فرمائی اور یہہ بھی فرمایا کہ یہہ فرزند تیری تقدیر میں لوح محفوظ پر نہیں تھے بلکہ ہماری زبان پر حکم
ہوئے تھے چنانچہ مولانا روم قدس سرہ گوید - کان دعا شیخ نے چون ہر دعاست ٭
فانی ہست او گفت او گفت خداست ٭ گفتۂ او گفتۂ اللہ بود ٭ گرچہ از حلقوم عبد اللہ بود ٭
گرچہ قرآن از لب پیغمبر است ٭ ہر کہ گوید حق نگفت او کافر است ٭ اور بھی بہت سی نشانیان
کرامات اولیاء سے ہندوستان میں موجود ہیں چنانچہ حضرت بابا فرید و نظام الدین اولیاء قدس
سرہما کے تصرف سے دروازہ بہشتی قصبہ پاک پٹن میں واقع ہے اور جو کوئی اوس میں سے گذرتا
ہے آتش دوزخ سے امان پاتا ہے اور بعض اولیاء اللہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہمارے سلسلہ میں
داخل ہوگا تو عاقبت اوسکی درست ہوگی بلکہ حضرت بابا صاحب نے حضرت محبوب الٰہی سے فرمایا
کہ جب تک تیرے مرید جنت میں داخل نہونگے اوسوقت تک میں بھی نجاؤنگا اور حضرت خواجہ
معین الدین اجمیری قدس سرہ نے جےپال جوگی کو مسلمان کرکے بحکم خداتعالےٰ تاقیام زندگی بخشی
اور نام اوسکا عبد اللہ صحرائی رکھا چنانچہ وہ جنگل اجمیر میں بھولے مسافر کو راہ بتاتا ہے اور گلزار
فریدی میں مذکور ہے کہ حضرت بابا صاحب نے مشکل میں رانجھا اپنے مرید سے فرمایا کہ جو کوئی تیری
اولاد میں سے ہمارے پاس آویگا اوسکو امداد باطنی عطا ہوگی حالانکہ اوسوقت تک رانجھا کی اولاد
نہیں تھی پس حضرت مخدوم بھی تو اولیاء کاملین اور اولاد صالح سید المرسلین محمد صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کے ہیں اگر آپ نے زبان حق بیان سے فرمایا کہ نسل شیخ ہماری مرید ہے تو کیا عجب ہے
چونکہ حاصل اس بیعت سے یہہ بات ہے کہ عاقبت انکی درست ہو سو یہہ بات تمام اہل
ایمان پر روشن اور ظاہر ہے کہ اولیاء اللہ و سادات اولاد امجاد رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بروز قیامت گنہگاران امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شفاعت کرینگے پس ایسے
پیران طریقت اور اولاد رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اللہ تعالےٰ نے واجب کی ہے

لطیفہ ابیات مثل حدیث رسول انام ہے ٭ آل نبی کے دوست کا جنت مقام ہے ٭ اولیاء و پیر
سے انکی پیروی کو ضرور اطاعت ہر خاص و عام مسلمان پر لازم اور منکران ایمان اور سعادت سے
دونوں جہان میں گردانی ہے چنانچہ مولانا روم گوید - پیر باشد نردبان آسمان ٭

بس زبان انکہ گردد در کمان ٭ خاک شو در پیش شیخ با صفا ٭ دستش از دامان مکن یکدم رہا
یا شب مسایہ پیر اے فضول ٭ پس ترا سر گشتہ دارد بانگ غول ٭ سیم اکثر کتب مین مرقوم ہے
کہ ہندوستان مین اسلام اولیاء اللہ کے کشف و کرامات سے ظاہر ہوا ہے اور جس قوم کو جن
اولیاء نے اپنے کمال سے مسلمان کرکے مرید کیا ہے وہ قوم اوسی اولیاء کی مرید کہلاتی چلی آئی
ہے اور اوسکی اولاد کی خدمت گذاری اور اطاعت کرتی ہے چنانچہ ملک پنجاب مین قوم اہیر
اور قوم رانجھا و قوم ہراج و قوم کہیرہ و گوجر وغیرہ حضرت بابا فرید گنجشکر کی مرید خاص ہین اور
آپ ہی کے نام سے پکاری جاتی ہین پنجم ضرور ہے کہ پیر کامل سے بد اعتقاد ہوجانا خالی از گمراہی کے نہین ہے
نقل ہے کہ شیخ صنعان کو حضرت غوث الاعظم پیران پیر سے بد اعتقادی ہوئی تہی لہذا شیخ موصوف
ایک عورت گبر پر عاشق ہوگئے اور اوسکے خوک کے بچون کو اپنے دوش پر سوار کرکے جنگل مین لیجایا
کرتے تہے **مولانا روم گویند** ۔ ہر کہ گستاخی کند اندر طریق ٭ گردد اندر وادی حیرت غریق
نقض عہد و توبہ اصحاب الست ٭ موجب سنخ آمد اہلاک گشت ٭ اندرین امت نہ بد سنخ بدن
لیک سنخ دل بود اے ذو الفطن ٭ بے ادب تنہا نہ خود را داشت بد ٭ بلکہ آتش از ہمہ آفاق زد
چہارم بیعت غائبانہ درست ہے کیونکہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مقام حدیبیہ
مین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت عدم موجودگی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مین اپنے دست مبارک پر دوسرے
ہاتھ سے فرمائی ہے اور نیز حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ نے پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو ظاہری
آنکھون سے نہین دیکھا ہے صرف چشم باطن سے فیض پایا اور ارادت اور عشق اونکا ساتھ
رسول اللہ صلعم کے سب پر روشن ہے اور جواہر فریدی مین حضرت سید محمد کرمانی قدس سرہ
فرماتے ہین کہ جب کوئی شخص حضرت علاؤ الدین اسحاق رحمۃ اللہ علیہ کے پاس واسطے مرید
ہونے کے آتا تو وہ حضرت اوسکو حوالہ قبر شریف حضرت بابا صاحب کے کرتے تہے اور خود حضرت
بابا فرید نے قبر شریف حضرت سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ پر جاکر ارادت حاصل کی
اور حضرت اقدس نے تبرکات جو بہ ہدایت رسول مقبول صلعم واسطے بابا صاحب کے تہے عطا
فرمائے اور نیز حضرت سید بدیع الدین زندہ شاہ مدار نے قبر شریف حضرت خواجہ معین الدین
چشتی اجمیری قدس سرہ سے ارادت حاصل کی اور فیض و برکات قبر شریف سے پایا اور
نیز حضرت مولانا نظامی گنجوری رحمۃ اللہ علیہ مصنف سکندر نامہ حضرت خضر علیہ السلام کے مرید
ہوئے چنانچہ خود فرماتے ہین ۔ **بیت** مرا خضر تعلیم گر بود دوش ٭ برازی کہ آمد پذیرای گوش

اور اکثر بزرگان طریقت سے بیعت غائبانہ ثابت ہے اور یہہ بہی ظاہر ہے کہ اعتقاد آدمی کا
غائب چیز پر ہونا فرض ہے جیسے کہ رسل و فرشتہ و جنت و دوزخ - نجم جانتا چاہئے کہ بعض
و بعض لوگ مشائخ و اولیاء نے اس جماعت کو مرید نہیں کیا ہے چنانچہ غلام مصطفے چودہری و
دیگر اشخاص نے چاہا کہ ہم لوگ میان اچہی صاحب مارہروی کی مرید ہو جاوین بلکہ اونکی خدمت
مین حاضر ہوکر درخواست مرید ہونے کی پیش کی مگر میان اچہے صاحب نے فرمایا کہ تم لوگ چشتی
وده ایین مرید خاص حضرت مخدوم سید صلاح الدین چشتی قدس سرہ کے کہلاتے ہو عہد شکنی
پیر کامل کی سبب نقصان عظیم کا ہے اور چونکہ یہہ درویش بہی فیض یافتہ اوسی آستانہ کا
ہے اسواسطے مین حضرت کے مریدون کو مرید نہ کرونگا غرضکہ بعد ہدایت و فہمایش کے سبکو حضرت
مخدوم ممدوح کے آستانہ پر واپس کیا چونکہ اسوقت مین بہی بازار بد اعتقادی گرم ہے اسواسطے
اکثر لوگ اس جماعت کے مولوی محمد فضل رسول صاحب و نیز مولوی محمد عبد القادر صاحب کہ
مشاہیر اہل علم شہر بدایون کے ہین درخواست مرید ہونے کی پیش کی لیکن ان حضرات نے بہی حضرت
مخدوم علیہ الرحمۃ کا ادب کرکے مرید کرنے سے انکار کیا اور فرمایا کہ تمکو بغیر رجوع آستانہ حضرت
کے چارہ نہین ہے ہر چند کہ اس جماعت کے لوگ سلسلہ بیعت حضرت مخدوم سے خارج ہوا چاہتے
ہین لیکن مشیت ایزدی غالباً مانع اسکے ہے **بیت** اگر گیتی سراسر باد گیرد * چراغ مقبلان
ہرگز نمیرد * **بیت دیگر** نیست در آخر زمان فریاد رس * جز صلاح الدین صلاح الدین بس
قول شیخ سعدی قدس سرہ بیت سگ اصحاب کہف روزی چند * پی نیکان گرفت
مردم شد * - اے عزیز غور کا مقام ہے کہ کتے اصحاب کہف نے پیچہا نیکون کا پکڑا اللہ تعالے
نے اوسکو بشارت بہشت کی عطا فرمائی پس کیا معنے کہ محبوب خدا ختم الانبیاء کی امت کے لوگ
اپنے پیر کامل کا پیچہا پکڑین اور بشارت سے محروم رہین محال ہے بلاشک اگر کوئی اپنے پیر کامل
کی اطاعت کرے اور اوسکے محبت کامل پکڑے تو اوسکو بشارت عظمی دارین عطا ہوگی -
مولانا روم گوید گر ہمین خواہی کہ باشی با خدا * ہمنشینے با حضور اولیا * یک زمانہ صحبت با اولیا
بہتر از صد سالہ طاعت بیریا *

بیان قصبہ بلرام متعلقہ کاسگنج ولیٹہ

چونکہ اس قصبہ مین مزار شریف حضرت مخدوم علیہ الرحمۃ کا ہے لہذا اسکی آبادی کا مختصر یہہ بیان ہے کہ
زمانہ سابق مین راجہ بنرام سنگہ یہان پر سکونت پذیر تہا سنہ ۳۹۲ ہجری مین سلطان محمود غزنوی نے ہندوستان

سلطان مذکور کے ہمراہ نصیر الدین محمد فرزند کلان اوسکا تہا اور اوسکے ہمراہ امیر زادہ
... الدین ابوبکر دمشقی اور شاہ مسعود و دیگر سردار نامدار تھے اوس نے دوسرے جانب سے
درمیان دریا گنگ و جمن کے حملہ کیا اور بعض مقامات کو فتح کرکے قصبہ بلرام پر پہنچا راجہ مذکور
سے مقابلہ ہوا اور جنگ ہونی شروع ہوئی اور عرصہ دراز تک لڑائی ہوتی رہی جبکہ ماہ محرم
نظر آیا تو لشکر اسلام نے مراسم تعزیت امام حسین علیہ السلام کے واسطے مہلت حاصل کی اور جنگ
کو موقوف کرکے عبادت و مراسم تعزیت امام مین مشغول ہوئے کہ ناگاہ راجہ کی فوج نے موقع پا کر گیارہ
محرم [illegible] ہجری روز شنبہ کو شب خون مارا ہرچند کہ غازیان اسلام نے شب خون کو رد کیا لیکن
فخر الاسرار ابو خالد دمشقی شہید ہو گئے اور جنگ قائم رہی اور کشت خون دونون جانب سے ہوتا
رہا غرضکہ سترہ محرم کو محمد ملک بخشی فوج اسلام اور بیس محرم روز پنجشنبہ کو شاہزادہ نصر الدین
محمد ابن سلطان محمود غزنوی شہید ہوئے اگرچہ لشکر اسلام نے بہت جوانمردی سے جنگ کی اور راجہ
کو قلعہ مین بند کر دیا اور اوسے محاصرہ مین کئی مہینے تک لڑائی ہوتی رہی اور ماہ صفر مین سترہ تاریخ سنہ
مذکور امیر زادہ مسعود شاہ اور کرسے خان رسالدار بھی شہید ہوئے آخر الامر غازیان اسلام نے
قصبہ کو فتح کیا اور راجہ بلرام سنگہہ مارا گیا فوج باقیماندہ اوسکی پریشان ہو کر فرار ہو گئی اور باشندگان
قصبہ بھی بھاگ گئے لشکر اسلام مین فتح کا نقارہ بجا افسران لشکر نے شہیدونکے مزار پختہ تیار کرائے
اور کتبہ ہر مزار پر کندہ کیا جو کہ آجتک زیارتگاہ خاص و عام ہے بعد کو دو سو برس تک یہ قصبہ
ویران رہا جبکہ بحکم خدا تعالے کو مزار ہائے شہدا کے روشن چراغی اور قصبہ مذکور کی آبادی منظور
ہوئی تو اوسوقت حضرت قدوۃ السالکین مخدوم سید صلاح الدین چشتی قدس سرہ نے بدایون سے
مراجعت فرما کر قصبہ ہذا کو اپنی قدم مبارک سے رونق بخشی اور ہر قوم آباد ہو گئی اور حضرت مخدوم
کی وفات گیارہ ماہ شوال [illegible] ہجری مین ہوئی اور مزار پر انوار حضرت کا قصبہ بلرام مین ہے
اس قصبہ مین اگرچہ اہل ہنود و اہل اسلام ہر قوم کے آباد ہین لیکن قوم پٹھان مسلمان کہ جو قصبہ سنبل
سے آئے تھے بہت ہین اور ان لوگونمین ہمیشہ ایک شخص سربرآوردہ ہوا ہے اسوقت مین بھی حاجی منور خان
کے دو فرزند رئیس ہین ایک چودہری صحیح الدین خان کہ دانشمند و مدبر و دانا ہین اور اخلاق پسندیدہ
اونکا مشہور ہے انکی بود و باش اور جاگیر اونکی قصبہ سکندرہ راؤ مین ہے دوسرے چودہری امین الدین خان
رئیس اعظم قصبہ بلرام کے ہین انکی مروت اور بلند ہمتی کا ہر شخص کے دل مین اثر ہے اور جماعت حکیمون کی
پیشتر بہت تہی مگر اب صرف حکیم محمد احسان اللہ صاحب طبیب ہین اور قاضیون کے یہان دو گھر ہین

قاضی عطا حسین و قاضی عنایت حسین انکی قضات ہو رہی ہے یہ لوگ آپکو علوی الحسینی لکھتے
زمانہ بادشاہی میں عہدہ قضات علوی کو نہیں ملتا تھا اور اس قصبہ میں نسل حضرت [illegible]
یہاں آباد ہے آپ کے دو فرزند سید معین الدین و سید وجیہ الدین تھے لیکن وجیہ الدین لاولد
ہوئے سید معین الدین فرزند کلان سے اولاد جاری ہوئی اور انکا شجرہ نسب یہ ہے

سید [illegible] الدین چشتی جہان [illegible]
سید معین الدین چشتی بدائی
سید صدر الدین چشتی بدائی
علاؤ الدین بدایونی لال پوش
[illegible]
سید جلال الدین
[illegible]
[illegible]
سید نور محمد جرم پوش بدایونی
سید عبدالرحیم
[illegible]
محمد افضل
[illegible]
[illegible]
[illegible]
سید عبدالکریم
سید [illegible]
[illegible]
[illegible]
برکت اللہ
سید عصمت اللہ
[illegible]
سید [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
سید برکت اللہ
سید تاج محمد
غوث محمد
حافظ نصیر اللہ
سید غلام [illegible]
سید [illegible]
سید [illegible]
سماۃ حبیب النساء
سید علی احمد
سید [illegible]
سید [illegible]

[illegible] ہوکے چارکس کا مال کر جنکے نام پر دو جدول مین بیان کیا جاتا ہے۔ اول سماۃ
[illegible] اُنکے ایک دختر نیاز النسا پیدا ہوئی اور اُنکے فرزند سید علی و عبد العلی عرف چھٹو پیدا
[illegible] ان کی سکونت قصبہ گنگیری مین ہے۔ دوم میر واجد علی اُنکے فرزند میر خورشید علی پیدا ہوئی
اُنکے دو فرزند سید افسر علی و سید وارث علی ہین اور سکونت اُنکی قصبہ سہاور مین ہے لیکن

سوئم سید علی احمد

اُنکی شادی ناظم ارشاد علی رامپوری ساکن چھتاری کے دختر سے ہوئے ان کی تین دختر اور ایک
پسر عزیز احمد ہین۔ دو دخترون کی شادی ناظم جی نے کیے ہین بمقام چھتاری ہوئی اور ایک دختر
کی شادی حکیم احسان احمد جنیدی کے ساتھ ہوئی اور عزیز احمد کی شادی سید خواجہ علی مخدوم
شادی گنگیری کی دختر سے ہوئے۔ چہارم سید سعید الدین حسین مرحوم و مغفور کہ جنکا مزار زیر دیوار
پائین حضرت مخدوم کے ہے یہ صاحب بہت خوش الحان اور پیش امام نماز کے تھے جب یہ صاحب
جمعہ کے نماز مین خطبہ پڑھتے تو سعتدی لوگون کو رقت ہوتی تھی انکے دو عقد ہوئے ایک تو سادات
مین اور دوئیم قوم مجہول مین اور زوجہ ثانی نان پز کی دختر تھی اسکے بطن سے تین فرزند اور
پانچ دختر پیدا ہوئین اور تین کی شادی قصبہ نانوں مین ہوئی اور ان مین سے ایک زندہ ہے
اور چوتھے کا عقد میر بدن عرف ہدایت حسین ساکن قصبہ گنگیری کے ساتھ ہوا۔ اور پنجم کا
نکاح شیخ الٰہی بخش ساکن حسن پور سے ہوا اور ان کی اولاد بھی ہے لیکن تین فرزند اکرم حسین
و ولایت حسین و جھنڈی حسین قصبہ بدرام مین سکونت رکھتے ہین اور میر صاحب مذکور کی شادی
اول جو قصبہ گنگیری ہین دختر مولوی سید تفضل حسین نبیرہ مخدوم خواجہ سنائی رحمۃ اللہ علیہ
کے ساتھ ہوئی یہ بی بی نہایت نیک سیرت اور نماز گذار تھین ان کے بطن سے دو فرزند
میران اولاد حسین و سید اکمل حسین امین پیدا ہوئے سید اکمل حسین نے ہمیشہ روزگار
عمدہ سرکار قیصر ہند کا کیا ان کی دو شادی دختران سید امانت علی عاکن قصبہ سہاور
کے ساتھ یکے بعد دیگرے ہوئین اور اسوقت تک ان کے تین فرزند سید ابو المحسن
و سید علی حسن و سید آل حسن اور ایک دختر معراج فاطمہ پیدا ہوئے ہین سید ابو المحسن

اول شادی میران [illegible] کی دختر ساۃ اکرام فاطمہ سے ہوئی انکے بطن سے ایک فرزند [illegible]
آٹھویں رمضان [illegible] ہجری میں پیدا ہوا بعد انکے ایک دختر نیک سیرت کا انتقال ہوا [illegible]
حضرت فاطمہ سے [illegible] میران امداد حسین ان کی تین شادیاں ہوئیں۔ اول شادی
قصبہ نانوتہ میں شیخ حبیب اللہ کی دختر سے ہوئی کہ یہ لوگ شیخ مخدوم جلال قدس سرہ کی
اولاد میں ہیں انکے بطن سے ایک دختر ساۃ اکرام فاطمہ پیدا ہوئی یہ لڑکی بہت عقیل اور نیک
سیرت تھی اور قرآن مجید کو بہت شوق سے تلاوت کرتی تھی اسکی قبر درگاہ حضرت مخدوم صاحب
میں ہے۔ اور دوسری شادی مشہور عالم مسٹر بیل صاحب کمشنر دہلی کی دختر ساۃ فاطمہ بیگم
سے ہوئی جب کہ مسٹر بیل صاحب ریزیڈنٹ ملک سندھ کے ہوکر چلے گئے تھے۔ ان کی زوجہ ساۃ
شاہجہاں بیگم کہ مسلمان کشمیرن تھیں اور اپنی اولاد کو بھی دین محمدی میں رکھا اور ساۃ فاطمہ بیگم
نہایت جمیل الصورت اور پابند شریعت تھیں مسلمان رہیں ان کے بطن سے ایک فرزند
محی الدین پیدا ہوا اور تین برس کی عمر میں اسکا انتقال ہوا اور ایک اولاد
[illegible] ہجری میں پیدا ہوئی یہ لڑکی جب ڈیڑھ برس کی ہوئی [illegible]
جہان سے انتقال کیا اللہ تعالے اس پر رحم فرماوے [illegible] اور سید
سید حسن رسول نما علیہ الرحمۃ دہلوی کے واقع ہے [illegible]
جنت کے رسول سے اور خدا سے اور عائشہ بیگم کے پرورش اور اس کی
نورجہان بیگم بنت نواب جان محمد نے بہت کوشش اور محنت اور [illegible]
مجید اور اردو پڑھا اللہ تعالے اسکو جزائے خیر عطا فرماوے اب
دہلی میں ہے۔
اور تیسری شادی سادات قصبہ گنگیری میں سید احمد حسین کی دختر سے
فرزند سید شبیر حسن عرف میاں قمرن ماہ ذیقعدہ تاریخ ۲۶ [illegible]
عرف میاں ستن ماہ صفر [illegible] ہجری میں پیدا ہوئے چونکہ اس بی بی
[illegible] ہجری میں نجات پائی اس کی قبر متصل دروازہ خانقاہ حضرت مخدوم صاحب
سرہ کے بلرام میں واقع ہے۔

بیان امام علی موسیٰ رضا علیہ السلام

...سہ اہلبیت نبوی کے تھے ان کی کنیت ابو الحسن ہے اور پیدائش آپ کی
...ربیع الآخر روز پنجشنبہ ١٥٣ہجری مین ہوئی اور شہادت آپ کی زہر سے
...رمضان ٢٠٣ہجری مین ہوئی اور قبر شریف آپ کی طوس مین ہے اہل
...ہارون رشید خلیفہ کے زہر دلوانے سے ہوئی لیکن اہل سنت و جماعت کا یہہ قول ہے
...امام علیہ السلام پہ عاشق تھا اور عقیدہ اوسکا امام کے جانب اعتقاد تھا کہ
...مرحمت کر اپنی خلافت کا ولیعہد بنایا تھا اور اپنی دختر لخت جگر کو حضرت
...یعنی یہہ بات صحیح ہے کہ قوم عباسیہ نے جب یہہ دیکھا کہ مامون نے
...حضرت امام کے سپرد کر دین تو رشک ہوا اور جانا کہ خلافت خاندان رسول
...و سلم مین جاتے ہین اسواسطے اون مین سے کسی امرا نے حضرت امام
...دیا چونکہ آپکے مناقب اور فضیلت اور کرامت اوپر زبان خلق خدا کے
...معتبرہ مین از حد مسطور ہین کہ بیان اونکا احاطہ تحریر احد تقریر سے باہر
...معروف کرخی رحمتہ اللہ علیہ کہ پیران طریقت ہین آپ کی ڈیوڑھی کے دربان
...بندہ ابن یمین گفت دوستی کہ توئی ✦ کہ شعر تست کہ بر آسمان رسیدہ
...رضا ہمی نشوی ✦ کہ در جہان نبود کس بپائی گوہر ش ✦ بگنجشش کہ
...کہ جبرئیل امین بودہ خادم پدرش ✦

...پانچ فرزند پیدا ہوئے - محمد تقی و حسن و جعفر و ابراہیم و حسین - لیکن
...فرزند بزرگوار امام محمد تقی علیہ السلام سے جاری ہے -

بیان امام محمد تقی علیہ السلام

...سہ اہلبیت رسالت سے ہین آپ کے کنیت ابو جعفر و جواد و قانع ہے
...جمعہ گیارہ رجب ١٩٥ہجری مین ہوئی اور شہادت آپ کی خلیفہ معتصم
...کے زمانہ مین زہر سے ٢٢٥ہجری مین ہوئی اور قبر شریف آپکی بغداد
...اور بزرگی آپکی حد سے زیادہ مشہور ہے -

خلیفہ مامون نے دختر اپنی ام الفضل کا امام تقی علیہ السلام سے کیا [illegible]
امام رضا علیہ السلام کا دشمن ہو تا تو دوسری دختر اپنی امام تقی علیہ السلام کو [illegible]
اس امام کے دو فرزند تھے علی نقی ہادی اور موسٰے لیکن موسٰے قسم میں وفات پائی اور [illegible]
ان کی محمد ابن موسٰے سے جاری ہوئی اور محمد اعرج احمد بن موسٰے کے بیٹے مین آپ کی اولاد
کو رضوی کہتے ہین۔

بیان امام علی نقی علیہ السلام

یہہ حضرت دہم امام ائمہ اہلبیت رسالت کے ہین اور کنیت آپ کی ہادی اور ابوالحسن ہے [illegible]
اور پیدائش آپ کی مدینہ طیبہ مین تیرہ رجب ۲۱۴ہ ہجری مین ہوئی اور وفات آپ کی
چبیس جمادی الآخر روز دوشنبہ ۲۵۴ہ ہجری مین ہوئی ایک بار متوکل خلیفہ نے آپ کو بلا کر
بری جگہہ اوتارا اور ایک شخص صالح نامی نے کہ آپ کے ساتھ تھے اسکی شکایت کی حضرت
امام علیہ السلام نے یہہ سنکر اوسکو ایک طرف دیکھنے کی واسطے اشارہ کیا اوس نے دیکھا تو
نہایت عمدہ باغ ہے اور اس مین نہرین جاری ہین اور عالیشان عمارت ہے حضرت امام
علیہ السلام نے فرمایا جہان ہم لوگ جاوینگے یہہ سب چیزین ہمارے ساتھ ہونگی ایک مرتبہ
متوکل خلیفہ کو درد ہوا تمام اطبا علاج سے عاجز ہوگئے اور وہ قریب مرنے کے تہا اسکی
مان نے نذر مانی کہ اگر اچھا ہوجاوے تو کچھہ ہدیہ حضرت امام علیہ السلام کی خدمت مین ادا
کرونگی اور کسی سے کہلا بھی بہیجا حضرت امام نے سنا اور کوئی چیز مالش کے واسطے دی
اور اوسی سے صحت ہوئی پس اس قسم کے بہت سے کرامات آپ سے صادر ہوتے تھے لیکن
متوکل خلیفہ اہلبیت رسالت کا ازحد دشمن تہا ۲۳۶ہ ہجری مین حکم دیا کہ قبر مبارک کو امام
حسین علیہ السلام کے معہ دیگر قبرون شہدا کے ڈہا کر یکسان کر دین تاکہ کوئی زیارت کو نہ
آوے چنانچہ کربلا ویران اور جنگل ہو گئے تھے اور یہہ خلیفہ حضرت مرتضٰے علی کرم اللہ وجہہ
اور حسین علیہ السلام کو گالیان دیتا اور لوگون سے دلواتا تہا اور نقلین شاہ مردان کی [illegible]
کرتا تہا ۲۴۴ہ ہجری مین متوکل نے امام ابو یوسف یعقوب کو اس سبب سے قتل کیا کہ اوس نے
پوچھا کہ میرے بیٹون معتز اور مؤید کو دوست رکہتا ہے کہ حسن علیہ السلام و حسین علیہ السلام
کو ابو یوسف یعقوب نے اوس کے بیٹون سے چشم پوشی کر کے امام حسن علیہ السلام و حسین علیہ السلام [illegible]

اور یہہ بہی کہا کہ قسم خدا تعالیٰ کی کہ قنبر جو غلام حضرت علی علیہ السلام
رتیری اولاد سے بہتر اور افضل تہا اسواسطے متوکل عباسی نے انہو بلا زبانکو
پٹ چاک کرو اور زبان کہینچلو چنانچہ لوگون نے ایسا ہی عمل کیا۔ المقصود حضرت
یہ السلام کی اولاد دو فرزندون سے جاری ہوئی امام حسن عسکری۔ اور
انچہ جعفر کے ایکیس فرزند پیدا ہوئے لیکن نسل صرف ساتہہ فرزندون سے
عیل و ابو طاہر - و یحییٰ صوفی - و ہارون - و علی - و ادریس - و سید احمد
کے اولاد مین حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی بن سید احمد
علی دانیال بن سید عبد اللہ بن سید حسن بن سید علی اصغر بن سید عبد اللہ
سید جعفر بن امام علی نقی ہادی علیہ السلام ہین۔

بیان امام حسن عسکری علیہ السلام

زدہم ائمہ اہلبیت رسالت کے ہین اور کنیت آپ کی عسکری و ابو محمد و زکی ہے
ش مدینہ طیبہ مین ربیع الثانی ۲۳۲ ہجری مین ہوئی اور آپ کی کرامات و اوصاف
نکے ایک یہہ ہے کہ علی بن ابراہیم بن موسیٰ بن امام جعفر علیہ السلام روایت
نوبت فاقہ و فقر کی تہی تب میرے پدر بزرگوار نے کہا کہ چل تجہکو امام عسکری
چنانچہ ہم لوگ چلے راہ مین اونہون نے کہا کہ ایسا ہو کہ امام تجہکو پانسو درہم
نکے پاس پہونچے تو امام نے کہا کہ اے علی تو میرے پاس کیون نہین آتا ہے
تو امام کے غلام نے بغیر طلب کے پانسو درہم کے تہیلی مجکو دی کہ اسکو خرچ کرو اور
کی تہیلی اور دی کہ اسکو بہی خرچ کرو اور فرمایا کہ فلان راہ سے جانا جبکہ ہم اوس
مساۃ جمیلہ نے نکاح کا پیغام دیا کہ اوس کی وجہ سے دو ہزار دینار ملنے کا موقع
امام نے ایک شخص کو جانماز دی تہی اور فرمایا کہ تو اپنی اولاد کو وصیت کر
حسنی کو کہ جسکا نام شیخ عبد القادر جیلانی ہوگا اور وہ میرے بعد دو سو
اوسکو یہہ جانماز دینا چنانچہ حضرت سید محی الدین عبد القادر جیلانی
دمین تشریف لائے تو ایک شخص وہ جانماز لیکر آیا پس حضرت غوث الاعظم
سے جانماز طلب فرمائی۔ لکہا ہے کہ امام ممدوح نے شہادت و

سنہ ۲۶۰ ہجری میں ہوئی اور سامرا سر من راٰے میں دفن ہوئے لیکن آپ کے ایک فرزند پیدا ہوا کہ جسکا نام م ح م د ہے۔

بیان امام محمد مہدی علیہ السلام

یہہ حضرت دوازدہم امام ائمہ اہلبیت نبوت کے ہیں اور کنیت ابو القاسم اور لقب مہدی
اور اہل تشیع کا قول ہے کہ آپ قایم اور منتظر اور مہدی صاحب الزمان ہیں اور کتاب
مستقصی میں وارد ہے کہ پیدایش آپ کی نصف شعبان سنہ ۲۵۵ ہجری میں ہوئی اور وقت
وفات پدر بزرگوار اپنے کے آپ پانچ سال کے تھے اور آپ کو اللہ تعالے نے خورد سالی
میں علم حکمت عطا فرمایا تھا کتاب روضۃ الصفا میں وارد ہے کہ حکیمہ پھوپی صاحب امام حسن عسکری
علیہ السلام کے روایت کرتے ہیں کہ میں ایک روز امام حسن عسکری اپنے برادر زادہ کے
گھر میں گئی تھی امام نے فرمایا کہ اے پھوپی صاحبہ آج کی شب میرے گھر میں آپ قیام کریں
کیونکہ حق سبحانہ تعالے مجھکو ایک فرزند عطا فرمائیگا میں نے کہا کہ کیونکر ہوگا کہ نرجس خاتون
تمہاری کو حمل کا کوئی اثر نہیں ہے فرمایا کہ اے پھوپی نرجس کی مثال والدہ حضرت عیسی
علیہ السلام کے سے ہے کہ حمل اونکا وقت پیدایش عیسے علیہ السلام تک معلوم نہیں ہوتا تھا
حضرت حکیمہ فرماتی ہیں کہ میں اوس شب کو رہ گئی جب نصف شب گذری تو میں اپنے نماز تہجد کو
میں نے قیام کیا اور نرجس نے بھی نماز تہجد ادا فرمائی چونکہ وقت فجر قریب تھا میرے دل میں
خیال گذرا کہ جو امام نے فرمایا تھا اوسکا ابھی تک کچھہ ظہور نہیں ہوا پس امام حسن عسکری
نے آواز دی کہ اے پھوپی جلدی نکرو بعد اسکے جو میں نرجس کے پاس گئی تو دیکھا کہ اونکا
بدن لرزتا تھا میں نے اونکو اپنے سینہ سے لگایا اور سورۂ اخلاص و انا انزلنا و آیۃ الکرسی
پڑھکر دم کی پس تھوڑے عرصہ کے بعد گھر میں روشنی ہوگئی اور دیکھا کہ فرزند زمین پر ہے اور
انگشت شہادت آسمان کی طرف اٹھاکر زبان سے کہا الحمد للہ رب العالمین پس میں اوسکو
گودی میں لیکر امام کے پاس لائے اور ابو محمد حسن عسکری نے گودی میں لیکر زبان اپنی اسکے
منہ میں دی اور فرمایا اے بابا فرزند بحکم اللہ تعالے کے باتیں کرو پس کہا اوس نے
بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ ونرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض ونجعلهم ائمة ونجعلهم
الوارثین ۔ بعد اسکے دیکھا میں نے کہ مرغان سبز اطراف و جوانب میں پھرتے ہیں ۔ امام

قطعۂ تاریخ کتاب ہذا

ہوئی ہے یہ کتاب ...	مدت ... ہے ...
... ہے اسکی تاریخ	ہے نام اسکی کا جوہر ...

اشتہار - اس کتاب کا حق تالیف بموجب قانون کے محفوظ ہے کوئی صاحب ... طبع ... کے ... ورنہ ... نقصان ... گے -

المشتہر
میراں اولاد حسین



... محلہ ... اس مطبع ... ہر قسم کی کتاب ہندی و ناگری ... فارسی ... بہت عمدہ اور صاف چھپ سکتی ہے - فقط

بقلم محمد مظہر الحق عفی اللہ عنہ

